(۳) کسی ایک درود شریف کا کثرت سے ورد کرنا آزمودہ ہے۔ راقم کا آزمودہ درود شریف یہ ہے۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ ط عامل کو چاہیئے کہ ہر روز نماز عشاء کے بعد پانچ سو دفعہ سچے دل سے پڑھے اور وہیں جانماز پر سو جائے۔ کپڑے جسم پاک و صاف اور خوشبودار ہوں۔ درود شریف کے آغاز سے پہلے دو نفل پڑھ لئے جائیں۔ بفضلہ تعالیٰ چالیس دن کے اندر ہی آنحضرتؐ کی زیارت نصیب ہو گی۔ واضح ہو کہ عمل نوچندی جمعرات سے شروع کرنا چاہیئے ممکن ہو تو روزے بھی رکھے جائیں۔

(۴) لَقَدْ جَآءَکُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْہِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ ط

اگر کوئی شخص ہر روز یہ وظیفہ جتنی دفعہ ہو سکے کرے اور ہمیشہ یہ عمل جاری رکھے تو رسول اعظم صلعم کے ساتھ اس کی محبت زیادہ ہوتی ہے۔ اور اللہ کے فضل سے اُسے زیارت رسولؐ کا شرف بھی نصیب ہوتا ہے۔ واضح ہو یہ عمل مہینے کی پہلی جمعرات سے شروع کرنا چاہیئے:۔

(۵) اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ حُسْنِہٖ وَجَمَالِہٖ۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ بَیْتِہٖ عِشْقِ نَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ رُّوْحِیْ فِدَاکَ۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ شَیْءٍ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ صَلٰوۃً اللّٰہِ وَسَرْمَدُہٗ وَ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ شَیْءٍ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ صَلٰوۃُ اللّٰہِ وَسَرْمَدُہٗ وَ مَلٰٓئِکَتِہٖ وَاَنْبِیَآئِہٖ وَرُسُلِہٖ وَجَمِیْعِ خَلْقِہٖ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ وَ اِمَامِ الْمُتَّقِیْنَ وَخَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ وَقَائِدِ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِیْنَ وَشَفِیْعِ الْمُذْنِبِیْنَ وَرَسُوْلِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَذُرِّیَّتِہٖ وَاَھْلِ بَیْتِہٖ وَاَحْبَابِہٖ وَاَحْفَادِہٖ وَعَشِیْرَتِہٖ وَعِتْرَتِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ط

اگر کوئی شخص یہ درود شریف بلا ناغہ ہر نماز کے بعد کم از کم ایک دفعہ اور زیادہ جتنی دفعہ ہو سکے پڑھے تو چند روز کے اندر اسے معلوم ہو جائیگا کہ رسول متبوعؐ

کی محبت اس کے رونگٹے رونگٹے میں سرایت کر گئی ہے۔

(۶) اگر کسی شخص کو آرزو ہو کہ وہ خواب میں محبوب خدا صلعم کی زیارت کا شرف حاصل کرے تو اُسے چاہیئے کہ عروج ماہ میں پیر یا جمعرات کی رات تہجد کے وقت جاگ کر تہائے۔ پاک صاف لباس پہن کر خوشبو لگائے اور نماز سے فارغ ہو کر حسب ذیل آیات معہ اول اخر گیارہ گیارہ بار درود شریف کے اکتالیس دفعہ پڑھے پھر کعبہ کی طرف منہ کر کے دہنے مصلے پر سو جائے۔ بفضلہ تعالیٰ زیارت رسولؐ نصیب ہو گی۔ اگر پہلی رات مقصد پورا نہ ہو تو دوسری رات ہو جائیگا۔ ورنہ تیسری رات تو ضرور شرف زیارت سے بہرہ اندوز ہو گا

آیات:۔ اِنَّآ اَرْسَلْنٰکَ شَاھِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِیْرًا لِّتُؤْمِنُوْا بِاللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ وَتُعَزِّرُوْہُ وَتُوَقِّرُوْہُ وَتُسَبِّحُوْہُ بُکْرَۃً وَّاَصِیْلًا۔ اِنَّ الَّذِیْنَ یُبَایِعُوْنَکَ اِنَّمَا یُبَایِعُوْنَ اللّٰہَ یَدُ اللّٰہِ فَوْقَ اَیْدِیْھِمْ (سورہ فتح)

(۷) اگر کوئی شخص حسب ذیل آیات صحیح ترکیب سے پڑھے تو وہ بفضلہ تعالیٰ یقیناً زیارت رسولؐ سے مشرف ہو گا۔ اگر پہلی رات حصول مدعا میں ناکامی ہو تو دوسری رات عمل کیا جائے۔ اگر بھی محرومی کا سامنا ہو تو تیسری رات عمل کیا جائے۔ خدا کے فضل و کرم سے ضرور کامیابی ہو گی۔

ترکیب:۔ جسم اور کپڑے پاک صاف ہوں مکان پاکیزہ اور علیحدہ ہو۔ عشا کی نماز پڑھ کر اوّل یہ درود شریف گیارہ دفعہ پڑھنا چاہیئے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ حُرُوْفِ کَلَامِ اللّٰہِ۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ اَوْرَاقِ الْاَشْجَارِ۔ اسکے بعد آیات ذیل ھُوَ الَّذِیْ اَرْسَلَ رَسُوْلَہٗ بِالْھُدٰی وَدِیْنِ الْحَقِّ لِیُظْھِرَہٗ عَلَی الدِّیْنِ کُلِّہٖ وَکَفٰی بِاللّٰہِ شَھِیْدًا ط مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ۔ وَالَّذِیْنَ مَعَہٗ اَشِدَّآءُ عَلَی الْکُفَّارِ رُحَمَآءُ بَیْنَھُمْ تَرٰھُمْ رُکَّعًا سُجَّدًا یَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰہِ وَرِضْوَانًا ط سِیْمَاھُمْ فِیْ وُجُوْھِھِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ذٰلِکَ

مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرَاةِ وَمَثَلُهُمْ فِي الْإِنْجِيلِ كَزَرْعٍ أَخْرَجَ شَطْأَهُ فَآزَرَهُ
فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوَىٰ عَلَىٰ سُوقِهِ يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِيَغِيظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ
وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ مِنْهُمْ مَغْفِرَةً وَأَجْرًا عَظِيمًا ۝

سورۃ فتح۔ تین سو دفعہ پڑھ کر گیارہ دفعہ مندرجہ صدر درود شریف پڑھے۔ پھر تین دفعہ سورۃ مزمل پڑھ کر سو رہے۔ واضح ہو کہ یہ عمل عروج ماہ میں پیر کی رات سے شروع کرنا چاہیئے۔

(۸) عامل کو چاہیئے کہ پاک صاف کپڑے پہن کر پاکیزہ و علیحدہ مکان میں عشا کی نماز کے بعد وضو کرے۔ پھر درود شریف پڑھ کر وہیں سو جائے۔ تہجد کے وقت اٹھے اور وضو کر کے نماز تہجد ادا کرنے کے بعد تین مرتبہ درود شریف پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ رَبَّ سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ نُجُوْمِ السَّمٰوٰتِ وَبِعَدَدِ اَنْفَاسِ الْخَلَائِقِ پڑھے۔

بعد ازاں تین دفعہ حسب ذیل اشعار نہایت ذوق و شوق سے پڑھے۔


۷۸۶

اِنْ بِتُّ يَا رِيحَ الصَّبَا يَوْمًا اِلٰى اَرْضِ الْحَرَمْ
بَلِّغْ سَلَامِيْ رَوْضَةً فِيْهَا النَّبِيُّ الْمُحْتَرَمْ
مَنْ وَجْهُهٗ شَمْسُ الضُّحٰى مَنْ خُلْقُهٗ بَدْرُ الدُّجٰى
مَنْ ذَاتُهٗ نُوْرُ الْهُدٰى مَنْ كَفُّهٗ بَحْرُ الْهِمَمْ
قُرْاٰنُهٗ بُرْهَانُنَا سُنَّتُهٗ اَدْيَانُ مَنْ
اِذْ جَاءَنَا اَحْكَامُهٗ كَالصُّحْفِ صَارَ الْعَزَمْ
اَكْبَادُنَا مَجْرُوْحَةٌ مِنْ سَيْفِ هَجْرِ الْمُصْطَفٰى
لَوْ جَلَّى لِاَهْلِ بَلْدَةٍ فِيْهَا النَّبِيُّ لَنُعِّمُوْا
يَا لَيْتَنِيْ كُنْتُ كَمَنْ يَتْبَعُ فِيْهِ عَالِمًا
يَوْمًا وَلَيْلًا هَائِمًا وَارْزُقْ لِمَا اِلَيْ يَا كَرَمْ

يَا حَسْرَتَا مِنْ شَيْخِ لَذَّاتِهٖ لَمْ اَصْفُ الْمُصْطَفٰى
فِيْ كُلِّ حِيْنٍ قَدْ مَضٰى فِي الْحَالِ مَا يَحْصُلُ بِهِمْ
لَسْتُ بِرَاجٍ مُفْرَدًا اَبْغِيْ اَقْرِبَائِيْ كُلَّهُمْ
فِي الْقَبْرِ اِشْفَعْ يَا شَفِيْعَ بِالضَّادِ وَالنُّوْنِ الْقَلَمْ
يَا مُصْطَفٰى يَا مُجْتَبٰى اِرْحَمْ عَلٰى عِصْيَانِنَا
مَحْبُوْبَةٌ اَهْمَالُنَا طَمْعًا وَّذَنْبًا وَالظُّلَمْ
يَا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ اَنْتَ شَفِيْعُ الْمُذْنِبِيْنَ
اَلرِّفْدُ لَنَا يَوْمَ الْحَشْرِ مِنْ فَضْلًا وَّجُوْدًا وَّالْكَرَمْ
يَا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ اَدْرِكْ لِزَيْنِ الْعَابِدِيْنَ
مَحْبُوْسًا اَيَادِيْ النَّاظِمِيْنَ فِيْ مَرْكَبِ وَّالتُّرْجُمْ

پھر تین مرتبہ مندرجہ صدر درود شریف پڑھے کہ سماعت اختیار کرے۔ تین روز تک یہ عمل جاری رکھے۔ تیسرے دن جب عامل پورا عمل کر چکے تو وہ ایک دفعہ سورۃ یٰسین اور ایک دفعہ سورۂ مزمل پڑھ کر محو خواب ہو جائے۔ بفضلہ تعالیٰ اسے ضرور سردار دو عالم کی زیارت نصیب ہوگی۔

(۹) اگر کوئی شخص زکوٰۃ دینے کے بعد مندرجہ ذیل نقش کلثوم کو سوا مہینے تک بلا ناغہ وقت خواب پانی میں گھول کر پیئے۔ اور جس پانی میں وہ نقش گھول کر پیئے اور جس پانی میں گھولا گیا ہو اسے چھینٹے اس طرح دے کہ اسکی ایک بوند بھی زمین پر گرنے نہ پائے تو بفضلہ تعالیٰ اسے خواب میں حبیب کبریا علیہ السلام کی دولت دیدار نصیب ہوگی۔



زکوٰۃ کا قاعدہ یہ ہے کہ عامل ترک حیوانات جلالی و جمالی کر کے سوا مہینے تک روزے رکھے۔ اور روزہ رکھنے کے بعد صرف چھوارا استعمال کرے۔ روزہ کھولنے کے بعد مغرب کی نماز ادا کرے۔ پھر کچھ کھائے پیئے بغیر دو ہزار دفعہ کسی درود شریف کا ورد کرے۔ اور وہی درود شریف پورے چلے تک پڑھتا رہے۔ نقش مکرم کو دو سو مرتبہ تحریر کر کے فوراً کسی دریا یا چلتے ہوئے پانی بہا دے۔ آتے جاتے کسی سے بات چیت نہ کرے۔ جب مکان پر پہنچے تو پھر دو ہزار دفعہ درود شریف کا ورد کرے۔ بعد ازاں نماز عشاء پڑھ کر کھائے۔ سوا مہینے تک لگاتار اکیلے مکان میں اکیلا ہی رہے۔ عمل کے دوران میں کسی سے کلام کرنے کی ممانعت ہے۔ اگر خوف معلوم ہو تو کوئی خیال نہ کرے اور اپنا کام جاری رکھے۔ چلہ ختم ہونے پر اس نقش کے جادیئے کل اگر اطاعت قبول کریں گے۔ اور انہیں حکم دیا جائیگا۔ اسے بجا لائیں گے۔ زکوٰۃ سے فارغ ہو کر اس نقش سے خواہ کوئی دینی کام خواہ دنیوی، انشاء اللہ تعالیٰ پورا ہوگا۔ البتہ ناجائز کام نہیں لینا چاہیئے۔ ورنہ نفع کی بجائے الٹا نقصان ہوگا۔ آزمودہ ہے ؛

(۱۰) عامل کو چاہیئے کہ ربیع الاول کے پہلے پیر کی رات کو نہا دھو کر پاک و صاف کپڑے پہنے اور علیحدہ پاک مکان میں داخل ہو۔ پھر خوشبو لگا کر جاء نماز پر بیٹھ جائے۔ پہلے گناہوں اور خطاؤں سے تائب ہو کر استغفار پڑھے۔ توبہ کرنے میں جتنا وقت صرف ہوا۔ اتنا ہی اچھا ہے۔ پھر ایک سو ایک دفعہ کوئی درود شریف پڑھ کر تین دفعہ سورہ یٰسین اور پانچ دفعہ سورۂ الحمد پڑھے۔ بعد ازاں نماز تہجد پڑھ کر درود شریف کا ورد کرتا ہوا محو خواب ہو جائے۔ بفضلہ تعالیٰ اسے آنحضرتؐ کی زیارت کا شرف نصیب ہوگا ؛

(۱۱) ذیل میں ایک بغایت مقبول و معروف عمل درج کیا جاتا ہے، جو مشہور ولی اللہ حضرت جہانیاں جہاں گشت رحمۃ اللہ علیہ نے جاگتے میں حضرت خضر علیہ السلام سے حاصل کیا تھا ؛ وہو ہذا :-

عامل کو چاہیئے کہ نماز مغرب سے فارغ ہو کر دو دو کر کے نفل پڑھنا شروع کر دے لیکن ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد تین دفعہ سورہ اخلاص پڑھے۔ عشاء کا وقت ہو جائے تو نہایت عجز و انکساری کے ساتھ نماز پڑھے۔ اور ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سات مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے۔ پھر درود شریف اور کلمہ تمجید سات سات بار پڑھے اور دعا مانگے۔ بعد ازاں صدق دل سے حسب ذیل چیز پڑھے۔ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ وَیَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ یَا رَحْمٰنُ اللّٰہُ وَالْاٰخِرَۃِ وَرَحِیْمَھُمَا یَا اَللّٰہُ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ یَا رَبِّ یَا رَبِّ یَا رَبِّ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ۔ پھر کوئی سا صدود شریف پڑھ کر داہنی کروٹ لیٹے ہوئے وہیں سو جائے۔ بفضلہ تعالیٰ زیارت آنحضرتؐ کی سعادت نصیب ہوگی ؛

(۱۲) اگر کوئی شخص ہر روز سوتے وقت نہایت خضوع و خشوع کیساتھ مندرجہ ذیل دعا پڑھے تو وہ خواب میں دیدار رسولؐ کی دولت سے مالا مال ہوتا رہیگا ؛

دعا :- اَللّٰھُمَّ رَبَّ الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ - وَمَالِکَ الْاَنَامِ وَرَبَّ الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ بِحَقِّ کَلَامِکَ الَّذِیْ اَنْزَلْتَ فِیْ شَھْرِ رَمَضَانَ بَیْعِ وَرُوْحِ مُحَمَّدٍ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ مِنِّیْ تَحِیَّۃً وَّسَلَامًا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یَا اَکْرَمَ الْاَکْرَمِیْنَ وَیَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ؛

یہ دعا رات کو سوتے وقت بلا ناغہ کم از کم تین دفعہ پڑھی جائے۔ اگر کوئی شخص بستر پر لیٹتے ہی اسے پڑھنا شروع کر دے یہاں تک کہ پڑھتے پڑھتے اس پر نیند کا غلبہ ہو جائے تو اور بھی زیادہ اچھا ہے ؛

فصل سوم

ایمان کی مضبوطی اور عبادت کا شوق

گناہوں کی معافی

(۱) حدیث شریف میں لکھا ہے کہ اگر کوئی شخص نماز کے بعد ہزار دفعہ اَللّٰہُ الصَّمَدُ پڑھے گا تو یقیناً اس کا خاتمہ ایمان پر ہوگا

(۲) جو شخص حق تعالیٰ کا ذاتی نام اَللّٰہ اور صفاتی نام اَلرَّحْمٰن نسبی پاکیزہ برتن میں آب رواں۔ آویزم زم یا آب گلاب سے تحریر کرکے علی الصباح خوار منہ نوش فرمائیگا۔ اس کا ایمان قائم مضبوط کریگا۔ کبھی نہ ڈگمگائیگا۔ اگر یہ عمل سوا مہینے تک کرتا رہا جائے تو دل ایمان کے نور سے لبریز ہو جائیگا۔ اگر کوئی ہمیشہ یہ عمل کرتا رہے تو سعادت باطنی سے مشرف اور مراتب کشف ہو جائیگا۔ اور جو دعا وہ مانگے گا نوراً قبول ہو جائیگی ۔

(۳) رسول مقبول (صلعم) کا ارشاد ہے کہ اگر کوئی شخص ہر نماز کے بعد کم سے کم ایک دفعہ آیت الکرسی پڑھ لیگا۔ تو اس کے ایمان کو کبھی لغزش نہ ہوگی۔ وہ ہر نوع کے وہم وسوسہ۔ بلاؤں اور آفتوں سے محفوظ رہیگا۔ اور حساب دیئے بغیر جنت میں جائیگا۔ جو شخص رات کو سوتے اور صبح کو اٹھتے وقت ہر دفعہ بلا ناغہ آیت الکرسی پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیا کریگا اس پر شیطان کبھی غلبہ نہیں پا سکیگا ایسے نیک شخص کے گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔ اور اس پر ہمیشہ رحمت الٰہی کا نزول ہوتا رہیگا ۔

(۴) اگر کسی شخص کے دل میں شیطانی وسوسے بکثرت آئیں۔ تو اسے چاہئے

کہ حسب ذیل آیت پڑھتا رہے بفضلہ تعالیٰ محفوظ رہے۔ رَبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ وَاَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ ۝

(۵) حضرت رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو شخص ہر نماز کے بعد تمام پر ۳۳ دفعہ سُبْحَانَ اللّٰہِ ۳۳ دفعہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ ۳۴ دفعہ اَللّٰہُ اَکْبَرُ اور ایک دفعہ کلمہ طیبہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ پڑھے۔ خواہ وہ سر سے پاؤں تک گناہوں میں غرق کیوں نہ ہو۔ اس کے سارے گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں

(۶) توبہ کے متعلق شاعر نے ذیل کی رباعی کیا خوب کہی ہے۔

بازآ بازآ ہر آنچہ ہستی بازآ — گر کافر و گبر و بت پرستی بازآ
ایں درگہ ما درگہ نومیدی نیست — صد بار اگر توبہ شکستی بازآ

مطلب یہ ہے کہ رحیم و رحمٰن خدا ارشاد فرماتا ہے اے بندے اگر تو مشرک ہے آتش پرست ہے کافر ہے غرض جو کچھ بھی ہے اپنے برے اعمال سے توبہ کر۔ اور ہمارے دروازے پر لوٹ آ۔ اگر تو نے سینکڑوں دفعہ توبہ توبہ بھی کر ڈالی ہے پھر بھی ہماری درگاہ میں آجا۔ کیوں کہ یہاں سے کوئی ناامید نہیں جاتا۔ پھر توبہ کر لے ہم اسے قبول کر کے تیرے تمام گناہوں پر خط عفو کھینچ دینگے اور تو پہلے کی طرح معصوم کا معصوم ہو جائیگا

اسی توبہ استغفار کے بارے میں سرور کائنات صلعم کے ارشادات آفتاب عالمتاب کی طرح روشن ہیں۔ پس ثابت ہوا کہ گناہوں کو معاف کرانے اور ایمان کو سلامت و مضبوط رکھنے کیلئے توبہ اور خلوص دل سے توبہ سب سے بہتر ذریعہ ہے۔ نابریں آپ کو چاہئے کہ گناہوں سے پرہیز کریں اور استغفار کثرت سے پڑھا کریں۔

(۷) حضرت صدیق اکبرؓ فرماتے ہیں کہ انسان کو چاہئے یک سلام چار رکعت نماز شروع کرے۔ پہلی رکعت میں سورہ فَتَحْنَا اِسْکَنْدَرِی میں اَلْحَمْدُ نشرح تیسری میں انا انزلنا اور چوتھی میں قُلْ هُوَ اللّٰهُ تین تین دفعہ پڑھ کر سلام پھیرے

پھر سربسجود ہو کر یہ دعا مانگے :- اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْعَالِمُ بِالْمَعَاصِیْ فَاِنْ لَمْ یَغْفِرْھَا لِیْ لَا عُوْنَ مَرَّۃً لَا تَغْفِرُھَا اِلَّا اَنْتَ - خداوند کریم رحمت کے پانی سے اسکے گناہ دھو ڈالے گا

(۸) عامل کو چاہیئے کہ پچھلے پہر تہجد کی نماز کیلئے بیدار ہو - اور تہجد پڑھ کر ۱۰۱ دفعہ حسب ذیل آیات کی تلاوت کرے - آیت سے پہلے اور بعد جتنی دفعہ چاہیئے کوئی سا درود شریف پڑھے - بفضلہٖ تعالیٰ اسکا دل سکون و اطمینان سے لبریز ہو جائیگا اسے چاہیئے کہ آیت ذیل پڑھ کر اپنے اوپر دم کرلے اور دل کے اطمینان اور ایمان کی سلامتی کی دعا مانگے ؎

ھُوَ الَّذِیْ اَنْزَلَ السَّکِیْنَۃَ فِیْ قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِیْنَ لِیَزْدَادُوْٓا اِیْمَانًا مَّعَ اِیْمَانِھِمْ - (فتح رکوع ۱)

(۹) اگر کوئی شخص اکتالیس دن تک بلاناغہ حسب ذیل عمل کرے تو اسکی تمام قبیح عادات ترک ہو جاتی ہیں - آزمودہ ہے - خدا اُسے نیک کاموں کی توفیق بخشتا ہے - عمل :-

نماز مغرب سے فارغ ہو کر بلاناغہ پہلے گیارہ دفعہ یہ درود شریف پڑھے :- اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ وَسَیِّدِ الزَّاھِدِیْنَ - پھر ایک سو ایک دفعہ یہ پڑھے ، سُنَّۃَ اللّٰہِ الَّتِیْ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلُ وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّۃِ اللّٰہِ تَبْدِیْلًا - ھُوَ الَّذِیْ کَفَّ اَیْدِیَھُمْ عَنْکُمْ وَاَیْدِیَکُمْ عَنْھُمْ بِبَطْنِ مَکَّۃَ مِنْ بَعْدِ اَنْ اَظْفَرَکُمْ عَلَیْھِمْ وَکَانَ اللّٰہُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِیْرًا اس کے بعد گیارہ مرتبہ مذکورہ صدر درود شریف پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے - بفضلہٖ تعالیٰ اکتالیس دن تک لگاتار یہ عمل کرنے سے انسان کی مذموم عادتیں چھوٹ جاتی ہیں اور گناہ کے کام ترک ہو کر ایمان مستحکم ہو جاتا ہے

فصل چہارم

دُعا قبول ہونا

(۱) آنحضرتؐ ارشاد فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص درود شریف کے ساتھ دُعا مانگے تو نامنظور نہیں ہوتی - کیونکہ یہ خداوند کریم کی شان کے شایان نہیں ہے - کہ درود شریف کو تو قبول کرلے - اور دُعا کو نامنظور کر دے پس لازم ہے کہ جب کوئی شخص خُدا سے دعا مانگے تو اس سے پہلے اور بعد درود شریف ضرور پڑھے - اسی درود شریف کی برکت سے اللہ تبارک اسکی دعا قبول کریگا - اگر حماری تعالیٰ بھی دُعا کے ساتھ شامل کرلی جائے تو اور بھی اچھا ہوگا - چنانچہ وہ ارشاد فرماتا ہے - اُدْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَکُمْ

۲ - اگر کوئی شخص درود شریف پڑھے پھر ذاتِ باری تعالیٰ کے صفاتی ناموں کبیر و مُتعال ، کو ان کے اعداد کے مطابق ۳۷ دفعہ پڑھ کر دُعا مانگے - اور بعد میں پھر درود شریف پڑھے تو بفضلہ تعالیٰ دُعا جلد قبول ہوگی ؎

(۳) حضرت شیخ نظام الدین اولیاء رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد ہے کہ اگر کوئی شخص خلوصِ دل اور انتہائی عاجزی کے ساتھ جمعہ کو فجر کی نماز کے بعد ہزار دفعہ یَا اَللّٰہُ اَنْتَ الْمَقْصُوْدُ سینچر کو یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ - اتوار کو یَا وَاحِدُ یَا اَحَدُ - پیر کو یَا صَمَدُ یَا فَرْدُ منگل کو یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ - بدھ کو یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ اور جمعرات کو یَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ پڑھے - پھر جمعہ کے دن دعا مانگے - تو انشاء اللہ فی الفور قبول ہوگی ؎

(۴) عامل کو چاہیئے کہ مغرب کی نماز کے بعد کسی تنہا مکان میں حسب ذیل طریق پر

نیت باندھ کر دو رکعت نماز پڑھے۔ نیت۔ نَوَیْتُ اَنْ اُصَلِّیَ لِلّٰہِ تَعَالٰی رَکْعَتَیْنِ صَلٰوۃَ الْاِسْرَارِ تَقَرُّبًا اِلَی اللّٰہِ تَعَالٰی خَالِصًا عَنِ الْغَیْرِ مُتَوَجِّھًا اِلٰی جِھَۃِ الْکَعْبَۃِ الشَّرِیْفَۃِ اَللّٰہُ اَکْبَرُ ط پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ والضحیٰ گیارہ دفعہ اور دوسری رکعت میں الم نشرح گیارہ دفعہ پڑھے۔ سلام کے بعد سجدے میں جا کر سو دفعہ کہے۔ صعیف بر درقوی۔ پھر داہنا رخسار جانماز پر رکھ کر سو دفعہ کہے۔ نیاز مند بے در حاجت روائے۔ بعد ازاں جانماز کا گوشہ پلٹ کر سو دفعہ کہے ناکردم باز نازکنی حاجت روائے یہ کہتے ہوئے گیارہ قدم قبلے کی طرف چلے۔ پھر سربسجود ہو کر خضوع و خشوع کے ساتھ دعا مانگے۔ مجیب الدعوات جلد قبول کرے گا۔

(۵) اگر کوئی شخص اذان ہونے کے دوران میں دعا مانگے تو بفضلہٖ تعالےٰ ضرور قبول ہوگی۔ کیونکہ یہ وقت قبول دعا ہوتا ہے۔

(۶) جب کسی نماز کی جماعت ہونے لگے اور تکبیر کہی جا رہی ہو تد و قامت الصلوٰۃ کہے جانے کے وقت دعا مانگو خدا قبول کرے گا

(۷) جمعہ کی نماز وقت جب امام خطبہ پڑھنے کے دوران میں بیٹھ جائے۔ تو فوراً دل میں دعا مانگو۔ ہاتھ نہ اٹھاؤ۔ انشاء اللہ قبول ہوگی۔ کیونکہ یہ وقت احابت دعا کا ہے

(۸) جب مینہ برسنے لگے تو دعا مانگو۔ اللہ کے فضل سے قبول ہو جائیگی، کیونکہ وہ اس کی رحمت کے نزول کا وقت ہے۔

(۹) اگر کوئی شخص مفلس و محتاج ہو لیکن اسکو حج کرنے کا بہت شوق ہو تو اُسے چاہیئے کہ حسب ذیل طریق پر بارگاہ ایزدی میں دعا کرے۔ فجر کی نماز سے فارغ ہو کر گیارہ دفعہ درود شریف پڑھے۔ پھر ستر مرتبہ مندرجہ ذیل آیت کا ورد کرے۔ بعد ازاں گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر حج کی سعادت سے بہرہ اندوز ہونے کی دعا مانگے۔ بفضلہٖ تعالیٰ غیب سے کوئی سامان ہو کر اُسے حج جیسی گراں بہا

نعمت سے مشرف ہونے کا فخر نصیب ہوگا۔ آیت شریف لَقَدْ صَدَقَ اللّٰہُ رَسُوْلَہُ الرُّؤْیَا بِالْحَقِّ لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ اِنْ شَآءَ اللّٰہُ اٰمِنِیْنَ مُحَلِّقِیْنَ رُءُوْسَکُمْ وَمُقَصِّرِیْنَ لَا تَخَافُوْنَ فَعَلِمَ مَا لَمْ تَعْلَمُوْا فَجَعَلَ مِنْ دُوْنِ ذٰلِکَ فَتْحًا قَرِیْبًا ط سورہ فتح رکوع ۲

(۱۰) عامل کو چاہیئے کہ حسب ذیل وظیفہ ہمیشہ پڑھا کرے۔ نہایت مفید و آزمودہ ہے۔ فجر کی نماز سے فارغ ہو کر پہلے گیارہ دفعہ درود شریف پڑھے۔ پھر چند بار استغفار اور کلمہ شہادت پڑھ کر اُدْعُوْنِیْ اَسْتَجِبْ لَکُمْ ایک سو دفعہ اور اِنَّ اللّٰہَ لَا یُخْلِفُ الْمِیْعَادَ ط ایک سو گیارہ دفعہ پڑھے۔ بعد میں گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دعا مانگے۔ بفضلہٖ تعالیٰ یقیناً قبول ہوگی

فصل پنجم

استخارہ

انسان کو چاہیئے کہ کوئی کام شروع کرنے سے پہلے اسکے طریق عمل اور انجام کو سوچ لے۔ تاکہ بعد میں پچھتانا نہ پڑے۔ حضرت رسول کریم صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا ارشاد ہے کہ جب کسی کام کا ارادہ کرو۔ تو پہلے استخارہ کرو جس کے ذریعے سے خدا تمہیں اس کام کی اچھائی یا برائی یعنی نافیدہ و مضر سے مطلع کر دیگا چنانچہ استخارہ کرنے کے چند آزمودہ طریقے یہاں درج کئے جاتے ہیں:

(۱) جسم اور کپڑے پاک صاف ہونے کی صورت میں ایک علیحدہ مکان کے اندر جا کر نماز پڑھ لیجائے۔ جتنی دفعہ چاہو درود شریف پڑھو پھر مطلوبہ کام کے متعلق اچھائی یا برائی کا پتہ لگانے کیلئے کھڑے ہو کر دو رکعت نماز کی نیت باندھ

لو۔ پہلی رکعت تو حسب معمول پڑھ لو۔ لیکن دوسری میں جب اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ کہو تو بار بار حساب کے بغیر یہی آیت پڑھتے چلے جاؤ۔ حتیٰ کہ تمہاری گردن آپ ہی آپ داہنی طرف مڑ جائے گی۔ جب گردن داہنی طرف مڑ جائیگی تو باقی نماز ختم کرو۔ اگر گردن داہنی جانب مڑ جائے تو کام کرنے میں

فائدہ ورنہ نقصان ہوگا (از جان بہت رضہ

(۲) پہلے استخارہ کی نیت سے دو رکعت نماز پڑھو پھر ایک سو ایک دفعہ درود شریف پھر ایک سو ایک دفعہ یَا خَیْرُ وَاَخِیْرُ فِیْ پھر ایک سو ایک دفعہ یَا رَشِیْدُ اَرْشِدْنِیْ پھر ایک سو ایک دفعہ یَا هَادِیْ اِهْدِنِیْ پھر ایک سو ایک دفعہ یَا عَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ۔ پھر ایک سو ایک دفعہ درود شریف پڑھ کر کام کرنے کی اچھائی یا برائی معلوم کرنے کیلئے خدا سے دعا مانگو اور دعا میں جاؤ نماز پڑھ سو رہو۔ بفضلہ تعالیٰ اسی رات میں خواب کے ذریعے تمام حالات آشکارا ہو جائیں گے۔ اگر پہلی رات کامیابی نہ ہو تو دوسری یا تیسری رات تک یہی عمل کرنے سے یقیناً پتہ چل جائیگا

(۳) بالکل علیحدہ مکان میں استخارہ کی نیت سے دو رکعت نماز پڑھو۔ پھر جتنی دفعہ ممکن ہو طاق تعداد میں درود شریف پڑھ کر حسب ذیل دعا پڑھے اور پڑھتے پڑھتے وہیں سو جاؤ۔ بفضلہ تعالیٰ اسی رات کو تمہیں کام کے متعلق کسی نہ کسی طرح سے سب حقیقت معلوم ہو جائیگی۔ دعا۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْتَخِیْرُكَ بِعِلْمِكَ وَاَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ وَاَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِیْمِ فَاِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ۔ اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ (یہاں بذلامر کی جگہ اپنے کام کا نام لینا چاہیے۔ خَیْرٌ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَدُنْیَایَ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ فَاقْدُرْهُ لِیْ وَیَسِّرْهُ لِیْ ثُمَّ بَارِكْ لِیْ فِیْهِ۔ وَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّهٗ۔ یہاں پھر اپنے کام کے مقام

پر آنے پر کام کا نام لے) شَرٌّ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَدُنْیَایَ وَمَعَادِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ عَاجِلِهٖ فَاصْرِفْهُ عَنِّیْ وَاصْرِفْنِیْ عَنْهُ وَاقْدُرْ لِیَ الْخَیْرَ حَیْثُ كَانَ ثُمَّ اَرْضِنِیْ بِهٖ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ۝

(۴) اب ہم وہ استخارہ درج کرتے ہیں جو معتبر ترین ہمیشہ تجربے کام آنیوالا اور آسان ہے۔

پہلے حسب ذیل نقش کا شف الاسرار کی زکوٰۃ ادا کرو۔ [redacted] کام کے بارے میں اچھائی یا برائی دریافت کرنی ہو یا اسے انجام دینے کا وقت معلوم کرنا چاہو تو تعویذ مکرم لکھو اور اسے رات کو تکیے کے نیچے رکھ کر سو جاؤ۔ بفضلہ تعالیٰ خواب میں سب کچھ ظاہر ہو جائیگا۔ بہت دفعہ کا آزمودہ اور جلد اثر کرنیوالا ہے۔ اسکے علاوہ تمام مشکلات و ضروریات کیلئے بھی فائدہ مند اور زود اثر ہے۔ جب کبھی آزمایا گیا تیر بہدف نکلا ہے۔ اس نقش کی زکوٰۃ ادا کرنے کا طریق یہ ہے کہ ایک دن یا جتنے روز میں چاہو۔ پرہیز جلالی کے ساتھ عروج ماہ میں سوا لاکھ مرتبہ یہ تعویذ لکھو اور آٹے کی گولیاں بنا کر دریا میں بہا دو۔ سوا لاکھ کی گنتی پوری ہونے پر تم حامل ہو جاؤ گے۔ تمہاری مرضی پر موقوف ہے کہ سوا لاکھ کی گنتی پوری کر کے ایک ہی دفعہ دریا میں بہا دو یا روزانہ جتنے لکھتے جاؤ انہیں دریا میں ڈالتے جاؤ۔ یا دوسرے چوتھے روز جا کر دریا وغیرہ میں ڈال آیا کرو۔ زکوٰۃ ادا کرنے کے بعد اسے کہیں سرہانے رکھو۔ سب حالات منکشف ہو جائیں گے۔ زکوٰۃ ادا کرنیکے بعد کم از کم اکیس نقش ہر روز لکھو۔ جب کسی دریا وغیرہ کی طرف جانے کا موقع میسر آئے تو سب لکھے ہوئے تعویذ اکٹھے کر کے گولی وغیرہ بنا کر دریا میں بہا دو۔ اس طرح عمل قبضے میں رہیگا تعویذ اگلے صفحہ پر

لے اگر دریا قریب ہو تو کسی آب رواں میں جہاں مچھلیاں ہوں بہا دو۔

یہ فالنامہ کس جگہ جدول

۷۸۶			
۹	۲۳	۱۹	۱۶
۲۰	۱۵	۱۰	۲۱
۱۴	۱۷	۲۴	۱۱
۲۳	۱۲	۱۳	۱۸

اب کچھ فالنامے درج کئے جاتے ہیں جن سے شائقین مستفید ہو سکیں گے۔ اور اپنی خواہش کے مطابق مطلوبہ سوالات کا جواب حاصل کر کے اس کے موافق عمل کرنے سے فائدہ اٹھائیں گے۔ واضح ہو کہ یہ تمام کے تمام فالنامے جو یہاں تحریر کئے جاتے ہیں۔ قابل اعتماد اور مجرب ہیں ۔

حضرت علی کا فالنامہ

بوقت مغرب وضو کر کے خلوص قلب سے فاتحہ پڑھو اور رسول مقبول صلعم اصحاب اور آل کی مقدس روحوں کو اسکا ثواب بخش دو۔ پھر دعا کو ذہن میں رکھتے ہوئے آنکھیں بند کر کے حسب ذیل خانوں میں سے کسی ایک پر شہادت کی انگلی رکھو۔ بفضلہ تعالیٰ صحیح جواب ملیگا۔

فالنامہ کی جدول

حضرت آدم علیہ السلام	حضرت شیث علیہ السلام	
	حضرت ادریس علیہ السلام	حضرت یعقوب علیہ السلام
حضرت ابراہیم علیہ السلام	حضرت اسمٰعیل علیہ السلام	حضرت یوسف علیہ السلام
حضرت صالح علیہ السلام		حضرت ایوب علیہ السلام
حضرت سلیمان علیہ السلام	حضرت عیسیٰ علیہ السلام	حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

(۱) اگر حضرت آدم علیہ السلام کے نام پر انگلی پڑے تو خوشی حاصل ہوگی امید بر آئیگی۔ کام مرضی کے موافق انجام پذیر ہوگا۔ مدد میں جو بیت ہوگی خدا اسے پوری کریگا۔

(۲) اگر حضرت شیث علیہ السلام کے نام پر انگلی پڑے تو مراد پوری ہو جائے گی مگر کچھ دیر کے بعد اور مشکلات کا مقابلہ کر کے۔ بلکہ شروع میں قدرے تکلیف یا ضرر بھی ہوگا۔ لہذا نیت کو معرض التوا میں ڈال دینا چاہئے ۔

والسلام

(۳) اگر انگلی حضرت ادریس علیہ السلام کے نام پر پڑے تو راحت میسر آئے گی مراد بر آئیگی ہر طرح نفع ہی نفع ہے۔ اطمینان رکھنا چاہئے ۔

(۴) اگر انگلی حضرت یعقوب علیہ السلام کے نام پر پڑے تو مقصد ذرا دیر کے بعد پورا ہوگا۔ یاس اور قنوط کا صدقہ دینا چاہئے ۔

(۵) اگر انگلی حضرت ابراہیم علیہ السلام کے نام پر پڑے تو بہتر ہوگی خوش حالی میسر آئیگی اور مدعا پورا ہوگا ۔

(۶) اگر انگلی حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کے نام پر پڑے تو چند دن ٹھہر جانا چاہئے۔ ورنہ وقت سعید نہیں آئیگا۔ ہر گز ایک جانور کا صدقہ دینا ہو جائیگی [redacted] بر آئیگی ۔

(۷) اگر انگلی حضرت صالح علیہ السلام کے نام پر پڑے تو صبر کرو عجلت سے کام نہ لو۔ ورنہ نقصان پہنچے گا۔ ہاں صبر کیا جائے تو چند روز میں خواہش پوری ہو ہو جائے گی جمعہ کی رات کو آٹے کا صدقہ دو ۔

(۸) اگر انگلی حضرت یوسف علیہ السلام کے نام پر پڑے تو عیش ہی عیش ہے مقصد پورا ہوگا ۔

(۹) اگر انگلی حضرت ایوب علیہ السلام کے نام پر پڑے تو سمجھ لو کہ امید بر آئیگی ۔

(۱۰) اگر انگلی حضرت سلیمان علیہ السلام کے نام پر پڑے تو کام بن جائیگا لیکن لازم ہے کہ سنیچر کے دن تھوڑی سی شیرینی، سبز پیراہن کا چھوٹا سا ٹکڑا۔ اور ایک انگشتری تھال میں رکھ کر دریا میں بہا دو۔ اور صبح سویرے سب سے پہلے جو ملے۔ اُسے اچھی طرح پیٹ بھر کر کھانا کھلاؤ ۔

(۱۱) اگر انگلی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نام پر پڑے تو جان لو کہ کچھ دن ٹھہر کر مراد بر آئے گی۔ عجلت سے کام نہ لو۔ نقصان ہوگا ۔

(۱۲) اگر انگلی حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے نام پر پڑے تو کوئی فکر نہ الطاف الٰہی کے طالب رہو کسی قسم کی ناکامی سے ہرگز دوچار نہ ہوگے ۔

اگر انگلی کسی خالی خانے پر پڑے تو جان لو کہ کسی صورت بھی مدعا پورا

نہ ہوگا۔ مناسب یہی ہے کہ اس نیت کو چھوڑ دو۔ ورنہ نقصان اٹھاؤ گے ؛

فالنامہ دوم

اس فالنامے سے معتبر اور مستند فالنامہ اور کوئی نہیں۔ یہ کلام پر مبنی ہے ترکیب اس طرح ہے :-

اگر کسی امر کی بابت اچھائی یا برائی کی کیفیت دریافت کرنا چاہو تو سچے دل سے وضو کرکے اور دل۔ زبان جسم کی پاکیزگی کے ساتھ وضو کرکے پہلے بارگاہ خداوندی میں توبہ و استغفار کرو۔ پھر اپنی عاجزی اور کم علمی ظاہر کرکے پانچ مرتبہ درود شریف پڑھو۔ بعد ازاں بسم اللہ اور الحمد للہ ایک بار۔ قل ہو اللہ تین بار اور حسبنا اللہ دعا ایک بار پڑھو۔ بعد ازاں بسم اللہ الرحمن الرحیم ط اللھم انی توکلت علیک وتفاولت بکتابک فاریٰنی ما ھو المکنون فی سرک المکنون فی غیبک اللھم انت الحق بحق محمد برحمتک یا ارحم الراحمین۔ پھر پانچ دفعہ درود شریف پڑھو اور مدعا ذہن میں رکھ کر تین بار حسب ذیل آیت شریف پڑھو :-

سبحانک لا علم لنا الا ما علمتنا انک انت العلیم الحکیم ط

بعد ازاں اگر دن کا اوّل حصہ گزر رہا ہو تو پہلے دس سیپاروں میں سے کہیں سے قرآن مجید کھولو۔ اگر دن کا وسطی حصہ گزر رہا ہو تو وسط کے دس سیپاروں میں سے کھولو۔ اگر دن کا پچھلا حصہ گزر رہا ہو۔ تو آخری دس سیپاروں میں سے کہیں سے قرآن شریف کھولو۔ قیاسی طور پر سات کے بھی تین حصے کرکے ان کے مطابق قرآن عزیز کھولو اور بائیں طرف سے سات ورق اُلٹ دو۔ پھر ساتویں ورق کی پہلی چھ سطریں چھوڑ کر ساتویں سطر کا پہلا حرف دیکھو اور اس کا بیان حسب ذیل تفصیل میں دیکھو۔ جواب بفضلہٖ تعالیٰ جواب بالکل درست ملے گا۔ اسکے موافق کرو۔ خدا کے لطف و کرم سے بہتری اور کامیابی ہوگی ؛

بیان کی تفصیل یہ ہے :-

"الف" اگر پہلا حرف الف ہو تو فال یہ ہے۔ اَلَا لَہُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ

تَبٰرَکَ اللّٰہُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ ط ہر صورت سے برکت والی اور عمدہ فال ہے امید بر آئے گی جس کام کے کرنے کا ارادہ کرو۔ اسے بسم اللہ کہہ کر شروع کرو۔ ضرور کامیاب ہو جاؤ گے تمام کام ٹھیک ہیں۔ مراد حاصل ہونے کی دلیل ہے۔

"ب" اگر پہلا حرف "ب" ہو تو فال یہ ہے۔ بَرَاءَۃٌ مِّنَ اللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ مسرت و راحت نصیب ہوگی یہ فال اس امر کی دلیل ہے کہ امید بر آئیگی ؛

"ت" اگر پہلا حرف "ت" ہو تو فال یہ ہے۔ تَبٰرَکَ الَّذِیْ بِیَدِہِ الْمُلْکُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔ یہ اس بات کی دلیل ہے کہ فال دیکھنے والے کو کوئی دکھ پہنچے۔ یا خطرہ لاحق ہونے والا تھا۔ خدا نے اُس پر فضل کر دیا۔ یا کر دیا جائے گا جتنی کہ استطاعت ہو اُس کے مطابق خیرات کرو۔ سب رنج دور ہو جائیں گے اور [redacted] و شادمانی میسر آئیگی ؛

"ث" اگر پہلا حرف "ث" ہو تو فال یہ ہے ثَبَاتٌ وَّنُوْرٌ وَّصَبْرٌ وَّاَجْرٌ وَّحُسْنُ اُولٰٓئِکَ رَفِیْقًا وَّسَوْفَ یُؤْتِھِمْ اَجْرَھُمْ بِمَا صَبَرُوْا کامگاری اور مبین و فلاح کی علامت ہے۔ دلی مراد پوری ہوگی ؛

"ج" اگر پہلا حرف ج ہو تو فال یہ ہے جَزٰھُمْ بِمَا صَبَرُوْا جَنَّۃً وَّحَرِیْرًا۔ کچھ وقت تک صبر کرو [redacted] ہو جاؤ گے۔ نماز پڑھو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے [redacted] بہتر ہوگا ؛

"ح" اگر پہلا حرف "ح" ہو تو فال یہ ہے حٰمٓ تَنْزِیْلُ الْکِتٰبِ مِنَ اللّٰہِ الْعَزِیْزِ الْحَکِیْمِ ط فال دیکھنے والے کو خوشخبری ہے کہ اس کے لئے بہتری اور [redacted] ہے اور کامیاب نصیب ہوگی ؛

"خ" اگر پہلا حرف "خ" ہو تو فال یہ ہے خُذُوْہُ فَغُلُّوْہُ ثُمَّ الْجَحِیْمَ صَلُّوْہُ الخ فال دیکھنے والے کی مراد پوری نہیں آئیگی۔ [redacted] چاہیئے کہ اس کام سے باز رہے اگر وہ باز نہ آئے گا اور زبردستی پر اڑا رہے گا تو خدا اُس پر مہربان ہوگا ؛

"د" اگر پہلا حرف "د" ہو تو فال یہ ہے وَعَنَتِ الْوُجُوْہُ لِلْحَیِّ الْقَیُّوْمِ وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا

صاحب فال کو پیش نظر کام میں کامیابی نصیب ہوگی ۔

"ذ" اگر پہلا حرف ذ ہو تو فال یہ ہے ذٰلِكَ مَبْلَغُهُمْ مِّنَ الْعِلْمِ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ فِي الْاٰخِرَةِ یعنی مصیبت اور مقدر کی برگشتگی کا زمانہ گزر گیا۔ اب راحت اور بلند اقبالی کا زمانہ ہے۔ بفضلہٖ تعالیٰ مدعا حاصل ہوگا ۔

"ر" اگر پہلا حرف ر ہو تو فال یہ ہے رَبَّنَا ظَلَمْنَا اَنْفُسَنَا وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا الخ۔ اس سے مراد یہ ہے کہ فال دیکھنے والا اپنے آپ پر ظلم کر رہا ہے ضروری ہے کہ تمام امور اور آرزوئیں ذات باری پر چھوڑ دی جائیں تاکہ کسی تکلیف کا سامنا نہ ہو۔ حسد نہ کرنا بھی لازم ہے کیونکہ اس سے بلائیں رد ہوتی ہیں ۔

"ز" اگر پہلا حرف ز ہو تو فال یہ ہے زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوٰتِ مِنَ النِّسَآءِ..... الخ فال دیکھنے والے کیلئے لازم ہے کہ [redacted] ارادہ ترک کر دے گناہوں سے تائب ہو۔ صدقہ کرے تاکہ ظلم دجور سے ہاتھ اٹھا لینا چاہیے صدقہ کام کر جائیگا

"س" اگر پہلا حرف س ہو تو فال یہ ہے۔ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْهَا خٰلِدِيْنَ ۔ صاحب فال کیلئے مژدہ بشارت ہے کہ اسے ہر طرح کی راحت و کامرانی نصیب ہوگی اور تمام مقاصد حاصل ہو جائیں گے ۔

"ش" اگر پہلا حرف ش ہو تو فال [redacted] اِنَّ الَّذِيْ فَرَضَ عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لَرَآدُّكَ اِلٰى مَعَادٍ ۔ یہ اس امر کی دلیل ہے کہ ہر طرح کامرانی ہی کامرانی [redacted] آئیں گی ۔

"ص" ۔ یہ فال اس کیلئے [redacted] ذِي الذِّكْرِ سے تعلق رکھتی ہے۔ جو نہایت ہی مبارک ہے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم پر تکیہ رکھتے ہوئے پیہم سعی کیے جائیے۔ تمام مقاصد حاصل ہو جائیں گے ۔

"ض" اگر پہلا حرف ض ہو تو فال یہ ہے غُرِّبَتْ لَنَا مَنِيَّتُنَا فَنَسِيَ خَشْيَتَهٗ اس فال کا حکم درمیانہ ہے صاحب فال کو چاہیئے کہ عہدے پر آئے۔ اگر اس پر ہر میں صبر سے کام لیا جائے تو کامرانی کی امید وقتی ہے۔ صدقہ لوگوں میں تقسیم کرنا چاہیئے تاکہ آفات کا لعدم ہو جائیں ۔

"ط" اگر پہلا حرف ط ہو تو فال یہ ہے طٰهٰ مَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰى ۔ اس امر کی دلیل ہے کہ بلند اقبالی کی خوشخبری موصول ہوگی اور کامیابی قدم چومے گی مراد حاصل ہوگی

"ظ" اگر پہلا حرف ظ ہو تو فال یہ ہے ظَهَرَ الْفَسَادُ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ۔ فال دیکھنے والے کو چاہیئے کہ اس کام کو چھوڑ دے۔ نہیں تو صبر سے کام لے۔ اگر صبر کا رشتہ ہاتھ سے چھوڑ بیٹھے گا۔ تو بے حد تکلیف اٹھائیگا۔ ابھی ستارہ گردش میں ہے۔ وقت آنے والا ہے کہ اس کے دن پھر جائیں گے۔ اگر وہ مٹی کو بھی ہاتھ میں لے گا تو سونا بن جائیگی ۔

"ع" اگر پہلا حرف ع ہو تو فال ہے۔ عَبَسَ وَتَوَلّٰى اَنْ جَآءَهُ الْاَعْمٰى ۔ برے کاموں سے بچو۔ خدا پر بھروسہ رکھو۔ ورنہ انجام افسوسناک ہوگا۔ صدقہ دینا چاہیئے تاکہ بلا رد ہو۔ ظلم و جور سے بھی ہاتھ اٹھا لینا چاہیئے صدقہ کام کر جائیگا

"غ" اگر پہلا حرف غ ہو تو فال یہ ہے غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ۔ بشارت ہے گی۔ مراد بر آئیگی۔ دل باغ باغ ہو جائیگا ۔

"ف" اگر پہلا حرف ف ہو تو فال یہ ہے۔ فَوَقٰىهُمُ اللّٰهُ شَرَّ ذٰلِكَ الْيَوْمِ وَلَقّٰىهُمْ ۔ صبر کرنا لازم ہے۔ مطلوبہ کام کا ارادہ ترک کر دو۔ تو بہتر ہے۔ عجلت مفید نہیں۔ ورنہ کام بگڑ جائیگا۔ صدقہ ضرور دو تاکہ خدا کامیابی عطا فرمائے۔ گناہوں سے تائب ہو ۔

"ق" اگر پہلا حرف ق ہو تو فال یہ ہے۔ ق وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ ۔ یہ اس امر کی دلیل ہے کہ کامیابی و کامرانی نصیب ہوگی۔ کسی کی ملاقات سے راحت ملے گی۔ کوئی بزرگ کچھ عنایت فرمائیگا۔ مخالف مغلوب رہیں گے ۔

"ک" اگر پہلا حرف ک ہو تو فال یہ ہے كَلَّا بَلْ رَانَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۔ کامرانی و راحت نصیب ہوگی۔ تشویش تردد کرنے کی ضرورت نہیں برکت کی توقع رکھنی چاہیئے ۔

"ل" ۔ اگر پہلا حرف ل ہو۔ تو فال یہ ہے۔ لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى

مشقت اٹھانی پڑے تو کچھ دن صبر کرنا لازم ہے۔ عمدہ ضرور دو کیونکہ دشمن تمہیں نقصان پہنچانے کے منصوبے باندھ رہا ہے۔ کاہلی مناسب نہیں۔ سفر نہ کرو۔ نماز پڑھو تاکہ خراب شدہ کام اصلاح پذیر ہو جائیں ۔

"ہ" اگر پہلا حرف ہم ہو تو فال یہ ہے۔ مٰلِكِ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَاءُ۔ صاحب فال کیلئے بے حد یمن و برکت کی دلیل ہے ہر پہلو سے کامیابی نصیب ہوگی یکسر فائدہ ہوگا۔ نقصان کا ذرا احتمال نہیں دشمن مغلوب ہوگا۔ مراد بر آئیگی۔

"ن" اگر پہلا حرف ن ہو تو فال یہ ہے نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُونَ۔ ہر لحاظ سے کامرانی نصیب ہوگی۔ دلی مراد بر آئیگی۔ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے رہیے ۔

"و" اگر پہلا حرف و ہو تو فال یہ ہے۔ وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هَٰذَا الْوَعْدُ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ۔ ابھی صاحب فال کا مدعا حاصل نہیں ہوگا۔ اسے چند روز تک صبر کرنا چاہیئے۔ فی الحال ستارہ گردش میں ہے۔ صدقہ دینا لازم ہے۔ بفضلہ تعالیٰ کچھ دیر کے بعد نصیب چمکے گا۔ اور کامیابی قدم چومے گی ۔

"ھ" اگر پہلا حرف ھ ہو تو فال یہ ہے۔ هَٰذِهِ جَهَنَّمُ الَّتِي كُنتُمْ تُوعَدُونَ۔ صدقہ دو۔ خدا کی بندگی کرتے رہو۔ تاکہ فلاح دارین نصیب ہو۔ مطلوبہ کام کا ارادہ چھوڑ دو۔ عنقریب ستارہ چمک اٹھے گا۔ اور خدا ہر کام میں فتح و کامرانی عطا فرمائیگا۔ اس وقت صبر اور بندگی ضروری ہے ۔

"ی" اگر پہلا حرف ا ہو تو فال یہ ہے۔ صاحب فال کیلئے نیکی اور برکت کی دلیل ہے۔ خدا نے ہر طرح کا رنج و غم دور کر دیا ہے۔ شادماں و فرحاں رہو۔ کامیابی ہی کامیابی ہے۔ لَا إِلَٰهَ إِلَّا أَنتَ سُبْحَانَكَ إِنِّي كُنتُ مِنَ الظَّالِمِينَ ۝

"ی" اگر پہلا حرف یہ ہو تو فال یہ ہے یٰسٓ وَالْقُرْآنِ الْحَكِيمِ۔ یہ اس امر کی دلیل ہے کہ تمام بلائیں اور مصیبتیں دور ہو جائیں اور سب کام مرضی کے مطابق پورے ہوتے چلے جائیں گے ۔

فالنامہ سوم

یہ موثق و معروف فالنامہ خواجہ حافظ شیرازی رحمۃ اللہ علیہ کا ہے۔ پہلے پاک و صاف ہو کر خلوص قلب سے شروع اور اخیر میں درود شریف اور فاتحہ پڑھو۔ پھر اسکا ثواب خواجہ حافظ شیرازی کو پہنچا کر جدول میں سے کسی حرف پر انگلی رکھو۔ اور اس حرف کو ایک کاغذ پر تحریر کرو۔ اسکے بعد چار حرف چھوڑ کر پانچواں حرف تحریر کرتے جاؤ۔ جدول کے ختم ہو جانے پر ابتداء سے گنو جتنی کہ دیر حرف لوٹ کر آجائے جہاں انگلی رکھی گئی تھی۔ اب جدول کے پہلے حصے سے آنیوالے یعنی انگلی ہٹنے کے مقام سے پہلے حروف کو پہلے رکھ کر باقاعدگی سے جوڑو۔ اس طرح کوئی نہ کوئی مصرع بن جائیگا۔ بس یہی فال کا جواب ہوگا ۔

جدول یہ ہے

ا	ج	ن	ب	م	ل	م	ف	ش	ث
م	ا	س	ن	ن	ن	ل	ب	ی	ب
ت	ہ	ر	ز	ے	ل	ح	ا	ذ	ے
ل	ت	ح	ا	ز	ہ	ز	د	ل	ہ
ك	ب	ذ	س	ہ	ہ	ے	ك	ل	ہ
ر	ی	ا	ی	ط	ط	ظ	م	د	ن
م	ف	ا	ت	خ	ے	ر	ز	خ	ن
ہ	ن	ت	ل	ا	ر	ق	و	ت	ب
ا	ا	ب	ب	م	ب	ب	ر	ز	ح
ا	ا	ن	ی	و	ز	ن	م	س	ا
ا	د	ی	ل	ر	س	ا	ا	م	ك
ت	ج	ی	ی	۰	۰	ت	د	ا	۰

باب سوم

رفاہِ عام کے لئے وظائف اعمال

پہلی فصل

رزق کی فراخی کے اعمال

کسی اسلامی مہینے کی ساتویں تاریخ کو منہ اندھیرے اُٹھ کر نہاؤ۔ اور باوضو ہونے کی ڈھائی پاؤ جو کے آٹے کی دو روٹیاں پکاؤ۔ پھر میٹھے تیل سے روٹیوں کو چپڑ دو۔ ایک روٹی پر کھنڈ اور دوسری پر گڑ کے دھوکے کا دہی۔ مرچ اور نمک رکھدو۔ بعدازاں یہ دونوں روٹیاں مصلے پر رکھ کر فجر کی نماز پڑھو اور طلوع آفتاب سے قبل حسب ذیل نقش سات دفعہ لکھکر روٹیاں اور نقش دونو چیزیں وہیں مصلے پر احتیاط رکھی رہنے دو۔ پھر حسب معمول اپنا دنیوی کام کاج شروع کر دو۔ ظہر کے وقت نماز کے بعد درود شریف پڑھو پھر نقش اور روٹیاں کسی نہر یا دریا میں جا پھینک دو۔ جاتے وقت کسی سے بات نہ کرو۔ اور دل ہی دل میں درود شریف پڑھتے اکیس دن تک یہی عمل کرو۔ بفضلہٖ تعالیٰ رزق میں فراخی آئیگی اور تنگدستی دور ہو جائیگی

۶	۷	۲
۱	۵	۹
۸	۳	۴

نقش کرم یہ ہے ←

(۲) فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ط عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ۔ اس آیت کا درجہ بہت بڑا ہے۔ اور اسکی برکات حد سے زیادہ ہیں۔ عامل کو چاہیئے کہ اسے ہر روز جتنی دفعہ ہو سکے پڑھے۔ ایک ہفتے کے بعد اس کا اثر ہونا شروع ہو جائیگا۔ اگر اسے ہمیشہ پڑھا جائے تو اور بھی اچھا ہے۔ دنیا اور دین کے کام خود بخود ہوتے چلے جائیں گے۔ توجہ یا اس کے بغیر جس طرح چاہو پڑھو۔ کوئی پابندی نہیں۔ دلی اعمال میں قلب کی یکسوئی اور کامل توجہ درکار ہے۔ لیکن اس آیت شریف میں ایسی کوئی قید یا شرط نہیں کسی طرح بھی پڑھو یقیناً اثر کریگی۔ جو شخص اسے ہر وقت اُٹھتے بیٹھتے سوتے جاگتے پڑھتا رہے گا اسکی تمام مشکلات حل ہو جائینگی۔ اور اس پر دنیا کی کوئی بھی مصیبت نہیں آئیگی۔ یہ عمل بالکل آزمودہ ہے جو اس میں شک لائے کافر ہو جاتا ہے۔ اس آیت شریف میں ایک خاص راز ہے ذرا عمل کر کے تو دیکھو۔ سات اکیس یا چالیس دن۔ غرض کسی مدت کی قید نہیں۔ اس عمل کے دوران میں کبھی کبھی کوئی درود شریف بھی پڑھتے رہو۔ جو شخص اس آیت شریف کا ورد نہیں رکھتا اسے سخت بدنصیب کہا جائے تو اور کیا کہا جائے۔ دیکھو اس طرح کی آزادی ہے اور فائدے اس قدر ہیں کہ شمار ہی میں نہیں آ سکتے۔ اگر اسکے ساتھ اسکے پہلے کی مندرجہ ذیل آیت بھی ملا کر پڑھی جائے تو مزید فوائد حاصل ہوں گے۔ آیت لَقَدْ جَآءَکُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْہِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ

(۳) یَا غَنِیُّ یَا کَرِیْمُ یَا صَاحِبَ الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ ۔ یَا صَاحِبَ الْعَطَآءِ وَالْکَرَمِ ۔ اَغْنِنِیْ بِحَلَالِکَ وَاکْفِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ ۔

جمعہ کے دن جبکہ اذان ہو جائے بعد جمعہ کے شروع کی سنتیں پڑھو۔ پھر قبلہ کی طرف منہ کر کے دوزانو بیٹھ جاؤ۔ پہلے جتنی دفعہ چاہو کوئی درود شریف پڑھو پھر ستر دفعہ کامل توجہ سے مندرجہ بالا دعا کا ورد کرو۔ بعدازاں کوئی درود شریف

پڑھو۔ پھر ستر دفعہ کامل توجہ سے مندرجہ بالا دعا کا ورد کرو۔ بعد ازاں کوئی درود شریف پڑھو اور دل میں فراخی رزق کی دُعا مانگ کر بیٹھے رہو۔ پھر نماز جمعہ پڑھ کر گھر آجاؤ۔ یہ عمل ہر جمعہ کو وقت معینہ پر کر لینا چاہیئے۔ اگر سُود اتفاق سے کسی جمعہ کو وقت پر نہ پہنچ سکو اور تمہارے جانے سے پہلے خطبہ شروع ہو چکا ہو تو نماز جمعہ ادا کرنے کے بعد کسی سے بات کئے بغیر مذکورہ بالا طریق پر وظیفہ پورا کر دو

یہ عمل بے حد مؤثر اور تیر بہدف ہے۔ بارہا تجربہ کیا جا چکا ہے آسان بھی بہت زیادہ ہے۔ صرف وقت کی پابندی ضروری ہے ؛

(۴) اگر گلاب کا کھلا ہوا پھول میسر آئے تو تین مرتبہ کوئی سا درود شریف پڑھو۔ پھر اکیس دفعہ اَللّٰہُ نَاصِرُنَا اکیس دفعہ اَللّٰہُ حَافِظُنَا اور سو دفعہ اَللّٰہُ الْمُسْتَعَانُ کا وظیفہ کرو۔ بعد ازاں تین دفعہ درود شریف پڑھ کر پھول پر دم کرو۔ اور ہر لحظہ اس کو سونگھتے رہو۔ جب پھول مرجھا جائے تو اسے کھا لو

ربیع الاول کی ہر جمعرات کو یہ عمل کرنا چاہیئے۔ جو شخص ہر سال اسے بالالتزام جاری رکھیگا۔ اللہ تعالیٰ اسکا رزق فراخ کر دیگا۔ اور مفلسی دُور ہو جائیگی ؛

(۵) سورۂ اِنَّا اَنْزَلْنٰہُ کو بکثرت پڑھو۔ اور فارغ ہونے کے بعد سات دفعہ اس دُعا کا ورد کرو :۔ اَللّٰھُمَّ یَا مَنْ لَّا یَلْتَفِتُ مِنْ خَلْقِہٖ اَحَدٌ وَّلَا یَلْتَفِتُ اِلٰی اَحَدٍ مِّنْ خَلْقِہٖ یَا اَحَدُ مَنْ لَّا اَحَدَ لَہٗ اِلْقَطَعَ الرَّجَاءُ اِلَّا اِلَیْکَ وَحَالَتِ الْاَعْمَالُ اِلَّا اِلَیْکَ یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنِیْ۔ لفظ اَغِثْنِیْ کو سات دفعہ کہو

اگر کوئی شخص ہر روز تہجد کے وقت بلا ناغہ اکتالیس دفعہ یہ عمل کرے اور اکتالیس دن تک جاری رکھے تو خدائے تعالیٰ اسکی روزی میں برکت دیگا اور اس پر کبھی محتاجی و تنگدستی کی آفت نازل نہیں ہوگی

(۶) پہلے دو نفل پڑھو اور پہلی رکعت میں الحمد کے بعد مندرجہ ذیل آیت کی

تلاوت کرو۔ وَعِنْدَہٗ مَفَاتِحُ الْغَیْبِ لَا یَعْلَمُھَا اِلَّا ھُوَ..... الخ دوسری رکعت کے بعد یہ آیت پڑھو۔ وَمَا مِنْ دَآبَّۃٍ اِلَّا عَلَی اللّٰہِ رِزْقُھَا... الخ سلام پھیر کر تو اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الْعَفُوَّ الرَّحِیْمَ بکثرت پڑھو ؛

اگر کوئی شخص ہفتے میں ایک دفعہ یہ عمل کرے اور اسے جاری رکھے تو غیب سے اس کشائش رزق کے دروازے کھل جائیں گے اور کبھی محتاجی کی مصیبت میں مبتلا نہیں ہوگا ؛

(۷) ہر روز مغرب کی نماز کے بعد دو دفعہ سورۂ فاتحہ کا ورد کرو۔ حضرت رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو شخص یہ عمل جاری رکھے گا۔ وہ کبھی کسی کا دست نگر نہیں ہوگا ؛

(۸) سو دفعہ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ کہو اور اول و اخر چند بار کوئی سا درود شریف پڑھو۔ جو شخص ہر روز یہ عمل کریگا۔ وہ ہمیشہ سیم و زر میں کھیلے گا اور کبھی مفلسی سے دوچار نہ ہوگا ؛

(۹) اگر کوئی شخص ہر روز تین ہزار دفعہ اَللّٰہُ الصَّمَدُ اور اول اخر کوئی سا درود شریف پڑھے۔ اور تین ماہ تک یہ وظیفہ جاری رکھے تو اسکی قسمت چمک اُٹھتی ہے اور گھر میں سُن برسنے لگتا ہے ؛

یہ عمل پیر کے دن فجر کی نماز کے بعد شروع کرے اور تین ماہ کے بعد اتوار کے دن ختم کر دو۔ اگر اتوار کو تین مہینے ختم ہو جائیں تو بہا۔ لیکن اگر تین مہینے کی مدت کسی اور دن مثلاً پیر یا منگل کو ختم ہو تو اگلے اتوار تک وظیفہ پڑھتے رہو اور عمل سے فارغ ہو کر اسے ختم کر دو ؛

(۱۰) جو شخص ہر روز فجر کی نماز کے بعد سو دفعہ اَللّٰہُ الصَّمَدُ پڑھے گا اور یہ وظیفہ ہمیشہ جاری رکھے گا۔ اللہ کے فضل سے اس کا بخت خوابیدہ بیدار ہو کر رزق کی فراخی نصیب ہوگی اور قرض وغیرہ سب اُتر جائیگا ؛

علاوہ بریں حسب ذیل نقش لکھ کر ہر وقت پاس رکھے اور اسکی ایک نقل اپنے مال

واسباب میں رکھ دے۔ اللہ تعالیٰ ہمیشہ برکت نازل کرتا رہے گا

نقش :- ۷۸۶

۷۹۵	۵	۳۹	۶۶۳
۳۷	۶۷	۸۹	۶۵
۶۸	۵۶	۳	۸۸
۵۶	۸۷	۶۹	۴۵۶

(۱۱) ترک حیوانات جلالی وجمالی کرنے کے بعد تین دن تک روزہ رکھو۔ پھر عروج ماہ میں انوار سے عمل شروع کرو۔ نماز تہجد ادا کرنیکے بعد باوضو بیٹھ جاؤ۔ اور ایک سو ایک دفعہ کوئی سا درود شریف پڑھ کر ۲۸۴ دفعہ یا باسط کا ورد کرو۔ پھر ایک سو ایک دفعہ کوئی سا درود شریف پڑھ کر خرچی نماز ادا کرو۔ بعد ازاں پاکیزہ قلم دوات لے کر ۲۷ دفعہ حسب ذیل نقش لکھو اور آٹے میں گولیاں بنا کر فی الفور کسی دریا میں ڈال دو۔ دریا کو جاتے وقت اس میں گولیاں ڈالنے دینے تک کسی سے بات نہ کرو۔ پھر واپس آجاؤ اور پیچھے مڑ کر نہ دیکھو۔ اکتالیس دن تک اسی طرح کئے جاؤ ۔

اثنائے عمل میں گیہوں یا جو کی بے نمک روٹی اپنے ہاتھ سے پکا کر کھاؤ۔ بفضلہ تعالیٰ اکتالیس دن پورے ہو جانیکے بعد رزق میں فراخی آئیگی اور دست غیب ہونے لگے گا۔ کسی نہ کسی طرح بارہ روپے مل جایا کریں گے۔ لیکن یاد رکھو کہ سارے کے سارے روپے روز کے روز خرچ کر دینے چاہئیں اور اس راز سے کسی کو آگاہ نہیں کرنا چاہیئے ۔

اکتالیس دن کے بعد عمل کو قابو رکھنے کیلئے نقش لکھ کر دوسرے چوتھے دن دریا میں ڈالتے رہو۔ علاوہ بریں ۲۷ دفعہ روزانہ یا باسط کا ورد رکھو۔

(نقش اگلے پرملاحظہ ہو)

اکیس دفعہ حَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ پڑھو۔ پھر نو دفعہ یَا رَبِّ کہہ کر بیٹھ جاؤ اور سورۃ آگے پڑھو مَا یَفْتَحِ اللّٰہُ لِلنَّاسِ مِنْ رَّحْمَۃٍ فَلَا مُمْسِکَ لَہَا پر پہنچ کر دست غیب حاصل ہونے یا کسی اور مقصد کیلئے دعا مانگو اور سورۃ ختم کر دو۔ اسکے بعد اکیس دفعہ یَا رَحِیْمُ یَا کَرِیْمُ یَا صَرِیْخَ الْمَکْرُوْبِ وَغِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِ اسی طرح گیارہ مرتبہ سورۃ مزمل پڑھو۔ اکتالیس دن تک معینہ وقت پر بدستور عمل جاری رکھو۔ اللہ کے فضل سے دست غیب حاصل ہونے لگے گا۔ واضح ہو کہ عامل اس راز کو کسی کے پاس ظاہر نہ کرے اور اکتالیس روز کے بعد زکوٰۃ عمل پوری ہو جانے پر اسی ترکیب سے ایک بار یومیہ پڑھا کرو۔ یہ عمل دست غیب کے لئے نہایت مجرب ہے۔ اور غالباً یہ اپنی قسم کا مؤثر ترین عمل ہے ۔

(۱۸) عروج ماہ میں انوار کے دن صبح کو جب آفتاب طلوع ہو رہا ہو کوئی پاک کپڑا باندھ کر نہاؤ۔ اور یہی بھیگا ہوا کپڑا پہنے ہوئے آفتاب کی طرف رُخ کر کے کھڑے ہو جاؤ۔ اور اکیس دفعہ حسب ذیل آیت پڑھو۔ پھر مَا شَاءَ اللّٰہُ وَھُوَ التَّعَلِّیُ الْعَظِیْمُ پڑھ کر آفتاب کی طرف ہاتھ سے اشارہ کر کے کہو "آفتاب عالم تاب جہاں تاب آنچہ از طلوع تست بمن بدہ" بفضلہ تعالیٰ اکتالیس روز میں بھی دولت مندی سے بدل جائیگی۔ اگر چلہ ختم ہونے پر بھی ورد رکھو تو خوش حالی اور فارغ البالی روز افزوں ہوتی جائے گی۔ آیت شریف وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰہَ یَجْعَلْ لَّہٗ مَخْرَجًا وَّیَرْزُقْہُ مِنْ حَیْثُ لَا یَحْتَسِبُ وَمَنْ یَّتَوَکَّلْ عَلَی اللّٰہِ فَھُوَ حَسْبُہٗ اِنَّ اللّٰہَ بَالِغُ اَمْرِہٖ قَدْ جَعَلَ اللّٰہُ لِکُلِّ شَیْءٍ قَدْرًا ۔

(۱۹) حسب ذیل آیت شریف نقرئی انگشتری پر کندہ کرا کر پہنو بفضلہ تعالیٰ ایسی جگہ سے رزق حاصل ہوگا جو تمہارے وہم وگمان میں بھی نہ ہوگی اور غریبی دولتمندی سے بدل جائیگی۔ آیت شریف۔ ثُمَّ بَعَثْنٰکُمْ مِّنْ بَعْدِ مَوْتِکُمْ لَعَلَّکُمْ تَشْکُرُوْنَ وَظَلَّلْنَا عَلَیْکُمُ الْغَمَامَ وَاَنْزَلْنَا عَلَیْکُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰی کُلُوْا مِنْ طَیِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰکُمْ ۔ (سورہ بقر)

(۱۰) قمر زائد النور کی حالت میں جب چاند برج شرف میں ہو۔ ساعت زہرہ یا مشتری میں اتوار یا پیر کے روز پاک وصاف ہو کر حسب ذیل نقش کو پر کرو۔ اور پر کرنے سے پہلے سو دفعہ کوئی سا درود شریف پڑھو۔ پر کر نیکے بعد درود شریف کی ایک تسبیح کر کے نقش پر دم کرو۔ اور اسے سامان تجارت میں رکھو یہ نقش مجرب اور تیر بہدف ہے۔ انشاء اللہ دوکان کو فروغ حاصل ہوگا اور کاروبار کہیں سے کہیں پہنچ جائیگا

نقش ۷۸۶

۱۲۷	۱۳۰	۱۳۴	۱۲۰
۱۳۳	۱۲۱	۱۲۶	۱۳۱
۱۲۲	۱۳۶	۱۲۸	۱۲۵
۱۲۹	۱۲۴	۱۲۳	۱۳۵

(۱۱) رات کو سوتے وقت باوضو لیٹ جاؤ۔ اور چت لیٹ کر ایک سو ایک مرتبہ آیت الکرسی با اول و آخر درود شریف کے ساتھ پڑھو۔ پھر خدائے رزاق کی بارگاہ میں قرض ادا ہونے کیلئے دعا مانگو۔ اور اسی حالت میں سو جاؤ۔ بفضلہ تعالیٰ پردہ غیب سے فلاح کی صورت نمودار ہوگی

(۲۲) آیت مَنْ یَّتَّقِ اللّٰہَ کا جو وظیفہ نمبر ۱۸ میں تمام و کمال درج ہے ورد کرنے سے پہلے [redacted] درود۔ اور اس طرح کہ حیوانات جلالی و جمالی اور تیل کا استعمال چھوڑ دو۔ کسی تنہا مقام میں معینہ جگہ اور مذکورہ آیت اوّل و آخر درود شریف کیساتھ ۱۳۵۹ دفعہ پڑھو۔ لیکن عمل شروع کرنے سے پہلے ذیل کا نقش پر کر کے پاس رکھو۔ بفضلہ تعالیٰ چالیس دن کے اندر ہی حالات بدو اصلاح ہو جائینگے اور غریبی جاتی رہے گی۔ غیب سے رزق کا دروازہ کھل جائیگا۔ زکوٰۃ ادا کرنے کے بعد آیت مذکور ہر روز ۳۲۱ دفعہ پڑھ لیا کرو۔ رزق کی فراخی کے لئے یہ عمل مجرب ہے

اجب یا اسمٰعیل یحق یا یاسط ۷۸۶

۱۸	۴۸	۶
۱۲	۲۴	۲۶
۴۲	دست غیب	۳۰

روزی میں برکت یا ادائے قرض جو چاہو لکھو

(۱۳) جو شخص حسب ذیل نقش لکھ کر ہمیشہ پاس رکھیگا۔ اللہ تعالیٰ اسے رزق کی فراخی عطا کریگا۔ سخاست کے وقت نقش کو علیحدہ کر دینا چاہیئے۔ یہ نقش بے حد موثر اور آزمودہ ہے۔ نقش :۔

۷۸۳	۷۷۸	۷۸۵
۷۸۴	۷۸۲	۷۸۰
۷۷۹	۷۸۶	۷۸۱

بِجَاہِ حَبِیْبِکَ یَا اَللّٰہُ

(۱۳) تہجد یا فجر کی نماز اور عصر و عشا کی نماز کے بعد تینتے تین بار کوئی درود شریف پھر تین بار یَا رَحْمٰنُ وَیَا رَحِیْمُ پھر تین بار اَفْوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ پھر تین بار یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ پھر تین دفعہ کوئی سا درود شریف پڑھ کر مسجد میں جاؤ اور روزی میں برکت قرض کے ادا ہونے اور ہر حاجت کے پورا ہونے کی دعا مانگو خدا کے فضل سے چالیس دن کے اندر ہی اندر رزق کی فراخی نصیب ہوگی قرضہ اُتر جائیگا۔ نصیب چمک اُٹھے گا۔ اگر کوئی شخص ہمیشہ اس امر کو جاری رکھے گا تو اس کا حیرت انگیز اثر رُونما ہوگا

(۱۴) اگر کوئی شخص قرضہ اُتر جانے کی نیت کر کے ہر روز فجر کی نماز کے بعد چالیس دفعہ سورۂ مزمل کا ورد کریگا تو غیب سے اسکا قرضہ ادا ہو جانے کی کوئی تدبیر ظاہر ہو جائیگی۔ آزمودہ ہے ✦

(۱۵) پہلے ترک حیوانات جلالی کرو۔ پھر تہجد کی نماز کے بعد عروج ماہ میں تنہا مقام پر بیٹھ کر یَا غَنِیُّ یَا مُغْنِیُّ گیارہ سو دفعہ اول و آخر درود شریف کے

کے ساتھ پڑھو۔ اکیس دن کے بعد قدرت الٰہی کا ظہور ہوگا۔ جو شخص اکتالیس دن تک یہ عمل کریگا۔ وہ عمر بھر کسی کا محتاج نہ ہوگا۔ اور اسکے لئے پردہ غیب سے رزق کی تدبیر ہوگی۔ مفلسی و ناداری کافور ہو جائیگی ۔

(۱۶) کسی خاص مقررہ وقت پر صاف و پاکیزہ ہو کر تنہا مکان میں جاؤ اور قبلہ کیطرف منہ کر کے بیٹھ جاؤ۔ پہلے تین دفعہ درود شریف پھر ۵۰۱ دفعہ حسب ذیل دعا پڑھو:۔

یَا وَاھِبَ الْعَوْنِ وَالْبَقَاءِ وَیَا وَاھِبَ الْجُوْدِ وَالْعَطَاءِ وَیَا وَدُوْدُ ذُوالْعَرْشِ الْمَجِیْدِ فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ۔ اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا اَنْزِلْ عَلَیْنَا مَائِدَۃً مِّنَ السَّمَآءِ تَکُوْنُ لَنَا عِیْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰیَۃً مِّنْکَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ یَا تَنْکِیْسَ بَحْقِّ یَا صَمَدُ الْحَقَّ اِذَا مَنَّ عَلٰی جَمِیْعِ خَلْقِہٖ بِلُطْفِہٖ یَا صَمَدُ ۔

بعد ازاں تین دفعہ کوئی سا درود شریف پڑھو۔ یاد رکھو کہ یہ وظیفہ اکیس دن تک متواتر معینہ وقت پر اسی جگہ جہاں پہلے روز پڑھنا شروع کیا تھا عمل میں لانا چاہیئے۔ خدا کے فضل سے رزق اسقدر کشادہ ہو جائیگا کہ حیران رہ جاؤ گے۔ آزمودہ ہے۔

(۱۷) عمل شروع کرنے سے کم از کم ایک ہفتہ پہلے روزے رکھو۔ پرہیزی پابندی سے پڑھو۔ نئے چاند کا مہینہ شروع ہونے پر عمل کی نیت سے تین دن تک دودھ رکھو حیوانات جملہ [redacted] ترک کردو۔ اپنے ہاتھ سے پکائی ہوئی پھیکی سیاٹھ روزہ کھولو۔ پھیر بالکل آٹھویں پکا لو جتنی تمہاری خوراک ہو۔ پانچویں تاریخ کو تہجد کے وقت اُٹھکر نہاؤ۔ اسکے بعد وضو کر کے احرام باندھو۔ پھر گیارہ دفعہ درود شریف اور تین دفعہ سورت فاتحہ پڑھو۔ لیکن سورت فاتحہ میں اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ کو گیارہ دفعہ پڑھے اور آمین تین دفعہ کہو۔ بعد ازاں فاتح خزائن رحمتک بحق یا ایھا المزمل اذکرنی بلطفک الخفی الالطاف پڑھ کر سورۃ مزمل شروع کردو۔ لفظ وکیلا پر پہنچکر کھڑے ہو جاؤ۔ اور

نقش

۷۸۶

۱۵۸۵	۱۵۹۴	۱۵۹۷	۱۵۸۲
۱۵۹۵	۱۵۸۹	۱۵۸۳	۱۵۸۸
۱۵۸۴	۱۵۹۶	۱۵۹۰	۱۵۸۷
۱۵۹۱	۱۵۸۶	۱۵۸۵	۱۵۹۸

یا اللہ

(۲۳) اگر کوئی شخص حسب ذیل نقش ہر روز دو دفعہ لکھ کر دریا میں ڈالے تو سات دن گزرنے کے بعد اسے رزق کی فراخی نصیب ہوگی ۔

نقش

۷۸۶

۱۶	۲۲	۳۲	ب
۳۰	د	۱۴	۲۴
۹	۳۶	۱۸	۱۲
۲۰	۱۰	ح	۳۴

(۲۴) عروج ماہ میں جب قمر زائد النور اور برج شرف ہو۔ کسی اتوار یا جمعرات کو حسب ذیل عمل شروع کرو۔ وقت اور جگہ مقرر اور ایک ہی ہونی چاہیئے۔ لباس مخصوص ہو جو صرف عمل کے وقت پہننا چاہیئے عسل

پہلے تین دفعہ کوئی سا درود شریف اور بعد میں [redacted] دفعہ سورۃ یٰسین پڑھو۔ پھر ایک دفعہ حسب ذیل دعا کا ورد کرو:۔

اَللّٰھُمَّ اِنْ کَانَ رِزْقِیْ فِی السَّمَآءِ فَاَنْزِلْہُ وَاِنْ کَانَ فِی الْاَرْضِ فَاَخْرِجْہُ وَاِنْ کَانَ فِی الْبَحْرِ فَاَطْلِعْہُ وَاِنْ کَانَ بَعِیْدًا فَقَرِّبْہُ وَاِنْ کَانَ قَرِیْبًا فَیَسِّرْہُ وَاِنْ کَانَ قَلِیْلًا فَکَثِّرْہُ وَاِنْ کَانَ کَثِیْرًا فَبَارِکْ لَنَا فِیْہِ وَارْزُقْنِیْ مِنْ حَیْثُ احْتَسِبُ وَمِنْ حَیْثُ لَا احْتَسِبُ رِزْقًا حَلَالًا طَیِّبًا وَاسِعًا طَبَقًا مُبَارَکًا فِیْہِ حَتّٰی لَا یَکُوْنُ

لِاَحَدٍ مِنْ خَلْقِكَ عَلٰى فَيْضٍ مِنْهُ وَاجْعَلْ يَدِيْ عُلْيَا بِالْاِعْطَاءِ وَاٰمِنْ تَجْعَلْ يَدِيْ سُفْلٰى بِالْاِسْتِعْطَاءِ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

بعد ازاں درود شریف شامل کر کے خدائے رزاق کی بارگاہ میں روزی کی فراخی کیلئے دُعا مانگو۔ بفضلہٖ تعالیٰ تھوڑی ہی دیر میں کسی ایسی جگہ سے رزق کا دروازہ کھل جائیگا۔ جسکا تمہیں سان گمان تک نہ ہوگا اور توقع سے زیادہ برکت نصیب ہوگی

(۲۵) جب قمر زائد النور کی حالت میں ہو تو ساعت مشتری میں جعفرات کو پاک صاف ہو کر حسب ذیل نقش مشک و زعفران سے لکھو اور لکھتے وقت اوپر منہ میں ڈالی رکھو۔ پھر اس نقش کو خوشبو لگا کر نہایت احتیاط سے روپوں کی صندوقچی میں رکھ دو۔ بفضلہٖ تعالیٰ اس نقش مبارک کی برکت سے صندوقچی ہمیشہ بھری رہے گی۔ جیب میں رکھو گے تو بھی نقد سے پُر رہے گی۔ غلہ میں رکھو تو بہت زیادہ برکت ہوگی

۷۸۶

۶	اللہ	۱	۹
۷	ع	ع	۱۱
۱۰	۱۳	۱۲	۱۴
۱۶	۳	۸	۵

۳۱۹ ۳۸۲

(۲۶) اگر کوئی شخص اسی طرح عمل کر کے حسب ذیل نقش رکھے گا۔ تو اسکی روزی میں برکت ہوگی اور اسے کبھی تنگدستی کا منہ دیکھنا نہ پڑے گا۔ یہ عمل مجرب اور زود اثر ہے:۔

(نقش اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیے!)

نقش:۔ ۷۸۶

ل	ظ	ع	ف
ف	ی	ط	ل
ط	ل	ف	ی
ی	ف	ط	ل

ف	ت	ا	ح
ح	ا	ت	ف
ت	ف	ح	ا
ا	ح	ف	ت

(۲۷) عروج ماہ میں کسی روز جنگل میں چلے جاؤ اور ایسی جگہ جہاں تمہیں کوئی نہ دیکھ سکے باوضو نگے سر کھڑے ہو کر عصر کی نماز کے بعد اول آخر درود شریف کیساتھ یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا جَمِیْعُ یہ تینوں مبارک اسم ۲۵ ۳۲ دفعہ پڑھو۔ یاد رکھو ناغہ بالکل نہ ہو خواہ حالات کیسے ہی ہوں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے چالیس دن کے اندر رزق میں بیحد فراخی نصیب ہوگی کہ تم حیران رہ جاؤ گے ہر روز یہ عمل ختم کرنیکے بعد سجدے میں گر کر دُعا مانگو

(۲۸) یٰسٓ یٰسٓ یٰسٓ حق یٰسٓ حق یٰسٓ صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم حق یٰسٓ حق یٰسٓ کشائش رزق کیلئے سورت یٰسٓ پڑھو۔ اعوذ کے بعد مذکورہ خطوط بدون الفاظ پڑھو۔ پھر یٰسٓ پڑھنا شروع کرو اور سین پر پہنچکر سات بار سورت تلاوت کرو۔ ہر روز تین دفعہ یہی عمل کرو۔ چند روز کے بعد پردۂ غیب سے فراخی رزق کے سامان پیدا ہو جائیں گے۔

(۲۹) سات سعید میں جب یہ آیت کسی کاغذ پر تحریر کر کے اپنی دکان یا سامان تجارت میں اپنے پاس رکھو۔ بفضلہٖ تعالیٰ روزی میں بہت [redacted] ہوگی۔ آیت

اِنَّ الَّذِيْنَ يَتْلُوْنَ كِتٰبَ اللّٰهِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً يَّرْجُوْنَ تِجَارَةً لَّنْ تَبُوْرَ لِيُوَفِّيَهُمْ اُجُوْرَهُمْ وَيَزِيْدَهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ اِنَّهٗ غَفُوْرٌ شَكُوْرٌ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلِّمْ (فاطر)

(۳۰) پہلے زکوٰۃ ادا کرنے حیوانات جلالی و حمالی کو ترک کرو۔ پھر کسی وقف جگہ معینہ وقت پر مخصوص لباس پہن کر پاک صاف ہونیکی حالت میں حسب ذیل اسمائے

میارک ۷۵۸ دفعہ پڑھو۔ یا مُبِیْنُ ۱۹۱ دفعہ یا وَاسِعُ ۴۸ دفعہ یا رَزَّاقُ ۳۱۹ دفعہ چالیس دن کے بعد چلہ ختم ہو جائے پرندوں کے مسالیں نیاز دلوا کر بچوں میں تقسیم کر دو۔ پس عمل پورا ہو گیا۔ بعد ازاں جس دعا کیلئے کہو کم سے کم تین اور زیادہ سے زیادہ سات دن تک اسی طریق پر عمل پڑھو گے وہ دعا بفضل خدا پوری ہو جائیگی۔ بیکاری دور ہو کر روزگار میسر آئیگا۔ غریب دولت مند ہو جائیگا۔ قرض کا بوجھ اتر جائے گا ۔

(۳۱) حسب ذیل آیت کاغذ پر لکھ کر بازو پر باندھو۔ ناپاکی کی حالت میں تعویذ کو اتار دو۔ اس کے بعد پڑھ لیا کرو۔ آیت قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَآءُ وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ نیز کبھی کبھی اسے پڑھتے رہو۔ اگر باقاعدہ تلاوت جاری رکھو گے تو اور بھی زیادہ مفید ہے۔ بفضلہ تعالیٰ بیکار کو روزگار مل جائیگا مجرب ہے۔

(۳۲) پہلے تین دفعہ بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ پھر گیارہ بار کوئی سا درود شریف پڑھو۔ اسکے بعد حسب دل دعا کا ورد کرو۔

یَا عَظِیْمُ السُّلْطَانِ یَا کَرِیْمُ الْاِحْسَانِ یَا اَلْعَلِیْمُ یَا بَاسِطُ الرِّزْقِ یَا فَاتِحَ الْعَطَایَا۔ یَا وَاسِعَ الْمَوَاہِبِ یَا حَاضِرَ الْمَنَاجِیْ یَا اَللّٰہُ یَا مَوْجُوْدُ عِنْدَ الشَّدَائِدِ یَا خَیْرَ الْمَطْلُوْبِیْنَ یَا اَصْدَقَ الصَّادِقِیْنَ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ اقْضِ حَاجَتِیْ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ۔ پھر گیارہ دفعہ درود شریف پڑھ کر دعا مانگو خدا کے فضل سے قبول ہو گی۔ ملازمت بحال ہو جائیگی کھوئی ہوئی عزت و مرتبہ دوبارہ ملے گا۔ چالیس دن تک عمل جاری رکھو۔ یقیناً کامیاب ہو کے اٹھو گے ہے۔

(۳۳) نوچندی اتوار کو اول و آخر درود شریف کیساتھ ستر دفعہ اکٹھا تسبیح مع بسم اللہ پیر کے روز ساتھ دفعہ منگل کو سچا اس دفعہ بدھ کو چالیس دفعہ جمعرات کو تیس دفعہ جمعہ کو بیس دفعہ ہفتہ کو دس دفعہ پڑھو۔ بفضلہ تعالیٰ تندرستی کا فور ہو کر فارغ البالی نصیب ہو گی اگر اسے اپنا معمول بنا لو گے تو بیحد و حساب برکت پاؤ گے

فصل دوم

خلق خدا کو مسخر کرنیکے اعمال و وظائف

ادائے زکوٰۃ کے خیال سے کسی تنہا مکان میں پاک صاف ہو کر مخصوص لباس پہنے ہوئے اول و آخر درود شریف کی ایک تسبیح کیساتھ ہر روز چھ ہزار تین سو دفعہ اَللّٰہُ اَحَدٌ۔ بیس دن تک یہی عمل جاری رکھو۔ اسکے بعد ایک سو اکسٹھ دفعہ روزانہ ورد کرنا۔ بفضلہ تعالیٰ جس کی طرف نظر اٹھا کر دیکھو گے۔ وہ مطیع ہو جائیگا۔ اور جو کچھ اس سے چاہو گے وہ بخوشی قبول کرے گا

(۲) ادائے زکوٰۃ کے طور پر حیوانات جلالی و جمالی کو ترک کر دو۔ پھر چالیس دن میں اسم مبارک اَللّٰہُ اَحَدٌ اول و آخر درود شریف کے ساتھ سوا لاکھ دفعہ پڑھو اور محض حصول رضائے الٰہی سمجھیے اسکا ثواب تمام انبیائے کرام کی نذر کر دو۔ پھر اگلے چالیس روز میں سوا لاکھ پڑھ کر اس کا ثواب حضرت رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی روح اقدس کو بخشدو۔ اسکے بعد اگلے چالیس روز میں سوا لاکھ مرتبہ پڑھکر سپرد خدا کر دو پھر جتنی توفیق ہو چند حاجتوں کو کھانا کھلاؤ۔ اسکے بعد ہر روز جس وقت چاہو۔ بلاناغہ ایک سو اکسٹھ دفعہ ورد کرتے رہو۔ بفضلہ تعالیٰ جس طرف آنکھ اٹھاؤ گے وہ تابع ہو جائیگا۔ اور چون و چرا کے بغیر تمہارے حکم کی تعمیل کریگا

(نوٹ) دنوں کی تعداد سے گھبرانا نہیں چاہیئے۔ عامل کو اجازت ہے کہ وہ تین دن سے لیکر چالیس دن کی میعاد کے اندر اندر جتنے دنوں میں چاہے سوا چھ لاکھ کی تعداد میں پوری کر دے۔ اور حسب ہدایت مذکور ثواب بخشا جائے مطلب زکوٰۃ پوری کرنے سے ہے خواہ کتنے دنوں میں پوری کی جائے

(۳) اگر کوئی شخص رجال الغیب سے ملاقات کر کے ان سے امداد طلب کرنے کا آرزومند ہو۔ تو اسے چاہیئے کہ پاک و صاف ہو کر ملاقات رجال الغیب کا خیال

کرتے ہوئے ہر روز ایک سو اکسٹھ دفعہ اَللّٰہُ الصَّمَدُ کا ورد کرے۔ اور عمل کرتے وقت لوہے کی چھری سامنے گاڑ دے بفضلہ تعالیٰ چالیس دن کے اندر ہی اسے رجال الغیب کی ملاقات نصیب ہوگی۔ اور حسب منشاء امداد آئیگی۔ اگر ایک سو اکسٹھ دفعہ کے بجائے چھ سو دس دفعہ ہر روز ورد کرو گے تو بہت جلد اثر ہوگا۔ اور کامیاب ہو جاؤ گے۔ عقیدت کی شرط لازم ہے ٭

(۴) ادائے زکوٰۃ کیلئے حیوانات جلالی و جمالی ترک کرو۔ اور اسم مبارک اَللّٰہُ الصَّمَدُ کا ورد چالیس دن میں سوا لاکھ مرتبہ ختم کر چکو۔ چمڑے کے ٹکڑے کا پانی نہ پیو۔ کسی دوسرے سے اپنا کام نہ کراؤ۔ جوں تک نہ مارو۔ چلہ ختم کر چکو۔ تو ہر روز ایک تسبیح کر لیا کرو۔ خدا کے فضل سے بندگان الٰہی مستحر ہو جائیں گے ٭

(۵) ہر روز چالیس دفعہ اوّل و آخر جتنی دفعہ چاہو۔ درود شریف کیساتھ حسب ذیل آیت پڑھو اور عمل ہمیشہ جاری رکھو۔ بفضلہ تعالیٰ لوگ تابع فرمان ہوں گے اور نہ صرف لوگ ہی بلکہ ہر شے جو چرند تک مطیع و فرمانبردار ہو جائیں گے ٭

آیت: قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ وَيَغْفِرْ لَكُمْ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ (آل عمران رکوع ۴)

(۶) اگر کوئی شخص ساعت سعید میں حسب ذیل نقش لکھ کر اپنے پاس رکھیگا۔ تو بندگان خدا اُسکے مطیع ہوں گے۔ رزق کی فراخی نصیب ہوگی تمام حاجتیں پوری ہو جائیں گی۔ کسی کام میں روکاوٹ نہیں ہوگی۔ نقش یا عَمَّشَمَا الْعَظَمَةُ اللّٰهِ يَا سُلْطَانُ يَا اللّٰهُ يَا مَحْصَهَا يَا لِيَا سَابَا سَطَرِ ٭

(۷) پہلے تین مرتبہ یہ درود شریف پڑھو۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ پھر سورۃ یٰسین پڑھنا شروع کرو۔ جب پہلے "مبین" پر پہنچو۔ تو سورت کو پھر ابتدا سے شروع کرو۔ جب دوسرے "مبین" پر پہنچو تو پھر سورت کو شروع سے تلاوت کرو۔ اسی طرح جب تیسری "مبین" پر پہنچو تو پھر سورت کو آغاز سے تلاوت کر کے ختم کر دو۔ اسکے بعد تین دفعہ مذکورہ بالا درود شریف پڑھو۔ اور گیارہ دن

تک یہ عمل جاری رکھو۔ وقت کا تقرر ضروری ہے۔ البتہ مکان کی تعیین لازم نہیں بفضلہ تعالیٰ گیارہ روز کے اندر ہی اشتہار ہو جائیگا۔ اگر کوئی شخص اس عمل کو اپنا روزانہ معمول بنالے تو انسان حیوان جن غرض کہ ساری مخلوقات اسکے تابع فرمان ہو جائیگی اور وہ اس سے جو چاہے کام لے سکتا ہے

(۸) زکوٰۃ ادا کرنیکے ارادے سے اول ترک حیوانات جمالی و جلالی کر دو۔ پھر کسی مقرر تنہا مکان معینہ وقت پر خاص رسمی لباس میں چار لاکھ اسی ہزار دفعہ یہ عمل پڑھو۔ اَللّٰهُ الصَّمَدُ اَحَبُّ يَا اِسْرَافِيْلُ مِيْكَائِيْلُ عِزْرَائِيْلُ مدت کی کوئی قید نہیں جتنے دنوں میں تعداد پوری ہو سکے کر لو۔ لیکن جتنی دفعہ پہلے روز دن کی مقدار سے کم ہرگز نہیں پڑھنا چاہیے۔ زیادہ کی کوئی حد نہیں۔ زکوٰۃ پوری ہو چکے تو ہر روز چھ سو تیس دفعہ ناغہ پڑھو۔ بفضلہ تعالیٰ موکل حاضر ہو کر فرمانبرداری کریگا۔ مگر یہ امر ذہن نشین رہے کہ تسخیر کے تمام وظائف اعمال میں موکلوں سے کوئی ناجائز کام لینے کو ہرگز نہ کہا جائے۔ ورنہ فائدے کی بجائے اُلٹا نقصان ہوگا۔ بلکہ ہلاکت کے خوف اور دوزخ کے داخلہ کا خطرہ یقینی ہے

(۹) اگر کوئی شخص مندرجہ بالا طریق پر زکوٰۃ ادا کرنیکے بعد ستر دفعہ اَللّٰهُ الصَّمَدُ مٹی کے خشک ڈھیلے پر پڑھ کر اسے دریا میں پھینک دیگا تو دریا سوکھ جائیگا اگر یہ اسم مبارک اکیس دفعہ پڑھکر بند دریا پر دم کیا جائے تو وہ جاری ہو جائیگا۔ اگر زمین پر ایک انگشت بنایا جائے اور سو دفعہ پڑھکر اُس پر دم کیا جائے تو وہ [redacted] زمین بہت چھوٹی ہو جائیگی اور جس جگہ جانا چاہیگا آن کی آن میں پہنچ جائیگا خواہ وہ دس ہزار میل سے دور ہو

(۱۰) اگر کوئی شخص مذکورہ بالا طریق پر زکوٰۃ ادا کرنے کے بعد اس نقش کو لکھ کر اپنی ران پر باندھ لے تو چشم زدن میں ہزاروں کوس دور جا پہنچے گا۔ اور بالکل نہیں تھکے گا۔ وہ بحر و بر کو تسخیر کر لیگا اور زمین اور سمندروں سے جو کام چاہے گا لے سکیگا۔ نقش اگلے صفحہ پر دیکھیے:۔

جو پہلے روز پڑھا گیا ہو۔ اس سے بالکل کم نہ پڑھو۔ اسی طرح چلے کے درمیان

۸	۱۱	۱۸	۱
۱۹	۲	۷	۱۳
۳۰	۱۲	۹	۶
۱۰	۵	۴	مطلب

(۱۱) عروج ماہ میں جس وقت قمر برج شرف میں ہو۔ حسب ذیل نقش کو مشک و زعفران سے لکھنا شروع کرو۔ دوشنبہ یا چہارشنبہ کا دن ہونا چاہیئے۔ ہر روز اس نقش کو کسی دریا میں ڈال آؤ۔ نذر اتے وقت پیچھے مڑ کر دیکھو اور نہ جانے ہو کسی سے بات کرو۔ نقش لکھنے سے پہلے تین دفعہ کوئی سا درود شریف پڑھ لو۔ نقش دریا میں پھینک کر آؤ تو واپس اسی جگہ بیٹھ کر یہ اسمیں وضیاً بدیع پڑھ لو۔ اور حسب معمول اپنے کام میں مشغول ہو جاؤ۔ چالیس روز تک یہی عمل کرو۔ زکوٰۃ ادا ہو جائیگی۔ پھر جس مطلب کیلئے یہ تعویذ لکھ کر دو گے پورا ہوگا۔ آزمودہ ہے۔ زکوٰۃ ادا کرنے کے بعد ہرن کے داہنے شانے کی جھلی پر تعویذ لکھکر اپنے پاس رکھو۔ صرف ناپاکی کے وقت جسم سے علیحدہ کرو۔ ہمیشہ صاف و پاکیزہ

نقش

۷۸۶

ح	و	د	ب
۰۲	۳	۶	۹
۶	۸	۲	۴
۴	۲	۸	۶

(۱۲) اگر کسی خاص شخص مثلاً حاکم وغیرہ کو مطیع و مسخر کرنا چاہو۔ تو گیہوں کے

ہزار دانے لیکر دھو ڈالو۔ اور کسی محفوظ جگہ پر رکھ دو۔ پھر عروج ماہ میں کسی روز منہ اٹھکر نہاؤ اور وہی دانے لیکر بیٹھ جاؤ۔ پھر خضوع قلب سے مطلوب شخص کی شکل تصور میں کر کے ایک ایک دفعہ یَا رَحْمٰنُ کُلَّ شَیْءٍ وَرَاحِمَهٗ یا رحمٰن الرحیم پڑھکر ایک دانے پر دم کرتے جاؤ حتیٰ کہ تمام دانے ختم ہو جائیں پھر یہ دانے نہایت احتیاط سے کسی محفوظ مقام پر رکھدو۔ دوسرے روز پھر اسی طرح نہا دھو کر بیٹھ جاؤ اور دانوں پر دم کرو۔ تیسرے دن بھی یہی عمل کرو۔ تصور لازم ہے ورد مذکور کے پہلے اور بعد میں کوئی سا درود شریف بھی پڑھ لو۔ تین روز کے بعد وہ سب دانے لیکر مٹی کے کسی کورے اور پاک برتن میں بند کرو۔ اور پاک پانی ڈال دو۔ پھر وہ برتن میں بند کرو اور پاک پانی ڈال کر جوش دو۔ پھر وہ برتن مع دانوں اور سرپوش کے بند کا بند کسی بے آباد کنویں میں پھینک دو۔ بفضلہ تعالیٰ حاکم مسخر و منقاد ہو جائیگا۔ آزمودہ ہے۔

(۱۳) اگر کسی افسر ظالم کے پاس جانے کی ضرورت پیش آئے۔ اور اسے مہربان کرنا چاہو تو اسکے روبرو جاتے وقت حروف تہجی کو بالترتیب دل میں پڑھ کر افسر کی طرف دم کر دو۔ بفضلہ تعالیٰ وہ تم پر مہربانی کریگا۔

(۱۴) اگر تمہاری خواہش ہو کہ ساری مخلوقات تمہاری تعظیم و تکریم کرے اور مروت سے پیش آئے تو مرتبہ روزانہ حسب ذیل کسی معینہ وقت میں پاک و صاف ہو کر خلوص دل سے پڑھ لیا کرو۔

عمل: پہلے تین دفعہ کوئی سا درود شریف پڑھو پھر تین دفعہ قُلْ حَسْبِیَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ هُوَ عَلَیْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ بعد ازاں اَلَّذِیْنَ لَمْ یَكُنْ لَّهٗ شَیْءٌ وَّهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۝ پھر بانچ دفعہ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا بَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّیْتَ وَسَلَّمْتَ وَبَارَكْتَ عَلٰی اٰلِ اِبْرٰهِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرٰهِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

اسی ترتیب سے فجر، عصر یا عشاء میں سے کسی نماز کے بعد پڑھ لیا کرو۔ بفضلہ تعالیٰ

کل مخلوقات مطیع و منتفاد ہو جائیگی - اور جو حکم دوگی اسکی تعمیل کریگی -

(۵) عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكَ وَبَيْنَ فلاں (یہاں اپنا نام لو) وَدَّةً بَيْنَ الَّذِيْنَ یہاں کل مخلوقات کو پیش نظر رکھے (عَادَيْتُمْ فلاں (یہاں اگر کسی خاص آدمی کو مسخر کرنا ہو تو اس کا نام لو) مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ - یہ عمل مبارک دو طریق پر کیا جاتا ہے - پہلے اسکی زکوٰۃ ادا کرو - ایک صاف ستھرے مکان میں کسی مقررہ وقت پر بیٹھ کر اوّل و آخر درود شریف کیساتھ متذکرہ صدر آیت شریفہ کو خلوص قلب سے ایک لاکھ پچیس ہزار مرتبہ پڑھو پھر حسب استطاعت نیاز دو چلہ کے بعد کم سے کم اکیس دفعہ ہر روز پڑھ لیا کرو - عمل پورا پورا قابو ہو جائیگا - اب اگر کسی خاص آدمی کو مسخر کرنا چاہو تو یہ آیت کسی عطر یا خوشبودار تیل پر ایک دفعہ پڑھ کر دم کرو - اور وہ عطر یا تیل اپنے منہ پر مل کر اکیسویں مطلوب کے سامنے چلے جاؤ - دم کرنے کے دوران میں مذکورہ ہدایت کے مطابق ضرورت کے مقام پر اسکا اپنا نام لو - حاکم یا مطلوب مسخر ہو جائیگا اور نہایت اچھا سلوک کریگا

دوسرا طریق یہ ہے کہ عروج ماہ میں کسی مقررہ وقت پر خلوص قلب سے مطلوب شخص کا تصور کرتے ہوئے ہر روز بلا ناغہ اول و آخر درود شریف کی ایک تسبیح کے ساتھ مذکورہ آیت کی تلاوت کرو - بفضلہ تعالیٰ ایک ہفتہ کے اندر مطلوب قابو میں آجائیگا - لیکن اس ترکیب سے اسکے مطیع ہو جانے کے بعد اگر کسی اور شخص کو مسخر کرنا منظور ہوگا تو پھر اسے ایک ہفتہ گزارنا پڑے گا - کیونکہ عمل کی زکوٰۃ روزانہ ہونیکی وجہ سے عمل پر قابو نہیں رہتا اور ہر مرتبہ نئے سرے سے محنت کرنی پڑتی ہے لہٰذا سیدھا طریق اچھا ہے کہ ایک بار محنت کر لی اور ہمیشہ کیلئے اس سے فائدہ حاصل کرتے رہے:

(۱۶) ساعت مشتری میں وضو کرو - پھر اپنے اور اپنی والدہ کے ناموں کے عدد بطریق ابجد نکال کر سب جمع کرو - اسکے بعد سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ الرَّحِيْمِ کے اعداد نکال کر سب کو جمع کرو - بعد ازاں اعداد کا پہلا اور دوسرا مجموعہ باہم بھی کر لے اور حسب ذیل طریق پر یہ نقش سونے پر کرو - یعنی ضرورت

کے مطابق حاصل شدہ اعداد اس نقش کے اعداد پر اس ترکیب سے بڑھاؤ کہ کل اعداد ختم ہو جائیں - پھر یہ نقش کسی سونے کی تختی پر کندہ کرا کر اپنے پاس رکھو - نقش ذیل ہے

۷۸۶

۲۰۴	۲۰۷	۲۱۰	۱۹۷
۲۰۹	۱۹۸	۲۰۳	۲۰۸
۱۹۹	۲۱۲	۲۰۵	۲۰۲
۲۰۰	۲۰۱	۲۰۰	۲۱۱

(۱۷) آفتاب کے برج حمل میں ہونے کی حالت میں کوئی ساعت سعید دیکھ کر دہ بہترین ساعت شمس ہے، اتوار کو سورج چڑھنے کے ساتھ ہی حسب ذیل طلسمی حروف کو شیر یا ہرن کی کھال پر تحریر کر کے انگوٹھی میں نگینے کے نیچے رکھو - اور انگوٹھی ہاتھ میں پہن لو - بفضلہ تعالیٰ جس شخص کی نظر انگوٹھی پر پڑے گی وہ مطیع و مسخر ہو جائیگا اور تمہارے ہر حکم کی تعمیل کریگا

طلسمی حروف ۱۱ اح در س ص ط ع ا ل ل م د ہ ک ا "

(۱۸) جب قمر زائد النور اور شمس و قمر دونوں برج حمل میں ہوں - نیز زہرہ و مشتری کی نظر تثلیث ہو تو پوری طرح پاک صاف ہو کر حسب ذیل نقش جو آیت کریمہ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ کا ہے سونے کی مربع تختی پر لکھو - اور اسکی پشت پر اپنا - اپنی والدہ کا - مطلوبہ شخص کا نام کندہ کرو اور تختی کو حفاظت سے اپنے پاس رکھو - یاد رکھو کہ نقش کندہ کرتے وقت نہ کوئی چیز منہ میں رکھنی چاہیئے اور نہ کسی سے بات ہی کرنی چاہیئے

۷۸۶

نقش

۲۲۹	۲۳۳	۲۳۶	۲۲۲
۲۳۵	۲۲۳	۲۲۸	۲۳۴
۲۲۴	۲۳۸	۲۳۱	۲۲۷
۲۳۲	۲۲۶	۲۲۵	۲۳۷

(۱۹) اگر کسی سنگ دل۔ ظالم اور جابر افسر کے سامنے جانا ہو۔ یا اُسے ملنے و مسخر کرنا ہو تو اس کے روبرو جانے سے پہلے حسب ذیل اسمائے شریف سات دفعہ پڑھ کر سات ہی دفعہ اپنے اُوپر دم کرو۔ پھر اسکے سامنے چلے جاؤ وہ مسخر ہو کر مہربانی کا برتاؤ کریگا۔ عمل اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ

یَا اِلٰہَ الْاَوَّلِیْنَ ہر کہ ما بدگوید۔ زبانش بند شود۔ وَضَرَبَتْ عَلَیْھِمُ الذِّلَّۃُ عصائے موسیٰ برگیرد، وآرہ حضرت زکریا برتن او۔ وکرم حضرت ایوب در دہن او۔ ومُہر حضرت سلیمان بر زبان او۔ ورجال الغیب برجان او۔ وقہر خداوند منفور حق یَا بُدُّوْحُ یَا بُدُّوْحُ یَا بُدُّوْحُ وَاللّٰہُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰی مَا تَصِفُوْنَ یَا اللّٰہُ یَا اَللّٰہُ

(۲۰) عروج ماہ میں پنجشنبہ کے روز حسب قمر برج شرف میں ہو۔ ایک چاندی کی تختی پر حسب ذیل آیت کے اعداد بطریق ابجد نکال کر ۱۶ پر تقسیم کرو۔ اور بقیہ ذیل نقش میں وہ اعداد لکھ دو۔ آیت سُبْحَانَ رَبِّکَ رَبِّ الْعِزَّۃِ عَمَّا یَصِفُوْنَ وَسَلٰمٌ عَلَی الْمُرْسَلِیْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۞ پھر یہ تختی اپنے داہنے بازو پر باندھو۔ مخلوقات مسخر ہوگی۔ جس کے سامنے جاؤ گے وہ نہایت عزت اور تعظیم سے پیش آکر حسب دل خواہ تمہارا کام کریگا۔ یہ عمل نوٹ: ۔ رہے کہ عمل کے دوران میں کوئی خوشبودار چیز سلگانا ضروری ہے

نقش:-

۷۸۶

۳۲۰۶	۳۲۰۹	۳۲۱۲	۳۱۹۹
۳۲۱۱	۳۲۰۰	۳۲۰۵	۳۲۱۰
۳۲۰۱	۳۲۱۴	۳۲۰۷	۳۲۰۴
۳۲۰۸	۳۲۰۳	۳۲۰۲	۳۲۱۳

(۲۱) پہلے تک حیوانات طلائی وجلالی کرو۔ پھر کسی مہینے کے شروع میں پیر کے دن سے اولئے زکوٰۃ کی نیت کرتے ہوئے مقررہ جگہ، مقررہ وقت میں مخصوص لباس

پہن کر آیت کریمہ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ سے اَیُّھَا الْمُجْرِمُوْنَ تک سوا لکھ مرتبہ پڑھو اور پُورے اکاون دن میں چلہ ختم کرو۔ اولئے زکوٰۃ کا عمل پُورا ہوجائیگا۔ اسکے بعد ہر روز ایک تسبیح پڑھ لیا کرو۔ بفضلہ تعالیٰ کل مخلوقات مسخر ہوجائیگی۔

اگر سات دفعہ پڑھ کر کسی سنگدل یا جابر افسر یا شخص کیطرف دم کرو گے تو وہ تابع فرمان ہوجائیگا اور تمہاری خواہش کے مطابق کام کریگا۔ اگر تم اس عمل کے بعد کسی ایسے جنگل بیابان جہاں شیر اور دوسرے درندے بکثرت ہوں بخیر مسلم گزر و گے تو کوئی درندہ تمہاری طرف آنکھ اُٹھا کر نہیں دیکھ سکتا بلکہ حتی الوسع وہ تمہاری امداد کریگے

(۲۲) عروج ماہ میں پنجشنبہ کے روز روزہ رکھو اور کھیر پکاؤ۔ شام کو نہا دھو۔ پاک و صاف ہو کر سفید کپڑے پہنو اور خوشبو لگا کر روزہ کھولو۔ پھر کسی تنہا مکان میں بخور (وہ خوشبو جو کسی کے جلانے سے نکلے) جلاؤ اور تین رکابیوں میں کھیر ڈال کر اپنے آگے رکھو۔ پہلی رکابی عمل مُوکل کے نام کی۔ دوسری حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے اسم مبارک کی تیسری جناب سیدۃ النساء حضرت فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا کے نام کی مقرر کرو۔ پھر ان رکابیوں پر یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا عَلِیُّ یَا قَوِیُّ یَا غَنِیُّ بارہ سو دفعہ پڑھ کر دم کرو۔ اور پہلی دو رکابیاں مسجد میں بھیجدو + تیسری رکابی جو حضرت فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا کے نام کی ہے وہ ظالموں کو کھلا دو بفضلہ تعالیٰ ایک ہی رات میں مقصد حل ہوجائیگا۔ اگر قیدی کیلئے عمل کیا جائے۔ تو وہ چھوڑ دیا جائیگا۔ اگر تم خود مجرم ہو تو بری کر دیئے جاؤ گے ظالم یا جابر افسر مہربانی سے پیش آکر تمہارے قصور معاف کر دیگا نئے سرے سے روزگار مل جائیگا۔ کھوئی ہوئی ملازمت بحال ہوجائیگی۔ مطلوبہ شخص مطیع و منقاد ہو کر تمہاری مرضی کے مطابق کام کریگا۔ غرض افسروں کو مسخر اور عوام کی حاجت پوری کرنے کیلئے یہ عمل بہترین ہے +

اگر بالفرض پہلے روز مقصد حاصل نہ ہو تو دوسرے روز بھی یہی عمل کرو۔ مگر کھیر دودھ کے بغیر پکاؤ۔ اور روزہ رکھو۔ اگر دوسرے روز بھی کام نہ بنے

+ یٰسٓ

تو تیسرے روز بدستور عمل کرو۔ لیکن نر روزہ رکھو نہ کھیر ہی پکاؤ۔ اگر خدانخواستہ پھر مراد بر نہ آئے تو کھیر پکانے اور روزہ رکھنے کے بغیر بارہ روز تک یہی عمل جاری رکھو بفضلہ تعالیٰ یقیناً فائز المرام ہو جاؤ گے بالکل عامل بن جاؤ گے اور تسخیر خلائق میسر آئیگی۔ ادائے زکوٰۃ کے بعد تیرھویں روز استطاعت کے مطابق کچھ نیاز دے دو۔ اور ہر روز مذکورہ اسمائے مبارکہ کی ایک تسبیح کرتے رہو۔ عمل پر قابو حاصل ہو جائیگا۔ پھر اسے ایک دفعہ پڑھ کر جس کی طرف دم کرو گے وہ مسخر ہو جائیگا۔ ترک حیوانات لازم ہے ۔

(۲۲) اگر تم چاہتے ہو کہ ساری مخلوقات کو تسخیر کر لو۔ اور ہر شخص تمہاری تعظیم و تکریم کرے تو پوری طرح پاک صاف ہو کر ساعت سعید میں حسب ذیل نقش تحریر کرو۔ اور لوبان کی دھونی دے کر بازو پر باندھو۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط
لا الٰہ الا اللہ محمد الرسول اللہ

۷۸۶

یا حنان	۲۶۹۶	۲۶۹۱	۲۶۹۸
یا منان	۲۶۹۷	۲۶۹۵	۲۶۹۳
یا دیان	۲۶۹۲	۲۶۹۹	۲۶۹۴
یا دیان	علیقا	طلیقا	ملیقا

یا بدوح یا بدوح یا بدوح

(۲۳) اگر کوئی شخص حسب ذیل نقش تحریر کر کے پاس رکھے گا تو مخلوقات مسخر ہو جائیگی ۔

۷۸۶

۳۹۶	۴۱۱	۴۰۸	۴۰۳
۴۰۹	۴۰۲	۴۹۷	۴۱۰
۴۰۱	۴۰۶	۴۱۳	۴۹۸
۴۱۲	۴۹۹	۴۰۰	۴۰۷

(۲۵) سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ سَلَامٌ عَلٰى اِلْ يَاسِيْنَ سَلَامٌ عَلٰى مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ سَلَامٌ عَلٰى اِبْرٰهِيْمَ۔ سَلَامٌ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ط سَلَامٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْهَا خَالِدِيْنَ

جو شخص اول و آخر گیارہ گیارہ دفعہ درود شریف کیساتھ سو ایک دفعہ مذکورہ بالا آیتوں کا ہمیشہ ورد رکھیگا اسے تمام مخلوقات عزت و محبت کی نظروں سے دیکھے گی۔ ہر چیز اس کے تابع فرمان ہوگی اور تسخیر کی پوری فوج حاصل ہو جائیگی۔

(۲۶) پہلے گیارہ دفعہ کوئی سا درود شریف پڑھو۔ پھر سورۂ مزمل شروع کرو جب اِلٰی رَبِّكَ مَتَابًا پر پہنچو تو ایک سو اٹھائیس دفعہ یہ وظیفہ پڑھو۔ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ۔ یا مَنَّانُ۔ اَللّٰهُ الصَّمَدُ۔ یا مَنَّانُ۔ یَا حَرِيْمَ وَلَمْ يُوْلَدْ یا رَبِّ يَعْبُدُ الْمُكْرَمُوْنَ لَهٗ يَقُوْلُوْا اَحَدٌ۔ یا غَنِيُّ پھر سورت کو ختم کرو۔ اور گیارہ دفعہ درود شریف پڑھکر اپنے اوپر دم کر لو

جو شخص روزانہ یہ عمل جاری رکھیگا اسے قوت تسخیر کامل طور پر حاصل ہو جائیگی اور ہر مخلوق اس کے حسب حکم کی تعمیل کریگی

(۲۷) جب زہرہ حالت شرف میں ہو تو حسب ذیل نقش مخمس یا تانبے کی تختی پر کندہ کر کے اپنے پاس رکھو۔ اس دوران میں نجوارت ضرور کام میں لاؤ۔ تختی کی دوسری طرف یا خولہائیں دیا مؤکلہائیں لکھو۔ تمام مخلوقات مطیع و مسخر ہو جائیگی آزمودہ ہے

۷۸۶

۱۷۹	۲۰۴	۱۹۸	۱۹۲	۱۸۵
۱۹۳	۱۸۶	۱۸۰	۲۰۰	۱۹۹
۲۰۱	۱۹۵	۱۹۴	۱۸۷	۱۸۱
۱۸۸	۱۸۲	۲۰۲	۱۹۶	۱۹۰
۱۹۷	۱۸۱	۱۸۴	۱۸۳	۲۰۳

فصل سوم

حاجت پوری اور مشکل حل ہونیکے اعمال

اگر کوئی شخص کسی ایسی سخت مشکل میں مبتلا ہو جائے جو کسی طرح ہونے ہی میں نہ آئے اور وہ اسے حل کرنے میں سخت پریشان ہو تو ضرور ہے، کہ بندوں کی سہارا ترک کرکے تمام مخلوقات کی مشکل حل کرنے والے خدائے عزوجل سے امداد طلب کرے باری تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے۔ وَاسْتَعِينُوا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ۔ خلوص دل کیساتھ گناہوں سے توبہ کرو۔ احکام خداوندی کو بطریق احسن بجالاؤ۔ اللہ رحم کرے اور تمہاری مشکل حل ہو جائیگی۔ مگر یہ خیال کرتے ہوئے کہ جو قسمت میں لکھا ہے وہ ہو رہیگا۔ ہاتھ پہ ہاتھ رکھے نہ بیٹھے رہو۔ بلکہ تدبیر سے کام لیکر اپنی طرف سے ہر ممکن کوشش کرو کیونکہ خدا نے تمہیں ہاتھ پاؤں اسلئے عطا فرمائے ہیں۔ کہ ان سے کام لو۔ اپنی امداد آپ کرو۔ اور دوسروں کو بھی مدد دو۔ جب انسان ہمت کرتا ہے تو خدا خود اسے مدد دیتا ہے۔ تبا ہیں یہاں بعض اوراد اور وظائف ایسے درج کئے جاتے ہیں جن پر عمل کرنے سے خدا کی امداد شامل ہو کر انسان کو مشکلات سے رہائی مل جاتی ہے اور اُس کی حاجتیں پوری ہو جاتی ہیں

(۱) **صلوٰۃ الحاجات** پہلے وضو کرکے دو نفل پڑھو۔ پھر جانماز پر بیٹھکر گیارہ دفعہ کسی ایک درود شریف کی تلاوت کرو۔ بعد ازاں ہزار دفعہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھو۔ پھر سو دفعہ اَللّٰهُ الصَّمَدُ خُذْ بِيَدِيْ کہو۔ دوسرے روز پھر گیارہ دفعہ درود شریف کا ورد کرکے دو رکعت نماز حاجت پڑھو۔ اسکے بعد گیارہ دفعہ درود شریف پڑھکر ہزار دفعہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کہو پھر سو دفعہ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ کہکر گیارہ دفعہ درود

شریف پڑھو۔ تیسرے روز پھر دو نفل حاجت کے پڑھکر گیارہ دفعہ درود شریف ہزار دفعہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اور سو دفعہ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ کہو۔ اسکے بعد گیارہ دفعہ درود شریف پڑھو۔ چوتھے روز پھر دو رکعت نماز حاجت پڑھکر گیارہ دفعہ درود شریف۔ ہزار دفعہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ سو دفعہ وَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ وَكَذٰلِكَ نُنْجِي الْمُؤْمِنِيْنَ اور گیارہ دفعہ درود شریف کا ورد کرو۔ پانچویں روز معمول کے مطابق دو رکعت نماز پڑھنے کے بعد گیارہ دفعہ درود شریف۔ ہزار دفعہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اُفَوِّضُ اَمْرِيْ اِلَى اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌ بِالْعِبَادِ اور گیارہ دفعہ درود شریف۔ ہزار دفعہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ سو دفعہ سُبْحَانَ الَّذِيْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ۔ اور گیارہ دفعہ درود شریف کا ورد کرو۔ ساتویں روز معمول کے مطابق نماز پڑھکر گیارہ دفعہ درود شریف ہزار دفعہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ سو دفعہ اَللّٰهُ لَطِيْفٌ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ اور گیارہ دفعہ درود شریف پڑھو۔ آٹھویں روز بدستور نماز ادا کرکے گیارہ دفعہ درود شریف۔ ہزار دفعہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ سو دفعہ اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا اور گیارہ دفعہ درود شریف کا ورد کرو۔ نویں روز حسب معمول نماز اور گیارہ دفعہ درود شریف کے بعد ہزار دفعہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ سو دفعہ يَا جَامِعَ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ اور گیارہ دفعہ درود شریف پڑھو۔ سویں روز بدستور ادائے نماز کے بعد گیارہ دفعہ درود شریف ہزار دفعہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ سو دفعہ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ اور گیارہ دفعہ درود شریف کا ورد کرو۔ گیارہویں روز معمول کے مطابق دو رکعت نماز نفل پڑھ کر گیارہ دفعہ درود شریف ہزار دفعہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ سو دفعہ وَاللّٰهُ غَالِبٌ عَلٰٓى اَمْرِهٖ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ اور گیارہ دفعہ درود شریف ہزار دفعہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ سو دفعہ فَدَعَا رَبَّهٗٓ اَنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ

اور گیارہ دفعہ درود شریف کا ورد کرو۔ بفضلہٖ تعالیٰ بارہ روز کے اندر تمہاری سخت سے سخت مشکل اور حاجت پوری ہو جائیگی۔ لیکن زبان اور دل کا مطابق ہونا لازم ہے۔ ہر مرتبہ گیارہ دفعہ درود شریف پڑھنے کے بعد زبان کی سچائی اور دل کے خلوص سے مشکل حل یا حاجت پوری ہونے کیلئے انتہائی عاجزی سے دُعا مانگنا ضروری ہے عروج ماہ یکشنبہ یا چہارشنبہ سے اس عمل کی ابتداء کرنی چاہیئے۔ اگر کوئی ایسا مکان مل جائے جہاں علیحدگی اور سکون و سکوت کا عالم ہو۔ تو زیادہ مناسب ہے۔

(۲) جو شخص حسب ذیل نقش پُر کر کے احتیاط سے اپنے پاس رکھیگا۔ بفضلہٖ تعالیٰ اسکی تمام حاجتیں پوری ہوں گی۔ اعتقاد لازم ہے چند ہی روز کے بعد عامل پر اس نقش کی برکات ظاہر ہونے لگیں گی۔ یہ نقش ہر حالت کیلئے تیر بہدف ہوگا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم حق حق حق حق موجود

کشتگان	خنجر	تسلیم را	ہر زبان
خنجر	تسلیم را	ہر زبان	از غیب
تسلیم را	ہر زبان	از غیب	جانے
ہر زبان	از غیب	جانے	دیگر است

محق ھا ھا ھو ھی ھی

(۳) عروج ماہ میں چہارشنبہ پنجشنبہ اور جمعہ کو روزہ رکھو۔ جمعہ کو نہا دھو کر نماز جمعہ پڑھنے کیلئے جاؤ اور مسجد کے اندر داخل ہونے سے پہلے حسب توفیق مختلف جگہوں میں کچھ خیرات تقسیم کر دو۔ نماز سے فارغ ہو کر حسب ذیل دُعا پڑھو:۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ یَا اِسْمُکَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗ اِلَّا بِاِذْنِہٖ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ وَمَا خَلْفَھُمْ وَالَّذِیْ عَنَتِ الْوُجُوْہُ وَخَشَعَتْ لَہُ الْاَصْوَاتُ وَجَلَتِ

الْقُلُوْبُ مِنْ خَشْیَتِہٖ اَسْئَلُکَ اَنْ تُصَلِّیَ وَتُسَلِّمَ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَنْ تَقْضِیَ

اس کے بعد سجدے میں جا کر خدا تعالیٰ سے اپنی حاجت طلب کرو۔ انشاء اللہ اسی روز حاجت پوری ہو جائیگی۔

(۴) اگر کوئی شخص ساعت سعید میں حسب ذیل نقش مبارک ہرن کی جھلی پر زعفران سے تحریر کر کے اپنی کلاہ یا دستار میں رکھے تو اسکی تمام مشکلیں اور حاجتیں پوری ہو جائیں گی۔

۷۸۶

۴۲	۳۴	۴۰
۳۶	۳۹	۴۱
۳۸	۴۳	۳۵

(۵) عروج ماہ میں سنیچر کے روز عمل شروع کرو۔ اور ابتدائے وظیفہ سے پہلے جتنی بار ممکن ہو پہلے درود شریف۔ پھر استغفار پھر درود شریف پڑھو۔ اسی طرح وظیفہ ختم کرنیکے بعد بھی جتنی مرتبہ پڑھ سکو۔ درود شریف پڑھو۔ فرض پڑھ کر وظیفہ کرو۔ پھر سنتیں اور نفل پڑھو۔ ترکیب یہ ہے

دن	فجر	ظہر	عصر	مغرب	عشاء
یکشنبہ	یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ ۱۰۰۰ دفعہ	یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ ۵۰۰ دفعہ	لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْعَزِیْزُ الْحَلِیْمُ یَا عَزِیْزُ یَا حَلِیْمُ ۱۰۰۰ دفعہ	لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ اَلْحَکَمُ الْعَدْلُ ۱۱۰ دفعہ	اَلَا اِلَی اللّٰہِ تَصِیْرُ الْاُمُوْرُ ۱۰۰۷ دفعہ
دوشنبہ	یَا مُغْنِیُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ ۱۰۰۰ دفعہ	درود شریف ۱۰۰۰ دفعہ	درود شریف ۱۰۰۰ دفعہ	لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْوَاحِدُ الْوَدُوْدُ ۱۲۰ دفعہ	وَاللّٰہُ غَالِبٌ عَلٰی اَمْرِہٖ ۱۰۰۱ دفعہ

دن	فجر	ظہر	عصر	مغرب	عشاء
شنبہ	یَا مَالِکَ یَوْمِ الدِّیْنِ ۱۰۰۰ دفعہ	لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ۱۰۰۰ دفعہ	لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۱۰۰۰ دفعہ	لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ۱۴۰ دفعہ	سُبْحَانَ اللّٰہِ الْمُسْتَحَاقِّ عَلٰی مَا یَصِفُوْنَ ۱۰۰۱ دفعہ
شنبہ چہار	یَا عَلِیُّ یَا عَظِیْمُ ۱۰۰۰ دفعہ	اِسْتِغْفَار ۱۰۰ دفعہ	لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ خَالِقُ کُلِّ شَیْءٍ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ وَکِیْلٌ ۱۰۰ دفعہ	لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اَلْمَلِکُ الْقُدُّوْسُ الْاَوَّلُ ۱۴۰ دفعہ	لَا یُحْلِیْھَا وَقْتِھَا اِلَّا ھُوَ ۱۰۱ دفعہ
پنجشنبہ	یَا کَبِیْرُ یَا مُتَعَالُ ۱۰۰۰ دفعہ	کلمہ توحید کلمہ شہادت ۱۰۰۰ دفعہ	کلمہ تمجید ۱۰۰ دفعہ	لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اَلْمَلِکُ الْمُلْکُ ۱۵۰ دفعہ	اِنَّمَا اَشْکُوْا بَثِّیْ وَحُزْنِیْ اِلَی اللّٰہِ ۱۰۰۱ دفعہ
جمعہ	یَا کَافِیْ یَا غَنِیُّ ۱۰۰۰ دفعہ	کلمہ تمجید ۱۰۰۰ دفعہ	لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ	کلمہ طیبہ ۱۱۰ دفعہ	وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ ۱۰۱ دفعہ
شنبہ	یَا فَتَّاحُ یَا رَزَّاقُ ۱۰۰۰ دفعہ	کلمہ طیبہ	لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اَلْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ ۱۰۰۰ دفعہ	لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اَلْمَلِکُ السَّلَامُ ۱۰۰ دفعہ	لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۱۰۱ مرتبہ

بفضلہٖ تعالیٰ ایک ہفتے کے اندر ہی مشکل حل اور حاجت پوری ہو جائیگی۔ یہ آسان عمل بے حد برکت والا اور سریع الاثر ہے

(۶) نماز حاجت کا ادا کرنا نہایت فائدہ مند ہے۔ چنانچہ خدا تعالیٰ بھی ارشاد فرماتا ہے۔ کہ وَاسْتَعِیْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوۃِ یعنی صبر اور نماز کے ساتھ دعا مانگو۔ یہ نماز صلوٰۃ الاولیاء بھی کہلاتی ہے۔ ترکیب اس طرح ہے کہ نماز فجر سے پہلے کامل طہارت کے ساتھ دو رکعت نماز نفل حاجت کی نیت باندھو پہلی رکعت میں سات دفعہ الحمد شریف اور ایک دفعہ قُلْ یٰٓاَیُّھَا الْکٰفِرُوْنَ الخ اور دوسری رکعت میں سات دفعہ الحمد شریف اور ایک دفعہ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ شریف پڑھ کر سلام پھیر دو پھر بس دفعہ کلمہ تمجید اور دس دفعہ یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنَا کہہ کر گیارہ دفعہ درود شریف پڑھو اور بارگاہ الٰہی میں حاجت پوری ہونے کیلئے دعا کرو۔ بفضلہ تعالیٰ مطلب حاصل ہو جائیگا۔ اگر کوئی شخص اس نماز کو ہمیشہ ادا کرتا رہیگا۔ تو اس پر گناہوں کی برکتیں نازل ہوں گی ۔

(۷) عروج ماہ میں کسی شنبہ سے ابتداء کرو۔ یہ وظیفہ تمام فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیانی وقفہ میں آنکھیں بند کر کے پڑھنا لازم ہے۔ اقل و آخر درود شریف جتنی بار ممکن ہو پڑھو۔ ترکیب حسب ذیل ہے ۔

نماز صبح کی سنتیں پڑھ کر بیٹھ جاؤ اور چند دفعہ درود شریف پڑھنے کے بعد الحمد شریف مع بسم اللہ اکتالیس دفعہ پڑھو۔ بسم اللہ کا آخری میم زیر کیساتھ الحمد کے الف سے ملاؤ۔ اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ اور اخیر میں آمین تینوں کو تین تین دفعہ پڑھو۔ اس طرح اکتالیس دفعہ پڑھنے کے بعد چند دفعہ درود شریف پڑھو۔ اکتالیس روز تک لگاتار پڑھتے رہو۔ بفضلہ تعالیٰ حاجت پوری اور مشکل حل ہو جائیگی۔ اگر اسے ہمیشہ جاری رکھو گے۔ تو بے شمار فوائد حاصل ہوں گے ۔

(۸) کسی جمعہ کو یہ وظیفہ شروع کرو۔ پہلے کامل طہارت کیساتھ عشا کی نماز پڑھو پھر ۱۴ دفعہ درود شریف کا ورد کرو۔ بعد ازاں دو رکعت نماز حاجت ادا کرو۔ پھر ۱۴ دفعہ درود شریف کا ورد کرو کے الحمد شریف کا ورد کرو کے الحمد شریف کی مندرجہ ذیل معینہ

تعداد مع ہر دفعہ بسم اللہ کے پوری کرو۔ اسکے بعد ۱۴ دفعہ درود شریف پڑھ کر اُٹھ بیٹھو۔ یہ ہدایات ملحوظ رکھو۔ کہ وقت جگہ اور لباس کا ایک ہی ہونا لازم ہے۔ اگر ذلیفہ کرتے وقت کسی جگہ غلطی ہو جائے یا تعداد میں شک پڑ جائے تو عمل چھوڑ کر دوبارہ آئندہ جمعہ سے شروع کرو۔ اثنائے عمل میں کسی سے کلام نہ کرو۔ نہ کوئی اشارہ ہی کرو۔ کامل تنہائی میں وظیفہ پڑھو۔ تعداد درج ذیل ہے :-

جملہ ۱۲ دفعہ شنبہ ۳ دفعہ یک شنبہ ۸ دفعہ۔ دوشنبہ ۴ دفعہ۔ سہ شنبہ ۴ دفعہ چہارشنبہ ۵ دفعہ۔ پنجشنبہ ۲۰ دفعہ۔ جمعہ ۱۲ دفعہ۔ شنبہ ۷ دفعہ۔ یک شنبہ ۱۰ دفعہ۔ دوشنبہ ۵۰ دفعہ۔ سہ شنبہ ۲۰ دفعہ۔ چہارشنبہ ۶ دفعہ۔ پنجشنبہ ۶ دفعہ۔ جمعہ ۴۰ دفعہ شنبہ ۹ دفعہ یک شنبہ ۹ دفعہ۔ دوشنبہ ۱۰۰ دفعہ۔ سہ شنبہ ۷۰۰ دفعہ۔ چہارشنبہ ۱۰۰۰ دفعہ۔ پنجشنبہ ۸۰۰ دفعہ ۔

بفضلہ تعالیٰ اکیس روز کے اندر ہی سخت سے سخت مشکل حل اور شدید سے شدید حاجت پوری ہو جائیگی۔ سروری اور معنوی فتوحات حاصل ہونگی۔ خلوتیات مسخر ہو جائیگی۔ یہ عمل بہت دفعہ کا مجرب اور زود اثر ہے ۔

(۹) صلوٰۃ الخضر۔ کسی علیحدہ جگہ سکون و سکوت کی حالت میں حاجت پوری یا مشکل حل ہونیکی نیت کرکے دو نفل پڑھو۔ پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد دس دفعہ یَا اِلٰهَنَا اِلٰهَ اِبْرٰهِیْمَ وَاِسْمٰعِیْلَ وَاِسْحٰقَ..... الخ اور دوسری رکعت میں الحمد شریف کے بعد دس دفعہ سورہ اخلاص پڑھو پھر گیارہ دفعہ درود شریف کا ورد کرو اور سر بسجدہ ہو کر دس دفعہ یہ دعا پڑھو :-

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ

پھر دس دفعہ یہ دعا پڑھو :- رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۔ بعد ازاں درود شریف کا ورد کرکے بارگاہ ایزدی میں حاجت پوری ہونے کیلئے التجا کرو۔ بفضلہ تعالیٰ چند دن یہ عمل رکھنے سے حاجت پوری اور مشکل حل ہو جائیگی۔ آزمودہ ہے ۔

(۱۰) حسب ذیل چاروں نقشوں کی زکوٰۃ اس طریق پر ادا کرو۔ کہ چونتیس روز

یک تنہا ایک گوشے میں بیٹھے رہو۔ ترک حیوانات بجالائی کرو۔ چونتیس روز تک بلاناغہ ہر نقش ۳۴ دفعہ پڑھکر کے ایک قسم کے نقش کی ایک گولی بنا کر کل چار گولیاں بناؤ اور آٹے میں ملا کر ہر روز دریا میں ڈالو۔ چونتیس روز کے بعد زکوٰۃ ادا ہو کر عقل پر قابو حاصل ہو جائیگا۔ اسکے بعد جس کام حاجت یا مشکل کیلئے انہیں تحریر کرو گے بفضلہ تعالیٰ کامیاب ہو گے۔ یہ نقش نہایت پُر تاثیر اور تیر بہدف ہیں

نقش

۷۸۶

۱۲	۷	۱۵
۱۴	۱۱	۹
۸	۱۶	۱۰

۷۸۶

۸	۱۴	۱۲
۱۶	۱۱	۷
۱۰	۹	۱۵

۷۸۶

۱۰	۱۶	۸
۹	۱۱	۱۴
۱۵	۷	۱۲

۷۸۶

۱۲	۱۴	۸
۷	۱۱	۱۶
۱۵	۹	۱۰

مردہ مقدمہ کو حلیل کرنے کے لئے اور دشمن پر دوسال عروج ماہ میں کسی ساعت سعید میں حسب ذیل نقش لکھنا شروع کرو۔ اور ہر روز چالیس دفعہ لکھنے کے بعد آٹے میں گولیاں بنا کر روز دریا میں ڈالو۔ چالیس دن کے بعد زکوٰۃ ادا ہو جائیگی۔ پھر اس سے کام لو۔ جس مقصد کیلئے اسے لکھو گے بفضلہ تعالیٰ وہ پورا ہو جائیگا

زکوٰۃ ادا کر چکو۔ تو یہ نقش ہرن کی جھلی پر تحریر کرکے اپنے پاس بھی رکھ لو بے حد فائدہ مند اور آزمودہ ہے

نقش

۷۸۶

سلام ۲۱۱	توراۃ ۲۰۰	منزل ۲۰۲	زبور ۱۳۵
زبور ۱۳۵	منزل ۲۰۲	توراۃ ۲۰۰	سلام ۲۱۱
توراۃ ۲۰۰	سلام ۲۱۱	زبور ۱۳۵	منزل ۲۰۲
منزل ۲۰۲	زبور ۱۳۵	سلام ۲۱۱	توراۃ ۲۰۰

(۱۲) کسی جمعہ کو عصر کی نماز پڑھ کر دو زانو بیٹھ جاؤ۔ پھر خلوص قلب سے اول و آخر درود شریف کیساتھ ستر دفعہ آیت الکرسی کا ورد کرکے بارگاہ ایزدی میں نہایت عجز و الحاح سے دعا مانگو۔ بفضلہ تعالیٰ سخت سے سخت مشکل حل ہو جائیگی۔ اگر اسکے بعد نماز مغرب تک وہیں بیٹھے درود شریف۔ استغفار پڑھتے رہو۔ تو دعا جلد قبول ہوگی۔ اس اثنا میں تم پر ایک عجیب کیفیت طاری ہو جائے گی

(۱۳) نصف شب کے وقت ایک بالکل علیحدہ مکان میں جہاں کلیتہ سکوت و سکوت کا عالم ہو۔ باوضو بیٹھ کر پہلے دو رکعت نماز پڑھو۔ پھر اول و آخر گیارہ گیارہ دفعہ درود شریف کے ساتھ ایک سو ستر دفعہ آیت الکرسی کا ورد کرکے برہنہ سر سجدے میں چلے جاؤ۔ اور نہایت خشوع و خضوع کیساتھ خدا سے دعا کرو۔ کڑی سے کڑی مشکل حل ہو جائیگی۔ آزمودہ ہے

بعض اعمال میں ایک سو ستر کے بجائے تین سو تیرہ دفعہ پڑھنا بتایا گیا ہے جس میں یہ بھید ہے کہ اصحاب بدر اور اصحاب حدیبیہ کی تعداد میں تین سو تیرہ ہی تھے

(۱۴) نوچندی جمعرات کو فجر کی نماز کے بعد حسب ذیل نقش پانچ مرتبہ پڑھ کر دو اور پانچ گولیاں آٹے میں بنا کر پانچ مرتبہ اللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ وَصَلِّ عَلٰی جَمِیْعِ الْاَنْبِیَاءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ پڑھنے کے بعد ان گولیوں پر دم کرو۔ پھر دریا میں ڈال آؤ چالیس روز تک یہی عمل جاری رکھو۔ اسکے بعد زکوٰۃ ادا ہو جائیگی۔ پھر استطاعت کے مطابق نیاز تقسیم کرو۔ اور ایک نقش پُڑ کے اپنے پاس رکھ لو۔ بعد ازاں جس مطلب کیلئے ایک نقش لکھو گے وہ پورا ہوگا۔ اور آئندہ ہر کام میں یہ نقش مفید ثابت ہوگا ؛

۷۸۶

نقش

۱۱	۶	۱۳
۱۲	۱۰	۸
۷	۱۴	۹

(۱۵) عروج ماہ میں حسب ذیل نقش ہر روز اکیس دفعہ لکھ کر آٹے میں گولیاں بنانا اور دریا میں ڈالو۔ اکیس روز تک یہی عمل کر لینے کے بعد زکوٰۃ ادا ہو جائیگی۔ پھر جس مقصد کیلئے لکھو گے وہ پورا ہو جائیگا۔ آزمودہ ہے ؛

۷۸۶

۳۴	۲۳	۲۸
۲۹	۲۵	۲۱
۲۲	۲۷	۲۶

(۱۶) یٰصَمَدُ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ طٰہٰ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ وَلَیْسَ کَمِثْلِہٖ اَحَدٌ وَلَا مَحْبُوْبَ اِلٰی اَحَدٍ اَعْنِیْ مَا اَنْتَ مِنْ کُلِّ اَحَدٍ بِفَضْلِ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ اَللّٰہُ الصَّمَدُ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ۔ اِلٰہِیْ مَا مِنْ ھُوَ تَجْرِیْ یَا اَحَدُ وَیَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا اَوَّلُ یَا اٰخِرُ اِغْفِرْ حَاجَتِیْ یَا فَرْدُ یَا صَمَدُ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ ؛

جو شخص یہ دعا بعد نماز صبح و شام تین دفعہ اول و آخر چند دفعہ درود شریف کے ساتھ پڑھیگا۔ تھوڑے دنوں بعد اسکی مشکل حل ہو جائیگی ؛

(۱۷) دو بجے شب اس ترکیب سے نماز حاجت ادا کرو۔ کہ پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سو دفعہ پڑھو۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۔ دوسری رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سو دفعہ کہو۔ اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاہُ وَیَکْشِفُ السُّوْٓءَ ۔ تیسری رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ پڑھو۔ چوتھی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد قُلْ رَّبِّ اَنْزِلْنِیْ مُنْزَلًا مُّبٰرَکًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْمُنْزِلِیْنَ پڑھکر سجدہ میں جاؤ اور دعا مانگو۔ اِلٰہِیْ اَنْتَ اللّٰہُ لَا یَصْرِفُ بِالدُّعَاءِ وَسَلَامٌ پھیرنے کے بعد داہنے گھٹنے پر سر رکھکر سو دفعہ کہو۔ اِلٰہِیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ پھر بائیں گھٹنے پر سر رکھ کر کہو اِنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ۔ پھر تین دفعہ درود شریف پڑھ کر سر سجدہ سے اٹھائیں

حاجت پوری ہو جائیگا ۔

(۱۸) حسب ذیل نقش اللہ تعالیٰ کے اسم ذاتی اللہ کا نام ہے پہلے اس کی زکوٰۃ اس طریق پر ادا کرو۔ کہ عروج ماہ میں کسی ساعت سعید میں یہ نقش پُر کرنا شروع کرو۔ ایک روز میں یا جتنے روز میں چاہو۔ سوا لاکھ کی تعداد پوری کرو۔ جتنے نقش لکھو یا تو احتیاط کیساتھ سنبھال کر رکھتے جاؤ۔ یا آٹے کی گولیوں میں دریا میں ڈالتے رہو۔ روزانہ دریا میں ڈالنا ضروری نہیں۔ دوسرے تیسرے دن بھی ڈالے جا سکتے ہیں۔ غرض سوا لاکھ کی تعداد پوری کر کے دریا میں ڈال دو زکوٰۃ ادا ہو جائیگی۔ پھر جس کام کیلئے نقش لکھو گے وہ پورا ہو جائیگا۔ طریق استعمال یہ ہے کہ جب کوئی حاجت پیش آئے یا کسی مشکل کا سامنا ہو۔ یہ نقش لکھو اور رات کو سرہانے رکھ کر سو جاؤ۔ بفضلہ تعالیٰ خواب میں ساری کیفیت آشکارا ہو جائیگی۔ جس طرح حکم ہو، اسی کے مطابق عمل کر کے مراد حاصل کرو :۔

نقش یہ ہے :۔ ۷۸۶

۹	۲۲	۱۹	۱۶
۲۰	۵	۱۰	۲۱
۱۴	۱۷	۲۴	۱۱
۲۳	۱۲	۱۳	۱۸

(۱۹) ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا يَّغْشٰى طَآئِفَةً مِّنْكُمْ وَطَآئِفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ يَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ ... الخ عَلِيْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۔ یہ آیت قطب نمائی ہے اور حاجت پوری ہونے کے بارے میں حاضی اثر رکھتی ہے۔ پہلے اس طریق پر اس کی زکوٰۃ ادا کرو۔ کہ عروج ماہ میں جمعرات کو روزہ رکھو اور صبح کو نہا دھو کر پاک کپڑے پہنو۔ عصر و مغرب کے درمیان کسی تنہا مکان میں ۱۳۳ دفعہ مذکورہ آیت پڑھو۔ شام کو افطار کے وقت

لہ العمران

نیت سے روزہ کھولو اور خود جا کر ایک کورے برتن میں پانی لاؤ۔ پاؤ بھر چاول صاف کر کے کورے برتن میں پکاؤ۔ آدھے آپ کھاؤ اور آدھے خدا کے نام پر مسکینوں میں تقسیم کر دو۔ دوسرے روز صبح نہا دھو کر دوسرے کپڑے یا انہیں کو دھو کر پہنو۔ اور روزہ رکھو۔ عصر اور مغرب کے درمیان ۱۳۳ دفعہ مذکورہ آیت پڑھ کر بدستور چاول پکاؤ۔ اور زکوٰۃ کی نیت سے روزہ کھول کر آدھے چاول خود کھاؤ اور آدھے خدا کے نام پر دے دو۔ تیسرے روز پھر نئے کپڑے یا انہیں کو دھو کر پہنو۔ روزہ رکھو اور عصر اور مغرب کے درمیان ۱۳۳ دفعہ مذکورہ بالا آیت پڑھ کر بدستور چاول پکاؤ۔ آپ کھاؤ اور محتاجوں کو کھلاؤ زکوٰۃ ادا ہو جائیگی۔ بعد ازاں صرف پانچ دفعہ روزانہ مذکورہ آیت کی تلاوت کر لیا کرو۔ آیت کے موکل تابع فرمان ہو جائیں گے۔ ضرورت حاجت اور مشکل کے وقت وہ امداد کرینگے۔ حاجت کے وقت صرف تین روز تک مذکورہ طریق کے مطابق پڑھو۔ حاجت پوری ہو جائیگی آزمودہ ہے

(۲۰) اگر کوئی شخص حسب ذیل نقش پُر کر کے خوشبو لگائیگا اور اُسے دستار میں یا کلاہ میں رکھے گا تو ہر مشکل حل ہو جائے گی

یا جبرائیل	۷۸۶	بحق یا قدوس
۱۰	۲	۸
۴	۷	۹
۶	۱۱	۳

(۲۱) ہر نماز کے بعد ستر دفعہ حسب ذیل وظیفہ پڑھو۔ بفضلہ تعالیٰ کبھی کوئی تکلیف یا پریشانی نہ ہوگی اور اگر کسی حاجت یا مشکل یا مصیبت کے باعث پریشان ہونگے تو مشکل وغیرہ حل ہو کر پریشانی دُور ہو جائیگی

وظیفہ :۔ "یَا شَفِیْعُ یَا وَدُوْدُ وَنَجِّنِیْ مِنْ کُلِّ مَضِیْقٍ" اسکے بعد سو مرتبہ اِنَّا

مَعْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ۔ پڑھو اوّل و آخر چند بار درود شریف پڑھنا لازم ہے۔

(۲۲) ترک حیوانات جلالی وجمالی کرو۔ اور ایک شنبہ کو نصف شب کے وقت بیدار ہو کر نہاؤ۔ دھوؤ۔ پھر باوضو ہو کر پہلے گیارہ دفعہ درود شریف کا ورد کرکے ہزار دفعہ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اَجِبْ یَا جَبْرَائِیْلُ پڑھو۔ اسکے بعد گیارہ دفعہ درود شریف کیساتھ ہزار دفعہ اَللّٰهُ الصَّمَدُ اَجِبْ یَا اِسْرَافِیْلُ تیسرے روز وقت مذکور پر اُٹھ کر نہاؤ دھوؤ اور اوّل و آخر گیارہ گیارہ دفعہ درود شریف کے ساتھ ہزار دفعہ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ اَجِبْ یَا مِیْکَائِیْلُ پڑھو۔ چوتھے روز وقت مذکور پر اُٹھ کر نہاؤ دھوؤ۔ اور اوّل و آخر گیارہ دفعہ درود شریف کیساتھ وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ کُفُوًا اَحَدٌ اَجِبْ یَا عِزْرَائِیْلُ پڑھو۔ بفضلہٖ تعالیٰ پانچویں روز حاجت پوری ہو جائیگی۔ وظیفہ کے دوران میں اپنی حاجت کا خیال پیش نظر رکھو

(۲۳) یَا وَدُوْدُ یَا مَجِیْدُ یَا فَعَّالًا لِّمَا یُرِیْدُ اَسْئَلُکَ بِعِزِّ عَرْشِکَ وَدَوَامِ مُلْکِکَ وَبِنُوْرِ وَجْهِکَ الَّذِیْ مَلَأَ اَرْکَانَ عَرْشِکَ اَنْ تَکْفِیَنِیْ شَرَّ فُلَانٍ وَّاَهْلِهٖ وَاَتْبَاعِهٖ وَاَشْیَاعِهٖ وَاَنْصَارِهٖ وَاَعْوَان

فصل چہارم

محبّت کے عملیات

(نوٹ) ۔ واضح ہو کہ حسب ذیل عملیات میں سے کوئی بھی ناجائز کام کیلئے ہرگز نہ کیا جائے ۔ ورنہ عامل کی عاقبت خراب ہو جانیکے علاوہ دنیا میں بھی ضرور گرفت میں آئیگا ۔ ہاں جائز محبّت کے لئے بے شک کر سکتے ہو ؛

(۱) عنوج ماہ میں دو گریوں والا بادام لو ۔ اور گیارہ دفعہ یٰسین پڑھ کر اس پر دم کرو ۔ پھر اس بادام کو ریشمی کپڑے میں لپیٹ کر بیٹھے انار کی شاخ سے باندھ دو ۔ اور تین روز تک لگاتار اسی شاخ کے نیچے سورہ یٰسین پڑھو ۔ بفضلہ تعالیٰ طالب اور مطلوب طالب بن جائیگا ۔ ہر وقت مطلوب کا تصوّر کئے رکھو

(۲) اگر دو آدمیوں یا میاں بیوی یا طالب مطلوب میں محبت کرانا چاہو تو نماز فجر سے فارغ ہو کر چند پھولوں پر لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ اِیْلٰفِهِمْ الخ اکیس دفعہ دم کرو ۔ اور وہ پھول عاشق و معشوق کے پاس بھیجدو ۔ تاکہ وہ انہیں سونگھیں ۔ بفضلہ تعالیٰ پھولوں کی خوشبو لیتے ہی وہ ایک دوسرے سے محبت کرنے لگیں گے ؛

(۳) یک شنبہ ۔ سہ شنبہ یا پنج شنبہ کو صبح کے وقت حسب ذیل نقش پر کر کے خوشبودار تیل میں ڈال کر جلاؤ ۔ اور چراغ کا رُخ محبوب کے گھر کی طرف کر دو ۔ محبوب مسخر ہو جائیگا ۔ اور محبت میں بے تاب ہو کر تمہارے پاس چلا آئیگا ؛

مسلح	ہو	مسلح	مسجد
اسم	مسلح	طاع	مسلح
طلس	مسلح	مسلح	اسلح

فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

(۴) حسب ذیل طلسم محبوب کے پہنے ہوئے کپڑے پر تحریر کرو ۔ اور بتی بنا کر چراغ میں جلاؤ ۔ چراغ کا رُخ محبوب کے گھر کی طرف کر دو ۔ محبوب مسخر ہو جائیگا ۔ اور آتش محبت سے بیتاب ہو کر تمہارے پاس کھچا چلا آئیگا

بغد ۱۹۱۱۱۶۱۳۱۱۱۹ مرح درع غر

فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

(۵) عروج ماہ میں جمعہ کی رات کو نصف شب کے وقت حسب ذیل عمل شروع کرو ۔ اور چالیس دن تک لگاتار پڑھتے رہو ۔ دوران عمل میں محبوب کا تصور کئے رکھو بفضلہ تعالیٰ چالیس روز کے اندر ہی اندر محبوب مسخر ہو کر فرمانبرداری کریگا ؛

اوّل و آخر گیارہ گیارہ دفعہ درود شریف کے ساتھ یہ وظیفہ تین دفعہ پڑھو :-

یہ المعروف بہت زبردست ہے

فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَیْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ۔ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الرَّبُّ حَسْبِیْ (اپنا اور اپنی والدہ کا نام لو ۔ محبوب اور اس کی والدہ کا نام لو) اَعْطِفْ قَلْبَهٗ وَقَلْبَهَا عَلَیَّ وَذَلِّلْهُ وَذَلِّلْهَا اِلَیَّ ۔ اگر محبوب کی والدہ کا نام یاد نہ ہو تو محبوب کا نام لے کر بنت حوّا کا لفظ کہدو ۔ کیونکہ اکثر عاملوں کا یہ دستور ہے ؛

(۶) پیر کو عمل کی ابتدا کرو ۔ گیارہ شب شمال کی طرف منہ کر کے پہلے اور بعد میں گیارہ دفعہ درود شریف کے ساتھ پڑھ کر کسی بوجھ کے نیچے دبا دو ۔ محبوب بلا تاخیر و توقف تمہارے پاس چلا آئیگا ۔ آزمودہ ہے ۔ لکھنے اور پڑھنے کا عمل یہ ہے ۔ اسے ایک سیر ہر روز بشرائط مذکور پڑھو ۔ اور گیارہ دن رات کو عمل کر نیکے بعد اسے دبا دو ۔

یٰصِهْرُ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ اَنْتَ حَبِیْبٌ مَحْبُوْبٌ وَهُمْ یَا جِبْرَائِیْلُ جَزَاكَ اللّٰهُ مَا یُحِبُّ وَیُحِبُّ قَبَارَكَ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اَسْلِمْ فَیْلَ اَبْرَكَ اَشَدُّ حُبًّا لِلّٰهِ یَا جِبْرَائِیْلُ قَ

خلاں بن فلاں حاضر کہ حاضر کر حاضر کر

(۷) اگر کوئی شخص حسب ذیل اسم مبارک کو کھانڈ یا مصری یا کسی اور میٹھی چیز پر دم کر کے محبوب کو کھلائیگا تو وہ مطیع و منقاد ہو جائیگا۔ یٰحَیُّ اللہ الرَّحمٰن الرَّحیم یٰحَیُّ یَا قَیُّوم یَا رَحمٰن یَا رَحیم یَا حَیُّ یَا قَیُّوم بِرَحمَتِکَ اَستَغِیثُ اَصلِح لِی شَانِی کُلَّہٗ وَلَا تَکِلنِی اِلٰی نَفسِی طَرفَۃَ عَینٍ وَّلَا اَقَلَّ مِن ذٰلِکَ یَا اَرحَمَ الرّٰحِمِینَ

(۸) جو شخص عروج ماہ میں حسب ذیل نقش پُر کر کے کسی کھانے کی چیز میں ملا کر محبوب کو کھلائیگا محبوب اس پر جان قربان کرنے لگے گا

۷۸۶

۴	۱۵	۱۰	۵
۹	۶	۳	۱۶
۷	۱۲	۱۳	۲
۱۴	۱	۸	۱۱

(۹) اگر کوئی شخص حسب ذیل نقش کسی چیز کے برتن پر تحریر کر کے دھو کر محبوب کو پلائیگا تو محبوب بے تاب ہو جائیگا

۷۸۶

۶	۰۰۹	۰۰۳	۰۰۷	۸
۷	۰۰۳	۰۰۶	۰۰۸	۵
۲	۰۰۵۳	۰۰۱۰	۰۰۳	۲

(۱۰) جو شخص عروج ماہ میں حسب ذیل نقش دو شنبہ یا جمعہ کے روز تحریر کر کے بازو پر باندھے گا۔ محبوب اس کا تابع فرمان ہو جائیگا۔ مجرب ہے ۔

۲	۱	ط	۲	۱	اد	۶	ح
۱	ی	ب	ی	ح	۲۱	۶ح	۸

(۱۱) اگر کوئی شخص عروج ماہ میں حسب ذیل نقش تحریر کر کے کسی میٹھے انار یا امرود کے درخت سے باندھے تو جوں جوں پھل سے نقش ملے گا۔ محبوب بیتاب ہوتا

جائیگا اور حاضر ہونے کے سوا اور کوئی تدبیر اسے سمجھائی نہیں دیگی ۔

ا	ل	ا	ل	ا	ل	ا	ل	ا	ل	ا	ل

الحب فلان بن فلان

(۱۲) جو شخص حسب ذیل نقش تحریر کر کے آگ میں جلائیگا ۔ اسکا محبوب آتش محبت سے بے قرار ہو کر اس کے پاس چلا آئیگا ۔

۱۱	۱۹۱	۱۱۱۹	۱۶	۱۱	ی				

الحب فلان ابن فلان

(۱۳) اگر کوئی عروج ماہ یک شنبہ کو حسب ذیل اہمیت تحریر کر کے دائیں اور صورت بائیں بازو پر باندھے تو محبوب تابع فرمان ہو جائیگا ۔

یٰسٓ وَالقُرآنِ الحَکِیمِ اِنَّکَ لَمِنَ المُرسَلِینَ عَلٰی صِرَاطٍ مُّستَقِیمٍ تَنزِیلَ العَزِیزِ الرَّحِیمِ ۔

(۱۴) جو شخص پیتل کی ایک طرف حسب ذیل نقش پُر کر کے کنویں میں ڈالے گا اس کا محبوب بے قرار ہو جائیگا ۔

۷۸۶

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

(۱۵) اگر کوئی شخص حسب ذیل طلسم گائے کے مثانے پر لکھ کر آگ میں ڈالیگا تو اسکا محبوب فوراً اس کے پاس چلا آئیگا ۔

۱۱۶ = ۹۱۰۱ ط ،،، ،، ۲۱۱ ھ ۹۰ ع


(۱۶) محبوب کے پہنے ہوئے کپڑے کے سات ٹکڑے لو۔ اور ان پر حسب ذیل نقش لکھ کر شنبہ کے دن سے انہیں جلانا شروع کرو۔ ایک ہفتے کے اندر

محبوب حاضر ہو جائیگا۔ آزمودہ ہے ؛

۵۵	مہماد	غلیح
دعود عدد		

حب


(۱۷) عروج ماہ میں چہارشنبہ کو حسب ذیل نقش تحریر کر کے مسجد یا کسی بے آباد جگہ میں دبا دو۔ محبوب آتش عشق سے بے تاب ہو کر تمہارے پاس کھچا چلا آئیگا آزمودہ ہے :-



حب بستہ گردد

(۱۸) حسب ذیل نقش محبوب کے پرانے کپڑے پر تحریر کرو۔ اور نئے چراغ میں تیل کو تیل ڈال کر اسے جلاؤ۔ جلانیکے دوران میں محبوب کا تصور کرو سات دن تک یہ عمل جاری رکھو اس اثنا میں محبوب حاضر ہو جائیگا۔ اگر محبوب سات دن کے اندر ہی آجائے تو بھی نقش بدستور جلائے جاؤ۔ اور سات دن کی میعاد پوری کرو۔ اگر عمل ترک کر دو گے تو محبوب ہاتھ سے نکل جائیگا۔ اور پھر کوئی تدبیر کارگر نہ ہو سکیگی ؛

نقش



(۱۹) عروج ماہ میں یک شنبہ کو ایک چوہا پکڑ کر حمائل کرو۔ اور اسکے لہو سے

حسب ذیل نقش پُر کرو۔ پھر اسی وقت نقش کو سُرخ ریشمی کپڑے میں باندھ کر کسی درخت سے لٹکا دو۔ بفضلہ تعالیٰ محبوب بہت جلد حاضر ہو گا اور عجز و نیاز کا اظہار کر کے معذرت طلب کریگا ؛

۷۸۶



(۲۰) دیوالی کے روز ذرسی رُوئی لو۔ شب کو دیا لی کے چراغوں کی لو میں حسب ذیل نقش آدم ۴۵ عدد اور نقش حوّا ۱۵ عدد پُر کرو۔ پھر مُردے کی کھوپڑی لے کر جو پیشتر ازیں مہیا کر لینی چاہیئے۔ گھر، جنگل میں جہاں نقشوں کا جلانا ہو بیٹھ جاؤ۔ پھر نقشوں کی بتی بنا کر اسے تلوں کے تیل میں جلاؤ۔ اور کھوپڑی کو اوپر لٹکا دو۔ تاکہ اسکے کاجل لگتا رہے پھر وہ کاجل سنبھال کر رکھ لو۔ جب کبھی تم اس کاجل کو آنکھ میں ڈال کر محبوب کے رُوبرو جاؤ گے وہ تابع فرمان ہو جائیگا ؛

یاد رہے کہ نقش جلاتے وقت یَا وَدُوْدُ، کا وظیفہ طاق حساب کرتے رہنا چاہیئے اور حب نقش پوری طرح جل نہ جائیں وظیفہ ترک نہ کرو

(۱) نقش آدم ۷۸۶

۱۸	۱۱	۱۶
۱۳	۱۵	۱۷
۱۴	۱۹	۱۲

(۲) نقش حوّا ۷۸۶

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

(۲۱) اگر کوئی شخص عروج ماہ یک شنبہ کو حسب ذیل نقش پارہ نان پر تحریر کر کے کالے کتے کو کھلائے تو گیارہ دن کے اندر محبوب تابع ہو جائیگا محبوب کے مرد ہونے کی صورت میں کالے کتے اور عورت ہونے کی صورت میں کالی

کتیا کو کھلانا۔ اگر اس کے بجائے اس نقش کی زکوٰۃ ادا کی جائے تو بیحد موثر و سریع التاثیر ہوگا۔ ادائے زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ ہر روز ۱۲۵ نقش پڑھ کے کسی دریا یا کنویں میں اکتالیس روز تک ڈالتے جاؤ۔ اس کے بعد پانچ تعویذ روزانہ لکھ کر رکھ لیا کرو۔ اور جب بھی وقت ملے دریا میں ڈال کر آنا چاہیئے

نقش:- ۷۸۶

۱	۱۱	۱۶	۶
۴	۱۸	۹	۲
۱۰	۰	۷	۱۷
۱۹	۶	۲	۸

(۲۲) عروج ماہ میں ساعت مشتری میں یکشنبہ یا پنجشنبہ کو حسب ذیل نقش زعفران سے ایک کاغذ پر تحریر کرو۔ اور اسے چھوٹی سی کوری بدھنی میں ڈال کر اوپر تھوڑی سی شکر ڈال دو۔ پھر آگ میں اس طرح دبا دو کہ حرارت پہنچتی رہے۔ جوں جوں حرارت پہنچے گی محبوب آتش محبت سے بیتاب ہوگا۔ جب محبوب سے علیحدگی چاہو تو بدھنی کو آگ میں سے نکال کر کسی ٹھنڈی جگہ دبا دو۔ محبت سرد پڑ جائیگی نقش

۷۸۶

۳۷۲	۳۷۵	۳۷۹	۳۶۵
۳۷۸	۳۶۶	۳۷۱	۳۷۶
۳۶۷	۳۸۱	۳۷۳	۳۷۰
۳۷۴	۳۶۹	۳۶۸	۳۸۰

(۲۳) عروج ماہ ساعت مشتری میں پنجشنبہ کو حسب ذیل نقش کاغذ پر لکھو۔ کاغذ پر

عطر اور شہد ملو۔ پھر پاک اجنبی روئی کی بتی بنا کر نقش کو اس میں رکھ دو۔ نئے چراغ میں میٹھا تیل ڈال کر اسے جلاؤ۔ چراغ میں اس نقش کی بتی ڈالو جو لکھ کر اور شہد میں مل مل کر تیار کیا گیا ہو۔ چراغ کا رُخ محبوب کے گھر کی طرف کرو۔ چراغ جلتے تک وہیں بیٹھے بلا حساب و شمار "یا وَدُوْدُ" کا وظیفہ کرتے رہو۔ سات دن یہ عمل کرنے سے محبوب کا جو حال ہوگا۔ وہ آپ آ کر بتائیگا۔ حاجت بیان نہیں

یہ نقش نہایت سریع التاثیر ہے اور اکسیر ہے۔ آزمودہ ہے۔ محبوب کیسا ہی ضدی اور برگشتہ کیوں نہ ہو۔ جونہی اس نقش کو حرارت پہنچے گی۔ محبوب بیتاب ہو کر عاشق کے پاس چلا آئیگا اور زندگی بھر جدا نہ ہوگا۔

دوسری ترکیب:- کوری پیالی میں یہ نقش تحریر کر کے اسے چولھے یا انگیٹھی میں آگ کے نیچے دبا دو۔ پھر دیکھو گے کہ مطلوب کس طرح طالب بنا کرتے ہیں۔

تیسری ترکیب:- اگر محبوب مرد ہو تو یہ نقش بکرے کے دائیں شانے پر اور اگر عورت ہو تو بکری کے بائیں شانے پر لکھ کر شہد مل دو۔ اور آگ میں دبا دو۔ تاکہ برابر گرمی پہنچتی رہے۔ محبوب بلا توقف نہایت بے قرار ہو کر اپنے چاہنے والے کے پاس پہنچ جائیگا۔

۷۸۶

۸		۱۱		۱۸	۱۸	۱۱			
				۱۱	۱۸	۹			
				۱۱	۱۹				
				۱۱	۱۱	۲۱			
				۱۱	۱۸				
				۲	۹۱				
				۱۱					
				۱					

۴۵ الساعۃ

فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

اگر محبوب سخت بیداد و ظالم ہو یا خفا ہو گیا ہو یا کوئی آدمی کسی پر فریفتہ ہو اور محبوب تک نہ پہنچ سکے۔ یا اگر پہنچ بھی جائے تو ناکامی کا سامنا ہو، یا محبوب ناواقف ہو تو حسب ذیل عمل کرو۔ بفضلہ تعالیٰ کامیاب ہو گے لیکن جائز کام کیلئے کرنا چاہیئے ورنہ ضرور گزند پہنچیگا اور اسکا وبال عامل پر پڑیگا ؛

عروج ماہ میں نوچندی جمعرات کو زہرہ یا مشتری کی ساعت میں عمل شروع کرنا چاہیئے۔ آغاز عمل سے پیشتر ابجد حساب سے یا دُوْدُوْدُ کے عدد نکالو۔ پھر محبوب اور اسکی والدہ دونوں کے نام کے عدد نکال کر جمع کرو۔ پھر محبوب اور اسکی والدہ کے نام کے عدد نکال کر سب کو جمع کرو اور نقش مُربع پُر کر کے تیار کرو۔ ایک کورا مٹی کا دیا اور میٹھا تیل لاؤ۔ پھر ساعت مشتری میں تیار کر کے نقش مربع کو کسی پاک کاغذ پر زعفران سے لکھو اور خود چراغ کے رُوبرُو بیٹھ کر محبوب کا تصور کرتے ہوئے اعداد اسم الٰہی کے مطابق مندرجہ ذیل وظیفہ پڑھو بفضلہ تعالیٰ شاہد مُراد ہے ہم آغوش ہو گئے گا

اَللّٰھُمَّ بِحَقِّ فلاں بن فلاں عَلٰی حُبِّ فلاں بن فلاں بحق یَا وَدُوْدُ وَدُوْدٌ واجب یا جبرائیل یا درداٰئیل یا انعامیل یا تنکفیل یا معا بحق یا ودود العجل العجل عددہ نکال کر حسب ذیل طریق پر نقش مربع پُر کرو۔ یعنی جہاں ۱ ہے وہاں پہلا عدد ۱ میں دوسرا وعلیٰ ہذا ؛ ۷۸۶

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

یہ عمل آزمودہ اور تیر بہدف ہے

(۲۵) پہلے اسم "اَلْحَلِیْمُ" کی زکوٰۃ حسب ذیل طریق پر ادا کرو۔ پھر تین دن تک مندرجہ ذیل طریق پر عمل کرو۔ محبوب فوراً تابع فرمان ہو جائیگا ؛

ادائے زکوٰۃ کا طریق: بروز ماہ میں نوچندی جمعرات کو عمل شروع کرو مجھی نماز

سے فارغ ہو کر اوّل و آخر گیارہ دفعہ درود شریف کے ساتھ ۱۶۰۰ دفعہ اسم الحلیم کا ورد کرو۔ پھر اسی طرح شام کو بھی نماز کے بعد پڑھو۔ چالیس روز تک متواتر یہی عمل جاری رکھو۔ سوا لاکھ کی تعداد پوری ہو کر کچھ بڑھ بھی جائیگا۔ بس زکوٰۃ ادا ہو گئی۔ اس کے بعد کچھ نیاز تقسیم کرو۔ بس تم عامل بن گئے ہر روز کسی وقت ایک دفعہ پڑھ تا کہ عمل پر قابو رہے۔ اگر ادائے زکوٰۃ کے بعد محبوب تابع کرنے کیلئے طریق مذکورہ پر ۱۰۱ دفعہ صبح اور ۱۰۱ دفعہ شام پڑھو گے اور اثنائے وظیفہ کے دوران میں محبوب کا تصور کئے رکھو گے تو محبوب بہت جلد مسخر ہو جائیگا۔ مگر ادائے زکوٰۃ یا اس کے بعد وظیفہ کے دوران میں کسی قسم کا خیال نہ رکھو

(۲۶) وَاللّٰہُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰی مَا تَصِفُوْنَ یَا رَفِیْقُ یَا مُنْفِضُ یَا حَیُّ یَا مَنْ عَلٰی فَرِیْقٍ ؛ پہلے اور بعد میں گیارہ گیارہ دفعہ درود شریف کیساتھ آیت مذکورہ ہزار دفعہ پڑھ کر پھولوں پر دم کرو۔ اور پھول تحفے کے طور پر محبوب کو ارسال کر دو۔ ادھر محبوب ان پھولوں کی خوشبو لیگا اور اُدھر تم پر فریفتہ ہو جائیگا۔ پھر اسے تمہارے پاس آئے بغیر آرام نصیب نہ ہو گا۔ آزمودہ ہے۔

(۱۱) مسان کی بیماری زائل کرنے کے لئے پہلے تین دفعہ یہ دُعا پڑھو۔ قَالَ اِلٰھِیْ اَنِّیْ مَسَّنِیَ بِضُرٍّ وَّاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ... پھر سات دفعہ آیت الکرسی پڑھیں دفعہ پہلی دعا۔ پھر تین دفعہ سورہ اِنَّا اَعْطَیْنٰکَ۔ پھر تین دفعہ پہلی دعا۔ پھر تین دفعہ درود شریف پڑھ کر بچے پر دم کرو۔ اور اسکی والدہ کے گلے میں حسب ذیل دونوں نقش پُر کر کے ڈال دو۔ بفضلہٖ تعالیٰ مسان کی بیماری بالکل جاتی رہیگی

نقش:-

۷۸۶

۵۰۴	۵۰۷	۵۱۱	۷۹۷
۵۱۰	۴۹۸	۵۰۳	۵۰۸
۴۹۹	۵۱۳	۵۰۵	۵۰۲
۵۰۶	۵۰۱	۵۰۰	۵۱۲

۷۸۶

یاشافی	یاکافی	یامعی
یاحافظ	یاناصر	یاباقی
یاحیّ	یاحفیظ	یاقیوم

(۱۲) اگر کوئی شخص درد سر میں مبتلا ہو۔ تو اسے کہو کہ وہ اپنا سر مضبوط کپڑے سے پھر عامل کو چاہیئے کہ کسی تیز جاقو یا چھری کی نوک سے پیشانی پر "اسجد" تحریر کر کے۔ اور الف کے اوپر نوک گاڑتے ہوئے دل میں تین دفعہ الحمد شریف پڑھکر بیمار پر دم کرے بفضلہٖ تعالیٰ درد کافور ہو جائیگا۔ اگر پہلی مرتبہ فائدہ نہ ہو۔ تو دوسری مرتبہ "ب" کے اوپر نوک گاڑ کر پڑھو اور دم کرو۔ پھر بھی آرام نہ ہو تو "ج" اوپر پھر "د" کے اوپر اسی طرح کرو۔ بفضلہٖ تعالیٰ یقیناً آرام ہو جائیگا۔ آزمودہ ہے ؂

(۱۳) اگر کسی شخص کو دوسرے تیسرے اور چوتھے دن کی باری کا بخار ہو۔ تو ایک پاک ٹھیکری پر "یا محیط" لکھ کر بیمار کے بائیں بازو پر باندھ دو۔ بفضلہٖ تعالیٰ بخار جاتا رہیگا۔ آرام ہو جانے پر کچھ نیاز تقسیم کر دینی چاہیئے

(۱۴) بخار کے وقت سے تقریباً ایک گھنٹہ پہلے تین بار حسب ذیل دُعا پڑھ کر بیمار پر دم کرو۔ بفضلہٖ تعالیٰ بخار نہیں ہوگا دُعا اگلے صفحے پر درج ہے

یٰحَیُّ اللّٰہُ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ یَا مُسَبِّبَ سَبَبٍ یَا شَافِیُ اشْفِ یَا کَافِیُ اِکْفِ یَا مُعْلِمُ اِرْحَمْ یَا مُعِزُّ یَا مُذِلُّ یَا مُسَہِّلُ سَہِّلْ یَا مُیَسِّرُ کَبِیْرٌ یَا رَحْمٰنُ الرَّحِیْمُ اِرْحَمْ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ؂

(۱۵) اگر کوئی شخص نالوے دفعہ "اللہ" لکھ کر اسے پانی میں دھونے بعد بیمار کو پلائیگا۔ تو بفضلہٖ تعالیٰ ہر قسم کا بخار اور درد دفع ہو جائیگا ؂

(۱۶) اگر کسی کی کمر میں درد ہوتا ہو تو پہلے اور بعد میں گیارہ گیارہ دفعہ درود شریف کے ساتھ حسب ذیل دُعا پڑھ کر درد کے مقام پر دم کرو۔ درد جاتا رہیگا۔ دُعا یہ ہے:- یٰحَیُّ اللّٰہُ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ یَا کَافِیُ یٰحَیُّ اللّٰہُ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ یَا مُحِیْطُ یَا مُسَبِّبُ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا حَیُّ یَا اَحَدُ ؂

(۱۷) سات مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر حسب ذیل نقش پر دم کرو اور بیمار کے گلے میں باندھ دو۔ بیمار پر بھی دم کرو خواہ کسی قسم کا درد ہو۔ رفع ہو جائیگا

صحت ہو جانے پر نقش کو آٹے میں لپیٹ کر کسی بے آباد کنوئیں میں پھینک دو

نقش:-

۷۸۶



(۱۸) حسب ذیل نقش پانچ مرتبہ پُر کرو۔ اور آٹے میں گولی بنا کر دریا یا کسی آبِ رواں میں ڈال دو۔ پھر ایک نقش پُر کر کے بیمار کے گلے میں باندھو اسکے بعد زکوٰۃ کے طور پر پانچ پیسے یا پانچ آنے یا پانچ پیسے کی نیاز دیدو۔ بفضلہٖ تعالیٰ چیچک کی بیماری جاتی رہیگی ؂

نقش:-

محمد

۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶
یا رحیم	یا اللہ	یا رحیم
یا اللہ	یا ہو	یا اللہ

حمید حمید حمید

(۱۹) اگر کوئی شخص کسی دائمی امراض میں مبتلا ہو تو کسی خوشبودار مکان میں انتہائی پاکیزگی اور طہارت کیحالت میں حسب ذیل نقش پر کر کے ایک نقش مکان میں کسی مقام پر چپکا دو۔ اور دوسرا بیمار کے گلے میں باندھ دو۔ اسے صحت ہو جائیگی اور دوسرے لوگ بچیں رہیں۔ آزمودہ ہے۔ یہ نقش چیچک طاعون ہیضہ وغیرہ تمام دبائی بیماریاں رفع کرنے کے لئے تیر بہدف ہے۔ نقش :-

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

۱۱	۸۳	۱۲۳	۱۸۳۱	۴۰۳	۷۳۰۱		
۳۰۱	۱۱۷۱۱	۳۰۹	۱۳۷	۱۳۱۰	۲۰۱۱	۴۰۱۱	۳۰ ع ۱۱ ع
۲۰۳۱	ل ۳۰	۱۶۴۸	۱۶۱	۷۱	۱۲۱۱	۱۲۴	۷۱ ۱۱ م ۱۱ ع
۱۱۶	۱۱۳ ح	۲۱	۱۲۱۱ ر	۳۰	ل ۱۶	۱۴	۲۷ ۱۱۴ ع
۱۸۱	۹۱	۴۱	۱۲۱	۳۱	۱۱۱	۱۸	۱۱ ع
۱۱	۱۲۶	۱۲۱۱	۳۰	۳ و	۳ ما	۱۱۲	۱۴ ۱۴ ع
۱۱	۱۲	۱۱	۱۲۴	۱۱	۱۱	۱۱۴	ع ۱۱

(۲۰) اگر کسی شخص کو مرگی کی بیماری ہو تو حسب ذیل دعا تحریر کر کے اسکے گلے میں باندھ دو۔ اور مرگی کا دورہ پڑنے کے بعد جتنی دفعہ ممکن ہو پڑھ کر دم کرو۔ دعا :-

یَا مَلِیْحُ یَا مَنْفُوْحُ یَا صَانِعُ یَا مَصْنُوْعُ یَا قَاہِرُ یَا مَقْہُوْرُ یَا حَافِظُ یَا مَحْفُوْظُ یَا نَاصِرُ یَا مَنْصُوْرُ سُبْحَانَکَ یَا لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ ہ

(۲۱) کسی بچہ کو سوتے نکلنے سے پہلے تانبے کی ایک تختی پر یا قہارُ ذوالبطش الشدید انت الذی لا یطاق انتقامہ یا کاہر تحریر کر دو اور دوسری طرف یا مذل کل جبار عنید یا مقصم عز سلطانہ یا مذل منکمو۔ پھر بیمار کے گلے میں ڈال دو بفضلہ تعالیٰ اسے صحت کاملہ نصیب ہو گی اور پھر کبھی اسکا دورہ نہیں پڑیگا۔

(۲۲) اگر کوئی شخص تپ دق کے مرض میں مبتلا ہو تو چمل کاف لکھ کر اسکے بازو پر باندھو۔ اور چینی کی سفید تھالی پر ہر روز لکھ کر ایک ہفتے تک پلاؤ۔ بفضلہ تعالیٰ یہ نامراد مرض بالکل کافور ہو جائیگا۔ آزمودہ ہے۔ کقولہ تعالیٰ وَرَبُّکَ فَکَبِّرْ وَثِیَابَکَ فَطَہِّرْ

وَکَفَکَا فَہَا کَمِیْنَا کَانَ مِنْ کَلَکٍ۔ کَکَرَّ کَرَّا کَکَرَّا کَرَّ فِی اَکْبِدِ فَحْکٍ مَشْکَشَکَۃٍ کَلَکِیْنَ ھَلْ لَکَ کَلَکُوْا کَرْنِی کَفَافَ عَانِیْ کَفَافَ وَاکَافَ کَرْتَہٗ یَا کَوْکَبًا کَاَنَّ تَحْتِیْ کَوْکَبَ الْفَکَا :-

(۲۳) بواسیر کا بیمار مٹی جانے سے پہلے تین دفعہ ہمیشہ پڑھ لیا کرے۔ بفضلہ تعالیٰ ہر قسم کی بواسیر کا نام و نشان تک مٹ جائیگا۔ "کرکر فی بربروں شو۔ خدائے بزرگ است۔ توبروں شو۔ بحق لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ بہ نزدیک من حیا" کے بعد طہارت سے فارغ ہو کر پھر تین دفعہ پڑھے ؛

(۲۴) اگر کوئی شخص حسب ذیل نقش پر کر کے بچے کے گلے میں ڈالے گا۔ تو وہ آئندہ ہرگز نہ ڈرے گا

۷۸۶

نقش :-

۱۱	۳۳	۴۴
۸۸	۵۵	۹۹
۶۶	۷۷	۲۲

(۲۵) جو شخص حسب ذیل نقش پر کر کے کسی آسیب زدہ کے گھر میں باندھے گا اس سے آسیب کا اثر بالکل زائل ہو کر پوری صحت نصیب ہو گی۔ آزمودہ ہے۔

۷۸۶

نقش :-

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

(۲۶) چشم زخم سے بچاؤ کیلئے مَا شَآءَ اللّٰہُ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ یکی العظیم ہ لیکن اگر چشم بد کا اثر ہو چکا ہو یا جادو کرایا گیا ہو تو حسب ذیل الفاظ پڑھ کر دم کرو۔ بفضلہ تعالیٰ ہر چشم زخم یا جادو کا اثر بالکل زائل ہو جائیگا۔ اور جادو کرنے والے یا نظر لگانے والے کو گزند پہنچے گا۔ الفاظ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ عَظِیْمِ الشَّانِ

شدید البرحان ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔ آزمودہ تیر بہدف ہے۔

(۲۷) اگر درد سر نے کسی شخص کو تنگ کر رکھا ہو تو اس کیلئے لازم ہے کہ رمضان المبارک کے آخری جمعہ کو حسب ذیل فقرہ بہت سی تعداد میں کاغذ پر لکھ کر محفوظ رکھے ضرورت کے وقت ایک عدد فقرہ بیمار کے سر پر باندھے۔ بفضلہ تعالیٰ درد سر جاتا رہیگا۔ آدھے سر کے درد کیلئے خاص طور پر مفید ہے آزمودہ اکسیر ہے۔ فقرہ

اَلَمْ تَرَ اِلٰی رَبِّکَ کَیْفَ مَدَّ الظِّلَّ وَلَوْ شَآءَ لَجَعَلَهٗ سَاکِنًا (سورہ فرقان ۲۵/۴۶)

(۲۸) سر کا درد دور کرنے کیلئے یہ حروف تحریر کر کے درد کے مقام پر باندھو مرکاھرل ھ درد جاتا رہیگا۔ درد شقیقہ کیلئے بھی فائدہ مند ہے۔ آزمودہ ہے۔

(۲۹) سارے یا آدھے سر کا درد دور کرنے کیلئے حسب ذیل نقش پر کر کے سر پر باندھو۔ اسی وقت درد کافور ہو جائیگا۔ نقش:-

۷۸۶

ع ا	۲۸	ع ۲	۲ ب
د ب	۲۱	۱۶	۷ ب
ک	۳ ب	۳	۱۷
۲۹	ح و	۲۹	۱۴

(۳۰) حسب ذیل نقش درد سر اور خصوصاً آدھے سر کے درد کیلئے نافع ہے۔ نقش

۷۸۶

مدح	لولومس	
یا بدوح	یا بدح	یا بدوح

(۳۱) حسب ذیل نقش درد سر اور بخار دونوں کیلئے مفید ہے تجربہ کرو اور نفع حاصل کرو۔ نقش:-

۷۸۶


ع و	۲۸	۲ع	۲ ب
ح ب	۲۱	۱۶	۷ ب
ک	۳ ب	۳	۱۷
۲۹	ح و	۱۹	۱۴

(۳۲) اگر کوئی شخص حسب ذیل نقش پر کر کے آسیب زدہ کے بازو پر یا گلے میں باندھے تو آسیب کا اثر قطعاً جاتا رہے گا۔ آزمودہ ہے نقش:-

۲۴	۳۷	۳۱	۱۷
۳۰	۱۸	۲۳	۲۸
۱۹	۲۳	۲۵	۲۲
۳۶	۲۱	۲۰	۳۱
اللہ	اللہ	اللہ	اللہ

(۳۳) اگر بچہ دودھ پینا چھوڑ دے اور اسے منہ تک نہ لگاتا ہو تو حسب ذیل آیت تحریر کر کے اسکے گلے میں باندھ دو۔ بفضلہ تعالیٰ دودھ پینا شروع کر دیگا آیت:- وَاِنَّمَا صَنَعُوْا کَیْدُ سٰحِرٍ وَلَا یُفْلِحُ السّٰحِرُ حَیْثُ اَتٰی ھُوَ اللّٰہُ مَا ھُوَیَا اَثْرُھُوَیَا اَھْیَا اَشْوَاُ وَھُیَا یَا دَافِعُ الْبَلِیَّاتِ:-

(۳۴) اگر کسی کے گھر میں اینٹیں برستی ہوں یا سنگ باری ہوتی ہو۔ اور آسیب کا گمان ہو تو حسب ذیل نقش پر کر کے رُو بقبلہ ہو کر دیوار پر چسپاں کر دو اینٹ پتھر برسنا بند ہو جائیگا۔ آزمودہ ہے نقش



۷۸۶

مسو	۸	۶	۴
۶ و	۲	۱۲	۶
۶	۲	۱۲	۶
۶	۳	۱۸	۶

(۳۵) اگر مکان میں اینٹ پتھر کی بارش کو روکنا چاہو تو حسب ذیل نقش پر کر کے پانی میں دھو ڈالو۔ اور اس پانی سے تمام گھر میں چھڑکاؤ کر دو۔ بفضلہ تعالیٰ اینٹ پتھر برسنا بند ہو جائیگا۔ آزمودہ ہے۔ (نقش اگلے صفحہ پر)

ف	الف لام را	ع	ی
ق	ل	ک	ے
ک	د	م	ق
لا ح ا	ے	بدوح	بدوح

(۳۶) جس وقت مکان میں اینٹ پتھر برس رہے ہوں اسی وقت وضو کرکے دو نفل پڑھ کر کھڑے ہو جاؤ۔ اور جب ذیل آیت جتنی بار ممکن ہو گنے بغیر پڑھو۔ فی الفور اینٹ پتھروں کی بارش بند ہو جائیگی۔ آزمودہ ہے۔ آیت

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا وَّاَكِيْدُ كَيْدًا فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ۝

(۳۷) اگر کان یا گلے کے نیچے یا اور درد ہوتا ہو تو حسب ذیل نقش خلوص قلب سے پیپل کے پتے پر تحریر کرکے درد کے مقام پر باندھو۔ بفضلہ تعالیٰ اسی وقت آرام ہو جائیگا۔ نقش:

علقہ	علقہ
علقہ	علقہ

(۳۸) اگر کسی کی ڈاڑھ یا دانت میں درد ہو رہا ہو۔ تو ایک پاک چوبی تختہ لے کر اس پر پاک ریت بچھا دو۔ پھر لوہے کی کیل سے اس ریت پر اسم وجہ درج ذیل الگ الگ تحریر کرو۔ بیمار سے کہو کہ درد والی جگہ کو دونوں انگلیوں سے مضبوط پکڑ لے اور اگر پکڑنا ناممکن ہو تو وہاں انگلی رکھدے۔ تم پہلے کیل کو "ا لف" پر رکھو اور زور سے دباتے ہوئے دل میں سورۃ فاتحہ پڑھو۔ پھر بیمار سے درد کے متعلق پوچھو۔ اگر درد جاتا رہا ہو تو خیر ورنہ "ب" پر کیل رکھ کر زور سے دباؤ۔ اور دوبارہ دل میں سورۃ فاتحہ پڑھ کر بیمار سے دریافت کرو۔ بند ہو گیا ہو۔ تو فبہا ورنہ کیل کو "ج" پر

پر رکھو۔ اور زور سے دبا کر تین بار دل میں سورۃ فاتحہ پڑھو۔ پھر بیمار سے پوچھو اگر پھر بھی درد بند نہ ہو تو اس طرح اگلے حرف پر اور چار بار دل میں سورۃ فاتحہ پڑھو۔ غرض جب تک درد بالکل رفع نہ ہو جائے اگر حرف پر پہنچ کر یہی عمل کرو۔ بفضلہ تعالیٰ آخری حرف تک پہنچنے سے پہلے ہی درد کافور ہو جائیگا۔

(۳۹) اگر کسی عورت کا خون نفاس یا حیض بند نہ ہو تو حسب ذیل نقش پر لکھ کر اسے دو۔ اور کمر سے باندھو بفضلہ تعالیٰ فوراً خون بند ہو جائیگا خواہ کسی نے جادو ہی کرکے خون جاری نکیا ہو۔ نقش:

۷۸۶

۲۷۰	۲۶۵	۲۷۲
۲۷۱	۲۶۹	۲۶۷
۲۶۶	۲۷۳	۲۶۸

(۴۰) عورت کا خون حیض یا عورت مرد بچے کسی کو کسی اور قسم کا خون کہیں سے آتا ہو۔ بفضلہ تعالیٰ اسی وقت اثر ہو کر خون بند ہو جائیگا۔ خواہ جادو وغیرہ ہی سے خون جاری کیوں نہ کیا گیا ہو۔ نقش یہ ہے:

۷۸۶

۲۶۳	۲۵۸	۲۶۵
۲۶۴	۲۶۲	۲۶۰
۲۵۹	۲۶۶	۲۶۱

(۴۱) اگر دردِ زہ کے باعث عورت سخت تکلیف میں تو حسب ذیل نقش پڑھ کر اس کے بائیں پاؤں پر باندھو اسی وقت بچہ پیدا ہو جائیگا۔ اس کے بعد فی الفور نقش کو دریا میں ڈال دو۔ ورنہ اگر سستی کی گئی۔ تو بچہ اور بچہ دونوں فوت ہو جائیں گے۔


نقش اگلے صفحہ پر ملاحظہ ہو

نقش:-	لوح لو	لوح لو	لوح لو
	لوح لو	لوح لو	لوح لو
	لوح لو	لوح لو	لوح لو

(۴۲) اگر کوئی شخص خواب میں ڈرتا ہو۔ تو اسے چاہیئے کہ رات کو سونے سے پہلے وضو کر کے چارپائی پر لیٹ جائے۔ پھر تین دفعہ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ کہ کر آیت الکرسی تین بار پڑھے لیکن وہ لَا یَئُوْدُہٗ حِفْظُھُمَا وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ کے الفاظ تین دفعہ کہے اور سو جائے بفضلہٖ تعالیٰ پھر کبھی خواب میں نہیں ڈریگا آزمودہ ہے ۔

(۴۳) اگر کوئی شخص بیمار ہو اسے کسی علاج سے بھی صحت نہ ہوتی ہو اور یہ معلوم کرنا ہو کہ اس پر کسی آسیب کا اثر تو نہیں تو حسب ذیل نقش پر کر کے بیمار کو کھلاؤ اگر وہ آسیب زدہ ہوگا تو رونا شروع کر دیگا۔ کسی حیثیت روح کے زیر اثر ہوگا۔ تو ہنسنا شروع کر دیگا۔ اور اگر کوئی بیماری ہوگی تو کوئی اثر نہ ہوگا چپ رہیگا ۔

نقش:-



(۴۴) آسیب یا جادو کے بیمار کیلئے یہ نقش بُرکہ کے بیمار سے کہو کہ وہ اس نقش کو داہنی جانب ڈاڑھ کے نیچے رکھ کر دائیں آسیب آسیب ہوگا۔ اس سے قول و اقرار لے کر چھوڑ دو۔ لیکن اگر آسیب حاضر ہو کر بات نہ کرے تو پھر بیمار سے کہو کہ نقش کو بائیں جانب ڈاڑھ کے نیچے رکھ کر

دبائے بفضلہٖ تعالیٰ یقیناً آسیب موجود ہو کر بات کریگا۔ جوں جوں بیمار نقش کو دانتوں میں دبائے گا۔ آسیب سخت مضطرب ہو کر منتیں کریگا۔ قول و اقرار لے کر اسے چھوڑ دو۔ اگر وہ بیمار کہ چھوڑنے میں پس و پیش کرے اور نہ جائے تو پھر اسی وقت سُنے بل فتیلہ لکھ کر روشن کر دو۔ بلاشبہ آسیب جل کر بیت و نابود اور بیمار صحت یاب ہو جائیگا۔ آزمودہ اور تیر بہدف ہے فتیلہ لکھ کر روشن کر دو ۔

فتیلہ:-

(۴۵) قُلْ یٰٓاَیُّھَا الْکٰفِرُوْنَ۔ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ۔ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۔ جو شخص یہ چاروں سورتیں صبح و شام پڑھ کر اپنے اُوپر اپنے مال بچوں پر اپنی مملوکہ اشیاء پر دم کریگا۔ اس پر کوئی آسیب جادو۔ ٹونا یا نظر بد بالکل اثر انداز نہیں ہوگی۔ یہ عمل زمین و آسمان کی تمام بلاؤں سے محفوظ رکھنے کیلئے تیر بہدف ہے ۔

فصل دوم

ہر مقصد کے لئے مفید چند خاص عملیات

یوں تو ہر آیت یا سورت کے عمل مختلف طریق پر کئے جاتے ہیں لیکن یہاں قارئین کی سہولت کیلئے نہایت آسان طریقے درج کئے جاتے ہیں۔ تمام عملیات کا طریق یکساں ہے۔ اور ہر مقصد کیلئے کارآمد ہو سکتے ہیں۔ ادائے زکوٰۃ کے بعد عامل جس طریق پر چاہے حصول مطلب کیلئے عمل کرے بفضلہٖ تعالیٰ وہ بہت جلد اور لازماً کامیاب ہوگا۔ اکثر اوقات ایسے عملیات میں جان کا خطرہ رہتا ہے کیونکہ موکل کو زیر کیسا تھ مقابلہ پڑتا ہے لہٰذا ضروری ہے کہ آغاز عمل سے

پہلے اپنے اردگرد حصار کھینچ لیا جائے۔ جس کا طریقہ سب سے پہلے بیان کیا جائے گا کیونکہ معمولی فروگذاشت ہی سے موکل عامل کا ٹینٹوا دبا سکتے یا اسے دیوانہ بنا سکتے ہیں۔ عامل کو چاہیے کہ انتہائی صفائی۔ طہارت۔ اور صدق نیت کے علاوہ دل کو بھی نہایت مضبوط رکھے۔ اگر حصار کھینچ کر دم کر لیا جائیگا تو نادانستہ کسی قسم کی فروگذاشت ہو جانے پر بھی موکل قریب نہ آسکنے کے باعث عامل کو کوئی تکلیف نہیں پہنچائیگا۔ اور وہ کلیتہً محفوظ و مصون رہتا ہے۔ دوران عمل میں متوکل قسم قسم کی ڈراؤنی شکلوں میں سامنے آتے ہیں۔ تاکہ عامل عمل ترک کر دے۔ پر عامل کو عزم بلند حوصلہ اور نہایت مضبوط دل کی ضرورت ہے۔ اگر عامل خوف زدہ ہو کر عمل ترک کر دیگا تو اس کی جان کی خیر نہیں۔ اس کے علاوہ یہ بھی لازم ہے کہ عامل موکلوں سے کوئی ناجائز کام نہ لے۔ اور انہیں بیفائدہ تکلیف نہ دے ورنہ اسے ضرور ضرر پہنچے گا اچھی طرح غور و خوض کر کے عزم و احتیاط سے جری بن کر اور دل کو قوی کر کے عمل کرے ورنہ محنت کا وبال نہ خریدے۔ بررسولاں بلاغ باشد و بس۔

حصار: ۔ یوں حصار کھینچنے کی مختلف بکثرت ہیں۔ اور ان میں بعض مستند اور بعض غیر مستند ہیں۔ لہذا ان تمام سے قطع کرتے ہوئے یہاں ایک بہترین حصار کا طریقہ لکھا جاتا ہے جس کے خطا کرنے کی کوئی صورت ہی نہیں اور وہ سورۂ جن کا عمل ہے۔ عامل کیلئے ضروری ہے کہ آغاز عمل سے پیشتر چالیس دن تک سورۂ جن کا عمل کر کے اسکی زکوٰۃ ادا کرے۔ پھر اسے کبھی کسی قسم کے حصار کی ضرورت پیش نہ آئیگی۔ سورۂ جن کی زکوٰۃ میں موکلوں کا نام لینا ضروری نہیں۔ کیونکہ خداوند کریم نے اپنے فضل و کرم سے اس میں تمام جنوں اور اس قسم کی دوسری مخلوق کو (اگر کوئی ہے) فرمایا ہے۔ ادائے زکوٰۃ کے بعد کوئی عمل جلالی شروع کرتے وقت پہلے ایک دفعہ سورۂ جن پھر تین دفعہ منعوذتین پڑھ کر انگلی سے اپنے گرد بڑا سا دائرہ کھینچ لو۔ اور اس کے اندر بیٹھ کر عمل کرو۔ کوئی

ڈراؤنی چیز اس حلقے کے اندر نہ آسکے گی۔ اور نہ عامل کا کچھ بگاڑ سکے گی۔

زکوٰۃ ادا کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ گھر یا جنگل میں کسی تنہا مقام پر عشا کی نماز پڑھ کر اپنے اوپر دم کرو۔ پھر اردگرد دائرہ کھینچ کر بیٹھ جاؤ اور چند بار درود شریف پڑھو۔ بعد ازاں چالیس دفعہ سورۂ جن کی تلاوت کر کے پھر چند بار درود شریف پڑھو۔ دائرہ کھینچتے وقت بھی درود شریف پڑھو۔ دوران عمل میں ایک ہی پوشاک رکھو۔ اور اپنے سارے بدن کو ایک ہی چادر میں لپیٹو۔ منہ قبلہ کی طرف رکھو۔ قبل از دعوت ہر روز تنہا نا لازم ہے۔ ترک حیوانات جلالی و تمالی بھی ضروری ہے۔ ممکن ہو تو روزہ بھی رکھو۔ چالیس چالیس روز کے بعد زکوٰۃ ادا ہو جائیگی۔ اور اکتالیسویں روز تھوڑی سی نیاز دے دو۔ بس تم عامل ہو گئے۔ روزانہ کسی وقت ایک بار پڑھ لو۔ اور جب کوئی جلالی عمل شروع کرنا ہو۔ روزانہ ایک مرتبہ سورۂ جن معوذتین اور آیت الکرسی پڑھ کر اپنے اوپر دم کرو۔ اور اردگرد دائرہ کھینچ کر اس میں بیٹھ کر عمل کرو۔ پھر کسی قسم کا نقصان نہیں پہنچیگا۔ ورنہ غلطی کرنے کی صورت میں شدید نقصان ہوگا۔ جان تک کا خوف ہے۔ بعض اوقات دیوانگی لاحق ہو جاتی ہے جو رجعت کہلاتی ہے۔ پھر اگر اللہ تعالیٰ یا کوئی باکمال خدا رسیدہ شخص ہی درست کر سکتا ہے۔ تاہم اگر کسی پر رجعت کا اثر ہو جائے تو ہر روز ہزار دفعہ درود شریف پڑھ کر اس پر تھوکر کے دھو کر پلاؤ۔ بفضلہ تعالیٰ رجعت واپس ہو کر عامل تندرست ہو جائیگا۔ لیکن رجعت کی واپسی تک عمل برابر جاری رکھو۔ یعنی ہر روز درود شریف کا دم کیا ہوا پانی سورۂ فاتحہ اور آیت الکرسی کا پانی پلاؤ اور دم کرتے رہو۔

(۱) دعوت بسم اللہ: ۔ مروج ماہ میں عمل کیلئے کوئی سو دن جگر جن کر عشا کی نماز کے بعد غسل کر کے بیٹھو۔ ترک حیوانات جلالی و تمالی ضروری ہے اپنے چاروں طرف حصار کھینچ لو۔ لباس سادہ ہی ہونا چاہیے۔ اور ختم دعوت

تک عمل کے وقت وہی لباس پہنو۔ وقت اور جگہ کی شرط اور ہر روز حصار کھینچنا لازم خیال کرو۔ حصار کے اندر حوصلے کیساتھ بیٹھو۔ دس روز تک روزانہ ایک ہزار دفعہ بسم اللہ شریف پڑھو۔ گیارھویں روز سے تیسویں روز تک روزانہ ایک ہزار دفعہ پڑھو۔ آخری دس دنوں میں روزانہ پانچسو دفعہ پڑھو۔ چالیس روز تک سوا لاکھ کی تعداد پوری ہو جائیگی۔ پس زکوٰۃ ادا ہوگئی اثنائے عمل میں اگر کوئی ہولناک شکل نظر آئے تو مطلق خوف نہ کھاؤ۔ اکتالیسویں روز استطاعت کے مطابق نیاز دو۔ اب تم عامل بن گئے۔ ہر روز کسی وقت پہلے اور بعد میں درود شریف کے ساتھ پڑھ لیا کرو۔ پھر جس مقصد کیلئے جس طرح چاہو کام لو۔ اور فی الفور موکل کام کریں گے موکل چالیسویں روز پہلے آموجود ہونگے۔ لیکن ان سے بات نہ کرو۔ ہاں چالیسویں روز ان کے سوال کا جواب دے سکتے ہو۔ مگر کسی دنیوی مقصد کیواسطے زکوٰۃ نہ دو۔ چلے کے اندر اثنائے عمل میں موکلوں کے سوال کا جواب دل ہی میں دو۔ بات نہ کرو"

(۲) **دعوت سورۃ فاتحہ**:۔ ترک حیوانات جمالی کرو۔ اور روزہ رکھو عروج ماہ میں خاص وقت پر خاص لباس میں تنہا جگہ بیٹھ کر پہلے حصار کھینچو پھر عمل شروع کرو۔ چالیس روز میں سوا لاکھ مرتبہ تلاوت کرو۔ دوران عمل میں عجیب غریب چیزیں دیکھ کر خوف نہ کھاؤ اور نہ موکلوں سے بات کرو۔ وہ تابع فرمان ہونے کا عہد کرینگے۔ کسی دنیوی مقصد کیلئے پیسہ نہ کھینچیے۔ یعنی زکوٰۃ نہ دو۔ ادائے زکوٰۃ کے بعد حسب منشا موکلوں سے کام لو۔ ہر روز سترہ دفعہ کسی وقت پڑھو۔ بوقت ضرورت پہلے اور بعد میں چند مرتبہ درود شریف کیساتھ تنہائی میں ہزار دفعہ پڑھو۔ موکل اسی وقت آموجود ہوں گے۔ حاجت ان سے بیان کرو۔ فی الفور پوری ہوگی ؛

(۳) **آیت الکرسی**:۔ مذکورہ طریق پر جگہ وقت بعد لباس اور تعداد معین کے حصار کھینچ کر پہلے اور بعد میں درود شریف ساتھ گیارہ یا اکیس

یا چالیس روز میں سوا لاکھ کی تعداد پوری کرو۔ اور پھر استطاعت کیمطابق نیاز تقسیم کرو۔ موکل آموجود ہوں گے۔ ان سے حسب منشا کام لو۔ ادائے زکوٰۃ کے بعد ہر روز پان سو دفعہ پہلے اور بعد میں درود شریف کیساتھ پڑھ لیا کرو۔ عمل پر تا اور رہیگا۔ ضرورت کے وقت ایک ہزار ایک سو گیارہ دفعہ پڑھ کر موکل کو طلب کرکے حاجت بیان کرو فی الفور پوری ہوگی۔ اثنائے عمل میں ترک حیوانات جلالی و جمالی لازم ہے ؛

(۴) **آیت کریمہ**:۔ معینہ شرطوں یعنی جگہ وقت لباس انتہائی پاکیزگی صدق نیت اور حصار کے ساتھ ترک حیوانات جلالی و جمالی کرکے عروج ماہ میں جمعرات کی رات سے روزہ رکھ کر شروع کرو پہلے اور بعد میں گیارہ گیارہ دفعہ درود شریف اندھیرے میں بیٹھ کر تین ہزار دو سو دفعہ روزانہ پڑھو۔ یہ عمل بے حد گرم ہونے کے باعث ضروری ہے کہ پانی کا پیالہ پاس رکھ لو۔ اور ہر سو دفعہ پڑھ چکنے کے بعد ہاتھ پانی میں ڈال کر منہ پھیر لو۔ اور ایک بار درود شریف پڑھو۔ عمل کے دوران میں صرف جو کی روٹی کھاؤ اور مختلف و ہولناک شکلیں دیکھ کر ہرگز نہ ڈرو۔ دل کو قوی رکھو۔ موکل آئیں تو ان سے بات نہ کرو۔ ہاں چالیسویں روز ختم عمل کے بعد میں چند مرتبہ درود شریف کیساتھ ایک سو ایک دفعہ پڑھ کر موکل کو طلب کرکے اپنا مقصد حاصل کرو۔ اختتام عمل کے بعد نیاز تقسیم کرو۔ موکل کو کوئی ناروا کام کرنے کیلئے نہ کہو۔ ورنہ نقصان اٹھاؤ گے۔ آیت یوں پڑھنی چاہیے:۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۝ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ

(۵) **سورۃ مزمل**:۔ معینہ شرائط کے مطابق جو ایک جلالی چلے کیلئے ضروری ہیں ایسے مہینے کی پہلی تاریخ کو اس کا آغاز کرو جس کی پہلی تاریخ

۴ دعوت کے بعد ہر روز سو دفعہ پڑھو ؛

کو تواور ہو۔ عشا کی نماز پڑھ کر نماؤ اور چلّے کے مقام پر حصار کھینچ کر بیٹھ جاؤ۔ روپے پیسے یا کھانے پینے وغیرہ کی کوئی شے تھوڑی سی رکھ لو پہلے روز سورۂ دس دفعہ پڑھو۔ دوسرے روز گیارہ۔ تیسرے روز بارہ چوتھے روز تیرہ غرض ہر روز ایک دفعہ کا اضافہ کرو۔ یہانتک کی دسویں بیس دفعہ پڑھو۔ گیارھویں روز ایک دفعہ گھٹاتے جاؤ حتیٰ کہ بیسویں روز دس دفعہ پڑھو۔ ایک پلّہ پورا ہوا پھر اس سے اگلے روز یا چند روز ٹھہر کر دوسرے چلّے کا آغاز کرو۔ اور پہلے روز اکیس دفعہ پڑھو۔ اور اکیسویں بائیسویں روز بھی اسی طرح اکیس اکیس دفعہ۔ دو چلّے پورے ہوئے۔ پھر اس سے اگلے ہی روز یا چند روز ٹھہر کر تیسرے چلّے کا آغاز کرو۔ پہلے روز اکتالیس دفعہ اور اسی طرح ہر روز ایک دفعہ کا اضافہ کرو۔ حتیٰ کہ دسویں روز اکیاون دفعہ پھر ایک ایک دفعہ گھٹاتے جاؤ۔ یعنی بیسویں روز اکتالیس دفعہ۔ بس چلّہ پورا ہوا بعد ازاں ہر روز ایک دفعہ پڑھ لیا کرو اور ضرورت کے وقت تنہائی میں پہلے اور بعد میں چند بار درود شریف کیساتھ گیارہ دفعہ پڑھو۔ بفضلِ تعالیٰ موکل آموجود ہوگا۔ اور اسے جس کام کیلئے کہو گے پورا کریگا ۔

دورانِ عمل میں یہ احتیاط رکھنا لازم ہے کہ محض جَو کی روٹی کھاؤ۔ دل کو عملی الخصوص مضبوط رکھو۔ گوناگوں شکلوں سے ہرگز خوف نہ کھاؤ۔ اور نہ کسی سے بات کرو۔ اثنا عمل میں اگر کوئی آدمی حصار کے اندر یا باہر تمہیں کچھ دے تو بالکل نہ لو۔ خواہ تمہاری ماں باپ دوست بیوی۔ بیٹا ہی کیوں نہ ہو۔ کیونکہ تم [redacted]رہ کی صورت اختیار کرکے ہر وقت تمہیں کچھ نہ کچھ دینے کی سعی کریگا۔ لیکن تمہیں ان تینوں چلّوں کے درمیان میں کسی شے کوئی شے خواہ وہ کیسی ہی گراں بہا یا معمولی کیوں نہ ہو قطعاً نہ لینی چاہیئے ہوسکتا ہے کہ موکل ہی اس شکل میں دے رہا ہو۔ دوسرے شدید پابندی اس بات کی کرنی چاہیئے کہ اثنا عمل میں اگر کوئی شخص تم سے مانگے تو اسی وقت

دے دو۔ کیونکہ بعض دفعہ موکل ہی مانگنے آجاتا ہے۔ تیسری پابندی خصوصیہ کرو۔ کہ کوئی شخص اثنا عمل میں تم سے کوئی شے مانگے تو اُس وقت بدستور پڑھتے ہوئے دیدو۔ یا اگر وہ منہ کھولے تو اُس میں ڈالدو۔ اور اسوقت اپنی جگہ سے ہلو نہ پڑھنا ترک کرو۔ نہ کسی سے بات کرو۔ خواہ کیسی ہی مجبوری پیش آوے اور نہ خوف کھاؤ۔ ورنہ ضرور گزند پہنچیگا۔ آخری پابندی یہ ہے کہ نمازیں بروقت ادا کرنی چاہئیں۔ اور کوئی نماز کسی صورت بھی قضا نہ ہو ۔

سورۂ الم ترکیف :۔ اسکا دوسرا نام سورۂ فیل ہے۔ مذکورہ عملیات کی شرائط کے پابند رہو۔ عروج ماہ میں ابتدا کرکے ہر روز ۳۱۰۰ دفعہ پڑھو اور پڑھنے سے قبل دو نفل ادا کرکے ان کا ثواب حضرت رسول کریم صلعم کی رُوح پاک کی نذر کرو۔ نفلوں کی ہر رکعت میں الحمد شریف کے بعد سورۂ قل اور سورۂ مدثر پڑھو۔ پھر درود شریف پڑھ کر اس کی مقررہ تعداد پوری کرو مذکورہ عملیات کی شرائط کے پابند رہو۔ مثلاً ترک حیوانات جلالی وجمالی کام اپنے ہاتھ سے کرنا۔ کسی سے کچھ نہ لینا۔ وقت جگہ اور لباس کی تخصیص حصار کا کھینچنا اثنائے عمل میں خوف نہ کھانا کسی نماز کا قضا نہ کرنا وغیرہ۔ ہر عمل میں جماع سے کلیتاً احتراز ضروری ہے۔ زکوٰۃ کے اختتام پر موکل آموجود ہوں گے۔ اگر دوران عمل میں آسمائیں تو بات نہ کرو۔ چلہ ختم کرنے کے بعد ایک سو ایک دفعہ ہر روز پڑھ لیا کرو۔ ضرورت کے وقت دوپہر کو پان سو دفعہ پڑھو۔ موکل آموجود ہوں گے ان سے جو چاہو کام لو لیکن ناروا تکلیف نہ دو ۔

(۷) سورۂ اخلاص :۔ آغاز عمل سے چا[redacted] پہلے ترک حیوانات جلالی وجمالی کرو۔ اور روزہ رکھنا شروع کردو۔ روزہ میں محض ایک وقت کھانا کھاؤ۔ دوسرے وقت یعنی سحری کو محض پانی پیو۔ آغاز عمل کے روز چلّہ کی شرائط پوری کرکے اللہ کا نام لے کر بیٹھ جاؤ اور ہر روز ۱۲۰۰ دفعہ تلاوت کرو۔ ہر سو دفعہ پڑھنے کے بعد یہ دعا پڑھو:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط اللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ الْمُخْلَصِیْنَ بِخَاصَّۃِ سُوْرَۃِ اِخْلَاص وَیَسِّرْ لِیْ مَا یُلِیْقُھَا مِنَ الْخَدَمِ الْمُشْتَرِیَۃِ وَالذَّھَبِ الْمُصَیَّتِہ وَصَلَّی اللّٰہُ وَمَوْلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ ۔ جمعہ کو مستطاعت کے مطابق نیاز دو اور جمعہ کی نماز سے فارغ ہو کر ۱۰۱ دفعہ اس سورۃ کی تلاوت مذکورہ طریق پر کرو۔ یعنی ہر سو دفعہ کے بعد ایک بار درود شریف پھر شروع عمل میں چلے کے اندر انگیٹھی پاس رکھو اور اس میں عود کی دھونی دیتے جاؤ۔ موکل آئے تو اس سے بات نہ کرو۔ بلکہ خاموشی سے اپنی دھن میں ممکن عمل جاری رکھو۔ اس طرف دھیان نہ دو۔ بلکہ آنکھیں بند کر لو۔ اور کانوں میں روئی ٹھونس لینا بہتر ہے ان تمام عملیات میں خوف نہ کھانے کی بہترین تدبیر یہی ہے۔ اختتام عمل کے بعد شیرینی پر اللہ کے نام کی نیاز دو۔ چالیسویں روز وظیفہ ختم کرنے کے بعد موکل سے بات کرو۔ پھر ہمیشہ ہر روز ۱۰۱ دفعہ پڑھ لیا کرو عمل پر قابو رہیگا ضرورت کے وقت پہلے اور بعد میں گیارہ گیارہ دفعہ درود شریف کیساتھ پانچ سو دفعہ پڑھ کر موکل طلب کرو۔ اور اس سے جو چاہو کام لو۔

(۸) **اللہ الصمد** بعض بزرگوں کی رائے میں اللہ الصمد اسم اعظم ہے۔ اس کی زکوٰۃ ادا کرنے کا طریق گزشتہ اوراق میں درج کیا جا چکا ہے سوا چھ لاکھ دفعہ اسکی زکوٰۃ ہے۔ پابندی اور تندرہی مالا ہیں۔

ضروری نوٹ: بعض لوگ موکلوں والے عملیات کے شوقین ہوتے ہیں مگر ان پر واضح رہنا چاہئے کہ موکلوں والے عملیات کا پورا کرنا ہر ایک کا نوالا نہیں ایسے عملیات کرنے پر [redacted] ہو سکتا ہے جسے اللہ تعالیٰ نے قابلیت قوت ارادی اور جفاکشی جیسے اوصاف سے بہرہ ور کیا ہو۔ عوام کو تو جانے دیجئے خواص بھی بامؤکل عملیات کا نام سن کر لرز جاتے ہیں۔ ایسے عملیات شروع کر کے انہیں آخر تک نباہنا صرف اولوالعزم حضرات کا کام ہے ہم اور آپ کس شمار قطار میں ہیں بنا بریں ہم نے حتی الوسع بامؤکل عملیات سے جان بوجھ کر چشم پوشی کی ہے کیونکہ

دور حاضر میں ان کا بیان تضیع اوقات اور بے سود ہے۔ اولوالعزم حضرات خود ایسے عملیات کا پتہ لگا لیتے ہیں۔ وہ کسی ہدایت یا کتاب کے محتاج نہیں ہوتے علاوہ بریں ایسے بامؤکل عملیات کیلئے مرشد یا کسی بزرگ سے اجازت حاصل کرنا بھی ضروری ہے۔ کتابی اجازت کوئی معنی نہیں رکھتی۔ اگر ارباب بصیرت مناسب سمجھیں تو اجازت دے سکتے ہیں کیونکہ اجازت دینے کی صورت میں اگر عامل بوجہ کسی لپیٹ یا کسی آفت میں مبتلا ہو جائے تو وہی اجازت دینے والے بزرگ اسے آفت سے نجات دلا سکتے ہیں اور وہی اثنائے عمل میں اس کے محافظ رہ کر اپنی قوت ارادی سے اسے امداد دیتے ہیں۔ کیونکہ ایسا کرنا انکا فرض ہے۔

اس کتاب میں محض وہی عملیات درج کئے گئے ہیں جن میں کسی قسم کی آفت کا احتمال نہیں اور نہ حصول اجازت کی کوئی ضرورت ہے عامل اپنی طاقت سے ان پر قابو پا کر دونوں جہانوں میں فائدہ حاصل کر سکتا ہے اگر عامل ان عملیات میں کسی خط رسیدہ بزرگوں کی امداد حاصل کریگا۔ تو سبحان اللہ اسے مزید فائدہ ہوگا۔ کیونکہ خطرہ تو سرے سے ہے ہی نہیں بزرگ کی نظر عنایت نور علیٰ نور ہو جائیگا۔ وباللہ التوفیق

وصلی اللہ علیٰ حبیبہ وعلیٰ آلہ
واصحابہ وبارک وسلم۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط

دردِ سر کسی کاغذ پر یَا ھُوَ یَا ھُوَ یَا ھُوَ یَا غَفُوْرُ یَا غَفُوْرُ یَا غَفُوْرُ تحریر کر کے تعویذ کی طرح سر پر باندھو خواہ کسی قسم کا درد سر ہو، بفضلہ تعالیٰ آرام ہو جائیگا ۔

دردِ سر جس شخص کو دردِ سر کی شکایت ہو۔ اسکے ماتھے پر انگلی رکھو اور اکیس دفعہ پڑھ کر دم کرو۔ جڑ منڈی منٹے ٹھول جائے آپ ٹھول۔ بفضلہ تعالیٰ فائدہ ہوگا ۔

آدھے سر کا درد یٰسین دفعہ یا سمیع پڑھ کر روئی پر دم کر کے کانوں میں رکھو۔ درد جاتا رہیگا۔ یہ اسم دوسرے قسم کیلئے بھی مفید ہے ۔

آنکھ کا درد سات دفعہ آیت وَاِنْ یَّکَادُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا الخ پڑھ کر دم کرو۔ انشاء اللہ آرام ہو جائیگا ۔

دانتوں کا درد سات دفعہ یا اکتالیس دفعہ سورہ فاتحہ یا نو دفعہ سورہ اَلَمْ نَشْرَحْ پڑھ کر دانت پر دم کرو۔ بفضلہ تعالیٰ درد کافور ہو جائیگا ۔

گوشت خورہ کسی کپڑے کو زور سے مروڑو اور ساتھ ہی یہ الفاظ کہتے جاؤ۔ یَا اللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ اَللّٰھُمَّ یَسِّرْ لِیْ اَمْرِیْ وَاَعِنِّیْ عَلَیْہِ یَا قَدِیْرُ یَا کَبِیْرُ یَا مُحَمَّدُ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ۔ جب کپڑا بخوبی مروڑا جا چکے تو اُسے چھوڑ کر دانت پر دم کرو۔ تین دفعہ یہی عمل کرنے سے بفضلہ تعالیٰ آرام ہو جائیگا ۔

ناف کا ڈھلنا ایک کپڑے کو اسے مروڑو۔ اور چھ دفعہ جب ذیل کلام پڑھ کر دم کرو۔ پھر بیمار کو کھڑا کر دو۔ کلام یہ ہے :—

جل جلالہٗ ہر دم کلمہ یار ہو محمد صاحب جنابہ اللہ مشکل آسان کرے

پیٹ کا درد سات دفعہ سورۃ الم نشرح پڑھو اور پانی پر دم کر کے مریض کو پلا دو یا سات دفعہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر پیٹ پر دم کرو۔ خواہ

کیسا ہی پیٹ کا درد ہو۔ بفضلہ تعالیٰ فی الفور جاتا رہیگا ۔

گھٹنے کا درد دس دفعہ الحمد شریف اور سورۃ کافرون پڑھ کر دم کرو۔ اور حسب ذیل گولیاں بنا کر استعمال کراؤ :—

میٹھا تیلیا ایک تولہ۔ ملٹھی کوٹ ۶ ماشہ۔ پہاڑ مول ۶ ماشہ۔ سونٹھ ۳ ماشہ۔ عقرقرحا ۳ ماشہ کوار گندل کے پانی سے گولی بنا دو اور ہر روز صبح تازہ پانی کیساتھ ایک گولی کھلاؤ۔

باری کا بخار اسے تیجا بخار کہتے ہیں۔ کسی کاغذ پر یَا ھَادُوْ دَامَادُوْ تحریر کر کے پھر اسے پاک کپڑے میں لپیٹ کر مریض کے داہنے بازو پر بندھو۔ اسی طرح یَا ھَادُوْ دَامَادُوْ تحریر کر کے بائیں بازو پر باندھو۔ اگر باری کے دن نہ چڑھے تو خیر لیکن اگر چڑھ جائے تو دوسرے دن داہنے بازو کا تعویذ بائیں پر اور بائیں بازو کا داہنے پر باندھو۔ بفضلہ تعالیٰ پھر بخار نہ ہوگا ۔

باری کا بخار مریض کے داہنے ہاتھ کے ناخنوں پر ح م ع س ق اور بائیں ہاتھ کے ناخنوں پر ش ھ ی ع ع تحریر کرو بفضلہ تعالیٰ پھر بخار کی شکایت نہ ہوگی۔ اور کالی مرچ کے دو بیج دائیں اور بیم کے دھائی پات پر سورۃ فاتحہ پڑھ پھر دونوں کو ملا کر گھوٹنے کے بعد مریض کو پلاؤ بفضلہ تعالیٰ فائدہ ہوگا ۔

روزانہ بخار کھلیتھس کا لکھ کر داہنے بازو پر اور جمستی تحریر کر کے بائیں بازو پر باندھ دو۔ بفضلہ تعالیٰ آرام ہو جائیگا ۔

روزانہ بخار نوتار کا ایک سفید دھاگہ لو۔ اور اس پر سورۃ والضحیٰ پڑھ کر اس طرح دم کرو کہ جب کاف پر پہنچو تو ایک گرہ دو۔ اسی طرح سے نو گرہیں دو۔ اور ایک الم سورت پڑھ کر دم کر کے دھاگا بیمار کے گلے میں باندھ دو۔ بفضلہ تعالیٰ آرام ہوگا ۔

چوتھا بخار حسب ذیل نقش تحریر کر کے تیار کر کے داہنے بازو پر باندھو۔ باری کے دن بیمار کو روزہ رکھاؤ۔ چار سیر آٹے کی روٹیاں پکا کر کسی بھیل اللہ لیے محتاجوں کو کھلاؤ جو حقہ نہ پیتے ہوں۔ بیمار کا روزہ بھی اسی سے کھلاؤ۔ اور

اس کا ثواب حضرت جنید بغدادیؒ کی روح پاک کو بخش دو ۔ نقش :-

یَا مُحِیْطُ یَا مُحِیْطُ یَا مُحِیْطُ یَا مُحِیْطُ یَا مُحِیْطُ

چوتھا بخار اگر ایسے مریض کو کسی تعویذ یا دوا سے صحت نہ ہوتی ہو۔ تو چاروں یاروں کے اسمائے گرامی کا حسب ذیل نقشہ تحریر کر کے باری کے دن اسے پلاؤ اور گلے میں باندھو :- نقش :-

الٰہی بحرمت امیرالمومنین حضرت ابوبکر صدیق رضؓ عج	الٰہی بحرمت امیرالمومنین حضرت عمر فاروق رضؓ عج	الٰہی بحرمت امیرالمومنین حضرت عثمان رضؓ عج	الٰہی بحرمت امیرالمومنین علی المرتضےٰ رضؓ عج

چوتھا بخار اور سہ روزہ بخار بیمار کو غسل کراؤ اور حسب ذیل نقش تحریر کر کے اسکے گلے میں باندھو بفضلہ تعالیٰ آرام ہو جائیگا ۔ نقش :-

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط الٰہی بحرمت خواجہ محمد صادق ابن امام ربانی مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہ ۔ دفع تپ و باگردان ۔ یا اللہ

بچہ آسانی سے پیدا ہو اگر بچہ پیدا ہوتے وقت عورت کو بہت تکلیف ہوتی ہے۔ تو حسب ذیل شعر کاغذ پر تحریر کر کے اس کی داہنی ران پر باندھ دو :-

مرا جا شد خرم مرا نیز یا شد
زنے وہقاں بزاید یا نزاید

بچہ پیدا ہو چکنے پر نقش کھول دو ۔

لوطہ سات دفعہ سورہ انا اعطینٰک پڑھو۔ اور پاک مٹی پر دم کر کے ہر روز لوطہ یا پیشاب کی جگہ ملو ۔ بفضلہ تعالیٰ آرام ہو جائیگا ۔

مرگی اگر کسی شخص کو مرگی سے غش آجائے تو اس کے داہنے کان

میں پوری اذان اور بائیں کان میں سات دفعہ اقامت کہو۔ بفضلہ تعالیٰ یہ مرض دور ہو جائے گا ۔

اُمّ الصبیان اور آسیب جن وغیرہ ایک دفعہ سورۂ والطارق پڑھ کر بیمار کے داہنے کان میں اور ایک دفعہ پڑھ کر بائیں کان میں پھونکو۔ پھر دوبارہ یہی عمل کرو۔ بعد ازاں ایک دفعہ داہنی آنکھ میں اور ایک دفعہ بائیں آنکھ میں ۔ ایک دفعہ ناک کے داہنے نتھنے میں اور ایک دفعہ منہ پر دم کرو۔ پھر ایک دفعہ پڑھ کر سارے جسم پر دم کرو۔ بفضلہ تعالیٰ بیمار کو صحت ہو گی ۔

آسیب آسیب زدہ شخص کے مکان میں سات دفعہ اذان دو۔ اور ایک دفعہ الم نشرح لک اور ذہب البأس ۔ آیت الکرسی ۔ سورہ والسما والطارق اور سورہ حشر کی آخری آیات ہُوَاللّٰہ الذی سے آخر تک پڑھ کر دم کرو بفضلہ تعالیٰ آسیب کا اثر دور ہو جائیگا ۔

سورۂ مومنین کی آیات افحسبتم سے آخر تک پڑھ کر۔ اور پانی پر دم کر کے مریض کو پلاؤ۔ بفضلہ تعالیٰ صحت ہو جائیگی ۔

آسیب اگر کسی کے مکان میں جن بھوت وغیرہ شبگاری کرتے ہوں ۔ تو اسے چاہیئے کہ لوہے کے چار کیل لے۔ اور یہ آیت اَللّٰھُمَّ بِکَلِمٰتِکَ کُلِّھَا وَبِاَسْمَآئِکَ کُلِّھَا پڑھ کر ان پر دم کرے پھر انہیں مکان کے چار گوشوں میں گاڑ دے اور دیواروں پر اعجاب کے حسب ذیل اسماء اس طریق پر تحریر کرے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اَلٰھِیْ بِحُرْمَتِ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَسَلِّمْ تَسْلِیْمًا کَثِیْرًا سُبُّوْحٌ ط تَبَارَکْتَ اَدْرِکْ فَطِیْوْنُسْ یُوْنُسْ یُوْنُسْ یُوْنُسْ اِسْمُہُمْ کَلِیْھُمْ قَطْمِیْرٌ ۔

بفضلہ تعالیٰ پیچھل پری بالکل بند ہو جائیگا اور آسیب وغیرہ نام و نشان تک نہیں رہے گا ۔

جن دور کرنے کیلئے فتیلہ

اگر کسی شخص کو آسیب ہو جائے تو حسب ذیل فتیلہ کاغذ پر تحریر کر کے اس کی ناک میں دھواں دو۔ بفضلہ تعالیٰ جن بھوت اثر بالکل زائل ہو جائیگا۔ فتیلہ:-

صہ ۹۰۶۶۸۶۵ یکے
صہ ۳۴۵ دوسرے
ع ۲۳۸۰۸۲ تیسرے

جن دور کرنا

نہر یا دریا کا پانی لو۔ اور اس پر یہ کلام پڑھ کر دم کرو:-

عَلَيْهَا مَلَكٌ اَنْتَ اَعْلَمُ مَا فِي نَفْسِهِ وَلَيْتًا عَلَيْهِ

یا اسی کلام کو کاغذ پر تحریر کر کے بتی بناؤ۔ اور چراغ میں سرسوں کا تیل ڈال کر وہ بتی جلاؤ۔ اس کے جلنے کے ساتھ ہی جن چلا جائیگا۔

جن دور کرنے کا فتیلہ

حسب ذیل نقش کاغذ پر تحریر کر کے بتی بناؤ۔ اور چراغ میں سرسوں کا تیل ڈال کر وہ بتی جلاؤ۔ بفضلہ تعالیٰ اسکے جلتے ہی آسیب کا اثر جاتا رہیگا۔ یہ نقش جن بھوت دور کرنے کیلئے تیر بہدف ہے۔ نقش:-

ھا	۰	ح	را
۷	۳	۱۳	۱۲
۸ھ	۶	۳	۱۶
ھ	۱ع	۱۵	ع

جن دفع کرنے کا فتیلہ

ایک سفید کاغذ لے کر بیمار کے سارے بدن پر ملو۔ یہاں تک کہ بدن کا کوئی حصہ رہ نہ جائے۔ پھر اس کاغذ پر حسب ذیل نقش وغیرہ تحریر کر کے بتی بنالو۔ اور چراغ میں سرسوں کا تیل ڈالکر وہ بتی جلاؤ۔ اور بیمار سے کہو کہ بتی کی طرف نظر رکھے۔ بفضلہ تعالیٰ تھوڑی ہی دیر کے بعد جن وغیرہ کا اثر بالکل دور ہو جائے گا۔ (فتیلہ اگلے صفحہ پر ملاحظہ ہو)

سردار بنت فتیلہ تنہاھون
صریح بنت مقبوں ۰

۱	۱۱	۴	۸۰
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۱۴	۵	۱۰

فرعون علیہ اللعنت ۔ نمرود علیہ اللعنت ۔ شداد علیہ اللعنت ۔ قارون علیہ اللعنت ۔ ابلیس علیہ اللعنت ۔ ابوجہل علیہ اللعنت ۔ آنچہ درد جود فلاں فلاں شدہ است در بخش بے رساند دیں فتیلہ حاضر شود ۔

یہ فتیلہ آسیب کیلئے اس قدر سریع التاثیر ہے کہ اسے دیکھتے ہی جن بھوت وغیرہ بیمار کا پیچھا چھوڑ کر بھاگ جاتے ہیں ۔

احتلام کی زیادتی

جس شخص کو کثرت سے احتلام ہوتا ہو اسے لازم ہے کہ سورۂ والسماء والطارق پڑھ کر سوئے بفضلہ تعالیٰ وہ اس شکایت سے محفوظ رہیگا ۔

نیند نہ آنا

جس شخص کو کم خوابی کی شکایت ہو۔ وہ سوتے وقت یہ آیت پڑھ لیا کرے بفضلہ تعالیٰ اسکی شکایت رفع ہو کر نیند آجایا کریگی

آیت: اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ۔

مرگی

ایک شنبہ کو فجر کے وقت تانبے کی تختی کے ایک طرف یہ الفاظ کندہ کراؤ یَا قَهَّارُ اَنْتَ الَّذِيْ لَا يُطَاقُ انْتِقَامُهٗ یَا قَهَّارُ اور دوسری جانب یَا مَنَّانُ كُلُّ مَنٍّ بِيَدِكَ وَهُوَ يُعْطِيْ سُلْطَانًا یَا مَنَّانُ کندہ کرا کر تختی کو بیمار کے گلے میں ڈال دو۔ بفضلہ تعالیٰ مرگی دور ہو جائیگی ۔

آسیب دور کرنا

حسب ذیل نقش وغیرہ کسی کاغذ پر لکھو۔ اور روئی میں لپیٹ کر بتی بناؤ۔ پھر چراغ میں سرسوں کا تیل ڈال کر وہ بتی جلاؤ۔ اور نقش بیمار کے سارے جسم پر ملو جس طرف سے ملو۔ اسی طرف

تحریر کرو۔ اور نقش لکھتے وقت سورۂ مزمل پڑھتے رہو نقش :-

۹	۱۶	۱۱	۱۸
۹	۱۷	۱۵	۱۳
۹	۱۲	۱۹	۱۴

آنچہ دردجود فلاں بن فلاں از قسم جن وپری یا دیگر بلائے است حاضر شود و بسوزد

اس نقش سے اُس وقت کام لو جب بیمار کو کسی سخت جن کا سایہ ہو۔ بفضلہ تعالیٰ بتی کے روشن ہوتے ہی جن وغیرہ جل کر خاکستر ہو جائیگا ۔

جن کا دُور کرنے کا فتیلہ

اس سے جن بھوت وغیرہ نذر آتش ہو جاتے ہیں۔ اور لشکر بد کا اثر جاتا رہتا ہے۔ فتیلہ :-

۲۸	۱۹	۱۰	۱	۲۸	۲۹	۳۰
۲۹	۲۷	۱۸	۹	۷	۲۷	۳۸
۳۷	۳۵	۲۶	۱۷	۸	۶	۳۶
۳۵	۳۶	۳۲	۳۵	۱۶	۱۲	۵
۲	۲۲	۲۲	۳۳	۳۲	۱۵	۱۳
۱۲	۳	۲۳	۲۱	۳۲	۲۳	۲۱
۲۰	۱۱	۴	۲۹	۲۰	۳۱	۲۲

آنچہ دردجود فلاں بن فلاں از قسم جن وبھوت وچڑیل وکھتار ودیوان و پری وشیاں وبھیت وجھینتاں وجوگی ومسان وسھرو جمع شیاطین وعفریت فلاں بن فلاں از بخش بے رسانند۔ بین فتیلہ حاضر شدہ بسوزد وخاکستر شود وزائل شود ۔

علیقا میتا عیتا العجل العجل ساعۃ الساعۃ الوحا الوحا الوحا وجھیشان ۔

جن ودیو وغیرہ کا آسیب دور کرنا

تین بار حب ہل عزیمت پڑھ کر پانی پر دم کرو۔ اور بیمار کو پلا کر اس کے منہ پر پھینک دو۔ جن بول اُٹھے گا اور شور وغوغا کریگا۔ اُسے حکم دو کہ نکل جائے۔ کہ اگر وہ نہ نکلے تو بیمار کی ناک میں اس کا دھواں دو۔ تو جن فی الفور نذر آتش ہو جائیگا اور بیمار کو صحت ہو جائے گی۔ عزیمت :-

عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ بِرَبِّ جَبْرَئِيلَ وَمِيكَائِيلَ وَاِسْرَافِيلَ وَعِزْرَائِيلَ صَحْنَا الَّذِي جَعَلَ الْعُرُوشَ عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ بِالَّذِي اَجَابَ اِدْهَبْ لَهُ عِيسَى بْنَ مَرْيَمَ وَ اَيَّدَ بِرُوحِ الْقُدُسِ عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ يَا خَاتَمَ سُلَيْمَانَ بْنِ دَاوُدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ مُسَخِّرًا لَكُمُ الرِّيَاحَ وَالْجِنَّ وَالشَّيَاطِينَ سَرِيعًا ۔

کڑوے اور پاک تیل میں بتی جلانی چاہیئے ۔

حاضرات


اگر کوئی شے کھوئی جائے یا کوئی شخص ایسی بیماری میں مبتلا ہو جس کی تشخیص نہ ہو سکے یا کوئی آدمی گم ہو جائے تو بعضہ تعالیٰ حب ہل حاضرات سے پتہ معلوم کیا جائے۔ ترکیب :-

آٹھ سال سے کم عمر کے لڑکے کی دال روٹی سے محفوظ ہو۔ نہلا کر پاک صاف کپڑے پہناؤ اور پاکیزہ مقام پر بٹھاؤ۔ حب ہل عبادت کی تین دفعہ دھونی دو۔ اور روئی لپیٹ کر کورے چراغ میں کڑوا تیل ڈال کر جلاؤ۔ لڑکے سے کہو کہ وہ نہایت غور سے بتی کی طرف دیکھتا رہے ساتھ ہی یہ کلام لگاتار پڑھ کر لڑکے کو دم کرتے جاؤ ۔

یا بادشام خداوند بادشاہ نے یاد کیا کل بلا حاضر الغور یا باسط الظاہر عالم

الغیب پیدا نہ پیدا یا خبیر۔ پہلے اور بعد میں سات دفعہ درود شریف کیساتھ ایک دفعہ آیت الکرسی پڑھ کر متواتر دم کرو تو لڑکے سے پوچھو کہ تجھ میں کوئی آدمی دکھائی دیتا ہے۔ جب وہ کہے کہ ہاں اسے کوئی آدمی نظر آتا ہے تو لڑکے سے کہو کہ اس سے صفائی کھینچنے کہو۔ صفائی ہو چکے تو لڑکے سے پوچھو کہ صفائی ہو گئی ہو تو لڑکے سے کہو صفائی والے کو کہے کہ بہشتی آکر چھڑکاؤ دے۔ چھڑکاؤ ہو چکنے کے بعد لڑکا کہے کہ تخت سلیمان لاؤ۔ تخت آجانے پر لڑکا کہے کہ جو کو یا جس کسی نے بیمار پر جادو کیا ہے۔ اسے یا جو شخص کہیں چلا گیا ہے۔ اسے حاضر کرو۔ پھر اس سے اسکا نام۔ جگہ کا نام۔ مکان وغیرہ کا نام یا جو موزوں خیال کرو پوچھ لو۔ ہر طرح کا جواب ملے گا

حسب ذیل نقشے کی تین تختیاں تیار کرو :-



حاضرات اب آپ باوضو بیٹھ کر ہر روز ایک سو سات دفعہ یہ کلام پڑھو۔ یَا مَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ وَقَالَ ہم دفعہ یعنی جبرائیل علیہ السلام یعنی میکائیل علیہ السلام یعنی اسرافیل علیہ السلام عزرائیل علیہ السلام یعنی سلیمان بن داؤد علیہ السلام یعنی یا بدیع حاضر یا بدیع حاضر یا حاضر بابا ستر دن تک عمل کرو۔ اس کے بعد جس کام کا پتہ لگانے کیلئے پڑھو گے کامیاب ہو جاؤ گے۔

مار گزیدہ کے لئے اگر کسی شخص کو سانپ کاٹ گیا ہو۔ تو حسب ذیل کلام پڑھ کر پانی پر دم کر کے اسے اور بیمار

لانے والے شخص کو پلا دو۔ مار گزیدہ کو اسی وقت صحت ہو جائیگی۔

کلام :- اوّل نام خدا دا دُوجا نام رسول۔ دو ائی چار کبار دی۔ تیجا پیر دستگیر کا۔ اذن گوگے پیر کا۔

درد شقیقہ کے لئے طلوع آفتاب کے وقت عمل شروع کرو۔ دوشیزہ لڑکی کے ہاتھ کا کاتا ہوا سوت لے کر اس کے تیرہ تار پر اِنَّ الْمُبَذِّرِيْنَ كَانُوْٓا اِخْوَانَ الشَّيٰطِيْنِ وَكَانَ الشَّيْطٰنُ لِرَبِّهٖ كَفُوْرًا تک پڑھ کر گرہ دو۔ اس طریق پر تیرہ گرہیں دے کر بیمار کے سر کو باندھ دے۔ بفضلہ تعالیٰ بہت جلد آرام ہو جائیگا

درد شقیقہ کے لئے تعویذ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۱	۱۴	۱۱	۸	جس کیلئے درد ہو اس کا نام لکھ کر تعویذ بنا کر باندھ دیں
۱۲	۷	۲	۱۳	
۶	۹	۱۶	۳	
۱۵	۴	۵	۱۰	


درد شقیقہ کے لئے تعویذ اگر کوئی شخص آدھے سر کی درد میں مبتلا ہو تو حسب ذیل تعویذ کو کسی پاکیزہ کپڑے میں لپیٹو اور بیمار کے سر کو باندھ دو۔

۷۸۶

ابابکر صدیق	عمر بن خطاب	عثمان بن عفان	علی المرتضیٰ
رضی اللہ عنہ	رضی اللہ عنہ	رضی اللہ عنہ	رضی اللہ عنہ
توریت	انجیل	زبور	فرقان

ناف کے لئے تعویذ

حسب ذیل تعویذ لکھ کر بیمار کی کمر سے باندھو۔ اور اس سے نو پیسے لے کر کسی محتاج کو دے دو۔



دیوانے کتے کے کاٹے کا علاج

کسی کمہار سے برتن بنانے والی مٹی لو۔ اور اسے برتن بنانے والے چاک پر سات دفعہ داہنی جانب اور سات دفعہ بائیں جانب گھماؤ۔ پھر گیارہ مرتبہ درود شریف اور گیارہ مرتبہ سورۂ الم ترکیف پڑھ کر دم کرو۔ اور اسے سگ گزیدہ کے سارے بدن پر ملو۔ دیکھو کہ اس میں کوئی بال نکلا ہے یا نہیں۔ اگر بال نکلے ہوں تو انہیں نکال کر پھینک دو۔ اور دوبارہ مٹی پر دم کر کے بیمار کے جسم پر ملو۔ پھر بال دیکھو۔ اور جب تک مٹی سے بال نہ نکلنے بند ہوں یہی عمل کرتے جاؤ۔ جب بال نکلنے بند ہو جائیں گے۔ اسی وقت بیمار کو شفا ہو جائے گی۔ اس کے ساتھ اگر ½ پاؤ سیاہ مرچ کوٹ کر ½ سیر روغن تر میں ملا کر چالیس دن تک بیمار کو کھلاؤ۔ تو بھی آرام ہو جاتا ہے۔

تلی کے لئے


سات دفعہ درود شریف۔ گیارہ مرتبہ سورہ الم نشرح پھر سات دفعہ درود شریف پڑھ کر انگارے کی دھار پر دم کرو۔ اور اسے تلی کے مقام پر مارو۔ سات دن یہ عمل جاری رکھنے سے تلی غائب ہو جائیگی

تلی کیلئے تعویذ

مٹی کے برتن کا ٹکڑا لو۔ اور اسے پانی میں تر کر کے تلی کے مقام پر رکھو۔ اسکے اوپر حسب ذیل تعویذ باندھ دو


اگر ہاں چھالا پڑ جائے تو اس پر مصبر کا لیپ کرو۔ تعویذ:-

۷۸۶



تلی کیلئے نقشہ

حسب ذیل نقشہ بناؤ۔ اور بیمار کی تلی کی طرف خیال رکھتے ہوئے سوئی لے کر لکیر لے کر گارڈیں اسی طرح ہر لکیر پر گاڑتے چلے جاؤ۔ بفضلہ تعالیٰ آخر تک آتے ہی آرام ہو جائیگا۔ نقشہ



ناف کیلئے تعویذ

شنبہ یا سہ شنبہ کو یہ تعویذ لکھ کر بیمار کی کمر میں باندھو۔

والله	غالبٌ	علےٰ	امرہٖ	ولکنّ
غالبٌ	علےٰ	امرہٖ	ولکنّ	اکثر
علےٰ	امرہٖ	ولکنّ	اکثر	الناس
امرہٖ	ولکن	اکثر	الناس	لا
ولکن	اکثر	الناس	لا	یعلمون

اسے گھول کر (پانی میں) یا کسی کھانے کی چیزیں ملا کر کسی طریقے سے معشوق کو کھلا دو۔ بفضلہ تعالیٰ تھوڑے ہی دنوں بعد معشوق عاشق کو مل جائیگا ۔

آیت :- عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ عَادَيْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۔

محبّت کے لئے

کسی چار شنبہ کو تین دفعہ سورۂ یٰسین اس طرح پڑھو کہ جب لفظ "مبین" آئے تو اسے اکتالیس دفعہ دُہراؤ۔ اس طرح پر سات مبین کو پڑھو۔ اور گڑ پر دم کر کے معشوق کو کھلاؤ بفضلہ تعالیٰ وہ بیتاب ہو کہ ملاقات کی آرزو کریگا ۔

محبّت کے لئے

اگر کوئی شخص حسب ذیل آیت کے تین تعویذ تحریر کر کے تین روز تک ہمراہ معشوق کو کھلائیگا وہ تابع فرمان ہو جائیگا

آیت :- يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ۔

محبّت کے لئے

اگر کوئی شخص مغرب کی نماز کے بعد تین سو دفعہ قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا پڑھ کر گڑ پر دم کر کے بعد معشوق کو کھلائیگا۔ تو بفضلہ تعالیٰ معشوق اسکے کھاتے ہی بیتاب ہو کر چلا آئیگا۔ یہ تعویذ ان دو آدمیوں میں مصالحت کرانے کیلئے بھی نہایت ہی فائدہ مند ہے جو ایک دوسرے کے خون کے پیاسے ہوں ۔

محبّت کے لئے

اگر کوئی شخص معشوق کا تصوّر کئے ہوئے پہلے اور بعد میں درود شریف پڑھ کر بسم اللہ کیساتھ اکتالیس دفعہ قُلْ هُوَ اللّٰهُ کا ورد کر کے کسی شرینی پر دم کر کے بعد معشوق کو کھائیگا تو بفضلہ تعالیٰ معشوق بیتاب ہو جائیگا ۔

دشمن سے اپنی حفاظت کیلئے

اگر کوئی شخص ہر روز دوپہر کو وقت کسی جنگل یا بیابان میں جا کر دشمن کا تصوّر کرتے ہوئے اکتیس دفعہ سورۂ ارایت الذی ایک ہفتہ تک پڑھیگا تو بفضلہ تعالیٰ دشمن دوست بن جائیگا۔ یا

گم شدہ کے لئے


گم شدہ شخص کا پتہ معلوم کرنیکے لئے حسب ذیل الفاظ کسی کاغذ پر تحریر کر کے پتھر کے نیچے رکھو۔ بفضلہ تعالیٰ یا تو گم شدہ خود بخود چلا آئیگا۔ یا اس کا پتہ معلوم ہو جائیگا۔ اس کے آجانے یا پتہ معلوم ہو جانے کے بعد اس پتھر کے ہم وزن کھانڈ لو۔ اور اس پر حضرت خواجہ شیخ فرید شکر گنج کا ختم پڑھوا کر محتاجوں میں تقسیم کرو۔ یا شربت بنا کر پلا دو۔

الفاظ :- الٰہی بحق شیخ شکر گنج فلاں بن فلاں را حاضر کن ۔

نوٹ : یہ امر بخوبی ذہن نشین کر لو کہ جہاں جہاں فلاں بن فلاں بنت فلاں لکھا گیا ہے اس سے مراد یہ ہے کہ جو یا جو شخص کیلئے نقش تحریر کیا جائے اسکا اور اسکے باپ کا نام درج کیا جائے ۔

بھاگے ہوئے شخص کے لئے

حسب ذیل تعویذ متعدد بار آزمایا جا چکا ہے اور بالکل تیر بہدف ثابت ہوا ہے۔ خواہ کسی شخص کو بھاگے ہوئے کتنے ہی سال کیوں نہ گزر گئے ہوں وہ ضرور لوٹ کر آئیگا۔ یا اس کا پتہ معلوم ہو جائیگا۔ اور اگر وہ شخص وفات پا چکا ہوگا۔ تو بھی اس کے فوت ہونے کی خبر مل جائیگی۔ تعویذ



یہ تعویذ چرخے سے باندھ کر ہر روز الٹی طرف سے سات چکر دو۔ بفضلہ تعالیٰ سات دن کے اندر پتہ چل جائیگا ۔

محبّت کے لئے

پہلے اور بعد میں ۳۳ دفعہ درود شریف کیساتھ اکیس تین مرتبہ حسب ذیل آیت پڑھو اور نمک دم کر کے

اسکا خاتمہ ہو جائیگا

دشمن سے اپنی حفاظت کیلئے پہلے اور بعد میں تین دفعہ درود شریف کے ساتھ ہزار دفعہ یا مہتر خضر یا مہتر الیاس پڑھکر ہاتھ اٹھاؤ۔ اور تین دفعہ پھر یہی پڑھ کر یوں دعا مانگو۔ الٰہی مجھے فلاں بن فلاں دشمن سے بچانا اور اس کی فتنہ پردازی و شر انگیزی سے محفوظ رکھنا۔ کیونکہ تو ہی سب سے بچانے والا ہے

مقصد برآری کیلئے اگر کوئی شخص اپنے گھر۔ گاؤں یا شہر کے کوچہ یا محلہ سے نکلتے وقت تین دفعہ سورۃ سبع اسم ربک پڑھیگا اور جہاں جانا ہو وہاں پہنچ کر سورۃ لا اقسم پڑھ کر دم کریگا۔ بفضلہ تعالیٰ اس کا مقصد حاصل ہو جاویگا ؛

دشمن سے محفوظ رہنے کیلئے اگر کوئی شخص باوضو یا بے وضو ہر وقت حسب ذیل پڑھتا رہے گا۔ تو بفضلہ تعالیٰ دشمن کے ظلم یا شر انگیزی سے محفوظ رہیگا : دعا

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُکَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَنَعُوْذُ بِکَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ ؛

دشمنی اور محبت کیلئے اگر کوئی شخص کسی خاکروب کی قبر یا ہندو کے مسان سے کنکر اٹھا کر اس پر اکیس دفعہ گیارہ دفعہ پڑھ کر دم کریگا۔ اور دشمن کے گھر میں پھینک دیگا۔ تو بفضلہ تعالیٰ تھوڑے ہی دنوں کے بعد دشمن تباہ ہو جائیگا

اگر محبت کے لئے مطلوب ہو تو اسے گیارہ دفعہ مصری پر پڑھکر معشوق کو کھلاؤ۔ خواہ کیسا ہی سنگدل کیوں نہ ہو بفضلہ تعالیٰ آتش محبت سے بیقرار ہو جائیگا ؛

ہمیشہ سانپ کے کاٹنے سے بچنے کیلئے بعض اشخاص کو الترانا ہر مہینے یا ہر شش ماہی یا ہر سال کے بعد یقیناً سانپ کاٹتا ہے۔ ایسے اشخاص کو ایک شنبہ کے دن کیوقت

باوضو حسب ذیل آیت تحریر کر کے پلاؤ۔ اور تعویذ بنا کر اس کے گلے میں ڈالو بفضلہ تعالیٰ وہ ہمیشہ سانپ کے کاٹنے سے محفوظ رہیگا ؛ آیت :-

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ؛

گلے کے ورم کیلئے اگر کسی شخص کا گلا سوج جائے تو اسے بکشنبہ کو فجر کیوقت باوضو حسب ذیل آیت تحریر کر کے دیدو تاکہ وہ گلے میں باندھ لے۔ آیت :-

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ مِنْھَا خَلَقْنٰکُمْ وَفِیْھَا نُعِیْدُکُمْ وَمِنْھَا نُخْرِجُکُمْ تَارَۃً اُخْرٰی کٓھٰیٰعٓصٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ ؛

آسیب یا خوفناک خواب کیلئے اگر کسی شخص کو جن بھوت وغیرہ کا سایہ ہوا اور ڈراونے خواب آتے ہوں تو حسب ذیل کلام تحریر کر کے اسکے گلے میں ڈالدو۔ بفضلہ تعالیٰ وہ ایسے ضرر سے محفوظ رہیگا :- بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ التَّامَّاتِ مِنْ غَضَبِہٖ وَشَرِّ عِبَادِہٖ وَمِنْ ھَمَزَاتِ الشَّیَاطِیْنِ وَاَنْ یَّحْضُرُوْنِ اِنَّہٗ ھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ؛

ڈر یا مصیبت سے بچنے کیلئے اگر کوئی شخص حسب ذیل دعا پڑھتا رہیگا۔ تو نہ اسے کسی جگہ سے نہ اور کسی شخص سے ہی ڈر آئیگا۔ خواہ اس پر کیسی ہی ہولناک مصیبت آئے۔ وہ اس سے بچا رہیگا۔ دعا :- اَللّٰہُ حَافِظِیْ اَللّٰہُ نَاصِرِیْ اَللّٰہُ غَالِبِیْ اَللّٰہُ مُعِیْنِیْ ؛

رفع درد کا تعویذ حسب ذیل تعویذ سے جو حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کے زیر عمل تھا۔ ہر قسم کا درد دفعہ ہو جاتا رہتا ہے ؛

تعویذ :-

۷۸۶

من کہ گویم	کہ گویم	کہ بکن	یا ممکن
تو شاہ	جہاں	ہر چہ خواہی	آں بکن

حمل کیلئے

اگر کسی عورت۔ بکری۔ گائے بھینس۔ یا گھوڑی کو حمل نہ ہوتا ہو۔ تو حسب ذیل نقش تحریر کر کے اس کے گلے میں ڈالدو بفضلہ تعالیٰ حمل قرار پائیگا ۔ نقش :-

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اِسْتَعْصَمْتُ وَسَلَّمْتُ اِنْ کَانَ عُقَارًا یُرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَیْکُمْ مِدْرَارًا وَّیُمْدِدْکُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِیْنَ وَیَجْعَلْ لَّکُمْ جَنّٰتٍ وَّیَجْعَلْ لَّکُمْ اَنْهٰرًا مَا لَکُمْ لَا تَرْجُوْنَ لِلّٰهِ وَقَارًا ۝ وَقَدْ خَلَقَکُمْ اَطْوَارًا ۝ فَلَمَّا عَسْعَسَ حَمٓ عٓسٓقٓ ۝

ثمر کیلئے

حضرت رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ اگر گھوڑی گائے یا بھینس کو حمل نہ ہوتا ہو۔ یا سبزی یا باغ میں پھل نہ آتا ہو۔ تو حسب ذیل نقش تحریر کر کے گلے میں باندھو یا زمین میں گاڑدو۔ بفضلہ تعالیٰ حمل قرار پائیگا اور پھل آنا شروع ہو جائیگا ۔ نقش :-

ع ۱۱ ع ۱۱ ۱۱ ۱۱ ۱۱ ع ۱۱ ع

مکھن زیادہ نکالنے کیلئے

اگر کوئی شخص دودھ بلوتے وقت حسب ذیل نقش رئی سے باندھ دیگا۔ تو مکھن زیادہ نکلے گا ۔ نقش

ذٰلِکَ فَضْلُ اللّٰهِ یُؤْتِیْهِ مَنْ یَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ

بچوں کا چھوٹی عمر میں فوت ہو جانا

اگر کسی عورت کے بچے چھوٹی عمر میں مرجاتے ہوں اور کوئی زندہ سلامت نہ بچتا ہو تو حسب ذیل پانچ نقش تحریر کرو۔ اور بچے کی پیدائش سے چار مہینے پہلے ایک نقش عورت کے گلے میں ڈالدو۔ اس وقت نقش پڑھو۔ اور کچھ صدقہ بھی دو۔ باقی چار نقش مٹی کے چھوٹے چھوٹے چار برتنوں میں ایک ایک ڈال کر گھر کے چاروں کونوں میں دفن کر دو۔ نو مہینے گذر جانے اور بچہ پیدا ہو جانے کے بعد عورت کے گلے سے نقش اتار کر اسے بچے

کے گلے میں باندھ دو۔ اور اسے بخوبی پاک وصاف کر دو ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ حَسْبِیَ اللّٰهُ وَکَفٰی بِاللّٰهِ کَرَامًا اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ اِنَّهٗ مِنْ سُلَیْمٰنَ وَاِنَّهٗ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلَّا تَعْلُوْا عَلَیَّ وَاْتُوْنِیْ مُسْلِمِیْنَ ۝ قَالَ عِفْرِیْتٌ مِّنَ الْجِنِّ اَنَا اٰتِیْکَ بِهٖ قَبْلَ اَنْ تَقُوْمَ مِنْ مَّقَامِکَ وَاِنِّیْ عَلَیْهِ لَقَوِیٌّ اَمِیْنٌ ۝ فَاللّٰهُ خَیْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ۝

مَعَهٗ یَا رَحْمٰنُ کا نقشہ تحریر کر کے عورت کو دو۔ تاکہ وہ ابتدائے حمل سے بچہ پیدا ہونے تک علی الصبح نہار منہ اسے پانی میں گھول کر پی لیا کرے۔ اور نقشہ ہی اس قدر جوائن اور کالی مرچ لو۔ جو بچے کی پیدائش سے اسکے دودھ تک کافی ہو پھر کے بعد دوپہر باوضو ہو کر اکتالیس دفعہ سورہ والشمس پڑھ کر اس پر دم کرے۔ اور علی الصبح نہار منہ عورت کو ایک تولی مرچ اور اجوائن کے دو تین دانے کھانیکے لئے دو۔ بچہ تولد ہو جائے تو اس کے دودھ پینے تک برابر اس کا استعمال جاری رکھو۔ بفضلہ تعالیٰ جو بچہ پیدا ہوگا۔ زندہ رہے گا اور صحیح عمر پائیگا۔ آزمودہ ہے

اولاد کیلئے

اگر کسی کے ہاں جو بچہ پیدا نہ ہوتا ہو یا ہو کر مرجاتا ہو۔ وہ شخص اپنی بیوی کی چھاتیوں پر انگشت شہادت سے تین سطروں پر یہ فقرہ تحریر کرے ۔

ہمارے گھر لڑکا پیدا ہوگا۔ تو اس کا نام محمد احمد رکھیں گے۔ اور بیوی کی ناف پر ہاتھ رکھ کر سات دفعہ حسب ذیل عربی عبارت پڑھ کر دم کرے۔ سنیچر سے شروع کر کے سات دن تک یہی عمل کرنا چاہیئے۔ عبارت :-

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ سَمَّیْتُ مَا فِیْ بَطْنِ هٰذِهِ الْمَرْاَةِ اَحْمَدَ اَوْ اَحْمَدَ ۝

اولاد کیلئے

اگر کوئی شخص اولاد سے محروم ہو تو گیارہ دفعہ سورہ مرسلت پڑھکر ایک پاؤ دودھ پر دم کرے اور میاں بیوی دونوں کو پلا دے

مگر یہ خیال رہے کہ عورت ایام ماہوار میں نہ ہو۔ شوہر کو چاہیئے کہ پہلے روزہ رکھے۔ اور اس دم کئے دودھ سے افطار کرے اسی شب کو بیوی سے ہم بستر ہو۔ پھر دوسرے روز اسی طرح روزہ رکھ کر دم کئے ہوئے دودھ سے کھولے۔ بفضلہ تعالیٰ تین دن برابر یہ عمل جاری رکھنے سے حمل قرار پائیگا۔

اولاد کیلئے

شوہر کو چاہیئے کہ حسب ذیل تعویذ ہمزہ جو مخصوص بزرگان اسلام سے مروی ہے تحریر کر کے بیوی کو پلائے۔ اور آغاز ماہ سے شروع کرائے۔ ایک تعویذ گلے میں باندھے۔ جو ناف سے اوپر رہے۔ تعویذ پلانے یا باندھنے کے وقت ممکن ہو تو کچھ صدقہ بھی دیدے۔ تعویذ:-

ھ	ھ	ھ		ھ	ھ	ھ
ع	ع	ع	ع	ع	ع	ع
			دھ	ص	۴	

بچے کی لاغری دُور کرنے کے لئے

اگرچہ بچہ اتنا دُبلا ہو جائے کہ سوکھ کر کانٹا بن جائے تو گیارہ دفعہ اسم "یا رحیم" تحریر کر کے روزانہ ایک دفعہ پانی میں گھول کر اسے پلاؤ اور بکٹینہ کو نروہ۔ ہامان۔ شداد۔ قارون۔ ابلیس کے نام کاغذ پر تحریر کر کے آہنی چھلنی کے نیچے رکھو۔ اور اوپر بچے کو بٹھلا کر نہلاؤ۔ بعد ازاں یہ نام مٹی میں دبا دو۔ سات اتوار تک لگاتار یہ عمل کرو۔ بفضلہ تعالیٰ بچہ کلیتہً صحت یاب ہو کر موٹا تازہ ہو جائیگا۔

پیٹ میں بچے کا سوکھ جانا

اگر کسی عورت کے پیٹ میں بچہ سوکھ جائے تو حسب ذیل نقش پانی میں گھول کر پلاؤ۔ بفضلہ تعالیٰ بچہ صحیح سلامت اور قوی الصحت پیدا ہوگا۔ نقش۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط علے علے علے علے علے علے لا الہ الا اللہ

ھ ھ ھ ھ ھ ھ ھ

چشم زخم کے لئے

تین ہاتھ لمبا ایک دھاگہ لو۔ اور جسے نظر لگی ہو۔ اس کے پاس رکھو۔ پھر تین دفعہ حسب ذیل عمل پڑھو ایک دفعہ پڑھ کر دھاگے کو دیکھو۔ اگر وہ لمبا یا چھوٹا ہو گیا تو نظر بد ہے۔ ورنہ نہیں۔ اگر نظر بد ہو تو تین دفعہ بسم اللہ لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم پڑھ اور تین دفعہ سورت فاتحہ پڑھنے کے بعد مندرجہ ذیل عمل پڑھنا شروع کرو۔ اور فلاں بن فلاں کی جگہ اس شخص کا نام اور اسکے والدین کا نام لو۔ بفضلہ تعالیٰ سخت سے سخت نظر بھی دُور ہو جائیگی عمل:-

بحق ھٰذہ الاسماء العظیمۃ ایھا العین التی فی فلان بن فلانۃ بحق ما تحتھا ان تھب باتباع اسمی باللہ الذی لا یغوی علیہ ارض ولا سماء اخرجی یا نفس السوء من فلان بن فلانۃ کما اخرج یوسف بن یعقوب وحبل موسیٰ فی البحر طرقا الا ما تبت برئی من ذلک اخرجی یا نفس السوء عن فلان بن فلانۃ بالف قل ھو اللہ احد اللہ الصمد لم یلد ولم یولد ولم یکن لہ کفوا احد ۝

اخرجی یا نفس السوء بالف الف لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم ۝ وننزل من القرآن ما ھو شفاء ورحمۃ للمومنین ولا یزید الظلمین الا خسارا فاقرن علی حبک لزیدہ خاشعا متصدعا من خشیۃ اللہ فاللہ خیر حافظا وھو ارحم الراحمین ۝

حسبنا اللہ ونعم الوکیل ونعم المولیٰ ونعم النصیر ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم ۔ وصلی اللہ تعالیٰ علی نبینا وسیدنا محمد وآلہ واصحابہ وسلم

تپ لرزہ کیلئے

اگر کوئی شخص تپ لرزہ میں مبتلا ہو۔ اسے اور کسی دوا یا دعا سے صحت نہ ہوتی ہو۔ تو پیپل کے سات پتے لیکر

ان پر حسب ذیل تعویذ لکھو۔ اور بیمار سے کہو کہ ایک ایک گھنٹے کے وقفے سے ان پر تحریر کی ہوئی عبارت چاٹ لے۔ بفضلہ تعالیٰ تین دن کے بعد تپ ٹوٹ جائیگا۔ تعویذ:۔

یَا تَحِیَّتَا یَا شَوْثَا وَیَا شَرْشِیْشَا بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ۝

روزانہ تیسرے اور چوتھے بخار کیلئے جَو کے اکیس دانے لیکر انہیں پانچ حصوں میں تقسیم کرو۔ اور ہر حصہ یعنی چار چار دانوں پر دم کر چکنے کے بعد باقی ایک پر بھی اسی طرح دم کرو۔ جس بیمار کو چوتھا بخار آتا ہو اسے جَو کے چار دانے اس طرح کھلاؤ کہ وہ ایک گھنٹہ کے بعد ایک دانہ کھائے لیکن اسے چبائے نہیں۔ بلکہ یونہی نگل جائے۔ جس بیمار کو تیسرا بخار آتا ہو۔ اُسے گیارہ دانے اسی طریق سے کھلاؤ بفضلہ تعالیٰ صحت ہوگی

سخت بخار کیلئے اگر کوئی شخص سخت بخار میں مبتلا ہو۔ تو اُسکی پشت پر انگلی سے اذان کے کلمات لکھو۔ بفضلہ تعالیٰ بہت جلد بخار ٹوٹ جائیگا

وبا دور کرنیکی دُعا اگر شخص حسب ذیل دُعا کاغذ پر تحریر کر کے دیوار پر چسپاں کر دیگا بفضلہ تعالیٰ وبا دُور ہو جائیگی۔ دُعا:۔

اَللّٰھُمَّ یَا دَافِعَ الْبَلَاءِ وَالْوَبَاءِ عَنَّا وَعَنْ مَوَاشِیْنَا اَنْتَ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ

دفع وبا کی دُعا جب چوپایوں میں وبا پھیل جائے تو پہلے اور بعد میں سات دفعہ درود شریف پڑھکر یہ دُعا لکھو:۔

یَا اُمَّ مَلْدَمَۃَ وَصَدَمَۃَ وَیَا اُمَّ الرَّبَاءِ اَنَا عَبْدُکِ وَعَبْدُ الشَّیْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ اِرْتَفِعِیْ مِنَ الْبَلَادِ اِلَی الْجِبَالِ بِحَقِّ یَا شَیْخُ عَبْدُ الْقَادِرُ شَیْئًا لِلّٰہِ ۝

دفع وبا کی دُعا اگر کوئی شخص حسب ذیل شعر کاغذ پر تحریر کر کے گھر کے دروازے

کی چوکھٹ پر چسپاں کریگا۔ تو بفضلہ تعالیٰ وبا سے بچا رہے گا ۝

بِاِلٰہِ حَمَّۃَ اُطْفِیْ بِھَا حَرَّ الْوَبَآءِ الْحَاطِمَہ
اَلْمُصْطَفٰی وَالْمُرْتَضٰی وَاَبْنَاھُمَا وَالْفَاطِمَہ

دفع وبا کی دُعا اگر چوپایوں میں وبا پھیل جائے تو باوضو اکتالیس دفعہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ پڑھ کر پانی پر دم کرو۔ اور چوپایوں کو کسی پاکیزہ مقام پر کھڑا کر کے ان کے اوپر دم کیا ہوا پانی چھڑک دو۔ نیز ایک پیسہ فی مویشی صدقہ دو۔ بفضلہ تعالیٰ وہ وبا سے بچے رہیں گے ۝

دفع وبا کی دُعا پہلے اور بعد میں ایک دفعہ الحمد شریف اور آیت الکرسی کے ساتھ باوضو کسی اونچے مقام پر چڑھ کر سات دفعہ روزانہ سورۂ تغابن اونچی آواز سے جانداروں اور چوپایوں کو سنا دی ایک ہفتے تک پڑھو بفضلہ تعالیٰ جہاں جہاں آواز پہنچے گی وہ مقام وبا سے محفوظ رہیگا ۝

وبائے مویشی دُور کرنیکی دُعا اگر کوئی شخص سورۂ اَللّٰہُ الصَّمَدُ اور سات دفعہ الحمد شریف پڑھ کر چوپایوں پر دم کریگا۔ تو بفضلہ وبا سے بچے رہیں گے ۝

چندری کے لئے جو شخص چندری میں مبتلا ہو اسے سات دفعہ سورۂ لَا یٰلٰفِ کا لی مرچ پر دم کر کے ہر روز ایک دانہ چالیس دن تک کھلاؤ۔ اور سات دفعہ حسب ذیل کلام پڑھ کر ایک دھاگے پر دم کرنے کے بعد اسے بیمار کے گلے میں باندھ دو۔ کلام:۔

فَسُبْحٰنَ الَّذِیْ بِیَدِہٖ مَلَکُوْتُ کُلِّ شَیْءٍ وَّاِلَیْہِ تُرْجَعُوْنَ ۝

زہر باد کیلئے باوضو اکتالیس دفعہ اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ پڑھ کر بیمار پر دم کرے اور اسی آیت کا نقش تحریر کر کے گلے میں ڈالو۔ بفضلہ تعالیٰ صحت ہو جائیگی ۝

جسے ہمیشہ سانپ کاٹے اگر کسی شخص کو ہمیشہ سانپ کاٹ جاتا ہو۔ تو

اسے حسب ذیل نقش تحریر کر کے دو ؛

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ
اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ سَلٰمٌ قَوْلًا
مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ۔ سَلٰمٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ ۔ سَلٰمٌ عَلٰی اِبْرٰھِیْمَ ۔ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ۔

غلہ کی برکت کیلئے

غلہ کے تھوڑے سے دانے لیکر ان پر سات دفعہ باوضو ہو کر اسم پڑھو۔ یَا فَتَّاحُ یَا قَھَّارُ یَا قَادِرُ یَا رَزَّاقُ یَا غَنِیُّ یَا عَزِیْزُ یَا اللّٰہُ یَا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ ۔
پھر جس مقام پر غلہ رکھنا چاہو وہاں یہ دانے ڈالدو۔ بفضلہ تعالیٰ اس غلے میں زیادہ برکت ہوگی۔ جب ضرورت پیش آنے پر غلہ نکالنے لگو۔ تو اس وقت بھی بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھ لیا کریں ؛

غلہ کی برکت کیلئے

باوضو ہو کر غلہ کے تھوڑے سے دانے لو۔ اور ان پر تین دفعہ الحمد شریف تین دفعہ آیت الکرسی تین دفعہ الم نشرح۔ تین دفعہ قل ہو اللہ۔ سات دفعہ سورۂ والتین۔ اور تین دفعہ وَاللّٰہُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰی مَا تَصِفُوْنَ ۔ پڑھو پھر جب بوری یا برتن وغیرہ میں غلہ ڈالنا۔ اس میں وہ دم کئے ہوئے دانے رکھ کر اوپر باقی سارا غلہ ڈال دو۔ ضرورت کے وقت جتنا غلہ لینا چاہو بسم اللہ کہہ کر لیتے رہیں کبھی کم نہ ہوگا۔ بفضلہ تعالیٰ برکت پوری ہوگی ؛

رزق کی فراخی کیلئے

اگر کوئی شخص روزانہ عصر کی نماز سے فارغ ہو کر تین دفعہ حسب ذیل اسم کا ورد کریگا۔ تو بفضلہ تعالیٰ اسے رزق کی فراخی نصیب ہوگی ؛ اسم :-
یَا فَتَّاحُ یَا قَھَّارُ یَا قَادِرُ یَا رَزَّاقُ یَا غَنِیُّ یَا عَزِیْزُ یَا اللّٰہُ یَا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ

دردِ ریح کیلئے

جس جگہ درد ریح ہو وہ جگہ زور سے پکڑ لو اور گیارہ دفعہ الحمد شریف پڑھ کر دم کرو۔ اگر ایک بار دو دفعہ کرنے

رفع نہ ہو تو تیسری دفعہ کرو۔ بفضلہ تعالیٰ صحت ہو جائیگی

زالہ باری کو روکنے کیلئے

اگر زیادہ اولے پڑیں یا اولے پڑنے کا خطرہ ہو تو انگلی سے بادل کی طرف اسم ذات اللہ لکھو۔ اور تین دفعہ آیت الکرسی پڑھ کر بادل کی جانب پھونک دو۔

ژالہ باری کو روکنے کیلئے

اگر کوئی شخص آیت الکرسی اور اسماء کہف کے نام چار کاغذوں پر تحریر کر کے کھیت کے چاروں گوشوں میں دبائے گا۔ تو بفضلہ تعالیٰ اس کھیت کو اولے پڑنے سے مطلق ضرر نہ پہنچے گا

چوپایوں سے کھیت کی حفاظت

اگر کسی کھیت میں چوپائے داخل ہو کر اسے کھا جاتے، اور ستیاناس کر جاتے ہوں تو آیت الکرسی پڑھ کر تھوڑی سی ریت پر دم کرنے کے بعد اسے کھیت میں پھینک دو۔ بفضلہ تعالیٰ کوئی چوپایہ اپنے آپ کھیت میں نہیں آئیگا

کھیتی کا بچاؤ

اگر کوئی شخص کھیتی کے اردگرد پھر سورۂ یٰسین پڑھیگا۔ تو بفضلہ تعالیٰ اس میں بوئی ہوئی چیز جمیع وسالم رہے گی ؛

ظالم سے اپنا خوف دور کرنے کیلئے

اگر تمہیں کسی اپنے سے زبردست شخص سے ظلم یا تشدد کا ڈر ہو۔ تو تین دفعہ الحمد شریف ایک دفعہ آیت الکرسی۔ تین دفعہ قل ہو اللہ اور سات دفعہ سورۃ لایلاف پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے۔ اور بالکل نڈر ہو کر سورۃ لایلاف پڑھتے ہوئے ظالم کے پاس چلے جاؤ۔ بفضلہ تعالیٰ خود بخود اس کا دل نرم ہو جائیگا۔ اور وہ مہربانی سے پیش آئے گا ؛

رزق کی فراخی کیلئے اگر کوئی شخص ہر روز نماز تہجد سے فارغ ہو کر سو دفعہ درود ہزارہ چالیس دن تک پڑھیگا تو بفضلہ تعالیٰ اسے کشائش رزق نصیب ہوگا

رزق کی فراخی کیلئے اگر کوئی شخص فجر کی نماز کے بعد ہزار دفعہ یا ہر روز سو دفعہ یا بانسط کا ورد کریگا تو اُس کی روزی فراخ ہو جائیگی

رزق کی فراخی کیلئے اگر کوئی شخص پہلے اور بعد میں درود شریف کے ساتھ صبح کے وقت ہمیشہ بارہ سو مرتبہ یا ایکسو ایک دفعہ "یا مغنی" کا ورد کریگا تو اُسے کبھی رزق کی تنگی نہ ہوگی

حاجت پوری ہونے کیلئے تین دفعہ سورہ یٰسین اسطرح سے پڑھو کہ پہلے "مبین" پر پہنچکر خدا سے حاجت طلب کرو۔ پھر شروع سے سورت کو پڑھو۔ اور دوسری "مبین" پر پہنچکر حاجت طلب کرو۔ پھر شروع سے اسی طریق پر جس قدر "مبین" سورت میں آئے ہیں وہاں تک پڑھ کر حاجت مانگو۔ اور ابتدا سے سورت کو پڑھو۔ یہاں تک کہ تمام مبین پورے ہو جائیں۔ ابتدا کرتے وقت ہر دفعہ تین مرتبہ درود شریف پڑھنا لازم ہے۔ بفضلہ تعالیٰ ایک ہفتے تک عیال جاری رہنے سے ہر قسم کی حاجت پوری ہو جائیگی

ادائے قرض کیلئے اگر کوئی شخص انتہائی جد وجہد کے باوجود قرض سے سبکدوش نہ ہو سکے تو اسے لازم ہے کہ ہر نماز کے بعد پہلے اور بعد میں گیارہ دفعہ درود شریف کے ساتھ بارہ مرتبہ یہ دعا مانگے:- اَللّٰھُمَّ اغْنِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ ۔

کھیتی میں اضافہ کیلئے دو نفلوں کی اس طرح نیت باندھو دو رکعت

نماز نفل شکرانہ حضرت آدم علیہ السلام پہلی رکعت میں ایک دفعہ سورۃ فاتحہ۔ ایک دفعہ آیت الکرسی اور چار دفعہ سورہ اخلاص پڑھو۔ دوسری رکعت بھی اسی طریق پر ادا کرو۔ اور اسکا ثواب حضرت آدم علیہ السلام کی روح پاک کو بخش دو۔ ہل جوتتے وقت بیلوں کو بڑے آرام سے کھیت میں لاؤ۔ اور بیس دفعہ کھیت کی لمبائی میں ہل چلاتے ہوئے ہرگز نہ مارو نہ تکلیف دو۔ جب کھیتی پک جائے تو ہم سیر فی مانی کے حساب سے غلہ کا شکرانہ ادا کرو۔ بفضلہ تعالیٰ پیداوار بہت زیادہ ہوگی

بانجھ عورت کیلئے چالیس لونگ لے کر ہر ایک پر سورۃ نور کے پانچویں رکوع کی حسب ذیل آیت پڑھو۔ بانجھ عورت کو لازم ہے کہ رات کو ایک لونگ کھائے اور اس کے بعد پانی نہ پیئے پھر مرد سے صحبت کرے۔ بفضلہ تعالیٰ حمل قرار پائیگا۔ اگر حیض سے فارغ ہو کر کیا جائے تو اور بھی اچھا ہے:- آیت:-

اَوْ كَظُلُمٰتٍ فِيْ بَحْرٍ لُّجِّيٍّ يَّغْشٰهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ سَحَابٌ ظُلُمٰتٌۢ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ ؕ اِذَآ اَخْرَجَ يَدَهٗ لَمْ يَكَدْ يَرٰىهَا ؕ وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ ۝

چوہوں کیلئے اگر چوہے فصل کو تباہ کر دیتے ہوں تو کھیت کے شمال کی جانب دس دفعہ الحمد شریف جنوب کی جانب دس دفعہ مشرق کی جانب دس دفعہ اور مغرب کی جانب دس دفعہ پڑھکر دم کرو۔ بفضلہ تعالیٰ سب چوہے بھاگ جائیں گے

چوہوں کیلئے پانی کے بھرے ہوئے مٹکے پر سو دفعہ حسب ذیل آیت پڑھکر دم کرو۔ اور سارے کھیت میں چھڑک دو۔ بفضلہ تعالیٰ کوئی چوہا کھیت میں نہ رہے گا ۔ آیت:-

فَلَمَّا تَجَلّٰى رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ جَعَلَهٗ دَكًّا وَّخَرَّ مُوْسٰى صَعِقًا ۚ

چوہوں کیلئے تین دفعہ سورہ یٰسین پڑھکر ریت پر دم کر کے کھیت میں

پھینک دو۔ بفضلہ تعالیٰ چوہے غائب ہو جائیں گے

چوپایوں کے کیڑے مارنے کیلئے اگر کسی چوپائے کے کیڑے پڑ جائیں تو اسکا رنگ دریافت کرکے یہ آیت پڑھو۔ قَالَ رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ وَیَسِّرْ لِیْ اَمْرِیْ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِیْ یَفْقَهُوْا قَوْلِیْ اور پڑھتے وقت کسی تیز چھری سے زمین پر اُگی ہوئی گھاس کاٹ ڈالو۔ آیت ختم کرنیکے بعد یہ کہو کہ فلاں رنگ کا چوپایہ جو فلاں شخص کا ہے اسکے کیڑے کاٹ دے اور چوپائے کو دم کردو۔ بفضلہ تعالیٰ کیڑے مر جائینگے۔

عرق النساء کے لئے دس دفعہ درود شریف پڑھو۔ سات دفعہ سورہ فاتحہ اور سات دفعہ سورۂ اخلاص پڑھ کر ان کے کالے دھاگے پر دم کراؤ اور گرہ دو۔ پھر دوبارہ پڑھکر ایک اور گرہ دو۔ اسی طرح نو دفعہ پڑھکر ۹ گرہیں دو۔ پھر بیمار کو نہلا کر پاک صاف کرکے وہ دھاگا کمر میں باندھنے کے لئے دو۔ بفضلہ تعالیٰ بہت جلد صحت ہو جائیگی اور پھر کبھی یہ مرض لاحق نہ ہوگا

جوڑوں کے درد کیلئے جہاں درد ہوتا ہے وہ جگہ مضبوطی سے پکڑ کر دس دفعہ الحمد شریف۔ دس دفعہ الکافرون پڑھ کر دم کرو۔ اور چھوڑ دو۔ پھر بیمار سے پوچھو کہ درد دور ہوا یا نہیں۔ اگر دور نہ ہوا ہو تو پھر یہی عمل کرو۔ تین دفعہ ایسا کرو جیسے بفضلہ تعالیٰ آرام ہو جائے گا۔ اگر پھر بھی آرام نہ ہو تو گیارہ دفعہ کرو۔ انشاء اللہ ضرور درد کا فور ہو جائیگا

خشک و تر خنازیر کیلئے کم سے کم سوا گز یا بیمار کے قد جتنا مکئی کی کھال کا لے لو۔ اور ایک دفعہ الحمد شریف پڑھکر ایک گرہ دو۔ پھر ایک دفعہ پڑھکر دوسری گرہ دو۔ اسی طریق پر اکاون دفعہ پڑھکر اتنی ہی گرہیں دو۔ پھر وہ تعمہ بیمار کے گلے میں ڈال دو۔ بفضلہ تعالیٰ صحت ہو جائیگی

گلے کے درد کیلئے ایک شنبہ کو باوضو ہو کر حسب ذیل نقش تحریر کرو۔ اور بیمار کے گلے میں باندھ دو۔ بفضلہ تعالیٰ درد دور ہو جائیگا

نقش :- بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مُنْهَا خَلَقْنٰكُمْ وَفِيْهَا نُعِيْدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰى كٓهٰيٰعٓصٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ

تسخیر کیلئے اگر کسی کو اپنی جانب ملتفت یا اپنی محبت میں اسیر یا تابع فرمان کرنا منظور ہو تو حسب ذیل نقش پُر کرکے نیچے اپنا مقصد تحریر کرو۔ اور نقش کو کسی سنگ گراں کے نیچے رکھو۔ یا اپنی ران سے باندھ لو نقش پُر کرنے کے دوران میں کسی سے کلام نہ کرو۔ نقش ۷۸۶

۱۰	۲	۸
۴	۷	۹
۶	۱۱	۳

یَا بَدُّوْحُ بَدُّوْحَتْ مِنَ الْبُدُّوْحِ رُفِّ الْبَدُّوْحُ بَدُّوْحِكَ یَا بَدُّوْحُ

اگر کوئی شخص اس نقش کو پگڑی کے اندر یا ٹوپی کے نیچے رکھ کر کسی کے سامنے جائیگا تو وہ شخص اسکا تابع فرمان ہو جائیگا۔ جب نقش پُر کرچکو تو اس پر یا بَدُّوْحُ بَدُّوْحَكَ بیس دفعہ پڑھ کر دم کرو۔

شب کوری کیلئے اگر کوئی شخص شب کوری میں مبتلا ہو یعنی اُسے رات کیوقت کچھ نظر نہ آتا ہو تو بکری کا کلیجہ لو اور اسے سات ٹکڑوں میں تقسیم کرکے بھون لو۔ پھر ہر ٹکڑے پر تین دفعہ سورہ اخلاص پڑھ کر دو۔ بفضلہ تعالیٰ شفا ہو جائیگی

رشتے کیلئے اگر کوئی شخص اپنے بیٹے کیلئے کسی بیٹی کا آرزومند ہو لیکن بیٹی والا راضی نہ ہو۔ تو اسے چاہیئے کہ حسب ذیل طلسم پگڑی میں باندھ کر بیٹی والے کے پاس جائے بفضلہ تعالیٰ وہ راضی ہو جائیگا

طلسم :- ھـ ۱۸ ا ا ط ا ا ھ ۲۲ ا ا ا

ا ا دام کا ھ ا ا ط ۸ کہ ا ا ع

امساک کیلئے حسب ذیل نقش پُر کرکے صحبت کرنے کے وقت کمر سے

باندھ لو۔ جب تک اسے نہ کھولوگے فراغت نہ ہوگی

نقش:-

ر	لی	ط	س	ر
ر	ھو	صلح	ر	ح
لو	ع	ر	د	ھے
ح	ح	ھ	ط	ر

کم شدہ مویشی کیلئے

اگر کسی کا مویشی گم ہو جائے تو سات دفعہ سورہ والضحیٰ پڑھکر انگشت شہادت اپنے سر کے ارد گرد پھیرے۔ اسے سر کے گرد پھیر چلنے کے بعد سات دفعہ حسب ذیل اسم پڑھے اور دروازہ کھٹکھٹا دے۔ بفضلہ تعالیٰ آپ ہی آپ چلا آئیگا۔ اسم

اَصْبَحْتُ فِیْ اَمَانِ اللّٰہِ وَاَمْسَیْتُ فِیْ جِوَارِ اللّٰہِ وَاَمْسَیْتُ فِیْ اَمَانِ اللّٰہِ وَاَصْبَحْتُ فِیْ جِوَارِ اللّٰہِ اِبْرَاصًا صَبُوْرًا صَغُوْرًا ۔

ڈر دُور کرنے کیلئے

اگر کسی افسر وغیرہ سے ڈر آئے تو ہاتھ بند کر کے کہلیعۃ سے کفیت تک حسب ذیل عمل پڑھو ایک ایک حرف پر اُنگلی کھول دو۔ داہنے ہاتھ سے شروع کر کے بائیں ہاتھ پر ختم کرو۔ پھر اسی طرح ہاتھ بند کر کے افسر کے پاس جاؤ اور وہاں جاتے ہی کھولدو

کھوئی ہوئی چیز کیلئے

اگر کوئی چیز کھو جائے یا چوری چلی جائے تو ایک سو انیس ۱۱۹ مرتبہ یاحفیظُ اور اکیس دفعہ حسب ذیل آیت پڑھو۔ بفضلہ تعالیٰ وہ چیز مل جائیگی

آیت:- یٰبُنَیَّ اِنَّہَا اِنْ تَکُ مِثْقَالَ حَبَّۃٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَکُنْ فِیْ صَخْرَۃٍ اَوْ فِی السَّمٰوٰتِ اَوْ فِی الْاَرْضِ یَاْتِ بِہَا اللّٰہُ ط

حصول مقصد کیلئے

اگر کوئی ضروری کام رُکا پڑا ہو۔ اور اسکے پورا ہونے سے اُمید بندھ جائے۔ تو نماز مغرب سے

فارغ ہو کر چار نفل دو سلام کے ساتھ پڑھو۔ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سو دفعہ آیت کریمہ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۝ اور مطلب کا خیال دل میں رکھو۔ اس طرح پر چار رکعتیں پوری کر کے دُعا مانگو بفضلہ تعالیٰ ایک ہفتے تک یہ عمل جاری رکھنے سے مقصد حاصل ہو جائیگا۔

کشائش رزق اور آنحضرتؐ کی زیارت کیلئے

اکتالیس روز تک گیارہ ہزار دفعہ یہ درود شریف اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّھَا النَّبِیُّ پڑھو۔ زکوٰۃ ادا ہو جائیگی۔ اسکے بعد گیارہ سو دفعہ ہر روز پڑھتے رہو۔ بفضلہ تعالیٰ الرزق میں فراخی ہو جائیگی اور آنحضرتؐ کی زیارت نصیب ہوگی۔

برکت روزی اور رجوع خلائق کیلئے

اگر کوئی شخص روزانہ حسب ذیل نقش پڑھ کر کے بتی بنا کر چراغ میں جلائیگا۔ تو بفضلہ تعالیٰ روزی میں برکت ہوگی اور ساری مخلوقات تابع فرمان ہو جائیگی۔ ملک ملک کے باشندے بلا شناسائی اسے دیکھ کر محبت اور ہر قسم کے آدمی اس کی جانب رجوع کریں گے۔ نقش:-

۱۶	۲۲	۲۲	ب
۳۰	۸	۱۲	۲۲
۸	۴۶	۱۸	۱۲
۲۰	۱۰	ح	۲۴

فلاں بن فلاں بنت فلاں (اپنا اور اپنے والد کا نام لکھو)

ولادت فرزند کیلئے

اگر کوئی شخص بیٹے کی نعمت سے محروم ہو۔ تو جب اسکی بیوی تین حیض سے پاک ہو جائے اسے حسب ذیل نقش کھلائے۔ پہلا ہی نقش کھانے سے وہ حاملہ ہو جائیگی۔ ورنہ دوسری دفعہ ضرور حاملہ ہو جائیگی۔ اور خدا تعالیٰ کا عنایت کرے گا۔ یہ تینوں نقش

گلاب مشک اور زعفران سے لکھنے چاہئیں ۔

نقش اوّل :- بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ۔ بِسْمِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَالنُّوْرَ ۔ ثُمَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا بِرَبِّھِمْ یَعْدِلُوْنَ ۝ ھُوَ الَّذِیْ خَلَقَکُمْ مِّنْ طِیْنٍ ثُمَّ قَضٰٓی اَجَلًا وَاَجَلٌ مُّسَمًّی عِنْدَہٗ ثُمَّ اَنْتُمْ تَمْتَرُوْنَ ۝

نقش دوم :- بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَالنُّوْرَ ۔ ثُمَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا بِرَبِّھِمْ یَعْدِلُوْنَ ۔ ھُوَ الَّذِیْ خَلَقَکُمْ مِّنْ طِیْنٍ ثُمَّ قَضٰٓی اَجَلًا وَاَجَلٌ مُّسَمًّی عِنْدَہٗ ثُمَّ اَنْتُمْ تَمْتَرُوْنَ ۝ وَھٰذَا اَدْعُوْنِیْ اَسْتَجِبْ لَکُمْ ۔ اَللّٰھُمَّ بِحَقِّ یَا مَالِکَ یَوْمِ الدِّیْنِ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ وَکَانَ اللّٰہُ غَفُوْرًا رَّحِیْمًا وَکَانَ اللّٰہُ عَزِیْزًا حَکِیْمًا ۔ وَذَالِکَ ھُوَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ۝

نامردی رفع کرنیکے لئے

اگر کوئی شخص جادو وغیرہ کے اثر سے اپنی بیوی کے ساتھ جماع کرنے میں کامیاب نہ ہو سکے تو اُسے چاہیئے کہ بیری کے سات ہرے پتے لیکر انہیں دو پتھروں سے پیس کر پانی میں ملا کر قل سے شروع ہونے والی سورتیں اور آیت الکرسی پڑھنے کے بعد دم کر کے پھر تین مرتبہ اس میں سے چائے نے اور باقی سے نہالے ۔ بعض کا یہ بھی بیان ہے کہ اگر حسب ذیل آیت شیشے کے برتن میں لکھ کر اسکا پانی ایسے شخص کو پلایا جائے جو بیوی سے صحبت کرنے پر قادر نہ ہو۔ تو بفضلہ تعالیٰ اس میں قوت مردمی پیدا ہو جائیگی ۔ آیت اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں ۔

وَتَرَکْنَا بَعْضَھُمْ یَوْمَئِذٍ یَّمُوْجُ فِیْ بَعْضٍ

رفع درد کیلئے

جس مقام پر درد ہو۔ اسے مضبوطی سے پکڑ لو۔ اور بسم اللہ کہے بغیر سات دفعہ سورہ الم ترکیف پڑھ کر دم کرو بفضلہ تعالیٰ درد جاتا رہے گا

روزانہ اور تیسرے بخار کیلئے

سات دفعہ سورہ الم نشرح پڑھ کر روٹی پر دم کرو۔ اور اسے بیمار کے کان میں رکھو۔ بفضلہ تعالیٰ بخار ہمیشہ کیلئے ٹوٹ جائیگا

چندری کیلئے

ایک دھاگا لے کر اس پر قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ دو دو سات دفعہ پڑھ کر سات گرہیں دو۔ پھر اسے بیمار کے گلے میں باندھ دو۔ بفضلہ تعالیٰ صحت ہو جائیگی

درد حیض دور کرنے کیلئے

اگر کسی عورت کو حیض آتے وقت درد ہوتا ہو تو حسب ذیل نقش تحریر کر کے شربت بادام خالص شہد میں ملا کر اسے تین دن لگاتار پلاؤ ۔ بفضلہ تعالیٰ جلد شفا ہو گی نقش یہ ہے

یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا نُوْرُ حم اللّٰہ حم اللّٰہ حم اللّٰہ حم اللّٰہ حم اللّٰہ یَا نُوْرُ یَا بَصِیْرُ یَا بَصِیْرُ اللّٰہِ یَا بَصِیْرُ اللّٰہِ یَا لَطِیْفُ یَا شَافِیْ یَا کَافِیُ اللّٰہُ کَافِیْ یَا نُوْرُ ۔

بے اولاد عورت کیلئے

جس عورت کے بچہ نہ پیدا ہوتا ہو اسے چاہیئے کہ حسب ذیل آیت تین مہینے تک لگاتار گھول کر پیئے۔ حیض کے دنوں میں ترک کر دے اور پھر شروع کرے۔

آیت :- اِنَّ اللّٰہَ لَا یَخْفٰی عَلَیْہِ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ ھُوَ الَّذِیْ

یَصِیْرُکُمْ فِیْ اَحْسَنِ تَقْوِیْمٍ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ شَطْ

آیت کریمہ پڑھنے کی ترکیب آیت کریمہ: لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۝ یہ آیت کریمہ ہر کام اور ہر مشکل کیلئے بے حد مفید ہے ۔

اس حضرت کا ارشاد ہے کہ جو مسلمان جس مقصد کیلئے آیت کریمہ کا ورد کریگا ۔ بفضلہ تعالیٰ اُسے وہ مقصد حاصل ہو جائیگا ۔ یہ دُعا آزمودہ اور نہایت زود اثر ہے ۔ پڑھنے کی ترکیب یہ ہے :

ہر روز بارہ ہزار دفعہ..... بارہ دن تک پڑھو ۔ اگر یہ ممکن نہ ہو تو روزانہ بارہ سو دفعہ چالیس دن تک پڑھو ۔ پہلے اور بعد میں چند بار درود شریف پڑھنا بھی ضروری ہے ۔

دوسرا طریق یہ ہے کہ گیارہ دن میں سوا لاکھ تعداد پوری کرو ۔ بفضلہ تعالیٰ مشکل حل اور مقصد حاصل ہو جائیگا ۔

جادو کا اثر دُور کرنے کیلئے اگر کسی شخص پر جادو کر دیا گیا ہو تو اسے حسب ذیل اسم چینی کے سفید برتن میں تحریر کر کے ایک ہفتہ تک پلاؤ ۔ بفضلہ تعالیٰ جادو کا اثر زائل ہو جائیگا ۔

اسم :- یَا حَیُّ حِیْنَ لَا حَیَّ یَا دَیُّوْمُ یَا قَیُّوْمُ یَا حَیُّ

بعد ازاں الحمد شریف لکھو ۔ اور اس برتن کو دھو کر پلا دو ۔ ایک ہفتہ لکھو اور ایک ہفتہ پلاؤ ۔ بفضلہ تعالیٰ سخت سے سخت جادو بھی باطل ہو جائیگا ۔

استخارہ وضو کر کے پاکیزہ کپڑے پہنو ۔ اور خوشبو لو ۔ اور قبلہ کی طرف رُو بقبلہ ہو کر دائیں کروٹ پر لیٹو ۔ پھر سات دفعہ سورہ والشمس سات دفعہ سورہ واللیل اور سات دفعہ سورہ اخلاص پڑھنے کے بعد ہاتھ اُٹھا کر یوں دعا مانگو ۔ کہ اے اللہ مجھے میرے خواب میں اچھا دکھائے ۔ میری اس حالت میں فراخی اور کشائش کر دے ۔ اور میرے خواب میں وہ

شے دکھا دے جس سے میری دُعا مستجاب ہو جائے ۔ بفضلہ تعالیٰ اسی رات یا دوسری یا زیادہ سے زیادہ تیسری رات معلوم ہو جائیگا ۔

محبت اور تسخیر کیلئے اگر یہ منظور ہو کہ فلاں شخص تمہاری طرف رجوع کرے اور مہربانی سے پیش آئے تو اصحاب کہف کے نام تحریر کر کے نیچے مطلوب کا نام معہ ولدیت اور اپنا نام ولدیت اس طرح تحریر کرو :- اللّٰھُمَّ بِحُرْمَتِ یَمْلِیْخَا مَکْسِیْنَا کَشْطُوْطَ تَبْیُوْنُس کَشَاطُوْطَ یُوْنُس ۔ اَذِیْفَت ۔ یُوْنُس وَکَلْھُم قِطْمِیْر وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ اَجْمَعِیْنَ ۝ اُحْبُبْ فُلَاں بْن فُلَاں عَلٰی الْحُبِّ فُلَاں بْن فُلَاں اپنے دائیں بازو پر باندھ لو ۔

رفع حاجات و حل مشکلات کیلئے اگر کوئی شخص حسب ذیل اسم بارہ سو دفعہ بارہ دن تک پڑھ لیگا تو بفضلہ تعالیٰ اس کی سب حاجتیں پوری ہو جائیں گی ۔

اسم :- یَا بَدِیْعَ الْحَجَائِبِ یَا مُجِیْبَ یَا بَدِیْعُ ۔

اگر کوئی شخص نوچندی جمعرات سے شروع کر کے اس اسم کو ہر روز عشا کی نماز کے بعد سات ہزار دفعہ پڑھے گا اور چالیس دن تک یہ عمل جاری رکھیگا پھر حلقہ ختم ہونے پر تین ہزار دفعہ یا ایک ہزار دفعہ یا سو سو دفعہ ہمیشہ پڑھا کریگا تو بفضلہ تعالیٰ اس کی تمام دینی و دنیوی حاجتیں پوری اور مشکلیں حل ہو جائیں گی ۔ مکہ معظمہ کے مفتی حضرت سید عبداللہ حنفی کا ارشاد ہے ۔ کہ اس عمل کے طفیل سات سو اشخاص ولایت کے مرتبے پر فائز ہوئے ہیں ۔ اگر کسی ایسے بیمار کیلئے جو بالکل لاعلاج ہو چکا ہو ۔ اور کسی طرح مستجاب نہ ہوتا ہو تو چالیس دن تک بارہ سو دفعہ یَا بَدِیْعَ الْبَعَائِثِ یَا شَفَّاءُ یَا بَدِیْعُ پڑھو ۔ بفضلہ تعالیٰ شفا ہو جائیگی ۔

رجوعات کیلئے اگر کوئی شخص حسب ذیل اسم ہر روز ایک سو گھڑا لیس

دفعہ یا سات سو مرتبہ پڑیگا تو سب مخلوقات اس کی طرف رجوع کریگی ۔ اسم۔
یَا بُدُّوحُ تَبَدَّوحَتْ مِنَ الْبَدُّوحِ فِی الْبَدُّوحِ بَدُّوحَتْ یَا مُبَدُّوحُ ۔

دل کی روشنی کیلئے جو شخص حسب ذیل دعا ہر روز ہر نماز کے بعد دس دفعہ پڑھیگا بفضلہ تعالیٰ اسکا دل نور ربانی سے روشن ہو جائیگا ۔ اَللّٰھُمَّ نَوِّرْ قَلْبِیْ بِنُوْرِ مَعْرِفَتِکَ ۔

نجات کیلئے دعا اگر کوئی شخص حسب ذیل دعا سات دفعہ صبح کی نماز اور سات دفعہ شام کی نماز کے بعد پڑھیگا۔ اور اسی دن انتقال کر جائیگا ۔ تو اسکا نام شہیدوں کی فہرست میں شامل کیا جائیگا ۔ دعا :- اَللّٰھُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّارِ ۔

پھلبہری کیلئے اگر کوئی شخص پھلبہری یا کوڑھ کے مرض میں مبتلا ہو ۔ تو سے چاہیئے کہ حسب ذیل دعا کو سات دفعہ اپنی پر دم کر کے اُسے مٹی کے لوٹے میں ڈالدے ۔ اور ایک ہفتہ یا چالیس دن تک وہ دم کیا ہوا پانی پیئے ۔ بفضلہ تعالیٰ صحت نصیب ہو جائیگی ۔ دعا :-
لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ۔ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْحَقُّ الْقَیُّوْمُ ۔ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْوَاسِعُ الْکَرِیْمُ ۔ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ۔ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مَالِکُ یَوْمِ الدِّیْنِ ۔ بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ۔

حاجت پوری ہونے کیلئے عصر کی نماز کے بعد سورج چھپنے تک ذیل کا اسم جتنی دفعہ پڑھا جا سکے پڑھو ۔ بفضلہ تعالیٰ تمام حاجتیں پوری ہو جائیں گی ۔ اسم۔ یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ اگر یہی اسم ہر روز پانچ تسبیح کی تعداد میں پڑھو گے تو بیمار کو صحت نصیب ہوگی

رزق کی فراخی اور روزگار کے حصول کیلئے اگر کوئی شخص روزگار

کے باعث پریشان ہو اور ملازمت وغیرہ کے متعلق اس کی سازی کوششیں ناکام ہو چکی ہوں ۔ تو اسے چاہیئے کہ ہر روز پہلے اور بعد میں گیارہ دفعہ درود شریف کے ساتھ حسب ذیل آیت تین ہزار تین سو دفعہ چھ دن تک پڑھے ۔ بفضلہ تعالیٰ بہت جلد ملازمت وغیرہ کا انتظام ہو جائیگا ۔ آیت :-

ہر مقصد کیلئے اگر کوئی شخص پہلے اور بعد میں گیارہ گیارہ دفعہ درود شریف کے ساتھ گیارہ سو دفعہ روزانہ اکتالیس دن تک حسب ذیل اسم کا ورد کریگا ۔ تو اس کا ہر مقصد پورا ہوگا ۔ اسم :-
یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ ۔

بچے کا رونا بند کرنے کیلئے اگر کسی کا بچہ بہت زیادہ روتا ہو ۔ تو حسب ذیل دعا کاغذ پر تحریر کر کے اسکے گلے میں باندھ دو ۔ بفضلہ تعالیٰ وہ پھر نہیں روئے گا ۔ دعا :-

چندری کیلئے خواہ کسی شخص کو کسی قسم کی چندری [illegible] پہلے اور بعد میں تین تین دفعہ درود شریف پڑھ لیا کرے ۔ بفضلہ تعالیٰ چندری پر دم کرنے سے [illegible] جائیگا ۔ اسم :-
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ ابر سرخ بر آمد ۔ باران سرخ بارید ۔ گیاہ سرخ بر رست ۔ تر سرخ بچرید ۔ خدائے ما بزرگ است ۔ تو نیز بزرگ شو ۔ محمد رسول اللہ صلعم از جہاں برفت تیز برو

پھوڑے پھنسی کیلئے اگر کسی شخص کا پھوڑا کسی طرح بھی اچھا نہ ہوتا ہو ۔ تو پہلے اور بعد میں تین تین مرتبہ درود شریف کیساتھ حسب ذیل اسم پڑھو ۔ ہفتہ بھر میں عمل کرنے کے بعد بفضلہ تعالیٰ خود بخود پھوڑا چھوٹا ہو جائیگا ۔ اسم :- بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ کہ کردنی ۔ بر بردنی آبروئی خشک نرو ۔ محمد الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم از جہاں برفت ۔ تو نیز برو

عورت کے دودھ کی زیادتی کیلئے اگر کسی عورت کا دودھ بہت کم ہو ۔ تو تین دفعہ حسب ذیل

آیت پڑھکر نمک پر دم کرو۔ اور عورت کو کسی کھانے میں ملا کر دو۔ انشاء اللہ دودھ میں اس قدر زیادتی ہو جائیگی کہ چار بچوں کے پینے سے بھی اس میں کمی نہ آئے ؛ آیت :۔ مَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِيْ كُلِّ سُنْۢبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ وَاللّٰهُ يُضٰعِفُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ

محبت کیلئے پہلے اپنے ناخن اُتار کر جلادو۔ پھر اس راکھ پر ستر دفعہ حسب ذیل آیت پڑھو۔ اور کسی طرح وہ راکھ محبوب کو کھلا دو۔ بفضلہ تعالیٰ محبوب آتش محبت سے بیتاب ہو جائیگا ؛ آیت

اِنَّهٗ مِنْ سُلَيْمٰنَ وَاِنَّهٗ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلَّا تَعْلُوْا عَلَيَّ وَاْتُوْنِيْ مُسْلِمِيْنَ ۝

میاں بیوی میں محبت پیدا کرنے کیلئے اگر میاں بیوی میں نااتفاقی رہتی ہو تو حسب ذیل نقش پڑکر کے دونوں کو پلاؤ۔ بفضلہ تعالیٰ ان میں محبت اور اتفاق پیدا ہو جائیگا

نقش :۔

۷۸۶

۶۱۶۵۳	۶۱۶۴۸	۶۱۶۵۵
۶۱۶۵۴	۶۱۶۵۲	۶۱۶۵۰
۶۱۶۴۹	۶۱۶۵۶	۶۱۶۵۱

محبت کیلئے عروج ماہ میں شب جمعہ کو حسب ذیل عمل شروع کرو۔ روزانہ چالیس بار چار دن تک پڑھو۔ اور شروع سے آخر تک معشوق کا تصور کئے رہو۔ گویا وہ سامنے بیٹھا ہے۔ معشوق خود تم پر عاشق ہو کر دیوانہ وار پے قرار ہو جائیگا۔ اور تم اپنے مقصد میں کامیاب ہو گے۔ محبت کیلئے یہ عمل نہایت زود اثر ہے۔ نیت کا ہونا اور گوشت وغیرہ سے پرہیز لازمی ہے ؛

عمل :۔ الٰہی بحرمت جبرئیل و میکائیل و اسرافیل و توریت موسیٰ و انجیل عیسیٰ و قرآن محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ؛

محبت کیلئے اگر کوئی شخص شب جمعہ کو چودہ دفعہ حسب ذیل آیت پڑھ کر کسی

مٹھائی یا پھل پر دم کر کے معشوق کو کھلائے تو بفضلہ تعالیٰ وہ تابع فرمان ہو جائے گا۔ آیت : يُحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهٗ اَعِزَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ يُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا يَخَافُوْنَ لَوْمَةَ لَآئِمٍ ؛

محبت کیلئے اگر کوئی شخص حسب ذیل نقش پڑکر کے معشوق کے گھر میں دبا دیگا تو وہ بیتاب ہو کر معشوق کے قدموں پر گر پڑیگا ؛ نقش :۔

۷۸۶

۱۴	۱۰	۴	۱۷
۵	۱۶	۱۹	۱۸
۱۱	۶	۱۹	۹
۱۸۱۸	۱۲	۱۸۰	۷

دشمنی کیلئے اگر دو شخصوں میں پھوٹ ڈالنا چاہو تو ہر روز ایک ایک سنگریزے پر سورۂ انا اعطینا۔ ۔ ۔ الخ پڑھکر دم کرو۔ اور ان کے گھر میں پھینک دو۔ چالیس دن تک یہ عمل جاری رکھو۔ کامیابی ہوگی ؛

دشمنی کیلئے اگر ایک شخص کو دوسرے سے برگشتہ کرنا چاہو تو حسب ذیل نقش پڑکر کے پانی میں گھول کر اُسے پلا دو۔ اور پلانے سے پہلے ستر دفعہ یہ کہو :۔


اَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ :۔ تین دن تک یہ عمل جاری رکھنے سے وہ شخص دوسرے سے برگشتہ ہو جائیگا ؛

۳۳	۳۰	۵۹	۵۶
۶۰	۵۵	۲۳	۳۹
۵۲	۵۷	۳۲	۲۰
۳۰	۲۶	۵۴	۵۸

دشمن کو ہلاک کرنے کیلئے اگر کوئی شخص دشمن کو ہلاک کرنا چاہے تو حسب ذیل نقش پڑکر کسی کنوئیں میں دبا دے اور

نتیجے کا انتظار کرے۔ نقش:-

شیر سمان



زبان بندی کیلئے اگر کوئی شخص ہزار دفعہ حسب ذیل آیت شریف کا ورد کر لیگا تو بفضلہ تعالیٰ دشمن کی زبان بند ہو جائیگی۔ آیت شریف

اَللّٰہُ لَطِیْفٌۢ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ وَھُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ ۝

زبان بندی کیلئے اگر کوئی شخص حسب ذیل آیت شریف لکھ کر کسی تنگ گڑھا کے نیچے دبا دے۔ تو بفضلہ تعالیٰ دشمن کی زبان بند ہو جائیگی۔ آیت شریف:-

فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۝ ۳۳۳ د ۳۳ ب ۳۳ ط ۳۳

لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ۝ اَنَا اُحِبُّھُمْ بِحُبِّھِمْ مُحَمَّدٍ ﷺ فَھُمْ لَا یَفْقَھُوْنَ ۝ مُحَمَّدٌ ﷺ عَلَی نَفْسِہٖ کَاَنَّھُمْ یُقْتَلُوْنَ ۝

محبت کیلئے اگر کوئی شخص حسب ذیل کلام ۱۲۵ دفعہ پڑھ کر کسی مٹھائی پر دم کر کے محبوب کو کھلائے تو وہ آتش محبت سے بیتاب ہو جائیگا۔ کلام:- اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ ۝

محبت کیلئے سورۂ اخلاص کا آزمودہ نقش

اگر کوئی شخص حسب ذیل نقش لکھ کر کے انار کے درخت سے باندھ دے تو محبوب بیتاب ہو کر چلا آئیگا۔ اگر رات کو سوتے وقت یہ نقش تکیے کے نیچے


رکھ لو تو بھی محبوب ہمارا اُٹھیگا ۔ نقش:-

۱	قل	ھو	اللہ	احد	اللہ	الصمد	لم	یلد
۲	ھو	اللہ	احد	اللہ	الصمد	لم	یلد	ولم
۳	اللہ	احد	اللہ	الصمد	لم	یلد	ولم	یولد
۴	احد	اللہ	الصمد	لم	یلد	ولم	یولد	ولم
۵	اللہ	الصمد	لم	یلد	ولم	یولد	ولم	یکن
۶	الصمد	لم	یلد	ولم	یولد	ولم	یکن	لہ
۷	لم	یلد	ولم	یولد	ولم	یکن	لہ	کفوا
	یلد	ولم	یولد	ولم	یکن	لہ	کفوا	احد

محبت کیلئے حسب ذیل آیت کو روزانہ وقت ہبوط بیشمار مرتبہ پڑھو۔ نیز اس کا تعویذ بنا کر اور اس پر عاشق و معشوق اور ان کے والد کا نام تحریر کر کے انار کے درخت سے باندھو۔ بفضلہ تعالیٰ معشوق کھچا چلا آئیگا ۔ آیت:- قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَآءُ وَاللّٰہُ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ ۝ یَخْتَصُّ بِرَحْمَتِہٖ مَنْ یَّشَآءُ وَاللّٰہُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ ۝

تلی کیلئے آہنی کنگھی میں تھوڑی سی راکھ ڈالو۔ اور اس پر حسب ذیل نقش رکھنے کے بعد اوپر جلتے ہوئے کوئلے رکھ دو۔ پھر وہ کڑچھی تلی کے مقام پر رکھو۔ تین دن چار دن تک یہ عمل جاری رکھنے سے بفضلہ تعالیٰ تلی باقی نہیں رہے گی ۔

نقش :-



ذہن کی تیزی کیلئے

حسب ذیل نقش پُر کر کے کمزور ذہن والے شخص کو دیدو۔ اور یہ ہدایت کر دو۔ کہ علی الصباح نہار منہ مکھن کر پی جائے۔ تین دن تک یہ عمل جاری رکھنے سے بفضلہ تعالیٰ اس کا ذہن تیز ہو جائیگا ؛

نقش :-

بسم	اللہ	الرحمن	الرحیم
سمیع	یا اللہ	معکم	لی
یا سمیع	فما الوا	الھا	عالے

چیونٹیاں دُور کرنے کیلئے

اتوار کی شب کو نماز عشا سے فارغ ہو نیکے بعد پہلے اور بعد میں پندرہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ سو دفعہ قل ہو اللہ پڑھ کر حرمل کے دانوں پر دم کریں اور انہیں چیونٹیوں کے سوراخ میں ڈالدو۔ بفضلہ تعالیٰ مکان سے چیونٹیاں نیست و نابود ہو جائیں گی ؛

دردِ سر کیلئے

مرسل لے کر سورۂ مزمل پڑھو اور اسے کہ کر جانب سے پاؤں کی جانب پھیرتے رہو۔ پھر زمین پر دے ٹپکو۔ بفضلہ تعالیٰ درد دُور ہو جائیگا ؛

ناف گر جانے کیلئے

اگر کوئی شخص حسب ذیل نقش پُر کر کے ناف کے اوپر باندھیگا۔ تو بفضلہ تعالیٰ شکایت دُور ہو کر صحت ہو جائیگی ؛ نقش :-


الحمد للہ	رب العلمین	الرحمن الرحیم	مالک یوم الدین
ایاک نعبد	وایاک نستعین	اھدنا	الصراط
المستقیم	صراط الذین	انعمت	علیھم
غیر المغضوب	علیھم	ولا الضالین	آمین

دشمن کی بربادی کیلئے

زوال قمر کے دنوں میں کسی روز دوپہر کو قبرستان میں جاکر تین دفعہ آیت الکرسی پڑھو۔ اور اپنے اوپر دم کرو۔ بعد ازاں کسی قبر پر کھڑے ہو کر بسم اللہ کے بغیر ایک دفعہ سورۂ فیل پڑھو۔ اور اپنے دائیں پاؤں کے نیچے سے دو انگلیوں سے مٹی لیکر اس پر دم کرو۔ اسی طریق پر دوسری قبر پر کھڑے ہو کر سورہ وغیرہ پڑھکر مٹی اٹھاؤ۔ غرض اسی طریق پر بارہ قبروں سے مٹی اٹھاؤ۔ اور بارہ مرتبہ سورۂ الم نرکیف پڑھ کر اس مٹی پر دم کرو۔ پھر اسے دشمن کے گھر میں پھینک دو۔ بفضلہ تعالیٰ دشمن چند ہی روز میں تباہ و برباد ہو جائیگا ؛


مکھن کی زیادتی کیلئے

اگر دودھ سے مکھن کم نکلتا ہو تو حسب ذیل نقش انار کے درخت کیساتھ باندھ دیں بفضلہ تعالیٰ مکھن بہت زیادہ نکلے گا ؛ نقش :-



چوتھے بخار کیلئے

اگر کوئی شخص چوتھے بخار میں مبتلا ہو تو حسب ذیل نقش تحریر کر کے اس کے گلے میں باندھ دو بفضلہ تعالیٰ بخار ٹوٹ جائیگا ؛ نقش :-



حاضرات کیلئے

دس سال یا اس سے کم عمر کے حسین وجمیل لڑکے یا لڑکی کو اپنے پاس بٹھالو۔ اور اس کے داہنے ہاتھ کے انگوٹھے پر ناخن کی جگہ سیاہی لگاؤ۔ اسکے خشک ہو جانے پر تیل لگاؤ۔ اور حسب ذیل نقش پڑھ کر کے درمیانی انگلی اور انگوٹھے کے درمیان پکڑانے کے بعد اس سے کہو کہ وہ نہایت غور سے ناخن کی طرف دیکھتا رہے۔ جب اُسے کچھ دکھائی دے تو اس سے جو چاہو معلوم کرلو۔ نقش :-

نقش

	۱۳۰	۱۳۰	۱۳۰	۱۳۰
۱۳۰ ح	۱۳۰	۱۳۰	۱۳۰	۱۳۰
۱۳۰ ح	۱۳۰	۱۳۰	۱۳۰	۱۳۰
	۱۳۰	۱۳۰	۱۳۰	۱۳۰

دردِ سر کیلئے

سب ذیل نقش سارے یا آدھے سر کے لئے نہایت سریع التاثیر ہے۔ نقش :-

یا بدوح	یا بدوح	یا بدوح	یا بدوح
۲	۴	۶	۸
یا بدوح	یا بدوح	یا بدوح	یا بدوح

حاضرات

اگر کوئی بات دریافت کرنا ہو۔ یا کوئی شے کھو گئی ہو تو حسب ذیل نقش تحریر کرو۔ ایک بالکل نئے مٹی کے دیئے میں سرسوں کا تیل ڈالو۔ اور نقش کو روٹی میں لپیٹ کر بتی بنانے کے بعد جلاؤ۔ پھر ایک دس سالہ خوبصورت لڑکے یا لڑکی کو سامنے بٹھا کر کہو کہ وہ نہایت غور سے بتی کی جانب دیکھتا رہے۔ اگر کچھ دکھائی دے تو اس سے جو چاہو معلوم کرو۔ نقش اگلے صفحہ پر :-

یکتانوس فاضلشاہ محمد شاہ میموں رنگی

۱۹	۲۲	۲۵۰	۱۲
۲۴	۱۳	۱۸	۱۳
۱۴	۲۷	۲۰	۱۷
۲۱	۱۶	۱۵	۲۶

یکتانوس فاضل شاہ محمد میموں رنگی العجل العجل العجل الساعۃ الساعۃ الساعۃ الوحا الوحا ایھا الجن سلیمان بن داؤد علیہ السلام فلاں بنت فلاں ہرکس کہ دزد باشد فلاں چیز بردہ است دریں فنیلہ حاضر شود ؛

زہریاد کیلئے

حسب ذیل نقش دو دفعہ تحریر کرو۔ ایک زہریاد کے بیمار کو پلادو اور دوسرا اُس کے گلے میں باندھ دو۔ بفضلہ تعالےٰ صحت ہو جائیگی۔ نقش :-

۳۰۰	۳۱۰	۳۰۳
۳۰۴	۳۰۱	۳۰۸
۳۰۹	۳۰۲	۳۰۲

مکھن کی زیادتی کیلئے

اگر کسی کی بکری گائے یا بھینس کے دودھ سے مکھن کم نکلتا ہو تو حسب ذیل نقش تحریر کرکے اس برتن کے گلے میں باندھ دو۔ جس میں دودھ ڈال کر مکھن نکالا جاتا ہے۔ بفضلہ تعالیٰ بہت زیادہ مکھن نکلے گا۔ نقش :-

یا جبرائیل				یا میکائیل
یا اسرافیل				یا عزرائیل

یا حضرت غوث الاعظم جیلانی و گیلانی محبوب سبحانی روشن ایں خانہ افروز کردانی ۔

بکری گائے بھینس کے دودھ کیلئے

اگر بکری یا گائے یا بھینس دودھ دیتے وقت شوخی کرے۔ اور ستائے۔ یا دودھ نہ دے تو حسب ذیل آیت پڑھ کر اسکے کھانے کی کسی چیز پر دم کر کے اسے کھلا دو۔ بفضلہ تعالیٰ وہ بڑے آرام سے دودھ دے گی ۔ آیت:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَالْبَقَرَ تَشَابَہَ عَلَیْنَا وَاِنَّا اِنْ شَآءَ اللّٰہُ لَمُہْتَدُوْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ

مویشی کے دردِ شکم کیلئے

اگر کوئی شخص سات دفعہ سورہ ثبت پڑھ کر پانی پر دم کر کے گھر یلو مویشی کو پلائے تو بفضلہ تعالیٰ اسکے پیٹ کا درد جاتا رہیگا ۔

مویشی کے درد شکم کیلئے

یا ھادی یا ھادی یا غفور پڑھ کر کسی چیز پر دم کر کے مویشی کو کھلا دو بفضلہ تعالیٰ صحت ہو جائیگی ۔

دکان کی بکری زیادہ کرنے کیلئے

اگر گاہک کم آنے کے باعث دکان کی بکری زیادہ نہ ہو تو حسب ذیل نقش پر کر کے روئی میں لپیٹ کر بتی بناؤ۔ اور چراغ میں ٹھانیں ڈال کر ہر روز جلاؤ۔ بفضلہ تعالیٰ خریداروں کی اس قدر کثرت ہوگی۔ کہ انہیں نپٹانا مشکل ہو جائیگی ۔ نقش:۔

۸۰۲۴	۸۰۲۷	۸۰۳۰	۸۰۱۶
۸۰۲۹	۸۰۱۷	۸۰۳	۸۰۲۸
۸۰۱۸	۸۰۳۲	۸۰۱۵	۸۰۲۱
۸۰۳۶	۸۰۳۱	۸۰۱۹	۸۰۲۱

غیب سے روزی

ہر روز ایک ہزار دفعہ حسب ذیل نقش پر کر کے۔ اور رات کو ہزار دفعہ مندرجہ ذیل اسماء کا ورد کر کے ایک

ہفتے تک شب و روز ایسا عمل کرنے کے بعد ہر روز پندرہ دفعہ اسماء پڑھو۔ بفضلہ تعالیٰ غیب سے روزی ملے گی ۔

۷۸۶

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۴	۹	۲

اسماء۔ اَتَیْتُ ھَبَالٍ تَبَیْتُ ھَبَالٍ حَبَیْتُ ھَبَالٍ اَقَیْدَتُ ھَبَالٍ ھَتَیْتُ ھَبَالٍ مَلَیْدَتُ ھَبَالٍ ۔

پستان کی سوجن کیلئے

اگر کسی عورت کے پستان سوج جائیں تو سات دفعہ بسم اللہ کے بغیر سورہ الم ترکیف پڑھو۔ اور عورت کا داہنا پستان سوج جانے کی صورت میں اپنے بائیں ہاتھ اور عورت کے بائیں پستان پر دم سوجانے کی صورت میں اپنے داہنے پستان پر دم کرو۔ بفضلہ تعالیٰ ورم دور ہو جائیگا۔ دوسرا عمل:۔

سونے دی سوئی روپے دی کنوت تھن ٹھلن جیسی دکھن کھرانی تے لوت

الٰہی برکت محمد مصطفےٰ ایہ چارے بھیماں بھوت

دو تین دفعہ یہ کلام پڑھ کر دم شدہ پستان کیطرف دم کرو۔ بفضلہ تعالیٰ آرام ہو جائے گا ۔

جادو کا اثر دور کرنے کے لئے

جس شخص پر جادو کیا گیا ہو۔ اسے حسب ذیل نقش پیالے میں تحریر کر کے گھول کر پلاؤ۔ تین ۳ دن تک یہ عمل جاری رکھنے سے بفضلہ تعالیٰ جادو کا اثر زائل ہو جائیگا۔

نقش

یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ
یا رحمٰن	یا کریم	یا اللہ	یا علے	یا رحمٰن	یا کمال
ام	بلیغ	علے	علی	علی	علی
غ	ع	مجید	ح	ی	ی
لا الٰہ	الا اللہ	محمد	رسول	اللہ	ام
علی	ولد	م	م	م	م

درد شقیقہ کیلئے

اگر کوئی شخص سات دفعہ حسب کلام پڑھ کر دم کرے تو بفضلہ تعالیٰ آدھے سر کا درد جاتا رہیگا۔ کلام کالی چیڑی گل بچھی کالا ہی پھل لکھا دے الٰہی برکت محمدؐ صاحب کے درد آدھا سر جاوے

گرنے والی دیوار کو سنبھالنے کے لئے

اگر کوئی شخص گرنے والی دیوار پر حسب ذیل کلام لکھ دیوے تو بفضلہ تعالیٰ نہیں گریگی

کلام:- الٰہی بحرمت معروف کرخی بھاذ سا لہا دیوار تر تی

قید سے رہائی حاصل کرنے کے لئے

قیدی کو چاہیئے روزانہ سو۱۰۰ مرتبہ یہ دُعا پڑھے:-

اَللّٰھُمَّ خَلِّصْنِیْ مِنَ الْقَیْدِ الشَّدِیْدِ بِحُرْمَةِ اَبِیْ یَزِیْدَ قُدِّسَ اللّٰہُ سِرَّہٗ ؛

اور ساتھ ہی حسب ذیل نقش مشک و زعفران سے پُر کر کے اپنی کلاہ یا دستار میں رکھے۔ بفضلہ تعالیٰ اُسے جلد رہائی مل جائے گی ؛

۷۸۶

۱۶	۱۰	۹		۳	۸۷۴
۴	۸۷۵	۸۷		۱۱	۸۷۲
۱۲	۶	۶	۸ ۱ ۸	۸۷۶	۱۸
		۷	۵ ۳		
		۲	۹ ۴		
۸۵	۱۹	۱۳		۷	۱
۸	۲	۸۷۳		۷	۱۴

میاں بیوی کی موافقت کیلئے

اگر میاں بیوی میں کشیدگی ہو جائے۔ تو حسب ذیل دو نقشوں میں سے ایک نقش وقت سعد کے گلاب اور زعفران سے مع چار نام کے پُر کر دے۔ اور نقش کی پچھلی طرف یہ کلام تحریر کر دے:-

یُحِبُّوْنَھُمْ کَحُبِّ اللّٰہِ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰہِ ؛

بیوی کو چاہیئے کہ نقش اپنے پاس رکھے۔ بفضلہ تعالیٰ کشیدگی رفع ہو کر باہم اتفاق اور محبت پیدا ہو جائیگی ؛ نقش:-

۷۸۶

۸	۴	۷	۱
۶	۲	۷	۵
۳	۹	۲	۶
۳	۵	۴	۸

۷۸۶

۸	۶	۴	۲
۲	۴	۶	۸
۶	۸	۲	۴
۴	۲	۸	۶

دکان کی ترقی کیلئے

اگر دکان میں بکری کم ہوتی ہو۔ تو حسب ذیل نقش بہ قاعدہ تکسیر پُر کر کے دکان کے اندر چسپاں کر دے۔ اور ایک نقش پُر کر کے پانی میں گھولنے کے بعد وہ

وہ پانی دکان کی سب چیزوں پر چھڑک دو۔ بفضلہ تعالیٰ برکت بہت زیادہ ہوگی ۔ نقش :-

فَاَنْتُمْ لَهٗ بِمُعْجِزِيْنَ الَّذِيْ بِهٖ يُعْلَمُ بِهٖ			
۱۵۷	۱۶۰	۱۶۳	۱۵۰
۱۶۲	۱۵۱	۱۵۶	۱۱۱
۱۵۲	۱۶۵	۱۵۸	۱۵۵
۱۵۹	۱۵۴	۱۵۳	۱۶۴

دردِ ناف کیلئے اگر کسی کی ناف گر جانے سے درد ہوتا ہو تو حسب ذیل نقش لکھ کر کے اسکے بازو پر باندھو۔ بفضلہ تعالیٰ ناف اپنی اصلی جگہ پر آجائیگی۔ دوسرے خیال سے نقش پر کرنا شروع کرو۔ اور فلاں کی جگہ بیمار کا نام لکھو ۔

۷۸۶

یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ	یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ	یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ
یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ	فلاں	یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ
یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ	یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ	یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ

ختمِ رسولی یعنی شہنشاہ کونین حضرت رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم کا ختم مبارک جو ہر حاجت پوری اور ہر مشکل حل ہو جانے کیلئے بیمثال ہے اگر ختم ہمیشہ پڑھا جائے تو دین اور دنیا کی تمام مشکلیں آسان ہو جائینگی۔ طریق یہ ہے :-

چند اشخاص باوضو ہو کر پاک صاف لباس پہن کر اور خوشبو لگا کر ایک محفل منعقد کریں۔ اور یہ پڑھیں۔ سو دفعہ بسم اللہ شریف۔ سو دفعہ درود شریف۔ سو دفعہ الحمد شریف۔ سو دفعہ کلمہ طیبہ۔ سو دفعہ کلمہ شہادت۔ سو دفعہ آمنت باللہ۔ سو

دفعہ استغفار۔ سو دفعہ آیت الکرسی۔ سو دفعہ آلٓمٓ۔ اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ۔ سو دفعہ یُسَبِّحُ لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ اَلْمَلِکِ الْقُدُّوْسِ الْعَزِیْزِ الْحَکِیْمِ۔ سو دفعہ قل ھو اللہ۔ سو دفعہ کلمہ تمجید۔ سو دفعہ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ۔ سو دفعہ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ اسکے بعد نہایت خضوع و خشوع سے بارگاہ قاضی الحاجات میں دعا مانگیں بفضلہ تعالیٰ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے طفیل ہر حاجت پوری ہو جائیگی ۔

صلوٰۃ الحاجات حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد ہے۔ کہ حاجت پوری یا مشکل حل ہونیکے لئے قضائے حاجات کی نیت سے چار رکعت نماز اس طریق پر ادا کریں۔ کہ پہلی رکعت سو دفعہ الحمد شریف اور لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ عَرَاقِیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ دوسری میں سو دفعہ رَبِّ اِنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ۔ تیسری میں سو دفعہ وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ۔ چوتھی میں سو دفعہ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ پڑھو ۔ پھر سلام پھیر کر سو دفعہ تَابَ اِلٰی مَعْبُوْدٍ فَانْتَصِرْ پڑھنے کے بعد انتہائی عجز و انکسار کے ساتھ حضرت تعالیٰ سے حاجت طلب کرے ۔

صلوٰۃ القلب اگر گناہوں کی ظلمت سے کسی کے دل پر سیاہی آچکی ہو اور وہ نیکیوں کی طرف رجوع نہ ہوتا ہو۔ تو اُسے چاہیئے کہ صلوٰۃ القلب کی نیت سے دو رکعت نماز اس طرح ادا کرے کہ ہر رکعت میں الحمد شریف کے بعد سورۃ اخلاص پڑھے۔ لیکن نماز کی نیت سے اخیر تک دل ہی دل میں پڑھے۔ زبان سے ایک حرف بھی نہ ہلنے پائے۔ سلام پھیر کر صمیم قلب سے ستر دفعہ استغفار پڑھے۔ اور اپنے پیر طریقت کا تصور کرے ۔

قرآن کریم کی سورتوں اور آیتوں کی خاصیتیں اور فضیلتیں

بسم اللہ شریف

عقبےٰ میں نجات | بسم اللہ شریف کے تمام حرفوں کی تعداد انیس ہے۔ اور دوزخ کے ملائکہ موکلین بھی انہیں ہی ہیں۔ تابرملت کا ارشاد ہے کہ جو شخص بسم اللہ کا ورد رکھے گا۔ اسے دوزخ کی آگ کی کچھ ڈر نہ ہوگا

عزت اور جلال | اگر کوئی شخص کثرت سے بسم کا وظیفہ کرے گا تو عالم بالا میں اسکی عزت اور توقیر بڑھ جاتی ہے۔ جو شخص سے چھ سو دفعہ تحریر کر کے اپنے پاس رکھیگا۔ لوگ اس سے مرعوب ہو جاتے ہیں۔ ایک بزرگ کا ارشاد ہے کہ جو شخص بسم اللہ کو سوا چھ سو دفعہ تحریر کر کے اپنے پاس رکھتا ہے خداوند تعالیٰ اسے عزت و جلال کے شرف سے بہرہ اندوز کرتا ہے۔ اور بفضلہ تعالیٰ اسے کوئی شخص ایذا نہیں دے سکتا۔ اسی بزرگ کا قول ہے کہ میں نے اسکا تجربہ کیا ہے اور خدا کا شکر ہے کہ اسے بالکل درست پایا

حاجت پوری | اکثر اکابر اسلام کا ارشاد ہے کہ اگر کوئی شخص نماز عشا سے فارغ ہو کر باوضو بارہ ہزار دفعہ بسم اللہ کا ورد کرے۔ اور ہر ایک ہزار کے بعد درود شریف پڑھ کر حاجت پوری ہونے کی دعا مانگے تو بفضلہ تعالیٰ اسکا دامن گل مراد سے بھر جائیگا

مقصد حاصل ہونا | بسم اللہ سات سو چھیاسی دفعہ پڑھو۔ پھر وہ دو رکعت

کر کے چھ رکعت نماز ادا کرو۔ ہر رکعت میں پندرہ پندرہ دفعہ الحمد شریف اور الم نشرح پڑھ کر حسب ذیل دعا مانگو۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِفَضْلِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ وَاَسْئَلُکَ بِعَظْمَۃِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَاَسْئَلُکَ بِجَلَالِ وَسَنَاءِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَاَسْئَلُکَ بِھَیْبَۃِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَبِجَبَرُوْتِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ وَبِجَبَرُوْتِ وَمَلَکُوْتِ وَکِبْرِیَاءِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَبِعِزَّۃٍ وَقُوَّۃٍ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اِرْفَعْ قَدْرِیْ وَیَسِّرْ اَمْرِیْ وَاَخْبِرْ کَسْرِیْ وَعَنْ فَقْرِیْ وَاَحْلِلْ عُسْرِیْ بِفَضْلِکَ وَکَرَمِکَ وَاَحْسِنْ بِکَ یَا مَنْ ھُوَ نَھْلَتُہٗ حٰمٓ عٓسٓقٓ الٓمٓ الٓمٓرٰ اِسْمُہُ الْاَعْظَمُ اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ الْاَکْرَمُ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ وَاَسْئَلُکَ بِجَلَالِ الْھَیْبَۃِ وَبِعِزَّۃِ وَاَسْئَلُکَ بِالْکِبْرِیَاءِ وَبِعَظْمَۃِ وَبِجَبَرُوْتِ الْقُدْرَۃِ اَنْ تَجْعَلَنِیْ مِنَ الَّذِیْنَ لَا خَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ۔ وَاَسْئَلُکَ بِحُسْنِ الْبَھَآءِ وَبِاَشْرِقْ فِیْ وَجْھِکَ الْکَرِیْمِ اَنْ تُدْخِلَنِیْ بِرَحْمَتِکَ فِیْ جَنَّاتِ النَّعِیْمِ یَا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ ۝

وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ ۝

بفضلہ تعالیٰ مقصد حاصل اور مراد پوری ہوگی ۔

مشکل حل ہونا | حضرت خطیب فرماتے ہیں کہ بسم اللہ شریف کے طفیل خداوند تعالیٰ نے حضرت آدمؑ کی توبہ قبول فرمائی بسم اللہ کی بدولت حضرت نوحؑ کا سفینہ جودی پہاڑ پر ٹھہرا۔ بسم اللہ کی برکت سے حضرت ابراہیمؑ کیلئے نار نمرود باغ بن گئی۔ بسم اللہ کی برکت سے حضرت موسیٰؑ نے فرعون کو نیچا دکھایا اور وہ کافر رود نیل میں ڈوب گیا۔ بسم اللہ کے سبب سے سب جن و پری حضرت سلیمانؑ کے زیر فرمان ہو گئے۔ بسم اللہ کی تاثیر سے حضرت عیسیٰؑ نے کوڑھیوں اور جنم کے اندھوں کو تندرست کیا۔ بسم اللہ

کے اعجاز سے شہنشاہ کونین حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے دین کو وسیع دشمنوں کو مغلوب اور شہروں کو فتح کیا۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے وعدہ فرمایا ہے کہ جو ایمان والا بسم اللہ پڑھ کر کوئی کام شروع کریگا۔ ہم اس میں برکت دینگے اور جو شخص مشکل کیوقت اسے پڑھیگا۔ ہم اس کی ہر مشکل آسان کر دینگے۔

ردّ بلا اگر کوئی شخص رات کو بستر پر لیٹتے وقت اکیس دفعہ بسم اللہ شریف پڑھ لے تو خدا اُسے شب بھر شیطان کے حملے سے محفوظ رکھیگا چور اس کا مال واسباب چُرانے نہیں پائیگا۔ اور وہ مرگ ناگہاں اور آفت سے محفوظ رہے گا۔

ظالم کو ذلیل ورسوا کرنا اگر کوئی شخص کسی ظالم کے روبرو بیٹھ کر اکیس دفعہ بسم اللہ شریف پڑھے تو ظالم کو ذلیل ورسوا کر دیتا ہے۔

رفع درد جس جگہ رسولی۔ غصبی یا اور کسی قسم کا درد ہوتا ہو۔ وہاں سو دفعہ بسم اللہ شریف پڑھ کر دم کرو۔ اور تین روز تک یہی عمل جاری رکھو۔ بفضلہ تعالیٰ صحت ہو جائیگی۔

محبت اگر کوئی شخص سات سو چھیاسی دفعہ بسم اللہ شریف پڑھ کر پانی کے پیالے پر دم کرے اور پانی کسی کو پلا دے تو پینے والا اس سے محبت کرنے لگے گا۔

مُراد بر آنا اگر کوئی شخص حصول نفع۔ دفع شر یا ترقی دکان وتجارت غرض کسی نیت سے بھی ہر روز سات سو چھیاسی دفعہ بسم اللہ شریف کا ورد کرے اور ایک ہفتہ تک یہ عمل جاری رکھے تو بفضلہ تعالیٰ اُس کی مُراد بر آئیگی۔

ذہن وحافظہ تیز کرنے کیلئے اگر کوئی شخص سات سو چھیاسی دفعہ بسم اللہ پڑھ کر پانی کے پیالے پر

دم کرے۔ اور اُس میں تھوڑا سا پانی سورج نکلنے کیوقت کسی کند ذہن کو پلا دے تو ایک ہفتہ تک یہ عمل جاری رکھنے سے اس کا ذہن تیز اور حافظہ قوی ہو جائیگا۔

خلقت کو مسخر کرنیکے لئے جمعرات کے دن روزہ رکھو۔ اور کشمش یا چھوہارے سے کھولے نماز مغرب سے فارغ ہو کر ایک سو اکیس دفعہ بسم اللہ پڑھو۔ پھر عشا کی نماز پڑھ کر بستر پر لیٹ جاؤ۔ اور حساب کتاب کے بغیر بسم اللہ پڑھتے جاؤ۔ یہاں تک کہ نیند آجائے۔ جمعہ کی صبح کو فجر کی نماز ادا کر کے ایک سو اکیس دفعہ بسم اللہ کا وظیفہ کرنے کے بعد اسے حروف مقطعات کی شکل میں کاغذ پر تحریر کرو۔ یعنی ب س م ا ل ل ر ح م ن ا ل ر ح ی م اور وہ کاغذ اپنے پاس رکھو۔ جس کام کو جس غرض اور جس مطلب کیلئے جانا چاہو۔ جاؤ بفضلہ تعالیٰ کامیابی نصیب ہوگی۔

صاحب عمل بزرگوں کا ارشاد ہے کہ وحدہٗ لاشریک کی قسم جو شخص اس عمل کرے گا وہ خلق خدا کی آنکھ کا تارا بن جائیگا۔ ہر شخص اسے عزت وقدر کی نگاہ سے دیکھیگا۔ اس کا وقار تسلیم کریگا۔ اسکی ہر بات مانے گا۔ افسر اسکے ساتھ ادب سے پیش آئیں گے۔ عام لوگ اسے سر آنکھوں پر جگہ دینگے۔

زراعت کی شادابی اگر کسی کاغذ پر ایک سو ایک دفعہ بسم اللہ شریف تحریر کر کے وہ کاغذ کھیت میں دبا دیا جائے تو فصل بہت اچھی ہوگی۔ پیداوار زیادہ ہوگی۔ اور تمام زمینی وآسمانی بلاؤں سے بچی رہیگی۔

بچوں کی سلامتی اگر کسی عورت کے بچے جیتے نہ رہیں۔ تو اکسٹھ دفعہ بسم اللہ شریف تحریر کر کے اسے دو کم تعویذ کیطرح اپنے پاس رکھے بفضلہ تعالیٰ اسکے بچے صحت وسلامتی اور ہر بلا سے محفوظ رہینگے۔

مچھلی کا شکار اگر شیشے کی تختی پر بسم اللہ شریف تحریر کر کے اُسے مچھیرے کے جال میں رکھ دیا جائے تو بہت زیادہ مچھلیاں آئیں گی ۔

دردِ سر رفع کرنے کیلئے کسی کاغذ پر اکیس دفعہ بسم اللہ شریف تحریر کر کے بیمار کے سر سے باندھو تو بفضلہٖ تعالیٰ درد رفع ہو جائیگا ۔

مُراد حاصل ہونا حضرت عبداللہ بن عمرؓ کا قول ہے کہ حصولِ مراد کے خواہشمند کو چاہیے کہ بدھ ۔ جمعرات ۔ جمعہ تین روزے رکھے ۔ جمعہ کو نہا کر جامع مسجد کی طرف روانہ ہو ۔ اور کچھ صدقہ خیرات پھر جمعہ کی نماز پڑھ کر یہ دعا مانگے :- اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاسْمِکَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗ اِلَّا بِاِذْنِہٖ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ وَمَا خَلْفَھُمْ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِہٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ کُرْسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَا یَئُوْدُہٗ حِفْظُھُمَا وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ وَاَسْئَلُکَ بِاسْمِکَ الْعَظِیْمِ الْاَعْظَمِ وَھُوَ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ الَّذِیْ عَنَتْ لَہُ الْوُجُوْہُ وَخَشَعَتْ لَہُ الْاَصْوَاتُ وَوَجِلَتْ مِنْ خَشْیَتِہِ الْقُلُوْبُ اَنْ تُصَلِّیَ وَتُسَلِّمَ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَاَنْ تَقْضِیَ حَاجَتِیْ فِی (اس مقام پر اپنا مقصد اور مدعا بیان کرے اسکے حصول کیلئے استدعا کرے) ذکر ہے کہ حضرت ممدوح فرمایا کرتے تھے یہ عمل عوام اور ناقابل اشخاص کو نہیں بتانا چاہیئے کیونکہ ممکن ہے کہ وہ اپنے مخالفین کے حق میں بددعا کرنا شروع کر دیں ۔ اور وہ جلد مستجاب ہو جائے ۔

ظالم کو مغلوب کرنے کیلئے حضرت شیخ ابوذیؒ کا ارشاد ہے کہ اگر کسی ظالم کو مغلوب کرنا چاہو ۔ تو، بسم اللہ کا حسب ذیل نقش سیسے کے پترے پر لکھو ۔ اور خالی خانوں میں اس ظالم کا نام تحریر کرو ۔

بِسْمِ	اللّٰہِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِیْمِ	..
اللّٰہِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِیْمِ	..	بِسْمِ
الرَّحْمٰنِ	الرَّحِیْمِ	..	بِسْمِ	اللّٰہِ
الرَّحِیْمِ	..	بِسْمِ	اللّٰہِ	الرَّحْمٰنِ
..	بِسْمِ	اللّٰہِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِیْمِ

پھر اس پترے کو لوہن اور ہینگ کی دھونی دو ۔ اور آہنگر کے آتشدان بھٹی یا چولھے کے پاس دبا دو کہ جہاں دائماً آگ جلائی جاتی ہو ۔ لیکن یہ خیال رہے کہ پترے تک آگ کا ذرا سا اثر بھی نہ پہنچنے پائے ۔ ورنہ خطرناک ہے ۔ اور سات سو دفعہ یہ دُعا مانگے :-

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاسْمِکَ الْعَظِیْمِ الْاَعْظَمِ وَھُوَ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ الَّذِیْ عَنَتْ لَہُ الْوُجُوْہُ وَخَشَعَتْ لَہُ الْاَصْوَاتُ وَوَجِلَتْ مِنْ خَشْیَتِہِ الْقُلُوْبُ اَنْ تُصَلِّیَ وَتُسَلِّمَ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَاَنْ تَقْضِیَ حَاجَتِیْ فِی (اس ظالم کا نام لو) اَللّٰھُمَّ اِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّہٗ یَرْجِعُ عَنْہُ فَاھْدِہٖ وَقِفْہُ وَاِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّہٗ لَا یَرْجِعُ عَنْہُ فَاَنْزِلْ عَلَیْہِ بَلَآءَکَ وَسَخَطَکَ وَغَضَبَکَ وَاَھْلِکْہُ پھر سات دفعہ کہو یَا قَاھِرُ یَا قَھَّارُ یَا قَادِرُ یَا مُقْتَدِرُ یَا اَللّٰہُ ۔ بفضلہ تعالیٰ وہ ظالم یا تو سیدھے راستے پر گامزن ہو کر انصاف سے کام لیگا ۔ یا ہلاک ہو جائیگا ۔

حافظہ قوی کرنے کیلئے اگر کوئی شخص ہر روز مہینے کے پاکیزہ برتن میں بسم اللہ شریف تحریر کر کے پانی میں گھولنے کے بعد کمزور حافظہ والے کو پلائے تو اس کا حافظہ مضبوط اور تیز ہو جاتا ہے ۔

ہر مرض کی دوا کیلئے خواہ کوئی شخص کسی بیماری میں مبتلا ہو ۔

سے چینی کے پاک صاف برتن میں بسم اللہ شریف بشکل حروف مقطعات تحریر کر کے بفضلہ تعالیٰ صحت ہو جائیگی۔ اگر نماز فجر کے وقت سنتوں اور فرضوں کے درمیانی وقفہ میں اکتالیس دفعہ بسم اللہ شریف پڑھ کر آشوب کے مریض کی آنکھوں پر دم کرے تو بفضلہ تعالیٰ آرام ہو جائے گا۔ بالخصوص جب پڑھ کر آنکھوں پر لعاب دہن بھی لگا دو۔

عقرب گزیدہ کیلئے

اگر کسی شخص کو بچھو کاٹ گیا ہو تو ایک پاک برتن میں تھوڑا سا پانی اور نمک کی ڈلی ڈالو۔ اور سات دفعہ بسم اللہ شریف پڑھ کر دم کرنے کے بعد اسے پلا دو بفضلہ تعالیٰ صحت ہو جائیگی ؛

دانتوں کا درد

ایک تختی پر تھوڑی سی ریت بکھیر کر میخ کی نوک سے اس پر یہ حرف تحریر کرو۔ ب ج د ہ و ز ح ط ی ہجا سے کہو کہ دکھنے والے دانت یا ڈاڑھ پر انگلی رکھے۔ پھر میخ کی نوک پہلے حرف پر رکھ کر اسے زور سے دبا دو۔ اور ایک دفعہ بسم اللہ شریف پڑھنے کے بعد بیمار سے پوچھو کہ درد جا رہا ہے۔ اگر وہ کہے نہیں تو دوسرے حرف پر میخ کی نوک رکھ کر تین مرتبہ بسم اللہ پڑھو۔ پھر اسی طریق پر بیمار سے پوچھ کر درد بند ہو جانے کی حالت میں اگلے حرف پر میخ کی نوک رکھ کر ایک ایک دفعہ زیادہ پڑھتے جاؤ۔ بفضلہ تعالیٰ ایک نہ ایک حرف پر پہنچ کر شفا ہو جائیگی۔ بیمار کا عقیدت رکھنا ضروری ہے ؛ آزمودہ ہے ؛

سر کا درد

حضرت عمر فاروقؓ کے زمانہ میں جب قیصر روم ان کے زیر اطاعت آگیا تو اس نے خلیفۃ المسلمین کی خدمت میں عریضہ بھیجا۔ کہ مجھے سر کے درد نے سخت تنگ کر رکھا ہے۔ اور کسی علاج سے فائدہ نہیں ہوتا۔ امیر المومنین نے ایک ٹوپی ارسال کر دی۔ ادھر قیصر نے اسے سر پر رکھا اُدھر درد کافور ہو گیا۔ اس پر وہ ششدر رہ گیا۔ دیکھا کہ ٹوپی

کے اندر محض بسم اللہ الرحمٰن الرحیم تحریر تھا۔ کہنے لگا یہ مذہب کیسا ہی اچھا ہے کہ جس کی ایک آیت نے مجھے تندرست کر دیا۔ اور اسی وقت اسلام قبول کر لیا ؛

زہر کا اثر دور کرنے کیلئے

حضرت خالدؓ نے ایک قلعہ کا محاصرہ کر رکھا تھا۔ جب اہل قلعہ مقابلہ کی تاب نہ لا سکے تو انہوں نے مجبور ہو کر عرض کی کہ ہم اس شرط پر اسلام قبول کرنے کو تیار ہیں اگر آپ اس کی حقانیت کی کوئی روشن دلیل دیں۔ حضرت خالدؓ نے فرمایا تم لوگ زہر ہلاہل سے بھرا ہوا ایک پیالہ لاؤ۔ کفار نے تعمیل ارشاد کی۔ تو آپ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر سارے کا سارا پیالہ پی گئے۔ اور زہر نے مطلق اثر نہ کیا۔ اس سے تمام کفار سچے دل سے حلقہ بگوش اسلام ہو گئے ؛

خدا کو خوش کرنے کیلئے

ایک کاغذ پر بسم اللہ لکھی ہوئی تھی۔ اور وہ زمین پر پڑا ہوا تھا حضرت بشر حافیؒ نے اسے اٹھا کر کچھ خوشبو خریدنے کے بعد اسے بخوبی معطر کیا۔ خواب میں انہیں باری تعالیٰ کی زیارت ہوئی۔ اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا یَا بِشْرُ طَیَّبْتَ اسْمِیْ کَمَا طَیَّبَ اِسْمُکَ فِی الدُّنْیَا ؛ یعنی اے بشر تم نے میرا نام خوشبودار کیا۔ میں دنیا میں تمہارا نام خوشبودار کرونگا ؛

سورہ فاتحہ

صلح اور اتفاق کرانا

اگر دو بھائیوں دوستوں یا میاں بیوی میں صلح اور اتفاق کرانا ہو۔ تو دونوں سے ایک کاغذ پر حسب ذیل کلمات زعفران اور گلاب سے تحریر کرو۔ اور مناسب مقام پر طرفین اور ان ماؤں کے نام لکھو۔ اس دوران میں لوبان اور عود کی دھونی دو۔ بالفرض تم حامد اور محمود میں صلح کرانا چاہتے ہو تو کلمات یوں تحریر کئے جائیں گے:۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ہ الحمد للہ رب العلمین یحمدہ حامد بن رقیۃ علی محمود بن زینب طاعۃ للہ ولفاتحۃ الکتاب الشریفۃ الرحمٰن الرحیم یوحمد حامد بن رقیۃ علی محمود بن زینب طاعۃ للہ ولفاتحۃ الکتاب الشریفۃ مالک یوم الدین اسئلک حامد بن رقیۃ محمود بن زینب طاعۃ للہ ولفاتحۃ الکتاب الشریفۃ ایاک نعبد حامد بن رقیۃ لمحمود بن زینب طاعۃ للہ ولفاتحۃ الکتاب الشریفۃ وایاک نستعین استعان حامد بن رقیۃ باللہ تعالیٰ ولفاتحۃ الکتاب الشریفۃ علی محمود بن زینب لیکون مطاوعا لموقعت ارادتہ فی الاقوال والافعال طاعۃ للہ تعالیٰ ولفاتحۃ الکتاب الشریفۃ اھدنا الصراط المستقیم اھتدے واستقام حامد بن رقیۃ لمحمود بن زینب استقامہ محبۃ وسماع قول طاعۃ اللہ تعالیٰ ولفاتحۃ الکتاب الشریفۃ، صراط الذین انعمت علیہم انعم حامد بن رقیۃ یجمع مالطلب منہ محمود بن زینب ویردہ طاعۃ للہ تعالیٰ ولفاتحۃ الکتاب الشریفۃ محبۃ وشفقۃ ومودۃ ورحمۃ وراحۃ غیر المغضوب

علیہم ولا الضالین۔ ضن حامد بن رقیۃ فی محبۃ محمود بن زینب طاعۃ اللہ تعالیٰ ولفاتحۃ الکتاب الشریفۃ آمین۔

وتزعنا ما فی صدورھم من غل (متقابلین) ولو انفقت ما فی الارض جمیعا (ناحکیم)

بعد ازاں اسکے درمیان میں ایک سوئی دار پار کر۔ اسے کسی ایسے اونچے مقام پر آویزاں کر۔ جو محبوب کیجانب سے آنے والی ہوا کی گزرگاہ ہو۔

آنکھ وغیرہ کا درد

اگر کوئی شخص صبح کی نماز کے وقت سنتوں اور فرضوں کے درمیان وقفے میں اکتالیس دفعہ الحمد شریف پڑھ کر آنکھ پر دم کریگا۔ تو بفضلہ تعالیٰ درد حاتا رہیگا۔ اور ہر قسم کا درد بھی اس عمل سے کافور ہو جاتا ہے

سفر میں امن اور سلامتی

جب کوئی شخص کہیں سفر جانے لگے تو اکتالیس دفعہ الحمد شریف پڑھ کر اس کیلئے دعا کرو۔ بفضلہ تعالیٰ سے سفر کے دوران میں کسی مصیبت کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا۔ اور وہ امن اور سلامتی سے رہیگا

قید سے رہائی

جو قیدی ایک سو گیارہ دفعہ الحمد شریف کا وظیفہ کرتے ہوئے ہر دس دفعہ پڑھنے کے بعد اپنی تھوڑی وغیرہ پر دم کریگا۔ بفضلہ وہ جلد رہا ہو جائیگا

مشکل حل ہونا

اگر کوئی شخص ہر روز صبح کے وقت اکتالیس دفعہ الحمد شریف کا وظیفہ کرے تو بفضلہ تعالیٰ نہایت امن اور سلامتی سے اسکی ہر مشکل حل ہو کر کشائش رزق نصیب ہوگی

پیاس دور ہونا

بیماری پانی کی کمی یا سفر کے دوران میں پیاس کا ڈر ہو تو علی الصبح الحمد شریف پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر پھونکنے کے بعد شکم و دہن پر پھیر لو بفضلہ تعالیٰ اس دن ذرا بھی پیاس محسوس نہ ہوگی

پلیگ سے شفا

اگر کوئی شخص اکتالیس دفعہ الحمد شریف مع بسم اللہ پڑھکر طاعون کے بیمار پر دم کرے تو بفضلہ تعالیٰ صحت ہو جائیگی۔ چنانچہ ایک دفعہ ملتان میں طاعون کا دور ہوا تو شیخ مینیؒ نے اپنے صاحبوں کو یہی عمل بتایا۔ جو تیر بہدف ثابت ہوا ہے

ہر بیماری سے صحت

الحمد شریف ایسی بابرکت اور سریع التاثیر سورت ہے کہ اس سے ہر مرض دور ہو جاتا ہے۔ چنانچہ حضرت رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ الفاتحہ شفاء کل داء۔ یعنی الحمد شریف ہر مرض سے صحت بخشتی ہے۔ نبا بریں اسے سورۂ شفا بھی کہتے ہیں۔ علامہ ابن قیمؒ فرماتے ہیں کہ ہر مرض کا کوئی نہ کوئی علاج ہے لیکن میں نے تمام بیماروں میں الحمد شریف کا نسخہ استعمال کیا ہے۔ ایک دفعہ میں عرصہ تک مکہ معظمہ میں مقیم رہا۔ اس دوران میں میں گوناگوں بیماریوں میں مبتلا رہا۔ ڈاکٹر حکیم معالج تھے۔ میں نے سوچا کہ الحمد شریف سے اپنا علاج کرنا چاہئے۔ چنانچہ میں نے اسی پر عمل کیا۔ اور اسی کا اثر دیکھ کر ششدر رہ گیا۔ میں دیگر اشخاص کو اسی علاج کا مشورہ دیتا ہوں تو بالعموم صحت ہو جاتی ہے

آیۃ الکرسی

آیۃ الکرسی کی فضیلتیں اور خاصتیں اس قدر زیادہ ہیں کہ حدیث شریف میں اسے قرآن شریف کی سب سے افضل آیت قرار دیا گیا ہے۔ اگر کوئی شخص ہر نماز کے بعد اس کا ورد کرے تو بلاشک وشبہ بہشت میں داخل ہوگا

کل ظہر جن دور کرنے کیلئے

آیۃ الکرسی دفعہ جنات کیلئے اکسیر کا حکم رکھتی ہے۔ چنانچہ امام غزالیؒ کا قول ہے کہ نبی کا فرمودہ اگر اپنی آپ بیتی یوں سناتا ہے۔ ایک دفعہ مجھے کھجوریں لینے کے سلسلے میں بصرہ جانے کا اتفاق ہوا۔ میں نے سوچا کہ یہاں کچھ دیر ٹھہرنا پڑیگا۔ اس لئے کوئی مکان کرایہ پر لے لینا چاہیئے۔ اسی دوران میں مجھے ایک ویران اور بے آباد عمارت نظر آئی جس میں جگہ بہ جگہ مکڑیوں نے جالے تن رکھے تھے۔ میں نے لوگوں سے اس مکان کے متعلق دریافت کیا۔ تو انہوں نے اسے بے آباد بتایا۔ پھر میں نے مالک مکان سے اس کے متعلق دریافت کیا۔ اسی نے کہا۔ بڑی خوشی سے کرایہ پر لے لو۔ لیکن ہمدردی کے طور پر میں تجھے یہ بتائے دیتا ہوں کہ اس مکان میں ایک جن رہتا ہے اس سے جان بچانے کا کوئی انتظام کر لینا۔ کیونکہ وہ جن تم سے پہلے اکثر اشخاص کو موت کے گھاٹ اتار چکا ہے۔ میں نے کہا اللہ حافظ و نگہبان ہے کوئی ڈر نہیں چنانچہ میں مکان کرائے پر لے کر رہنے لگا۔ پہلی ہی رات کو ایک نہایت ڈراؤنی شکل کا سیاہ فام شخص نظر آیا۔ اس کی آنکھوں سے انگارے برس رہے تھے۔ اور اردگرد ہولناک تاریکی حلقہ کئے ہوئے تھی۔ اس نے میری طرف قدم بڑھایا۔ تو میں فی الفور پڑھنے لگا۔ اَللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ۔ اور آیت الکرسی کی تلاوت کرتا چلا گیا۔ وہ کالا کلوٹا شخص بھی یہ آیت دہرا رہا تھا۔ جب میں نے حِفْظُھُمَا وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ کہا تو وہ مہر بلب ہو گیا۔ اور میں نے لگاتار یہی کلمہ جاری رکھا۔ اسی اثنا میں وہ تاریکی کافور ہو گئی اور میں ایک کمرے میں جا کر لیٹ گیا۔ سپیدۂ صبح نمودار ہونے پر میں اس جگہ گیا۔ جہاں رات آیا تھا۔ میں یہ دیکھکر حیران رہ گیا کہ

وہاں آگ لگنے کی واردات جیسے آثار تھے۔ اور راکھ کی ڈھیری پڑی تھی۔ یکایک مجھے ایک آواز سنائی دی۔ کہ تم نے ایک ظالم [illegible] جلا کر خاک کر دیا ہے ۔

رفع بلغم کیلئے اگر بلغم کی زیادتی سے کھانسی ہو جائے تو دیسی نمک کی سات ڈلیاں لو۔ اور ہر ایک پر سات دفعہ آیت الکرسی پڑھ کر دم کرو۔ بیمار کو ہر روز ایک ڈلی دو۔ کہ منہ میں رکھ کر چوستا رہے۔ بفضلہ تعالیٰ ایک ہفتے میں آرام ہو جائیگا ۔

ڈراؤنے خواب اگر کوئی شخص خواب میں ڈر جاتا ہو۔ تو اسے چاہئے کہ بستر پر لیٹتے ہی تین دفعہ اعوذ اور تین ہی مرتبہ آیت الکرسی کی تلاوت کرے۔ اور وَلَا يَئُودُهُ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيمُ کو تین بار پڑھے پھر سو جائے۔ بفضلہ تعالیٰ ڈراؤنے خواب نہیں آئیں گے ۔

دل وجگر کے امراض اگر کوئی شخص دل یا جگر کی کسی بیماری میں مبتلا ہو تو ایک پاک و صاف برتن میں تین بار آیت الکرسی تحریر کر کے پلاؤ۔ اور اس سے کہو کہ پینے وقت بیماری کا نام لے کر اس سے صحت پانے کیلئے خدا سے دعا کرے مثلاً اگر ضعف دل کی بیماری ہو تو برتن منہ سے لگاتے وقت کہے "نویت الشفا من اللہ تعالیٰ من ضعف القلب" اگر اسے عربی نہ آتی ہو تو اردو میں کہو کہ میں نیت کرتا ہوں کہ خدا مجھے ضعف دل سے صحت عطا کرے ۔

یہ عمل ضعف دل ضعف جگر، استسقا، خفقان اور معدہ۔ انتڑیوں کی بیماریوں کیلئے مفید ہے

الب زرینہ بنت [illegible] مصری عفی عنہ [illegible]

افسر کی زبان بندی کیلئے اگر کسی ستم رسیدہ و بدمزاج افسر کے [illegible] سامنے جانا ہو تو راستے میں آیۃ الکرسی

پڑھو۔ اور یہ دعا کہو۔ يَا حَيُّ يَا قَيُّومُ يَا بَدِيعَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ أَسْئَلُكَ بِحَقِّ هٰذِهِ الْآيَةِ الْكَرِيمَةِ وَمَا فِيهَا مِنَ الْأَسْمَاءِ الْعَظِيمَةِ أَنْ تُلْهِمَنِي حُبَّكَ وَتَخْرَسَ لِسَانَهُ حَتّٰى لَا يَنْطِقَ إِلَّا بِخَيْرٍ أَوْ يَصْمُتَ خَيْرٌ لَكَ يَا هٰذَا بَيْنَ يَدَيْكَ وَشَرٌّ تَحْتَ قَدَمَيْكَ ۔ اس کے بعد بے دھڑک اس کے سامنے چلے جاؤ بفضلہ تعالیٰ وہ مہر بلب ہو جائیگا ۔

دل کی روشنی حاصل کرنے کیلئے حضرت امام لوذیؒ کا ارشاد ہے کہ اگر کوئی شخص جمعہ کو عصر کی نماز سے فارغ ہو کر کسی تنہا مکان میں مترو دفعہ آیت الکرسی پڑھے اور اسے اپنا معمول بنا لے تو غیب سے اس کے دل میں ایک روشنی پیدا ہو گی۔ اور اس حالت وہ جو بھی دعا مانگے گا۔ اسے شرف قبول حاصل ہو گا ۔

فتح یابی اگر کوئی شخص فتح و ظفر اور فلاح و بہبود کی دولت سے مالا مال ہونے کا آرزو مند ہے تو اسے چاہئے کہ تین سو تیرہ دفعہ آیت الکرسی کا ورد کرے۔ اگر کسی جنگل میں اتنی ہی مرتبہ اس وظیفہ کیا جائے تو وظیفہ کرنے والوں کو تفوق و فتح مندی میسر آئے گی حضرت شرجیؒ کا ارشاد ہے کہ یہ عدد اپنے اندر ایک مخصوص قدرتی بھید رکھتا ہے۔ انبیاء مرسلین اتنے ہی تھے۔ اصحاب لوط کی تعداد بھی اسی قدر تھی جنہوں نے حضرت داؤد کی بہادری سے جالوت کو نیچا دکھایا۔ اور جن کے متعلق قرآن حکیم میں ارشاد ہوتا ہے۔ کہ كَمْ مِنْ فِئَةٍ قَلِيلَةٍ غَلَبَتْ فِئَةً كَثِيرَةً بِإِذْنِ اللّٰهِ۔ جنگ بدر میں حضرت رسول مقبول صلعم کے اصحاب بھی شمار میں اسی قدر تھے۔ جنہوں نے مکہ کے ایک ہزار کافروں کو تہس نہس کر کے رکھ دیا

یٰسین

شیخ سنوسی اپنے مجربات میں کہتے ہیں۔ حضرت رسول صلعم نے حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ سے فرمایا:۔

علیک بسورۃ یٰسین فان فیھا عشر برکۃ ما قرأھا جائع الا شبع ولا ظمآن الا روی ولا عریان الا کسی ولا حاجب الا توزج ولا خائف الا امن ولا موفر الا شفی ولا مسجون الا وفرج عنہ ولا مسافر الا اعین علی سفرہ ولا محموم الا ازیل ھمہ ولا عمال الا داھندی ولا مسروق الا رد لکاہر یٰسین بالالتزام پڑھو۔ کیونکہ یہ اپنے اندر بیس برکات رکھتی ہے بھوکا پڑھے تو اسکا پیٹ بھر جاتا ہے۔ پیاسے کی پیاس بجھ جاتی ہے۔ ننگے کو لباس مل جاتا ہے۔ کنوارے کی شادی ہو جاتی ہے اسیر رہائی پاتا ہے مسافر کو دوران سفر میں مدد ملتی ہے۔ ڈرنے والے کو سلامتی ملتی ہے۔ مریض کو صحت ہو جاتی ہے۔ مغموم غم سے چھوٹ جاتا ہے۔ گمراہ ہدایت پاتا ہے۔

حدیث شریف میں لکھا ہے کہ قرآن حکیم بمنزلہ جسم کے ہے اور سورہ یٰسین بمنزلہ دل کے۔ اسی سے اس کے مرتبے کی بلندی معلوم کی جا سکتی ہے۔

حاکم وغیرہ کو مسخر کرنا

اگر کوئی شخص ۷ دفعہ سورہ یٰسین پڑھ کر کسی حاکم یا اور بڑے آدمی کے پاس کسی کام کیلئے جائے تو بفضلہ تعالیٰ حاکم ادب عزت کر کے نہایت اچھا سلوک کریگا اور اسکی مرضی کے مطابق کام کر دیگا۔

ظالم افسر سے ڈرنے کا علاج

حضرت ابوالحسن شاذلیؒ کا ارشاد ہے کہ اگر کسی شخص کو کسی متشدد جابر افسر سے ڈر لگتا ہو تو سورہ یٰسین کی تلاوت کر کے یہ

کلمات پڑھے:۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ بسم اللہ الذی لا الٰہ الا ھو الحی القیوم بسم اللہ الذی لا الٰہ الا ھو ذو الجلال والاکرام بسم اللہ الذی لا یضر مع اسمہ شیء فی الارض ولا فی السماء وھو السمیع العلیم اللھم انی اعوذ بک من شر فلان ابن فلان یہاں اس جابر افسر اور اسکی والدہ کا نام لینا چاہئے بعد ازاں بید ھڑک اس کے پاس چلا جائے بفضلہ افسر اسے کوئی نقصان پہنچانے پر قادر نہ ہوگا۔

مقصد پورا ہونا

صبح کے وقت سنتوں اور فرضوں کے درمیانی وقفے میں سورۂ یٰسین پڑھو پہلے "مبین" پر پہنچکر از سر نو پڑھو۔ گویا آٹھ دفعہ سورت کو ابتدا سے پڑھنا پڑیگا۔ اور اس قرأت کی مقدار تخمیناً ۱/۴ سیپارہ کے برابر ہوگی۔ پھر دل کی مراد ذہن میں رکھتے ہوئے بارگاہ ایزدی میں دست بدعا ہو جاؤ۔ چالیس دن تک متواتر یہ عمل کرتے رہو۔ بفضلہ تعالیٰ اس دوران میں مقصد پورا ہو جائیگا۔ یہی وہ با برکت عمل ہے جس کی بدولت حافظ نذیر احمد خان دہلوی مرحوم کو ایک معقول ملازمت مل گئی تھی۔

ہر قسم کی مشکل حل ہونا

تین دفعہ سورہ یٰسین کی تلاوت کر کے حسب ذیل دعا مانگنے سے فراغت اور خوف اور خطر سے امن نصیب ہوتا ہے۔ دعا:۔

ایتھا الباغۃ المتخوفون المطیعون بھذہ السورۃ المبارکۃ بحق انبیاء اللہ تعالیٰ واذلیاءہ وبحق خالقکم اجمعوا حتی بسریۃ وقوتی مسموعا مقبولا واکفونی مھماتی وامدونی واعینونی فی امور کلھا الکلیۃ والجزئیۃ بحق ایۃ من سلیمان وانہ بسم اللہ الرحمن الرحیم طٰہٰ الوحا۔ العجل۔ الساعۃ۔

اسی طرح اگر کوئی شخص ایک ہی دفعہ سات مرتبہ یا ہر ماہ ایک ایک تبہ

پڑھے تو بفضلہ تعالیٰ اس کی ہر قسم کی مشکل حل ہو جائیگی ۔

طبیعت کی خوشی اور دل کا اطمینان

اگر کوئی شخص صبح سویرے سورۃ یٰسین کی تلاوت کرے تو اس کا سارا دن ہنسی خوشی سے گزرے گا۔ اور اگر رات کو تلاوت کرے تو شب بھر دلی راحت اور اطمینان نصیب ہے گا ۔

رفع بخار کیلئے

ایک دھاگا لے کر سورۃ یٰسین کی تلاوت کرو۔ پہلے "مبین" پر پہنچکر دھاگے میں ایک گرہ دو۔ اس طرح سات "مبین" پر سات گرہ دیں پھر وہ گنڈا بیمار کے داہنے بازو پر باندھ دو۔ بفضلہ تعالیٰ بخار ٹوٹ جائیگا آزمودہ ہے ۔

مُراد حاصل ہونا

چار دفعہ سورۃ یٰسین پڑھو۔ اور اس دوران میں کوئی کام یا کسی سے بات بالکل نہ کرو۔ بعد ازاں چار دفعہ یہ دُعا مانگو :-

سبحان المنفس عن کل مدیون سبحان المفرج من کل مھموم سبحان من جعل خزائنہ بین الکاف والنون سبحان من اراد شیئاً ان یقول لہ کن فیکون ہ یا مفرج فرج ۔ یا مفرج فرج ۔ یا مفرج فرج ۔ فرج عنی ھمی وغمی خرجاً عاجلاً برحمتک یا ارحم الراحمین ہ وصلی اللہ تعالیٰ علی سیدنا محمد والہ واصحابہ وسلم ۔ بفضلہ ہر قسم کی مراد حاصل ہوگی ۔

دشمن کی ہلاکت

پہلے ایک گڑھا کھود دو۔ پھر اکتالیس کنکریاں لو۔ اور ایک دفعہ سورۃ یٰسین کی تلاوت کر کے ہر کنکری پر دم کرنے کے بعد اسے گڑھے میں ڈالتے جاؤ۔ جب تمام کی تمام کنکریاں گڑھے میں ڈال دی جائیں۔ پھر ان پر جنازے کی نماز پڑھو۔ اور انہیں اپنا مخالف خیال کرو۔ بعد ازاں قبر کی طرح انہیں مٹی سے ڈھک دو۔ دشمن فی الفور ہلاک ہو جائیگا ۔

آفتوں جنوں اور آسیب سے محفوظ رہنا

اگر کوئی شخص کسی کاغذ پر پانچ دفعہ "سلام قولاً من رب الرحیم" تحریر کر کے تعویذ کی طرح پاس رکھیگا تو وہ آفتوں جنوں اور آسیب سے محفوظ اور مامون رہے گا ۔

پلیگ سے محفوظ رہنے کیلئے

جو شخص وبا کے دنوں میں ہر روز ۲۸ مرتبہ آیت مذکورہ کا ذکر کریگا۔ وہ طاعون وغیرہ موذی وبا سے بچا رہیگا ۔

عام فائدے

حضرت شیخ رحؒ کا ارشاد ہے کہ حدیث شریف میں لکھا ہے جس مقصد کیواسطے سورۃ یٰسین کی تلاوت کیجاوے وہ حاصل ہوتا ہے حضرت مہیلؒ فرماتے ہیں کہ حارث بن اسامہ کی روایت ہے اگر کوئی شخص یٰسین کی تلاوت کرے تو خوف سے محفوظ رہیگا۔ مرض سے صحت پائیگا۔ بھوکا دودھ ہو کر اس کا پیٹ بھر جائیگا۔ حضرت دارمیؒ عطاء سے روایت کرتے ہیں۔ کہ مجھے حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت پہنچتی ہے۔ اگر کوئی آدمی دن کے شروع میں سورت یٰسین کی تلاوت کریگا اسکا مدعا حاصل ہو جائیگا ۔

سُورہ مُلک

عاقبت میں نجات

حدیث شریف میں ہے۔ کہ حضرتؐ نے فرمایا۔ جو شخص تبارک الذی بیدہ الملک کی تلاوت کریگا اس کی شفاعت خود یہ سورت کریگی اور اللہ تعالیٰ اسے بخش دیگا ۔

قبر کے عذاب سے رہائی

حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ ایک صحابی نے کسی مزار پر جا ڈیرا لگایا۔ اور اسے قطعاً خبر نہ تھی کہ یہاں مزار ہے۔ تھوڑی دیر کے بعد انہیں مزار سے ایک آواز سنائی

دی جو سورۂ تبارک الذی بیدہ الملک پڑھ رہی تھی حتی کہ ساری سورت ختم کرنے کے بعد آواز بند ہوئی۔ صحابی نے خدمت نبوی میں حاضر ہو کر یہ واقعہ عرض کیا۔ آنحضرتؐ نے فرمایا۔ یہ سورت قبر کے عذاب سے نجات دلاتی ہے۔ اور یہی سورت اس صاحب مزار کو عذاب الٰہی سے محفوظ رکھے گی ؛

ردِّ آفات بقول امام شافعیؒ ایک ولی اللہ لکھتے ہیں" ایک فقیر لوگ کسی شخص کو سر پر خاک کر کے اپنے گھروں کو واپس گئے تو فقیر نے آدھی رات گزر چکی تھی کیا دیکھتا ہوں کہ کتے جیسا کوئی جانور مزار میں داخل ہوا لیکن ابھی زیادہ دیر نہ ہوئی تھی۔ کہ وہ درد و ایذا سے بے قرار باہر نکلا۔ اور اسکی ایک آنکھ جاتی رہی تھی۔ میں نے اس سے سوال کیا یہ کیا ماجرا ہے۔ وہ بولا میں نے اس میت کو تکلیف دینی چاہی تو سورۃ یٰسین میرے راستے میں حائل ہو گئی۔ اور میری ایک آنکھ پھوڑ دی گئی۔ پھر مجھے تنبیہ کی گئی کہ اگر یہ مرنے والا تبارک الذی کی بھی تلاوت کیا کرتا تھا۔ تو تجھے دوسری آنکھ سے بھی معذور کر دیا جاتا

سورۂ حشر

دشمن کی شرارتوں سے حفاظت اگر کوئی آدمی علی الدوام سورۂ حشر کی تلاوت کریگا تو وہ دشمن کی شرارتوں سے محفوظ رہیگا۔ کسی عیار کی عیاری۔ کسی دغاباز کی دغابازی اور کسی ستم پیشہ کا ستم اسے ذرا بھی گزند نہ پہنچا سکے گا۔ ہر روز رات کو یوقت اس سورت کی تلاوت کرنا حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کا معمول تھا۔ کسی نے سبب دریافت کیا تو فرمایا۔ اس سورت کے پڑھنے سے میری آنکھوں کے سامنے آخرت کا نقشہ کھچ جاتا ہے۔ یہ سورۂ دنیا اور عقبیٰ دونوں جگہ امن و سلامتی کی نعمت سے بہرہ اندوز کریگی۔ بعض کا قول ہے کہ یہی سورت اسم اعظم ہے ؛

سورۂ قدر

حصولِ دولت کیلئے اگر کوئی آدمی سورۂ قدر کی تلاوت کثرت سے کرے اور بعد میں حسب ذیل دعا پڑھے تو دولت اس کے قدم چومے گی۔ دعا :-

اَللّٰھُمَّ یَا مَنْ ھُوَ یَکْفِیْ عَنْ جَمِیْعِ خَلْقِہٖ یَا اَحَدُ یَا مَنْ لَا اٰخِرَ لَہُ یَا مَنْ لَا اٰخِرَ لَہُ اَلرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ وَحْدَکَ لَا شَرِیْکَ لَکَ وَغَابَتِ الْاٰمَالُ اِلَّا اِلَیْکَ وَسَدَّتِ الْاَرْضُ اِلَّا عَلَیْکَ یَا غَایَاتِ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنِیْ اَغِثْنِیْ اَغِثْنِیْ اَغِثْنِیْ اَغِثْنِیْ اَغِثْنِیْ ؛

حصولِ مقصد کیلئے بعض اکابر اسلام فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص اکتالیس دفعہ سورۂ انا انزلنا پڑھنے کے بعد دعائے مذکورہ پڑھے تو اس کا ہر مقصد پورا ہو جائیگا ؛

وبائی بیماری سے بچنے کیلئے اگر کوئی شخص وبائی بیماریوں کے موسم میں کھانا کھاتے یا پانی سے پہلے تین دفعہ سورۃ انا انزلنا پڑھ کر دم کرے تو بفضلہ تعالیٰ وبائی بیماریوں سے بچا رہیگا ؛

قبر کے عذاب سے محفوظ رہنے کیلئے اگر کوئی شخص میت کی کھدائی سے نکلی ہوئی مٹی پر سات دفعہ سورۂ انا انزلنا پڑھ کر دم کرے اور وہ دم کی ہوئی مٹی قبر میت میں رکھ دے تو اسے قبر کا عذاب نہیں ہوگا ؛

سورۂ واقعہ

دولت حاصل کرنا حضرت عثمان غنیؓ فرماتے ہیں۔ میں نے حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کو کسی قدر مال دینے کی خواہش کی۔ انہوں نے مال لینے سے انکار کر دیا۔ حضرت عثمان غنیؓ فرمانے لگے لے لو۔ تمہاری لڑکیوں کے کام آجائیگا۔ ابن مسعودؓ بولے، میری لڑکیاں محتاج و مفلس نہیں کیونکہ میں نے انہیں سورۂ واقعہ کی مسلسل تلاوت کیلئے تاکید کر دی ہے۔ میں نے بگوش خود آنحضرتؐ کی زبان مبارک سے یہ الفاظ سنے ہیں کہ ہر شب سورۂ واقعہ کی تلاوت کرنے والا ہرگز ہرگز افلاس کی مصیبت میں گرفتار نہیں ہو سکتا ۔

مقصد پورا ہونا بعض عالموں کا قول ہے کہ اگر کوئی آدمی ایک جگہ بیٹھے بیٹھے اکتالیس دفعہ سورۂ واقعہ کی تلاوت کرے تو اسکا ہر مقصد حل ہوتا ہے جو شخص ہر روز عصر کی نماز سے فارغ ہو کر چودہ مرتبہ سورہ پڑھے اس کا رزق کشادہ ہو جائیگا۔ اگر ہمیشہ کیلئے اسکی تلاوت کی جائے تو ہر امید بر آجاتی ہے ۔

سورۂ انشرح

سکون قلب اگر کسی شخص کے دل پر رنج و الم کی گھٹائیں چھائی ہوئی ہوں اور کسی طرح جمعیت خاطر نصیب نہ ہوتی ہو تو کسی شیشے کے برتن میں سورۂ الم نشرح ... الخ لکھو۔ اور گلاب سے دھو کر اسے پلاؤ۔ بفضلہ تعالیٰ اسکے دل کو سکون و اطمینان حاصل ہو جائیگا ۔

مشکل حل ہونا اگر کوئی شخص دائماً اس سورۃ کو تلاوت کرے۔ تو تشویش اضطراب افلاس۔ عبادت میں غفلت بے

روزگاری۔ روزی حاصل کرنے کی کوشش میں کامیاب نہ ہونا۔ بیکاری غرض ہر قسم کی پریشانی دور اور مشکل حل ہو جائیگی۔ جو شخص ہر نماز کے بعد پانچ دفعہ اسکا ورد کریگا اسے غیب سے روزی اور رزق فراخی حاصل ہوگی ۔

مقصد حاصل ہونا پہلے دو نفل پڑھو۔ پھر مع قبلہ گھٹنوں کے بل بیٹھ کر ایک سو باون دفعہ سورہ الم نشرح کی تلاوت کرو۔ بعد میں حاجت طلب کرو۔ بفضلہ تعالیٰ پوری ہو جائیگی۔ اگر دنیا یا دین کا کوئی کام رکا ہوا ہو اور اسکی تکمیل کی ہر امکان کوشش بسیود ثابت ہوئی ہو تو اس عمل کی برکت سے کامیابی نصیب ہوگی ۔

حافظہ تیز کرنے کیلئے اگر کسی شخص کا حافظہ کمزور ہو۔ اور کوئی بات یاد نہ رہتی ہو تو سورہ الم نشرح چینی کے پیالے میں تحریر کر کے اسے پلاؤ۔ بلا ناغہ یہ عمل کرنے سے چند ہی روز میں اس کا حافظہ قوی اور تیز ہو جائیگا۔ آزمودہ ہے ۔

بخار دور کرنے کیلئے السی کی ایک پتلی رسی لو۔ اور اس پر سورۂ الم نشرح پڑھ کر دم کرو۔ حرف کاف پر پہنچو تو ایک گرہ لگاؤ۔ چونکہ اس سورۃ میں آٹھ کاف ہیں۔ اس لئے گرہیں بھی آٹھ ہی لگیں گی۔ پھر یہ گنڈا مریض بخار کے بائیں بازو پر باندھو۔ بفضلہ تعالیٰ آرام ہو جائیگا۔ آزمودہ ہے ۔

فتح و کامرانی کیلئے بعض عالمان دین کا قول ہے۔ کہ اگر کوئی شخص تین دفعہ "الم نشرح" ایک دفعہ "الحمد شریف" اور گیارہ دفعہ "انا انزلنا" پڑھے تو اس پر بلا تکلیف و محنت فتح و کامرانی کے دروازے کھل جائیں گے ۔

سورۂ کافرون

حفاظت اور سلامتی حضرت شریح کا ارشاد ہے کہ اگر کوئی شخص سورج نکلنے کے وقت سورۂ کافرون کی تلاوت کرے تو دن بھر تمام عالم کے شر سے امن میں رہے گا ۔

غریبی دور کرنے کیلئے حضرت ابن شہاب کا قول ہے کہ جو سورۂ کافرون اور سورۂ اذا جاء نصر اللہ دونوں کو ملا کر تلاوت کریگا ۔ اس کا افلاس رفع ہو جائیگا ۔ اور گھر میں مال برسیگا ۔

سورۂ عصر

زوال کیلئے جو شخص چار مکیوں پر سورۂ عصر تحریر کر کے گھر کے ہر چار گوشہ میں دبا دیگا ۔ بفضلہ تعالیٰ اسکا مال و اسباب محفوظ رہے گا ۔ اور اہل خانہ کی تمام بلائیں اور مصیبتیں دور ہو جائیں گی ۔

کسی کا کاروبار تباہ کرنا سنیچر کو زحل کی ساعت میں سیسے کی تختی پر سورۂ عصر کندہ کر کے مخالف کے کارخانہ یا دکان میں دبا دو ۔ اسکا سارا کاروبار تہ و بالا ہو جائیگا ۔ واضح ہو کہ یہ کام صرف کسی بد دیانت و خیانت کرنے والے ستم پیشہ اور سنگدل شخص کیلئے جو اسکا مستحق ہو کرنا چاہیے اور کسی شریف النفس کے ساتھ صرف حسد و کینہ کی وجہ سے ایسا سلوک کرنا قطعاً سزا سب نہیں ۔

سورۂ ہمزہ

نظر بد دور کرنے کیلئے اگر کسی شخص کو نظر لگ گئی ہو تو سورۂ ویل لکل ہمزہ پڑھ کر دم کر دو ۔ بفضلہ تعالیٰ آرام ہو جائے گا ۔

سورۂ قریش

کھانے کو بابرکت بنانا جو شخص سورۂ قریش کو پڑھ کر کھانے پر دم کر کے بعد اسے کھائیگا ۔ وہ کھانا بابرکت کا ذریعہ بن جائیگا اور کھانے والے کی صحت جسمانی کو کوئی نقصان نہ پہنچے گا ۔

زہر کا اثر زائل کرنے کیلئے اسپینی کابیا لے کر اس میں زعفران سے سورۂ قریش تحریر کرو ۔ اور آب باراں سے دھو کر زہر خوردہ کو پلاؤ ۔ بفضلہ تعالیٰ زہر کا اثر بالکل زائل ہو کر اسے آرام ہو جائیگا ۔ حافظے کی کمزوری، عقل کی کمی اور رنج و بے قراری دور کرنے کیلئے بھی عمل فائدہ مند ہے ۔ اس کیلئے بارش کے پانی کی شرط نہیں ہے ۔ عام پانی سے دھونا بھی کافی ہے ۔

مرض خنازیر دور کرنے کیلئے اگر کوئی شخص مرض خنازیر (گلے کی گلٹیاں) کی بیماری میں مبتلا ہو تو پیر کے دن کسی کاغذ پر سورۂ قریش تحریر کرو ۔ اور اسی دن اسے خالص تانبے کے تعویذ میں منڈھ کر بیمار کے گلے میں باندھو ۔ اگر زخموں کے باعث گلے کو تکلیف ہو تو بازو پر باندھ دو ۔ بفضلہ تعالیٰ شفا ہو جائیگی ۔

سورۂ کوثر

نبی کریم صلعم کی زیارت پنجشنبہ کو عشا کی نماز سے فارغ ہو کر ہزار دفعہ سورۂ کوثر کا وظیفہ کرنیکے بعد درود شریف پڑھو ۔ اور بستر پر لیٹ جاؤ بفضلہ تعالیٰ خواب میں نبی کریمؐ کی زیارت کا شرف حاصل ہوگا ۔

ردّ بلا کسی کاغذ پر سورۂ کوثر تحریر کر کے تعویذ کی طرح گلے میں باندھو بفضلہ تعالیٰ دشمن کی شرارت تمام بیماریوں اور تمام بلاؤں سے محفوظ رہو گے ۔

تیسرا بخار دور کرنے کیلئے

مندرجہ ذیل تین نقش تین کاغذوں پر علیحدہ علیحدہ تحریر کردو۔ باری کے دن پہلا نقش آگ پر رکھ کر بیمار کو اس کی دھونی دو۔ تپ نہ ٹوٹے تو اگلی باری کو دوسرے نقش کی دھونی دو۔ پھر بھی بخار دور نہ ہو تو تیسرے نقش کی دھونی سے بفضلہ تعالیٰ آرام ہو جانے کی زبردست توقع ہے۔ نقش:-

(۱) ب س م ال اٰہ ال رح م ان ال رح ی م
(۱) اِنَّا اَعْطَیْنٰکَ الْکَوْثَرَ ۔

ب س م ال اٰہ ال رح م ان ال رح ی م
(۲) فَصَلِّ لِرَبِّکَ وَ انْحَرْ ۔

ب س م ال اٰہ ال رح م ان ال رح ی م
(۳) اِنَّ شَانِئَکَ ھُوَ الْاَبْتَرُ ۔

سورۂ اخلاص

سورۂ اخلاص کے متعلق بعض کامل عالمانِ دین کا قول ہے کہ جو شخص ہمیشہ اس سورت کی تلاوت کرے بفضلہ تعالیٰ فوز و فلاح کے پھولوں سے اسکا دامن بھر جائیگا۔ اور دین و دنیا میں وہ تمام آفات سے محفوظ رہیگا ۔

ردِّ بلا

اگر چاہتے ہو کہ تمام مخلوقات کے گزند اور ایذا سے محفوظ رہو۔ تو خوشخط کی بھیجی پر یہ سورۃ تحریر کر کے پاس رکھو ۔

افلاس دور کرنے کیلئے

اگر کوئی شخص چاہتے کہ اس کا افلاس دور ہو کر خوشحالی و فارغ البالی نصیب ہو تو اُسے چاہیئے کہ گھر جاتے وقت اس سورت کی تلاوت کر لیا کرے ۔

قبر کے عذاب سے محفوظ رہنے کیلئے

اگر کوئی شخص موت کی بیماری میں قل ہو اللہ کا ورد کریگا۔ تو وہ قبر کے

عذاب سے بچ جائیگا۔ اور فرشتے خود اسے جنت میں پہنچا دینگے (کتاب التذکرہ)

مقصد حاصل ہونا

جو شخص اتوار کو سورج نکلنے کے وقت دس دفعہ سورۂ اخلاص پڑھکر بارگاہ ایزدی میں حصول مقصد کیلئے دعا کرے بفضلہ تعالیٰ اسکا مقصد حاصل ہو جائیگا ۔

ظالم کی ہلاکت و بربادی

کسی تنہا مقام پر دو رکعت نماز ادا کرو۔ پھر بیس ہزار دفعہ سورۂ اخلاص پڑھو۔ اور پھر سینہ کے برابر کھڑے ہو کر یہ دعا مانگو۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ سَئَلْتُکَ رُوْحَانِیَّۃَ ھٰذِہِ السُّوْرَۃِ تَوَجُّھًا وَّ دَعَوْتُ بِھَا عَلٰی رُوْحِ اس جگہ ظالم کا نام لینا چاہیئے) بفضلہ تعالیٰ ظالم برباد اور ہلاک ہو جائیگا ۔

واضح ہو کہ حسد نہ کینہ کی بنا پر کسی شریف الطبع شخص پر وار نہیں کرنا چاہیئے ورنہ المنتقم پر قہر الٰہی نازل ہوگا ۔

حاجت پوری

بعض کا بیان ہے سلام کا ارشاد ہے۔ کہ جو شخص ایک ہزار دفعہ قل ہو اللہ احد کا ورد کرے حسب دل دعا مانگے گا بفضلہ تعالیٰ اسکی تمام حاجتیں پوری ہو جائیں گی۔ دعا:- اَللّٰھُمَّ رَبَّ اَسْئَلُکَ یَا اَحَدُ یَا اَحَدُ یَا فَرْدُ یَا صَمَدُ یَا مَنْ لَّمْ یَتَّخِذْ صَاحِبَۃً وَّلَا وَلَدًا یَا مَنْ لَّمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ ۔ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ۔ اَسْئَلُکَ بِحَقِّ اِسْمِکَ الْعَظِیْمِ وَاٰیَاتِکَ الْکُبْرٰی وَاَسْمَآئِکَ الْحُسْنٰی اَنْ تَسْتَجِیْبَ لِیْ ھٰذَا الدُّعَآءَ وَتَقْضِیَ لِیْ ھٰذِہِ الْحَاجَۃَ وَتُعْطِیَنِیْ ھٰذِہِ السُّؤْلَۃَ اَلْعَظِیْمَۃَ عَبْدُکَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ مُحَمَّدٌ عَبْدُکَ عَبْدُ الْقَھَّارِ اَنْتَ عَبْدُکَ الْوَاحِدُ یَکُوْنُ لِمَا عَوَّنَّا اِلٰی قَضَآءِ حَوَائِجِ الْعَجَلِ الْعَجَلَ الْوَحَا الْوَحَا السَّاعَۃَ السَّاعَۃَ یَا رَبَّ اللّٰہِ وَنَبِیِّکُمْ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ ۔

بے حساب اجر و ثواب

حضرت رسول مقبول صلعم کا ارشاد ہے کہ جو شخص تین دفعہ سورۂ اخلاص پڑھے اُسے اتنا ثواب

ملتا ہے۔ کہ گویا اس نے سارا قرآن شریف ختم کر لیا۔ دس دفعہ پڑھنے سے جنت نصیب ہوتی ہے۔ بیس دفعہ پڑھنے سے بہشت میں محل تعمیر ہوتا ہے ایکیاون دفعہ پڑھنے سے نصف بدی کے گناہوں پر خط عفو کھینچ دیا جاتا ہے سو دفعہ پڑھنے سے جہنم کی آگ حرام ہو جاتی ہے۔ اگر کوئی شخص شہر خموشاں میں جا کر گیارہ دفعہ سورہ اخلاص پڑھنے کے بعد اسکا ثواب جملہ اہل قبور کی روحوں کو بخش دے تو اُسے ہر صاحب قبر کے ثواب جتنا اجر عطا ہو گا ۔

سورۂ فلق اور سورۂ ناس

ان دو سورتوں کے پڑھ لینے سے اسے قرآن شریف کے پڑھ لینے کا ثواب حاصل ہو جاتا ہے جیسا کہ حضرت ابی ابن کعبؓ فرماتے ہیں ۔

جن دور کرنے کیلئے رات کو بستر پر لیٹتے وقت بادضو سورۂ فلق اور سورہ والناس پڑھ کر اپنے اوپر پھونکو بلکہ سب سے اچھا طریق یہ ہے کہ پاکیزہ بچھونے پر بیٹھ کر ایک ایک دفعہ الحمد شریف آیت الکرسی سورۂ اخلاص۔ سورۂ فلق اور سورۂ ناس کی تلاوت کر کے بعد اپنے ہاتھوں پر پھونک کر اعضاء نقلوں کو سر اور منہ سے لے پیٹ اور اپنی ٹانگوں تک پھیرلو۔ بفضلہ تعالیٰ ساری رات آسیب اور جملہ بلاؤں سے امن میں رہو گے ۔

واضح ہو کہ بُرے خواب آنے اور ڈر جانے کیلئے بھی یہ عمل فائدہ مند ہے آزمودہ ہے حضرت رسول مقبول صلعم نظر بد اور آسیب کا اثر دور کرنے کیلئے پہلے اعوذ پڑھا کرتے تھے۔ پھر ان دونوں سورتوں کے نازل ہونے پر انکا ورد فرمانے لگے ۔

ظالم کی بدی سے امن و سلامتی کسی ظالم افسر کی خدمت میں حاضر ہوتے وقت نیت کی صفائی اور دل کی سچائی

سے یہ دونوں سورتیں پڑھ لو۔ بفضلہ تعالیٰ افسر کی شرارت سے امن میں رہو گے اگر کوئی شخص یہ دونوں سورتیں کاغذ پر تحریر کر کے بچوں کے گلے میں ڈالے تو وہ آسیب چشم زخم تمام بیماریوں اور بلاؤں وغیرہ سے محفوظ رہیں گے ۔

پہلا باب

پہلا باب
نفس۔ دل اور اخلاق کو پاک و صاف کرنا

وساوس شیطانی سے بچنے کیلئے اگر کوئی شخص حسنے دل دعا پڑھے تو شیطانی وسوسوں سے نجات پائیگا

دعا :- یَا اَللّٰہُ الرَّقِیْبُ، اَلْحَفِیْظُ اَلْوَدُوْدُ الرَّحِیْمُ یَا اَللّٰہُ اَلْحَیُّ اَلْکَبِیْمُ اَلْعَظِیْمُ اَلرَّؤُوْفُ اَلْکَرِیْمُ یَا اَللّٰہُ اَلْحَیُّ اَلْقَیُّوْمُ لِقَائِیْ عَلٰی اَھْلِ نَفْسِیْ بِمَا اَنْتَ حَسَنٌ بَیْنِیْ عَنْدَکَ وَاللّٰہِ اَلشَّرِیْفِ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا اَعَانَتْ بِہٖ عِلْمُکَ وَاَحْصَاہُ کِتَابُکَ ۔

رات کو مقررہ وقت پر بیدار ہونا اگر کوئی شخص کسی مقررہ وقت پر بیدار ہونے کی خواہش رکھتا ہو تو وہ سوتے وقت اِذَا قُلْتُمْ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ کَانَتْ لَھُمْ جَنّٰتُ النَّعِیْمِ دس مرتبہ آخر سورہ کہف اور قولہ تعالیٰ قُلْ مَنْ یَّکْلَؤُکُمْ بِالَّیْلِ وَالنَّھَارِ (الانبیاء ع ۵) پوری آیت پڑھ کر سینہ وقت پر جاگنے کی دعا کرے بفضلہ تعالیٰ میں اُسی وقت اُس کی آنکھ کھُل جائے گی ۔ آزمودہ ہے ۔

ممنوعات سے بیزاری اگر کوئی شخص لاحول ولا قوۃ الا باللہ کثرت

واثبات، کلمہ توحید کو بآواز بلند خوب زور سے پڑھے تو اُسے مسنون چیزوں سے نفرت ہو جائے گی ۔

بُرے خیالات دُور کرنے کیلئے

اگر کوئی شخص حسب ذیل آیات پڑھ کر بُرے خیالات سے مغلوب شخص پر دم کر دے اور صوف یا ورق کے ٹکڑے پر رکھ کر باندھے ۔ تو بفضلہ تعالیٰ پراگندہ خیالات نہیں ستائیں گے ۔

آیات :-

وَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ جَعَلْنَا بَيْنَكَ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ حِجَابًا مَّسْتُوْرًا ۔ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ ۔۔۔۔ الخ (بنی اسرائیل ۵)

فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ (البقرہ ۱۳۷)

ظاہری و باطنی دولت مندی و بے پروائی کیلئے

اگر کوئی شخص ظاہری و باطنی دولتمندی و بے پروائی کی نعمت سے بہرہ یاب ہونا چاہئے تو گیارہ سو رفع یا معنی اور چالیس دفعہ سورہ مزمل روزانہ بلاناغہ پڑھے ۔ بفضلہ تعالیٰ مقصد حاصل ہو جائیگا ۔ آزمودہ ہے ۔

شیطان کے ڈر سے محفوظ رہنا

شیطان وہم کے ڈر سے محفوظ رہنے کیلئے حسب ذیل دُعا پڑھنا نہایت مفید ہے ۔ دُعا :-

اَعُوْذُ بِوَجْهِ اللّٰهِ الْكَرِيْمِ وَبِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ الَّتِيْ لَا يُجَاوِزُهُنَّ بَرٌّ وَّلَا فَاجِرٌ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَذَرَأَ وَبَرَأَ وَمِنْ شَرِّ مَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَمِنْ شَرِّ مَا يَعْرُجُ وَمِنْ شَرِّ فِتَنِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ طَارِقٍ اِلَّا طَارِقًا يَّطْرُقُ بِخَيْرٍ يَا رَحْمٰنُ ۔

حضرت مالک روایت کرتے ہیں کہ شب معراج میں ایک عیار و باغی شیطان بار بار ایک شعلہ لے کر آنحضرتؐ کے سامنے آموجود ہوتا ۔ اس وقت

حضرت جبرائیلؑ نے آنحضرتؐ کو مندرجہ بالا دُعا پڑھنے کو کہا ۔ جس سے وہ شیطان بھاگ گیا ۔

شیطان کو بھگا دینے کی دُعا

آیت الکرسی کی تلاوت اور اذان دینے سے شیطان بھاگ جاتا ہے ۔ حضرت سعدؓ روایت کرتے ہیں کہ اگر اونچی آواز سے اذان دی جائے تو خاص طور پر پچھلا حصہ اور شیطان کے بھاگنے کیلئے مفید ہے ۔

غصہ دُور کرنے کی دُعا

حدیث شریف میں ہے کہ غصے کے وقت اَعُوْذُ باللّٰہ من الشیطان الرجیم پڑھو ۔ اور تھوڑا سا آب سرد پی لو ۔ کھڑے ہو تو بیٹھ جاؤ ۔ بیٹھے ہو تو لیٹ جاؤ بفضلہ تعالیٰ غصہ دُور ہو جائیگا ۔

بدزبانی کی عادت چھڑا دینے کی دُعا

استغفار پڑھنا فحش گوئی اور بدزبانی کی عادت ترک کرا دیتا ہے ۔ حضرت خدیفہؓ روایت کرتے ہیں ۔ میں نے آنحضرتؐ کی خدمت میں عرض کی کہ مجھے اپنی تیززبانی کی عادت چھڑا دینے کیلئے کیا کرنا چاہئے ۔ حضورؐ نے فرمایا ! استغفار پڑھا کرو ۔




دوسرا باب

بیماریوں کا علاج

شفا کی آیتیں حسب ذیل آیتیں جو قرآن شریف سے اخذ کی گئی ہیں۔ اور جن میں شفا کا ذکر ہے۔ عام بیماریوں کیلئے اکسیر کا حکم رکھتی ہیں۔ خواہ ان کا تعویذ بنا کر بیمار کو پہناؤ۔ یا پڑھ کر اس پر پھونک دو۔ یا ایک پاک تھالی پر تحریر کر کے پانی میں گھول کر پہناؤ۔ غرض ہر قسم کی بیماری مثلاً بخار۔ درد۔ پھوڑے پھنسی وغیرہ کے واسطے بے حد فائدہ مند ہیں۔ آیتیں:۔

وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ ۝ يَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ۝ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۔ وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ ۔ قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ ۝

تپ کا طلسم اگر کوئی شخص حسب ذیل طلسم کاغذ پر تحریر کر کے بیمار کے تکیے کے نیچے رکھ دے تو بفضلہ تعالیٰ اسے فوراً آرام ہو جائے گا۔ نقش:۔



بچوں کے اعضا ڈھیلے اور سست پڑ جانا اگر کوئی بچہ پٹھوں کی کسی خرابی یا ہاتھوں کے ضعف اور نقاہت کے سبب کھڑا ہونے یا چلنے پھرنے سے معذور ہو۔ تو اسم متین کا حسب ذیل تعویذ ہرن کی جھلی پر تحریر کرو۔ اور اسے عود کی دھونی دے کر بچے کے گلے میں باندھو۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچے کو آرام ہو کہ اس میں چلنے پھرنے کی طاقت آجائے گی ۔ تعویذ:۔

۷۸۶	یا اللہ	۷۸۶	یا محمد
۷۸۶	یا اللہ	۷۸۶	یا غفار
یا حی	یا اللہ	۴۰۱	یا ستار
یا قیوم	یا اللہ	۷۸۶	۷۸۶
یا اللہ	ہو الشافی	ہو الشافی	۷۸۶

تمام بیماریوں کے لئے حضرت ابوہریرہؓ فرماتے ہیں۔ کہ جو شخص "لاحول ولا قوۃ الا باللہ" کو متواتر پڑھتا رہے گا اسے کوئی بیماری لاحق نہیں ہوگی ۔

پاؤں کا ٹھٹھر کر بے حس و حرکت ہو جانا حضرت ابن انس رضؓ فرماتے ہیں کہ کسی آدمی کا پاؤں ٹھٹھر کر بے حس و حرکت ہو جائے تو اسے چاہیئے کہ اپنے عزیز و محبوب ترین دوست کو یاد کرے۔ بفضلہ تعالیٰ اسکا پاؤں ٹھیک ہو جائیگا ۔

کان کا سائیں سائیں کرنا حضرت ابو رافعؓ کا قول ہے۔ کہ حضرت رسول مقبول صلعم نے فرمایا اگر تم میں سے کسی شخص کا کان سائیں سائیں کرنے لگے تو وہ کوئی سا

درود پڑھے۔ اور یہ الفاظ کہے۔ ذَکَرَ اللّٰہُ بِخَیْرٍ مَنْ ذَکَرَنِیْ ۔

پاگل پن دُور کرنے کیلئے حضرت نبی کریم صلعم نے ایک پاگل اعرابی کو سامنے بٹھلا کر ان آیات کی تلاوت فرمائی۔ ھَالٰھُکُمْ اِلٰہٌ وَّاحِدٌ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ (تا) تَعْقِلُوْنَ پھر آیۃ الکرسی اور لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ (تا آخر تک) اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ (تا) آخر آیات اِنَّ رَبَّکُمُ اللّٰہُ الَّذِیْ خَلَقَ (تا) مُحْسِنِیْنَ ۔ ایک سورۂ اعراف میں ہے فَتَبٰرَکَ اللّٰہُ (تا) آخر مُؤْمِنِیْنَ پھر دس آیتیں اول صَافَّات کی (تا) لَاذِب اور تین آیتیں حشر کی آخری اور وَاِلٰھُکُمْ اِلٰہٌ وَّاحِدٌ (تا) رَحِیْمٌ پھر آیۃ الکرسی (الآیۃ) سورہ جن سے، اور قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ اور.... مُعَوِّذَتَیْن ۔ لکھا ہے اس اعرابی کو پاگل پن کی بیماری سے پوری صحت ہوگئی ۔

رفع جنون کی دُعا اگر کوئی شخص الحمد شریف پڑھ کر کسی دیوانے پر دم کرے تو بفضلہ اس کی دیوانگی جاتی رہتی ہے۔ کہ علامہ ابن صحاء نے سورۃ فاتحہ پڑھ کر ایک مجنون پر جو طوق و سلاسل سے جکڑا ہوا تھا۔ دم کیا۔ اور خدا کے فضل سے تندرست ہوگیا۔ دیوانے کے عزیزوں نے انکی خدمت میں سو بکریاں نذرانہ کے طور پر پیش کیں ۔

پیشاب مشکل سے آنا اگر عسر بول کا بیمار حسب ذیل آیت کسی کاغذ پر تحریر کر کے پانی میں دھو کر پی لے۔ تو بفضلہ تعالیٰ پتھری وغیرہ نکل کر اسے صحت ہو جائیگی۔ آیت:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا فَکَانَتْ ھَبَآءً مُّنْبَثًّا وَّحُمِلَتِ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ فَدُکَّتَا دَکَّۃً وَّاحِدَۃً ۔

اسی طریق پر وَاِذِ اسْتَسْقٰی مُوْسٰی لِقَوْمِہٖ فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاکَ الْحَجَرَ فَانْفَجَرَتْ مِنْہُ اثْنَتَا عَشْرَۃَ عَیْنًا قَدْ عَلِمَ کُلُّ اُنَاسٍ مَّشْرَبَھُمْ کُلُوْا وَاشْرَبُوْا مِنْ رِّزْقِ اللّٰہِ وَلَا تَعْثَوْا فِی الْاَرْضِ مُفْسِدِیْنَ ۔

سلسل بول اگر سلسل بول کا مریض حسب ذیل آیت کسی کاغذ پر تحریر کر کے بطور تعویذ اپنے پاس رکھیگا۔ تو بفضلہ تعالیٰ اسے آرام ہو جائیگا۔ آیت:۔

قِیْلَ یٰٓاَرْضُ ابْلَعِیْ مَآءَکِ وَیٰسَمَآءُ اَقْلِعِیْ وَغِیْضَ الْمَآءُ وَقُضِیَ الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَی الْجُوْدِیِّ وَقِیْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ ۔

خفقان اور دل کی دھڑکن اگر خفقان اور دل کی دھڑکن کا بیمار کسی پاکیزہ برتن میں سورہ الشرح تحریر کر کے آب زمزم یا بارش کے پانی سے اسے دھو کر پی لے۔ تو بفضلہ تعالیٰ اسے آرام ہو جائیگا ۔

تپ اگر تپ کا بیمار حسب ذیل دعا وقت اور شمار کی قید کے برابر بکثرت پڑھے تو بفضلہ تعالیٰ فوراً صحت ہو جائیگی ۔ دُعا:۔

اللّٰھُمَّ ارْحَمْ جِلْدِیْ وَعَظْمِیْ الدَّقِیْقَ مِنْ شِدَّۃِ الْحَرِیْقِ یَا اَمْلَدُ یَا اِلٰہَ الْعٰلَمِیْنَ اِنْ کُنْتُ اٰمَنْتُ بِاللّٰہِ الْعَظِیْمِ فَلَا تَصْعَدِیْ الرَّاْسَ وَلَا تَغْرَیْ الْمُخَّ وَلَا تَاْتِیْ عَلَی اللّٰھُمَّ وَلَا تَشْوِیْ اللَّحْمَ وَتَحَوَّلِیْ عَنِّیْ اِلٰی مَنِ اتَّخَذَ اِلٰھًا اٰخَرَ ۔

بچھو کے کاٹے کی دُعا الحمد شریف مسلسل پڑھ کر کٹے ہوئے گزیدہ پر دم کرتے جاؤ۔ بفضلہ تھوڑی دیر میں اسے آرام ہو جائے گا ۔

عضو سوختہ کیلئے حسب ذیل دعا پڑھ کر یقام سوختہ پر پھونک دے بفضلہ تعالیٰ صحت ہو جائیگی ۔

پیشاب رُکنا اور اس میں کنکریاں آنا حضرت ابوالدادد سے مروی ہے کہ حضرت رسول مقبول صلعم نے فرمایا کہ حسب ذیل دم پیشاب کے رُکنے اور اس میں کنکریاں آنے کیلئے فائدہ مند ہے۔ آزمودہ ہے:۔ (دم اگلے صفحہ پر)

سلسل بول
دل کے درد
واسطے

رَبَّنَا أَنْتَ الَّذِي فِي السَّمَاءِ تَقَدَّسَ اسْمُكَ أَمْرُكَ فِي السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ كَمَا رَحْمَتُكَ فِي السَّمَاءِ فَاجْعَلْ رَحْمَتَكَ فِي الْأَرْضِ وَاغْفِرْ لَنَا حُوبَنَا وَخَطَايَانَا أَنْتَ رَبُّ الطَّيِّبِينَ فَأَنْزِلْ شِفَاءً مِنْ شِفَائِكَ وَرَحْمَةً مِنْ رَحْمَتِكَ عَلَى هٰذَا الْوَجَعِ ۔

پھوڑا پھنسی حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ پھوڑے پھنسی کے بیمار یا مجروح کیلئے حضرت رسول کریم صلعم دست مبارک کی درمیانی انگلی زمین پر رکھکر پڑھتے۔ بِسْمِ اللّٰهِ تُرْبَةُ أَرْضِنَا بِرِيقَةِ بَعْضِنَا يُشْفَى سَقِيمُنَا بِإِذْنِ رَبِّنَا بعدازاں انگشت مبارک زمین سے اُٹھا کر اس لگی ہوئی ذرا سی مٹی زخم کی جگہ لگاتے اور اللہ کے فضل سے بیمار صحتیاب ہوجاتا ۔

دانت اور کان کا درد اگر کوئی شخص چھینک آنے کے بعد ہمیشہ یہ پڑھے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ عَلَى كُلِّ حَالٍ مَا كَانَ تو اسے کبھی دانت اور کان کا درد نہیں ہوگا ۔

آشوبِ چشم حضرت انسؓ راوی ہیں کہ جب کبھی حضرت رسول کریم صلعم کو یا آپ کے اہل خانہ میں سے کسی صحابی کو یا کسی اور شخص کو آشوبِ چشم کا عارضہ ہوجاتا۔ تو آپ یہ دعا پڑھا کرتے۔ اَلْجَلَدُ الْوَادِثُ مِنِّي وَارِثِي فِي الْعَدُوِّ وَنَادِي وَانْصُرْنِي عَلَى مَنْ ظَلَمَنِي ۔

تپ کیلئے کسی کپڑے کا ایک پاکیزہ ٹکڑا لو۔ اور اس پر حسب ذیل تعویذ تحریر کرکے اسے ایک انڈے پر لپیٹنے کے بعد آگ پر رکھدو۔ انڈا پک جانے پر بیمار کو کھلادو۔ اور اسکے سارے چھلکے پوٹلی میں ڈال کر بیمار کے بازو میں باندھ دو۔ بفضلہٖ تعالیٰ تپ ٹوٹ جائیگا ۔

اخرجی یا حمّی | من (مریض کا نام)



تپ کیلئے دھونی ایک کاغذ کے چار ٹکڑے کرو۔ ایک پر یہ تحریر کرو جہنم برہانہ۔ دوسرے پر جہنم حمیانہ تیسرے پر جہنم جہیانہ۔ چوتھے پر جہنم سلطانہ۔ پھر ٹھوڑے سے نیل کے بیج اور ذرا سا نمک لے کر ہر ٹکڑے میں ڈالو۔ اور تعویذ کی طرح تہ کرکے ارد گرد تار لپیٹ دو۔ بعدازاں روغن زیتون میں بھگو کر جس وقت بخار کی باری ہو۔ باری باری ہر تعویذ کی دھونی دو۔ بفضلہٖ تعالیٰ آرام ہوجائیگا ۔

تاسیر بخار باری کے دن بخار چڑھنے سے ایک دو گھڑی پیشتر بیمار کے ہاتھ دھلاؤ۔ اور کسی تولیے سے پونچھ کر داہنے ہاتھ کی انگلیوں کے پانچوں ناخنوں پر ایک ایک حرف تحریر کرو۔ ک ی ع آ س ی اسی طرح بائیں ہاتھ کے ناخنوں پر ل ح م د ع آ س ی ق رقم کرو۔ بیمار کو کہو کہ ناخنوں کی طرف نگاہ رکھے۔ اسی اثنا میں باری کا وقت ٹل جائیگا۔ اور بخار نہیں ہوگا۔ آزمودہ ہے ۔

بخار کی دُعا بخار کے مریض کو چاہیئے کہ بسم اللہ الکبیر پڑھے حاکم و ابن ابی شیبہ ابن عباسؓ سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت رسول مقبول صلعم انہیں درد و بخار کی حالت میں حسب ذیل کلام پڑھنے کی تلقین فرمایا کرتے تھے۔ کلام:-

نَعُوذُ بِاللّٰهِ الْعَظِيمِ مِنْ شَرِّ كُلِّ عِرْقٍ نَعَّارٍ وَمِنْ شَرِّ حَرِّ النَّارِ ۔

بدن کا درد دُور کرنے کیلئے ایک دفعہ حضرت عثمان ابن ابی العاص نے حضرت رسول کریم صلعم سے گذارش کی مسلمان ہونے کے بعد سے مجھے دردِ بدن کا عارضہ لاحق ہوگیا ہے حضور نے فرمایا جس جگہ درد ہوتا ہو۔ وہاں انگلی رکھ کر پہلے تین مرتبہ بسم اللہ پھر سات مرتبہ یہ پڑھو۔ أَعُوذُ بِاللّٰهِ وَقُدْرَتِهِ مِنْ شَرِّ مَا أَجِدُ وَأُعَاذِرُ ۔

ہر بیماری کیلئے دم حضرت ابوسعید راوی ہیں کہ ایک دفعہ حضرت جبرائیلؑ

نے جناب رسالتمآبؐ سے دریافت کیا کہ آیا آپ کی طبیعت علیل ہے۔ حضورؐ نے فرمایا۔ ہاں بیمار ہوں۔ حضرت جبرائیلؑ نے حسب ذیل کلام پڑھ کر دم کر دیا:۔ اَذِیْتَکَ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ یُؤْذِیْکَ وَمِنْ شَرِّ کُلِّ نَفْسٍ اَوْ عَیْنِ حَاسِدٍ اللّٰہُ یَشْفِیْکَ بِسْمِ اللّٰہِ اَرْقِیْکَ ۔

نارِ جہنم سے بچانیوالی دُعا حضرت ابوسعید خدریؓ ابوہریرہؓ سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت نبی کریم صلعم نے فرمایا جس شخص نے قبل از مرگ بیماری کے دوران میں یہ دُعا پڑھی۔ اور جان دے دی۔ اس پر دوزخ کی آگ اثر نہیں کرے گی۔ دُعا:۔ اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ ۔

احتلام کی زیادتی کو روکنے کی دُعا اگر کوئی شخص رات کو سونے سے پیشتر سورۃ والسمآء والطارق لفظاً حرفاً تک پڑھ لے تو احتلام سے بچا رہیگا ۔

ذہن کی تیزی جو شخص ہر نماز کے بعد حسب ذیل دُعا پڑھے۔ اسکا ذہن تیز ہو جائیگا۔ دُعا:۔ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ عَدَدَ مَا خَلَقَ فِیْ کِتَابٍ وَکَتَبَ اِلَی آبَدِ الْاٰبِدِیْنَ وَذِکْرَ مَنْ یَذْکُرُ مِنَ الْعٰلَمِیْنَ

حافظہ کی تیزی جو شخص کثرت سے حسب ذیل دُعا پڑھے اسکا حافظہ تیز ہو جائیگا۔ دعا:۔ اَللّٰھُمَّ افْتَحْ عَلَیْنَا فُتُوْحَ الْعَارِفِیْنَ وَبِحِکْمَتِکَ انْشُرْ عَلَیْنَا رَحْمَتَکَ وَذَکِّرْنِیْ مَا نَسِیْتُ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ

دفع نسیان کی دُعا حضرت عبداللہ بن مسعودؓ روایت کرتے ہیں کہ حضرت نبی کریم صلعم نے فرمایا۔ اگر کسی شخص کو دُعا

کا عارضہ لاحق ہو۔ یا حفظ کیا ہوا قرآن مجید فراموش ہو جائے یا جو کچھ اس نے پڑھا لکھا ہو بھول جائے تو بالالتزام اس دُعا کا ورد رکھے۔ دُعا اَللّٰھُمَّ نَوِّرْ بِکِتَابِکَ بَصَرِیْ وَاشْرَحْ بِہٖ صَدْرِیْ وَاسْتَعْمِلْ بِہٖ بَدَنِیْ وَاَطْلِقْ بِہٖ لِسَانِیْ وَقَوِّ بِہٖ جَنَانِیْ وَاسْرِعْ بِہٖ فَھْمِیْ وَقَوِّ بِہٖ عَزْمِیْ یَا خَالِقَ وَقُوَّتِیْ فَاِنَّہٗ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ۔

تخفیف کی آیتیں اگر کوئی شخص ملاری کی تپ یا بخار کیلئے حسب ذیل آیات کا تعویذ بنا کر بیمار کے گلے میں ڈالے تو بفضلہ تعالیٰ آرام ہو جائیگا۔ آیات:۔

وَھٰذِہٖ صُوْرَتُہُمْ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ذٰلِکَ تَخْفِیْفٌ مِّنْ رَّبِّکُمْ وَرَحْمَۃٌ وَیُرِیْدُ اللّٰہُ اَنْ یُّخَفِّفَ عَنْکُمْ وَخُلِقَ الْاِنْسَانُ ضَعِیْفًا ... اَلْاٰنَ خَفَّفَ اللّٰہُ عَنْکُمْ وَعَلِمَ اَنَّ فِیْکُمْ ضَعْفًا وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ ۔

اگر درود سے پہلے یہ الفاظ بھی پڑھا دیویں۔ قُلْنَا یَا نَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰی اِبْرٰھِیْمَ یا یہ بھی اضافہ کر دو۔ رَبَّنَا اکْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ اِنَّا مُؤْمِنُوْنَ یا یہ الفاظ اور شامل کر دو۔ اِنْ یَّمْسَسْکَ اللّٰہُ بِضُرٍّ فَلَا کَاشِفَ لَہٗ اِلَّا ھُوَ وَاِنْ یَّمْسَسْکَ بِخَیْرٍ فَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ تو اور بھی اچھا ہے ۔

مرگی کا علاج اگر کوئی شخص مرگی کی بیماری میں مبتلا ہو تو اسکے دائیں کان میں اذان اور بائیں میں اقامت کہو۔ انشاء اللہ صحت ہو جائیگی۔ آزمودہ ہے ۔

عام بخار اگر کسی شخص کو بخار ہو جائے تو حسب ذیل آیات کا تعویذ بنا کر اس کے گلے میں ڈالدو۔ بفضلہ تعالیٰ آرام ہو جائیگا ۔

آیات:۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ بَرَاءَۃٌ مِّنَ اللّٰہِ الْعَزِیْزِ الْحَکِیْمِ اِلٰی اٰخِرِہٖ وَلَہُ مَا سَکَنَ فِی الَّیْلِ وَالنَّھَارِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ اَللّٰھُمَّ وَلَکَ الْحَمْدُ وَلَکَ الشُّکْر

ان کنت مومنة باللہ والیوم الاخر فبحق محمد صلی اللہ علیہ وسلم وان کنت یھودیة فبحق موسیٰ الکلیم علیہ السلام وان کنت نصرانیة فبحق عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام ان لا اکلت فلان ابن فلانا الحماد ولا شربت لہ دما ولا ھشمت لہ عظما وتحولی عنہ الی من اتخذ مع اللہ الھا اخر لا الہ الا اللہ العزیز الحکیم ان الاقامت برجبة بن اللہ واللہ بری منہ وحسبنا اللہ ونعم الوکیل ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم ۰

چوتھے بخار کا علاج

اگر کوئی شخص چوتھے بخار میں مبتلا ہو۔ تو پہلے اسے نہ نہلاؤ۔ پھر مہندی کی لکڑی یا کسی اور درخت کی لکڑی سے اسکی داہنی کلائی پر لا الہ الا اللہ بائیں پر محمد الرسول اللہ۔ دائیں پنڈلی پر جبرائیل اور بائیں پر میکائیل۔ داہنے پہلو پر اسرافیل اور بائیں پر عزرائیل تحریر کرے۔ بفضلہ تعالیٰ فوراً آرام ہو جائیگا ۰

سر کا درد

اگر کسی شخص کو درد سر کی شکایت ہو۔ تو حسب ذیل کلام کسی کاغذ پر تحریر کر کے سر پر باندھو۔ بفضلہ تعالیٰ صحت ہو جائیگی ۰ کلام :-

بسم اللہ الرحمن الرحیم کہ یہ تمہ (ساری) آیت ۷ حمسق (ساری) آیت بسم اللہ الرحمن الرحیم وکم من نعمۃ اللہ علی کل عبد یشاکر غیر شاکر وکم من نعمۃ اللہ علی کل قلب خاشع وغیر خاشع وکم من نعمۃ اللہ علی کل مریض سالم وغیر سالم اسکن ایھا الورم برحمۃ من کل ما سکن فی اللیل والنھار وھو السمیع العلیم ۰

سر کا درد

رمضان المبارک کے آخر میں حسب ذیل آیت کسی کاغذ پر تحریر کر کے حفاظت سے پاس رکھو۔ اور ضرورت پیش آنے پر بیمار کے سر پر باندھو۔ بفضلہ تعالیٰ آرام ہو جائیگا ۰

بسم اللہ الرحمن الرحیم الم تر الی ربک کیف مد الظل ولو شاء لجعلہ ساکنا ۔۔۔ الخ

سر کا درد

اگر بیمار کے سر پر ہاتھ رکھ کر حسب ذیل کلام پڑھا جائے۔ تو بفضلہ تعالیٰ درد جاتا رہے گا۔ کلام :-

بسم اللہ الذی خفی بالمشارق رب الارض والسماء بسم اللہ الذی لا یضر مع اسمہ شیء فی الارض ولا فی السماء وھو السمیع العلیم ۰

دادکی بیماری

اگر شخص داد کی بیماری میں مبتلاء ہو تو اس کے اوپر تین دفعہ حسب ذیل کلام تحریر کرے۔ بفضلہ تعالیٰ آرام ہو جائیگا

کلام :- فاصابھا اعصار فیہ نار فاحترقت انشاء اللہ ۰

چیچک کا علاج

حسب ذیل نقش تحریر کر کے چیچک کے بیمار کے گلے میں باندھو۔ بفضلہ تعالیٰ شفا ہو جائیگی ۰

تعویذ :-

۱۰	۱۴	۱	۸
۵	۳	۱۵	۱۰
۱۶	۹	۶	۲
۱۲	۷	۱۱	۱۳

چیچک

حسب ذیل نقش تحریر کر کے چیچک کے بیمار کے گلے میں باندھو۔ بفضلہ تعالیٰ صحت ہو جائیگی۔ اگر یہی نقش قوی الصحت بچے کے گلے میں باندھا جائے تو وہ اس موذی مرض سے امن میں رہیگا۔ اگر یہی نقش کسی مکان کی چوکھٹ پر چپکا دیا جائے تو اہل خانہ اس بیماری سے بچے رہینگے ۰

سلی	سلی	والقرعۃ
اس	السیر	بادس
الس	اس	۵۰۰

آدھے سر کا درد

اگر کسی شخص کو آدھے سر کے درد کی شکایت ہو۔ تو حسب ذیل

آیت پڑھ کر پھونک دو۔ بفضلہ تعالیٰ صحت ہو جائیگی۔ آیت :۔ قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ قُلِ اللّٰهُ قُلْ اَفَاتَّخَذْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖۤ اَوْلِيَآءَ لَا يَمْلِكُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا ؕ

دِل کا دَرد اگر کوئی شخص دل کے درد میں مبتلا ہو تو بیٹھ کا ایک کپڑا تن لو۔ اور اس میں گلاب زعفران سے حسب ذیل آیت تحریر کر کے بیمار کو پلاؤ بفضلہ تعالیٰ درد کافور ہو جائیگا۔ آیت :۔ وَنُزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا ۝ (بنی اسرائیل)

دانتوں کا دَرد اگر کسی شخص کے دانتوں میں درد ہو۔ تو کاغذ کے ایک چھوٹے پُرزے پر لکھ کر بنام مستر..... الاعراف: ۱۶۷، الم ۳ م ۲ تحریر کر کے دُکھنے والے طرف کے اوپر رکھ دو۔ بفضلہ تعالیٰ صحت ہو جائیگی ۔

اَشوب چشم اگر کسی شخص کو آشوب چشم کی شکایت ہو تو کسی کاغذ پر حسب ذیل آیت تحریر کر کے دُکھنے والی آنکھ میں ٹپکا دو۔ بفضلہ تعالیٰ آرام ہو جائیگا ۔ آیت :۔ اِذْهَبُوْا بِقَمِيْصِيْ هٰذَا فَاَلْقُوْهُ عَلٰى وَجْهِ اَبِيْ يَاْتِ بَصِيْرًا ۚ (سورہ یوسف) فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ ۝

نکسیر کا علاج کسی کاغذ پر حسب ذیل آیت تحریر کر کے بیمار کے سر پر رکھدو یا سر پر ہاتھ رکھ کر پڑھو۔ بفضلہ تعالیٰ نکسیر فوراً بند ہو جائیگی ۔ آیت :۔ لَفَ اِيْهَا الرِّيَاحُ بِثَقْلِ الْوَاحِدِ الْمُهَيْمِنِ الْعَزِيْزِ الْجَبَّارِ وَهِيَ قَوْلُهُ تَعَالٰى اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا ۚ وَلَئِنْ زَالَتَآ اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ بَعْدِهٖ ؕ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا ۝

راگھن اور جوڑوں کا درد جہاں درد ہوتا ہو۔ وہاں ہاتھ رکھکر الحمد شریف پڑھو۔ اور سات دفعہ اللّٰھم اذہب عنی سوء ہا احد۔ کہو۔ بفضلہ تعالیٰ آرام ہو جائیگا ۔

تیسرا باب

حمل، پیٹ کے بچے اور پیدائش کے متعلق عملیات

حاملہ کی حفاظت سب ذیل آیت کستوری، کیسر اور گلاب سے ہرن کی جھلی پر تحریر کر کے حاملہ کی کمر پر باندھو۔ بفضلہ تعالیٰ عورت پیٹ کی تمام تکلیفوں سے امن میں رہے گی ۔ آیت :۔ اِذْ قَالَتِ امْرَاَتُ عِمْرٰنَ الخ سورہ آل عمران ۴ رکوع پارہ ۳ ۔

مسان کی بیماری اگر بیس دفعہ الحمد شریف بسم اللہ سمیم سمیم اللہ پڑھ کر بیمار بچے پر پھونکو۔ اور چالیس دن تک یہی عمل کرو۔ بفضلہ تعالیٰ صحت ہو جائیگی ۔ تین دفعہ پڑھنا ہی کافی ہے ۔

حمل گر جانا عورت کے برابر لمبا ایک کپڑا لے کر حسب ذیل آیت پڑھ کر ایک گرہ دو۔ آیت :۔

وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِيْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ ۝ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ ۝

اسی طرح نو دفعہ پڑھکر نو گرہیں لگاؤ۔ پھر سورہ قل یا ایہا الکافرون پڑھ کر عورت پر دم کر دو۔ حمل کے شروع سے ہی وہ گانا عورت کی ناف کے نچلے حصے پر بندھا رہنا چاہیئے۔ بفضلہ اسقاط حمل سے بچہ ضائع نہیں ہوگا ۔

لڑکا پیدا ہونا عورت کو حمل ہوئے تین ماہ گزرنے سے پیشتر ہرن کی جھلی پر گلاب اور کیسر سے یہ آیت تحریر کرو۔ اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَمَا تَغِيْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ ؕ وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ ۚ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْكَبِيْرُ الْمُتَعَالُ ۝ پھر یہ آیت تحریر کرو۔ يٰزَكَرِيَّآ اِنَّا نُبَشِّرُكَ

يُحْلَى هِرَن اِسْمُهٗ يَحْيٰى لَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ سَمِيًّا ۝ بعد ازاں یہ آیت تحریر کرے
يَحْيٰى خُذِ الْكِتٰبَ بِقُوَّةٍ وَّعَلَّمْنٰهُ الْحُكْمَ صَبِيًّا ۝ اس کے بعد یہ تعویذ حاملہ کے گلے میں والدہ یعنی فضلہ تعالیٰ لڑکا پیدا ہوگا ۔

بچوں کا زندہ وسلامت رہنا

کسی کاغذ پر ایک سو سات (۱۰۷) دفعہ بسم اللہ شریف تحریر کر کے عورت کو دو۔ کہ وہ بحفاظت اپنے پاس رکھے۔ بفضلہ تعالیٰ اس کے بچے زندہ وسلامت رہیں گے ۔ آزمودہ ہے ۔

تکلیف کے بغیر بچہ پیدا ہونا

مسان کی بیماری والے پر دم کرے اور چالیس دن تک یہ عمل جاری رکھے تو بفضلہ تعالیٰ آرام ہو جائیگا ۔ اکتالیس دفعہ نہ ہو سکے تو تین دفعہ کا پڑھنا بھی کافی ہے ۔

مقررہ وقت پر جاگنا

اگر کوئی شخص رات کو سوتے وقت چاہے کہ فلاں وقت پر اس کی آنکھ کھل جائے تو آخر سورۂ کہف کو اِلَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سے سورہ کے آخر تک پڑھ کر دُعا مانگے کہ وہ فلاں وقت جاگ پڑے بفضلہ تعالیٰ اسی وقت پر اُٹھے گا ۔

بچوں کی حفاظت

ایک سیّاگوں دھاگا لے کر اس پر سورۂ رحمٰن پڑھو اور جتنی مرتبہ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ آئے ایک گرہ لگا کر اس پر دم کرو۔ پھر وہ دھاگہ بچے کے گلے میں باندھ دو۔ بفضلہ تعالیٰ بچہ ہر قسم سے امن رہیگا ۔

حاجت پُوری ہونا

چار نفل اس طریق سے ادا کرو کہ رکعت اول میں الحمد شریف کے بعد سو دفعہ پڑھو۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۔ فَاسْتَجَبْنَا لَہٗ وَنَجَّیْنٰہُ مِنَ الْغَمِّ وَکَذٰلِکَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ ۔ رکعت دوم میں الحمد شریف کے بعد سو دفعہ پڑھو۔ وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ ۔ رکعت چہارم میں الحمد شریف کے بعد سو دفعہ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ ۔ پھر سلام پھیرنے کے بعد سو دفعہ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ پڑھو۔ اس کے بعد جس حاجت کے پُورا کرنے کیلئے دُعا مانگو۔ بفضلہ تعالےٰ قبول ہو جائے گی ۔

عورت کا بانجھ پن دُور کرنے کیلئے

گلاب اور کیسر سے ہرن کی جھلی پر یہ آیت تحریر کرو۔ وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا سُیِّرَتْ بِہِ الْجِبَالُ اَوْ قُطِّعَتْ بِہِ الْاَرْضُ اَوْ کُلِّمَ بِہِ الْمَوْتٰی بَلْ لِلّٰہِ الْاَمْرُ جَمِیْعًا پھر اُسے بانجھ عورت کی گردن میں باندھ دو۔ بفضلہ تعالیٰ اُس کی یہ شکایت جاتی رہے گی ۔

دُوسرا طریق یہ ہے کہ عورت سات سات دفعہ چالیس لوگوں پر یہ آیت پڑھے:-

اَوْ كَظُلُمٰتٍ فِيْ بَحْرٍ لُّجِّيٍّ يَّغْشٰهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ سَحَابٌ ظُلُمٰتٌۢ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ ؕ اِذَآ اَخْرَجَ يَدَهٗ لَمْ يَكَدْ يَرٰىهَا ؕ وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ اور غسل حیض سے شروع کر کے ایک لونگ روزانہ کھائے۔ اس دوران میاں کا بیوی سے اختلاط کرتے رہنا ضروری ہے۔ بفضلہ تعالیٰ حمل قرار پا جائیگا ۔

حمل گر جانے کا علاج اکسم سے رنگا ہوا ایک دھاگا عورت کے قد کے برابر لو۔ اور اس پر نو گرہیں اس طرح لگاؤ کہ ہر گرہ پر یہ آیت پڑھ کر دم کرو۔ وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِيْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ۔ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ اور قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ الخ

پھر وہ دھاگا عورت کے گلے میں باندھ دو۔ بفضلہ تعالیٰ حمل نہیں گرنے پائیگا ۔

دردِ زہ کا علاج کسی کاغذ پر یہ آیت تحریر کرو۔ وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ۔ اور اس کاغذ کو پاکیزہ کپڑے میں لپیٹ کر عورت کی بائیں ران پر باندھ دو۔ بفضلہ تعالیٰ اسے درد زہ سے نجات مل جائے گی۔ اور فوراً بچہ پیدا ہوگا ۔

دوسرا طریق یہ ہے کہ مٹی کے دو کورے برتنوں پر اصحاب کہف کے نام تحریر کرو۔ پھر عورت سے کہو کہ برتنوں کو دونوں ہاتھوں کے نیچے رکھ کر زور سے دبائے یہاں تک کہ وہ ٹوٹ جائیں۔ بفضلہ تعالیٰ فی الفور بچہ پیدا ہوگا ۔

لڑکا پیدا ہوگا حمل قرار پانے سے تین ماہ کے اندر ہرن کی جھلی پر گلاب اور کیسر سے یہ آیت تحریر کرو۔

اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَمَا تَغِيْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ ؕ وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ ۚ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْكَبِيْرُ الْمُتَعَالِ ۚ

اس کے بعد تحریر کرو۔ یٰزَكَرِيَّا اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمِ اسْمُهٗ يَحْيٰى لَمْ نَجْعَلْ

لَّهٗ مِنْ قَبْلُ سَمِيًّا ۔ پھر یہ رقم کرو۔ وَبِحَقِّ مَرْيَمَ وَعِيْسٰى اَبْنَا صَالِحًا طَوِيْلَ الْعُمْرِ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ ۔

بعد ازاں یہ تعویذ عورت کے گلے میں باندھ دو۔ حکم حاملہ پر دائرہ کھینچو اور انگلی پھیرتے ہوئے ستر بار مذکورہ آیات پڑھو۔ بفضلہ تعالیٰ فرزند نرینہ تولد ہوگا ۔

حضرت داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ کے عملیات

دردِ سر کا علاج کسی کاغذ پر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم تحریر کر کے بطور تعویذ بیمار کے سر پر باندھو۔ بفضلہ تعالیٰ درد سر رفع ہو جائیگا ۔

بواسیر دور کرنے کیلئے بواسیر کے مریض کو چاہئے کہ نماز فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیانی وقفہ میں ہر روز اکتالیس دفعہ الحمد شریف پڑھے اور اکتالیس روز کا چلہ پورا کرے۔ بفضلہ تعالیٰ تین چلوں تک یہ عمل کرنے سے بواسیر کی شکایت بالکل رفع ہو جائے گی ۔

آنکھیں دُکھنے کا علاج دس دفعہ الحمد شریف تلاوت کر کے دُکھتی ہوئی آنکھ پر دم کرنے کے بعد لعاب دہن لگا دو۔ بفضلہ تعالیٰ کبھی آشوب چشم کی شکایت نہ ہوگی ۔

جن بھوت کو بھگانے کیلئے اگر کوئی شخص سورۂ بقر کی تلاوت کرے تو اس مقام سے جن بھوت وغیرہ

بھاگ جاتے ہیں۔ اور جادو کا اثر بھی باطل ہو جاتا ہے ۔

ڈروانے خواب سے بچنے کیلئے اگر کوئی شخص بالالتزام رات کو آیت الکرسی پڑھ کر سوئے تو اسے ڈراؤنے خواب نظر نہیں آئیں گے ۔

رنج و فتنہ سے امن جو شخص روزانہ سورۂ کہف کا وظیفہ کرے۔ وہ ہر قسم کے رنج و فتنہ سے محفوظ رہیگا ۔

حصولِ نجات کیلئے اگر کوئی شخص صدق دل سے سورۂ یٰسین کی تلاوت کو اپنا معمول بنالے تو اسے نجات حاصل ہوتی ہے ۔

اس سورت کی برکت سے خوف۔ بیماری اور بھوک بھی دور ہو جاتی ہے ۔

آفات سے امن اگر کوئی شخص ہلال کو دیکھ کر سورہ ملک پڑھے تو وہ اس مہینہ میں تمام آفات سے امن میں رہے گا۔ اسی سورت کو ہر شب بلاناغہ پڑھنے سے نجات ہو جاتی ہے۔ حدیث شریف میں ہے کہ اس سورت کو ہمیشہ پڑھنے سے مغفرت نصیب ہوتی ہے ۔

جنت میں گھر بنانے کیلئے جو شخص قل ہو اللہ کا وظیفہ کرتا رہے۔ اسے اللہ تعالیٰ بہشت کی نعمت عطا فرماتا ہے۔ اسی سورت کی تلاوت سے روزی میں بھی فراخی نصیب ہوتی ہے ۔

دشمنوں اور ظالموں سے امن سورہ حشر کی روزانہ تلاوت کرنے سے انسان اعداء کے شر اور ستم گروں کے جور و ستم سے امن میں رہتا ہے ۔

حصولِ مقصد کیلئے عصر کی نماز سے فارغ ہو کر اکتالیس دفعہ سورہ واقعہ پڑھو اور اکتالیس دن تک یہ عمل جاری

جاری رکھو۔ بفضلہ تعالیٰ اس عرصے کے اندر ہی مقصد حاصل ہو جائیگا ۔

نعمت شب قدر سے بہرہ اندوز ہونے کے لئے اگر کوئی شخص رمضان شریف میں ہزار مرتبہ روزانہ سورۂ قدر کی تلاوت کرے۔ تو اُسے یقیناً شب قدر نصیب ہو گی ۔

فتح و ظفر حاصل کرنا تین دفعہ الم نشرح۔ ایک دفعہ الحمد شریف اور گیارہ دفعہ سورۂ قدر پڑھو۔ بفضلہ تعالیٰ عروس فتح سے ہم کنار ہو گے ۔

رنج و غم سے نجات اگر کوئی شخص حسب ذیل دُعا پڑھے تو اُسے رنج و غم سے نجات حاصل ہو گی۔ دُعا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَظِيْمُ الْحَلِيْمُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَرَبُّ الْاَرْضِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ۝

دوسرا عمل: يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ پڑھنے سے بھی تکلیف و کرب سے رہائی مل جاتی ہے ۔

تیسرا عمل: لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ کا ورد کرنے سے بھی تکلیف رفع ہو جاتی ہے ۔

بیماری سے امن لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ کا وظیفہ کرنے سے انسان نانوے امراض سے بچا رہتا ہے ۔

رزق میں فراخی جو شخص دائماً استغفار کا ورد کرے وہ تنگدستی سے نجات پائیگا۔ اور اسے رزق میں فراخی نصیب ہو گی ۔

آفت اور دردُور کرنے کے لئے اگر کوئی شخص حسبنا اللہ ونعم الوکیل علی اللہ توکلنا پڑھے تو ہر قسم کی آفت اور ڈر سے امن میں رہے گا ۔

رفع مصیبت کے لئے مصیبت آنے یا موت کی خبر سننے کے وقت یہ دعا پڑھو۔ اَللّٰھُمَّ عِنْدَکَ اَحْتَسِبُ مُصِیْبَتِیْ فَاْجُرْنِیْ فِیْھَا وَاَبْدِلْنِیْ مِنْھَا خَیْرًا ۔

کان کا بولنا بند کرنے کیلئے اگر کوئی شخص کان کے بولنے کے وقت درود شریف پڑھے تو بفضلہٖ تعالیٰ آرام ہو جائیگا ۔

پاؤں کے سُن ہو جانے کا علاج اگر کوئی شخص پاؤں کے سُن ہو جانے کیوقت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم مبارک زبان پر لاوے تو بفضلہٖ تعالیٰ اسی وقت یہ شکایت جاتی رہیگی ۔

غصّہ دُور کرنے کیلئے اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ کہنے سے بفضلہٖ تعالیٰ غصّہ کا جوش سرد پڑ جاتا ہے ۔

قرض سے سُبکدوش ہونے کی دُعا اگر کوئی شخص سب نمازوں کے بعد یہ دعا پڑھے تو بفضلہٖ تعالیٰ وہ قرض کے بارگراں سے نجات پائیگا ۔ دعا :۔ اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ ۔

دوسرا عمل :۔ یہ دعا پڑھنے سے بھی قرض سے سبکدوشی حاصل ہوتی ہے :۔ اَللّٰھُمَّ فَارِجَ الْھَمِّ کَاشِفَ الْغَمِّ مُجِیْبَ دَعْوَۃِ الْمُضْطَرِّیْنَ رَحْمٰنَ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ وَرَحِیْمَھُمَا اَنْتَ تَرْحَمُنِیْ فَارْحَمْنِیْ بِرَحْمَۃٍ تُغْنِیْنِیْ مِنْ رَحْمَۃٍ مَنْ سِوَاکَ ۔

تیسرا عمل :۔ یہ بھی ادائے قرض کیلئے تیر بہدف ہے :۔ اَللّٰھُمَّ مَالِکَ الْمُلْکِ تُؤْتِی الْمُلْکَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْکَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِیَدِکَ الْخَیْرُ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ تُوْلِجُ الَّیْلَ فِی النَّھَارِ وَتُوْلِجُ النَّھَارَ فِی الَّیْلِ وَتُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَیِّتِ

وَتُخْرِجُ الْمَیِّتَ مِنَ الْحَیِّ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ وَّرَحْمٰنَ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ وَرَحِیْمَھُمَا تُعْطِیْ مَنْ تَشَآءُ مِنْھُمَا وَتَمْنَعُ مَنْ تَشَآءُ اِرْحَمْنِیْ رَحْمَۃً تُغْنِیْنِیْ بِھَا عَنْ رَحْمَۃِ مَنْ سِوَاکَ ۔

کثرتِ دم گزیدہ کا علاج اگر کوئی شخص الحمد شریف پڑھ کر اس مقام پر جہاں بچھو نے کاٹا ہے تھوکتا شروع کریگا ۔ تو بفضلہٖ تعالیٰ آرام ہو جائیگا ۔

دوسرا طریق :۔ یہ دعا پڑھنے سے بھی انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہو جاتی ہے ۔ وَمَا یُدْرِیْکَ اِلٰھَنَا بَقِیَّۃٌ وَّاَنْتُمْ اَقِیْمُوْا حَاضِرٌ کُلُّ اِلٰی مُقَدَّمٍ بِیَمِّ

تیسرا طریق :۔ پانی میں تھوڑا سا نمک ملاؤ۔ پھر اس پر سورۂ کافرون اور سورۂ تین پڑھ کر دم کرنے کے بعد متواتر مالِف پر مل دو۔ بفضلہٖ تعالیٰ صحت ہو جائیگی ۔

جوڑوں کا درد درد کی جگہ پر انگلی رکھو اور تین دفعہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر سات بار یہ دعا کہو۔ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ وَقُدْرَتِہٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ ، بفضلہٖ تعالیٰ اسی وقت شفا ہو جائیگی ۔

دوسرا طریق :۔ معوذات پڑھ کر اپنے اوپر دم کرنے سے بھی بفضلہٖ تعالیٰ آرام ہو جاتا ہے ۔

شہید کا مرتبہ پانے اور گناہ بخشوانے کیلئے بیمار ہو جاؤ تو چالیس مرتبہ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۝ پڑھو۔ اگر وفات پا جاؤ گے تو شہید کا مرتبہ حاصل ہوگا ۔ اور اگر صحت یاب اٹھو گے ۔ تو اللہ تعالیٰ تمہارے سب گناہ بخش دے گا ۔

محبت کا تعویذ حسب ذیل نقش کیسر اور خالص کستوری سے روزانہ اکتالیس دفعہ تحریر کرو ۔ اور آٹے کی گولی میں لپیٹ کر دریا میں ڈالو۔ چالیس دن تک یہ عمل کرنے سے اس پر قابو حاصل ہو جائیگا

محبوب سے نکاح یا میاں بیوی میں اتفاق کرانے کے لئے یہ نقش دودھ میں گھولو اور اسی دودھ سے نین کجلیاں کر کے اسی میں ڈال دو۔ پھر وہ دودھ اسے پلا دو۔ جس پر اثر ڈالنا ہو۔ نقش :۔

محبت کا تعویذ

لے ۵ ۱۱۱ ھ ۵ ۱۱۱

۸	۲	۱۰
۹	۷	۴
۳	۱۱	۶

دشمن کو ہلاک کرنے کیلئے

حسب ذیل آتشی نقش ہر روز چالیس دفعہ کاغذ پر تحریر کرو۔ اور چالیس دن تک یہی عمل جاری رکھو۔ پھر یہ تمام نقش لکڑی کی آگ میں ڈال دو۔ بفضلہ تعالیٰ دشمن ہلاک ہو جائیگا ؛

واضح ہو کہ شرعی سبب کے بغیر کسی کو ہلاک کرنے کیلئے یہ عمل نہیں کرنا چاہیئے ورنہ خود عامل کے ہلاک ہو جانے کا اندیشہ ہے :۔

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

دشمن کا نام ۷ دشمن کا نام

حُب کا تعویذ

اگر کوئی شخص حسب ذیل آبی نقش کسی پرزہ کاغذ پر چالیس دفعہ روزانہ تحریر کر کے بلا ناغہ آٹے کی گولیوں میں لپیٹ کر دریا میں ڈالدے اور چالیس دن تک یہ عمل جاری رکھے تو محبوب آتش محبت سے بیقرار ہو جائیگا ؛

واضح ہو کہ ناجائز کاموں کیلئے یہ عمل نہیں کرنا چاہیئے ورنہ سخت گناہ ہوگا ؛

نقش :۔

۴	۳	۸
۹	۵	۱
۲	۷	۶

نقش کے نیچے محبوب کا نام تحریر کریں

تعویذ فتوحات

روزانہ حسب ذیل چالیس تعویذ بادی کاغذ پر لکھو اور لب دریا ہوا کے رخ کھڑے ہو کر سب تعویذ اڑا کر دریا میں ڈال دو۔ بفضلہ تعالیٰ فتوحات پر فتوحات ہوتی جائیں گی۔ تعویذ :۔

۴	۳	۸
۹	۵	۱
۲	۷	۶

تعویذ خروج

حسب ذیل خاکی تعویذ روزانہ باوضو چالیس دن تک مٹی پر تحریر کرو۔ خروج کیلئے تیر بہدف ہیں ؛

۲	۹	۴
۷	۵	۳
۶	۱	۸

رفع بخار کیلئے

حسب ذیل تعویذ کاغذ پر تحریر کر کے مریض بخار کے گلے میں ڈالدو۔ بفضلہ تعالیٰ آرام ہو جائیگا ؛

تعویذ :۔

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۶	۱	۸

تپ رفع کرنے کیلئے

حسب ذیل نقش پڑھ کے مریض تپ دق کے گلے میں ڈالو۔ بفضلہ تعالیٰ تین دن میں شفائے عاجلہ و کاملہ نصیب ہو جائیگی ؛

نقش اگلے صفحہ پر ملاحظہ ہو

اذا	جاء	نصر	اللہ	و	الفتح	ورایت	الناس
جاء	نصر	اللہ	و	الفتح	ورایت	الناس	یدخلون
نصر	اللہ	و	الفتح	ورایت	الناس	یدخلون	فی دین
اللہ	و	الفتح	ورایت	الناس	یدخلون	فی دین	اللہ
و	الفتح	ورایت	الناس	یدخلون	فی دین	اللہ	افواجا
الفتح	ورایت	الناس	یدخلون	فی دین	اللہ	افواجا	فسبح
ورایت	الناس	یدخلون	فی دین	اللہ	افواجا	فسبح	بحمد
الناس	یدخلون	فی دین	اللہ	افواجا	فسبح	بحمد	ربک
یدخلون	فی دین	اللہ	افواجا	فسبح	بحمد	ربک	واستغفرہ
فی دین	اللہ	افواجا	فسبح	بحمد	ربک	واستغفرہ	انہ کان
اللہ	افواجا	فسبح	بحمد	ربک	واستغفرہ	انہ کان	توابا

تپ لرزہ کا علاج

الحسب ذیل تعویذ کا عذر لکھ کر روزانہ صبح کے وقت پانی میں گھول کر پلاؤ۔ اور سات دن تک یہ عمل جاری رکھو۔ بفضلہ تعالیٰ صحت ہو جائیگی ۔


۸	۲۷	۳۰	۱
۲۹	۲	۷	۲۸
۳	۳۲	۲۵	۶
۲۹	۵	۴	۳۱

واضح رہے کہ ان دنوں میں مریض کو کوئی دوا وغیرہ نہیں پلانی چاہیئے ورنہ تعویذ کا کچھ اثر نہ ہوگا ۔

تلی دور کرنے کا تعویذ

تلی کے بیمار سے ایک گز کپڑا لے کر اچھی طرح دھو کر پانی میں بھگو دیں پھر نچوڑ کر اس کی آٹھ تہیں لگاؤ۔ بعد ازاں کسی پیالی میں تھوڑی آگ ڈالو۔ اور وہی گیلا کپڑا تلی کے مقام پر رکھ

اوپر اگ کی پیالی رکھ دو۔ پھر یہ نقش تحریر کر کے پیالی میں جلاؤ۔ فَاللّٰہُ خَیْرٌ حَافِظًا وَّھُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ یَا اللّٰہُ یَا اللّٰہُ یَا اللّٰہُ۔ اس کے بعد سورۃ فاتحہ پڑھتے ہوئے پیالی کو اچھی طرح دباؤ۔ اور اسی حالت میں سات دفعہ سورۂ فاتحہ کی تلاوت کرو۔ پھر پیالی اٹھا لو۔ تلی کی جگہ ایک چھالا نمودار ہو جائیگا۔ جو اس طرح رفع ہو سکتا ہے کہ سفید کتھا اور مصطگی رومی کو گائے کے گھی میں پکا کر چھالے پر لگاؤ۔



تین چار دن تک لگاتار ایسا کرنے سے چھالا دور ہو جائیگا۔ نیز حسب ذیل چیز سے باریک پیس کر ایک جگہ کر لو۔ اور روزانہ علی الصبح بیمار کو کھلاؤ بفضلہ تعالیٰ آرام ہو جائیگا۔ نسخہ :-

برگ چھاؤ ۵ تولہ۔ چھوٹی الائچی ۲ تولہ۔ لونگ ۶ ماشہ۔ تیجپتا ۳ تولہ۔ اجوائن ۶ ماشہ۔ سیاہ مرچ ۶ ماشہ۔ جوکھار ۱ تولہ۔ دیسی اجوائن ۱ تولہ۔ چتادر ۷ ماشہ۔ پیلا مول ۶ ماشہ ۔

کھیت کی حفاظت

کاغذ کے چار پرزوں پر علیحدہ علیحدہ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ نَفْعُہٗ لَا یُرْجَعُوْنَ تحریر کرو۔ اور مٹی کے چار آبخوروں میں ایک ایک پرزہ ڈال کر گیلی مٹی سے ان کے منہ بند کر دو پھر کھیت کے چاروں کونوں میں ایک ایک آبخورہ دبا دو۔ بعد ازاں ایک اور پرزہ کاغذ پر سب سے زیادہ نقصان کرنے والے جانور کا نام تحریر کر کے ایک اور آبخورہ میں ڈالو اور اسے بند کر کے کھیت کے عین وسط میں گاڑ دو۔ بفضلہ تعالیٰ ہرن گیدڑ یا کوئی اور جانور کھیت میں داخل ہو کر نقصان نہیں کریگا ۔

خلقت کو مسخر کرنے کے لئے

ترک حیوانات جلالی و جمالی کو کے چالیس یا کم از کم اکیس دن میں سو دفعہ مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھو۔ زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ پھر سات دن تک اعتکاف کرو۔ کمر میں تہ بند اور سر پر رومال باندھو۔ ٹوپی نہ رکھو۔ حسب ذیل تعویذ روزانہ ۱۴۵ دفعہ لکھو اور آٹے میں گولی بنا کر چلتے ہوئے پانی میں ڈال دو۔ سات دن تک یہ عمل کرو۔ اور اشراق کے بعد بارہ سو دفعہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہر روز بلاناغہ پڑھو۔ اور اسے اپنا معمول بنا لو۔ بفضلہ تعالیٰ یہ عمل خلقت کی تسخیر اور ہر بیماری کیلئے اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔ تعویذ:۔

۱۸۹	۲۰۲	۱۹۹	۱۹۶
۲۰۰	۱۹۵	۱۹۰	۲۰۱
۱۹۴	۱۹۷	۲۰۴	۱۹۱
۲۰۳	۱۹۲	۱۰۳	۱۹۸

ایک	چودہ	گیارہ	۸ آٹھ	
بارہ	سات	دو	تیرہ ۱۳	
چھ	نو ۹	سولہ ۱۶	تین ۳	
پندرہ	چار	پانچ	دس	

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیری رحمۃ اللہ علیہ کے

عملیات

اسمائے الٰہی کی تاثیر برکت

اَللّٰہُ

کمال ایمان و صحت بیمار دحل مشکل

یہ اسم مبارک روزانہ ہزار مرتبہ پڑھنے سے ایمان کی جانب اور یقین کامل ہو جاتا ہے۔

(۱) جس بیمار کو حکیم اور ڈاکٹر جواب دے چکے ہوں اس پر یہ اسم مبارک ہزار دفعہ پڑھ کر دم کرو بفضلہ تعالیٰ آرام ہو جائے گا۔ بشرطیکہ وہ بیماری موت کی بیماری نہ ہو۔

اَلرَّحْمٰنُ

کمزوری حافظہ غفلت قلب اور بدخلقی کا علاج

(۱) ہر نماز کے بعد روزانہ سو دفعہ یہ اسم مبارک پڑھو۔ بفضلہ تعالیٰ حافظہ کی کمزوری اور دل کی غفلت دور ہو جائے گی۔ (۲) کیسر اور کستوری سے کاغذ پر اسم مبارک تحریر کر کے بدخلق شخص کے مکان میں کسی محفوظ مقام پر دبا دو بفضلہ تعالیٰ وہ نیک خلق ہو جائے گا۔

اَلرَّحِیْمُ

تسخیر محبوب اور رقت قلب کے لئے

(۱) کاغذ پر یہ اسم مبارک تحریر کر کے نیچے محب محبوب دونوں کی ماؤں کے نام لکھنے کے بعد پاؤں میں گھسرا کر محبوب کو بلاؤ وہ مسخر ہو جائے گا (۲) روزانہ سو دفعہ

یہ اسم مبارک پڑھنے سے قلب میں رقت اور شفقت پیدا ہو جاتی ہے :۔

اَلْعَلِیْمُ

دل کی صفائی اور غنا کیلئے زوال کے وقت ایک سو بیس دفعہ خلوص قلب سے یہ اسم مبارک پڑھو بفضلہ تعالےٰ دل کی صفائی اور غنا کی نعمت حاصل ہو جائے گی ۔

اَلْقُدُّوْسُ

آفات و بلیات سے حفاظت جمعہ کی نماز سے فارغ ہو کر خلوص قلب سے ایک سو پچیس دفعہ یہ اسم مبارک اس طریق پر پڑھو سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّنَا وَرَبُّ الْمَلٰئِکَۃِ وَالرُّوْحِ پھر اپنے ایک پارہ نان پر تکبیر کر کے کھا جاؤ بفضلہ تعالیٰ ہر قسم کی آفت و بلا سے محفوظ رہو گے اَلسَّلَامُ

مرض سے صحت اگر کوئی شخص بیمار کے سرہانے بیٹھ کر ہاتھ اٹھاتے ہوئے ایک سو چھتیس مرتبہ اونچی آواز سے یہ اسم مبارک پڑھے تو بفضلہ تعالےٰ بیمار کو شفا کاملہ نصیب ہو گی ۔

اَلْمُؤْمِنُ

امن اور تقویت ایمان (۱) یہ اسم مبارک کثرت سے پڑھنے امن و امان و اور تقویت ایمان نصیب ہوتی ہے (۲) ڈر دور کرنے کے لئے چھتیس دفعہ اس کا ورد کرو بفضلہ تعالےٰ مال اور جان دونوں محفوظ رہیں گے

اَلْمُقَلِّبُ

بلند ہمتی پیدا کرنے کے لئے نہا دھو کر پاکیزگی کی حالت میں دو نفل پڑھو اور کسی تنہا جگہ صدق دل سے سو دفعہ اس اسم مبارک کا ورد کرو ۔ بفضلہ تعالےٰ تھوڑے ہی دنوں میں ہمت بلند ہو جائے گی ۔

اَلْعَزِیْزُ

وقار اور بے نیازی روزانہ اکتالیس دفعہ چالیس دن تک یہ اسم مبارک پڑھنے سے عزو وقار اور بے نیازی کی دولت نصیب ہوتی ہے ۔

اَلْجَبَّارُ

ظالموں کی شرارت سے امن صبح و شام دو سو سولہ دفعہ اس اسم مبارک کا وظیفہ کرو ۔ بفضلہ تعالےٰ ظالموں کی شرارت سے امن میں رہو گے ۔

اَلْمُتَکَبِّرُ

لڑکا پیدا ہو پہلی رات اپنی زوجہ سے اختلاط کرنے سے قبل دس دفعہ یہ اسم مبارک پڑھو ۔ بفضلہ تعالےٰ سعید فرزند نرینہ پیدا ہو گا ۔

اَلْخَالِقُ

بلاؤں سے امن سات دن تک صدق دل سے یہ اسم مبارک پڑھنے سے ہر بلا سے نجات اور امن نصیب ہوتا ہے ۔

اَلْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ

بانجھ پن دور کرنے کیلئے بانجھ عورت کو چاہیئے کہ سات روزے رکھے اور ہر روز پان کے ساتھ کھولنے کے بعد اکیس دفعہ اسم مبارک کا ورد کرے بفضلہ تعالےٰ استقرار حمل ہو کر لڑکا پیدا ہو گا ۔

اَلْغَفَّارُ

تنگی اور سختی دور کرنے کیلئے جمعہ کی نماز سے فارغ ہو کر سو مرتبہ یہ اسم مبارک پڑھنے سے بفضلہ تعالےٰ تنگی اور سختی دور ہو جاتی ہے اور مغفرت کا سامان مہیا ہو جاتا ہے ۔

اَلْقَہَّارُ

دشمن پر فتح حاصل کرنا کثرت کے ساتھ اس اسم مبارک کا ذکر ورد کرنے سے دنیا سے بے تعلق ہو کر خدا سے رشتہ محبت استوار ہو جاتا ہے اور دشمن پر فتح حاصل ہوتی ہے۔

اگر کسی پر جادو کر دیا ہو جس کے اثر سے وہ وظیفہ زوجیت ادا کرنے سے قاصر ہو۔ تو چینی کے برتن پر یہ اسم مبارک تحریر کر کے اسے پلا دو بفضلہ جادو اثر باطل ہو جائے گا۔

اَلْوَہَّابُ

بے نیازی اور جاہ و جلال پہر دن چڑھے جو نفل پڑھے جاتے ہیں ان کے آخری سجدہ میں چودہ مرتبہ یہ اسم مبارک پڑھو۔ بفضلہ تعالیٰ بے نیازی مقبولیت بارگاہ ایزدی اور جاہ و جلال نصیب ہوگا

اَلرَّزَّاقُ

روزی میں فراخی فجر کی نماز سے پہلے مکان کے قبلہ کی جانب گوشہ میں دس مرتبہ اسم مبارک پڑھو۔ پھر داہنی طرف مڑتے ہوئے باقی تین گوشوں میں بھی اسی طرح دس دس مرتبہ کہو بفضلہ تعالیٰ روزی میں فراخی ہو جائے گی۔

اَلْفَتَّاحُ

حل مشکل اور نور باطن فجر کی نماز سے فارغ ہو کر چھاتی پر ہاتھ رکھے ہوئے اکہتر دفعہ یہ اسم مبارک پڑھو۔ بفضلہ تعالیٰ ہر قسم کی مشکل حل ہو جائے گی اور دل میں پاکیزگی اور نور پیدا ہو جائے گا

اَلْعَلِیْمُ

اضافہ علم و قوت حافظہ کثرت کے ساتھ اس اسم کا ورد کرنے سے بفضلہ تعالیٰ علم میں ترقی اور حافظہ میں قوت پیدا ہو جاتی ہے۔

اَلْقَابِضُ

بھوک دور کرنے کے لئے چالیس دن تک یہ اسم مبارک روٹی کے نوالے پر تحریر کر کے کھانے سے بفضلہ تعالیٰ انسان کبھی بھوکا نہیں رہتا۔

اَلْبَاسِطُ

رزق میں کشائش پہر دن چڑھے کی نماز سے فارغ ہو کر روزانہ دس دفعہ اس اسم مبارک کا ورد کرنے سے بفضلہ تعالیٰ روزی میں کشائش نصیب ہوتی ہے۔

اَلْحَافِظُ

حاجت پوری ہونا پانسو دفعہ یہ اسم مبارک پڑھنے سے بفضلہ تعالیٰ تمام حاجتیں پوری ہو جاتی ہیں

اَلرَّافِعُ

ظالموں کے شر سے حفاظت ستر دفعہ صدق دل کے ساتھ یہ اسم مبارک پڑھنے سے بفضلہ تعالیٰ ظالموں کے فتنہ و شر سے امن و امان نصیب ہوتا ہے۔

اَلْمُعِزُّ

دلوں میں ہیبت پیدا کرنے کیلئے پیر کی رات اور جمعہ کی رات کو مغرب کی نماز سے فارغ ہو کر خلوص دل سے چالیس دفعہ یہ اسم مبارک پڑھو بفضلہ تعالیٰ خلقت کے دلوں پر تمہاری ہیبت کا سکہ بیٹھ جائے گا۔

اَلْمُذِلُّ

حاسدوں کے حسد سے حفاظت مسجد میں مگر کر انتہائی عجز و نیاز کے ساتھ پچیس دفعہ یہ اسم مبارک پڑھو

بفضلہٖ تعالیٰ حاسدوں کے حسد سے بچے رہو گے۔

اَلسَّمِیْعُ

دعا قبول ہونا پنجشنبہ کو چاشت کی نماز سے فارغ ہو کر صدق دل سے پانچسو دفعہ یہ اسم مبارک پڑھ کر جو دعا مانگو گے بفضلہٖ تعالیٰ اجابت درحق سے استقبال کر آئے گی۔

اَلْبَصِیْرُ

بینائی قلب کے لئے جمعہ کی نماز سے فارغ ہو کر سو دفعہ یہ اسم مبارک پڑھنے سے بفضلہٖ تعالیٰ چشم باطن وا ہو جاتی ہے

اَلْحَکِیْمُ

اسرار الٰہی کا ظاہر ہونا نصف شب کو باوضو صدق دل سے یہ اسم مبارک کثرت سے پڑھو بفضلہٖ تعالیٰ تمہارا دل اسرار الٰہی کا آئینہ بن جائے گا۔

اَلْعَدْلُ

خلقت کو مسخر کرنے کے لئے جمعہ کی رات کو روٹی کے بیس ٹکڑوں پر یہ اسم مبارک تحریر کر کے کھاؤ لوگوں کے دلوں پر قابو حاصل ہو جائے گا۔

اَللَّطِیْفُ

روزی میں فراخی اور حل مشکل ایک سو تینتیس دفعہ یہ اسم مبارک پڑھنے سے روزی میں فراخی نصیب ہوتی ہے۔ اور تمام مشکلیں حل ہو جاتی ہیں

اَلْخَبِیْرُ

پوشیدہ بھید معلوم ہونا سات دن تک یہ اسم کثرت سے پڑھا جائے تو [illegible] بھیدوں سے آگاہی [illegible]

ہو جاتی ہے۔

اَلْحَلِیْمُ

برکت حاصل کرنا کثرت کے ساتھ اس اسم مبارک کا وظیفہ کرنے سے امیروں اور سرداروں کا اعتبار قائم رہتا ہے اگر کوئی دستکار اس اسم مبارک کو کاغذ پر تحریر کر کے پانی میں دھونے کے بعد اوزاروں پر ملے تو اس کا کام خوب پھولے پھلے گا۔

اَلْعَظِیْمُ

صحت اور وقار صدق دل کے ساتھ یہ اسم کثرت سے پڑھا جائے تو کوئی بیماری لاحق نہیں ہوتی اور عزت و وقار قائم رہتا ہے

اَلْغَفُوْرُ

بخار دور کرنے کیلئے صدق دل سے تین دفعہ یہ اسم مبارک تحریر کر کے بطور تعویذ مریض کے گلے میں باندھو۔ بفضلہٖ تعالیٰ فوراً آرام ہو جائے گا۔ آزمودہ ہے۔

اَلشَّکُوْرُ

دمہ کا علاج یہ اسم مبارک کاغذ پر تحریر کر کے جسم پر پھیرو اور دھو کر پی لو بفضلہٖ تعالیٰ دمہ یا تھکاوٹ یا جوڑوں کی گرانی دور ہو جائے گی۔ آنکھ پر پھیرو۔ تو نظر کی کمزوری رفع ہو کر قوت باصرہ میں اضافہ ہو جائے گا۔

اَلْعَلِیُّ

بچے کا جلد جوان ہونا یہ اسم مبارک تحریر کر کے بچے کے گلے میں باندھا جائے تو وہ جلد جوان ہو جاتا ہے اور مسافر اسے اپنے پاس رکھے۔ تو جلد اپنے متعلقین سے آ ملتا ہے۔

اَلْکَبِیْرُ

علم میں اضافہ میاں بیوی میں محبت صدق دل سے روزانہ یہ اسم کثرت سے پڑھا جائے تو علم میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ اگر کسی خوردنی شے پر دم کرکے اسے میاں بیوی کو کھلایا جائے تو رشتہ محبت استوار ہو جاتا ہے۔

اَلْحَفِیْظُ

ڈر سے حفاظت یہ اسم مبارک کثرت سے پڑھنے یا کسی کاغذ پر تحریر کرکے یا مٹی پر دم کرنے کے بعد بھگو کر سونگھا جائے تو روزہ دار کو قوت اور غذا حاصل ہوتی ہے۔

اَلْمُقِیْتُ

قوت اور غذا حاصل کرنے کیلئے یہ اسم مبارک کسی کاغذ پر تحریر کرکے یا مٹی پر دم کرنے کے بعد بھگو کر سونگھا جائے تو روزہ دار کو قوت اور غذا حاصل ہو جاتی ہے۔

اَلْحَسِیْبُ

حساب کا اندیشہ رفع کرنے کیلئے سورج نکلنے سے قبل اور مغرب کی نماز کے بعد روزانہ بیس دفعہ یہ اسم مبارک پڑھو اور سات دن تک یہ عمل جاری رکھو بفضلہٖ تعالیٰ کسی سے حساب کی سختی کا خوف بالکل زائل ہو جائیگا۔

اَلْجَلِیْلُ

توقیر اور رتبہ میں اضافہ کستوری سے یہ اسم مبارک کسی کاغذ پر تحریر کرکے پاس رکھو۔ یا کثرت سے اس کا ورد کرو۔ توقیر اور رتبہ میں اضافہ ہو جائے گا۔

اَلْکَرِیْمُ

تعظیم و تکریم سوتے وقت کثرت کے ساتھ یہ اسم مبارک پڑھنے سے خلقت کے دل میں تعظیم و تکریم زیادہ ہو جاتی ہے

اَلرَّقِیْبُ

مال اور بچوں کی حفاظت یہ اسم مبارک کثرت کے ساتھ پڑھنے سے مال اور بچے ہر قسم کی آفت سے بچے رہتے ہیں۔ ۲ گمشدہ چیز مل جاتی ہے۔ سات دفعہ پڑھنے سے اسقاط حمل نہیں ہوتا۔

اَلْمُجِیْبُ

دعا قبول ہونا دعا کے ساتھ یہ اسم مبارک پڑھنے سے بفضلہٖ تعالیٰ دعا قبول ہوتی ہے۔

اَلْوَاسِعُ

بے نیازی اور بلند ہمتی یہ اسم مبارک کثرت سے پڑھنے سے بفضلہٖ تعالیٰ بے نیازی بلند ہمتی اور علم پیدا ہوتا ہے۔

اَلْحَلِیْمُ

مصیبتیں رفع کرنا کثرت کے ساتھ یہ اسم مبارک پڑھنے سے ہر قسم کی مصیبت دور ہو جاتی ہے اور علم و حکمت کے حصول کا شرف نصیب ہوتا ہے۔

اَلْوَدُوْدُ

بیوی کو مسخر کرنے کیلئے ہزار دفعہ یہ اسم مبارک پڑھ کر طعام پر دم کرو اور بیوی کے ساتھ کھاؤ۔ بفضلہٖ تعالیٰ وہ تابع فرمان ہو جائے گا۔

اَلْمَجِیْدُ

پھلبہری یا کوڑھ رفع کرنے کیلئے اگر پھلبہری یا کوڑھ کا مریض تیرھویں چودھویں اور پندرھویں تاریخ کو روزہ رکھ کر اس وقت یہ اسم مبارک کثرت سے پڑھے تو بفضلہٖ تعالیٰ شفائے کاملہ نصیب ہو جائے گی۔

اَلْبَاعِثُ

علم کی روشنی حاصل کرنا | رات کو سوتے وقت چھاتی پر ہاتھ رکھ کر سر دفعہ یہ اسم مبارک پڑھو بفضلہ تعالیٰ دل علم اور حکمت کے نور سے روشن ہو جائے گا۔

اَلشَّهِيْدُ

بیوی بچوں کو مطیع کرنے کیلئے | اگر بیوی یا بچہ سرکش ہو جائے تو اس کی پیشانی پکڑو اور ہزار دفعہ یہ اسم مبارک پڑھ کر پھونکو۔ بفضلہ تعالیٰ وہ تابع فرمان ہو جائے گا۔

اَلْحَقُّ

حل مشکل کیلئے | کاغذ کا ایک مربع ٹکڑا لے کر اس کے چاروں طرف کونوں میں یہ اسم مبارک تحریر کرو اور پچھلے پہر اسے ہتھیلی پر رکھ کر آسمان کی جانب اونچا کرو بفضلہ تعالیٰ ہر مشکل حل ہو جائے گی۔

اَلْوَكِيْلُ

حاجت پوری ہونا | یہ اسم مبارک کثرت کے ساتھ پڑھنے سے بفضلہ تعالیٰ حاجت پوری ہو جاتی ہے۔

اَلْقَوِيُّ

ظالم کو مغلوب کرنا | اس اسم مبارک کے پڑھنے سے ظالم مغلوب کم ہمت یا ہمت اور کمزور زور آور ہو جاتا ہے۔

اَلْمَتِيْنُ

بدکاری سے باز رکھنے کے لئے | اس اسم مبارک کو کسی بدکار مرد یا عورت پر پڑھنے سے اس کی بدکاری کی عادت چھوٹ جاتی ہے۔

اَلْوَلِيُّ

حل مشکل کیلئے | جمعہ کی رات کو ہزار دفعہ اس اسم مبارک کا وظیفہ کرنے سے ہر

قسم کی مشکل حل ہو جاتی ہے۔

اَلْحَمِيْدُ

اخلاق حسنہ پیدا کرنے کیلئے | اس اسم مبارک کا کثرت ورد کرنے سے انسان کو اخلاق حسنہ کی سعادت نصیب ہوتی ہے

اَلْمُحْصِيْ

خلقت کو مسخر کرنے کے لئے | روٹی جس کے ٹکڑوں پر بیس دفعہ یہ اسم مبارک پڑھ کر جس شخص کو کھلاؤ گے۔ بفضلہ تابع فرمان ہو جائے گا۔

اَلْمُبْدِئُ

اسقاط حمل کا علاج | پچھلے پہر حاملہ کے پیٹ پر اسم مبارک پڑھنے سے بفضلہ تعالیٰ حمل ساقط نہیں ہوگا۔

اَلْمُعِيْدُ

بھولی ہوئی بات یاد آنا | یہ اسم مبارک لگاتار پڑھنے سے بھولی ہوئی بات یاد آجاتی ہے۔

اَلْمُحْيِيْ

جدائی سے امن | اسم مبارک کا کثرت سے ورد کرنے پر کسی جدائی کا اندیشہ یا قید کا ڈر جاتا رہتا ہے۔

اَلْمُمِيْتُ

فضول خرچی روکنے کیلئے | اس اسم مبارک کا کثرت وظیفہ کرنے سے فضول خرچی کی عادت چھوٹ جاتی ہے اور نفس عبادت الٰہی کے لئے تیار رہتا ہے۔

اَلْحَيُّ

بیماری سے نجات | اس اسم مبارک کا کثرت وظیفہ کرنے یا اسے لکھ کر بطور تعویذ گلے میں ڈالنے سے ہر قسم کی بیماری

نزدیک نہیں آتی

اَلْوَدُوْدُ

رفع کنجوابی اور عبادت میں مستعدی | اس اسم مبارک کا بکثرت ورد کرنے سے نیند آنے کی شکایت رفع اور فجر سے سورج نکلنے تک یا حَیُّ یا قَیُّوْمُ پڑھنے سے عبادت میں مستعدی پیدا ہو جاتی ہے۔

اَلْوَاجِدُ

دل کی قوت | روٹی کے لقمے پر یہ اسم مبارک کا ورد کرنے سے نور باطن نصیب ہوتا ہے۔

اَلْوَاجِدُ اَلْاَحَدُ

مخلوق کا تعلق منقطع کرنے کیلئے | صدق دل کے ساتھ ہزار دفعہ اس اسم مبارک کا وظیفہ کیا جائے تو دل سے خلقت کا تعلق منقطع ہو جاتا ہے۔

اَلصَّمَدُ

بھوک دور کرنے کیلئے | پچھلے پہر سو سو مرتبہ اس اسم مبارک کا وظیفہ کرنے سے صدق و صدیقیت کا اثر ظاہر ہوتا ہے اور جب تک یہ وظیفہ رہے بھوک کا کچھ اثر نہیں ہوتا

اَلْقَادِرُ

قوت حاصل کرنا اور دشمن پر فتح پانا | دو نفل پڑھنے کے بعد سو دفعہ اس اسم مبارک کا وظیفہ کرنے سے قوت اور وضو کے دوران میں بکثرت پڑھنے سے دشمن پر غلبہ اور فتح حاصل ہوتی ہے۔

اَلْمُقْتَدِرُ

حصول مرادمیں آسانی پیدا کرنا | سو کر اٹھنے کے بعد کثرت کے ساتھ اس اسم مبارک کا ورد کرنے سے حصول مراد میں آسانی پیدا ہوتی ہے۔

اَلْمُقَدِّمُ

قوت اور نجات حاصل کرنے کیلئے | میدان جنگ میں صدق دل کے ساتھ یہ اسم مبارک پڑھنے سے قوت اور نجات حاصل ہوتی ہے۔

اَلْمُؤَخِّرُ

توبہ کی توفیق نصیب ہونا | یہ اسم مبارک بکثرت پڑھنے سے بداعمالیوں سے توبہ کی توفیق نصیب ہوتی ہے۔

اَلْاَوَّلُ

مسافر کا عزیزوں کے ساتھ آملنا | مسافر کو چاہیئے کہ ہر جمعہ کو ہزار مرتبہ اس اسم مبارک کا ورد کرے بفضلہ تعالیٰ وہ عزیزوں کے ساتھ آملے گا۔

اَلْاٰخِرُ

دنیا کی محبت کا دل سے دور ہو جانا | ہزار مرتبہ اس اسم مبارک کا وظیفہ کرنے سے دل میں محبت دنیا کم ہو جاتی ہے۔

اَلظَّاهِرُ

دل میں محبت الٰہی کا نور پیدا ہونا | اشراق کے وقت کثرت کے ساتھ اس اسم

مبارک کا ورد کرنے سے دلوں میں محبت الٰہی کا نور پیدا ہو جاتا ہے۔

اَلْبَاطِنُ

طبیعت میں کیفیت اُنس طاری کرنا | روزانہ تین ہزار دفعہ ایک ہفتہ تک اس اسم مبارک کا وظیفہ کرنے سے طبیعت میں کیفیت اُنس طاری ہو جاتی ہے۔

اَلْوَالِیُ

امن و سلامتی حاصل کرنا | بادل کی گرج اور بجلی کی چمک کے وقت صدق دل سے اس اسم مبارک کا ورد کرنے سے بفضلہ تعالیٰ امن اور سلامتی نصیب ہوتی ہے۔

اَلْمُتَعَالِیُ

بلندی اور دوستی | کثرت کے ساتھ اس اسم مبارک کا وظیفہ کرنے سے بفضلہ تعالیٰ بلندی اور دوستی حاصل ہوتی ہے۔

اَلْبَرُّ

بچے کا نیک اور خوش نصیب ہونا | سات دفعہ یہ اسم مبارک پڑھ کر بچے پر دم کرو۔ بفضلہ تعالیٰ وہ نیک کردار اور خوش نصیب ہوگا

حضرت علاؤالدین علی احمد صابر کلیری رحمۃ اللہ علیہ

کے عملیات

افلاس دور کرنے کیلئے | اگر کوئی شخص روزانہ باوضو ایک مقام پر حسب ذیل اشعار انتہائی عاجزی سے پڑھے اور اکتالیس دن تک یہ عمل جاری رکھے تو بفضلہ تعالیٰ وہ افلاس اور فقر و فاقہ کی صعوبت سے بہت جلد نجات پائے گا شعر

آہ گر آں کز عہد ہائے تازہ کنیم — شد آنچہ شد اے صنم یاگذشت آنچہ گذشت

مرض لادوا رفع کرنے کیلئے | جمعہ کے روز عصر کی نماز سے فارغ ہو کر مغرب کی نماز تک یا اللہ یا رحمٰن یا رحیم کا وظیفہ کرو۔ اور اکیس روز تک یہ عمل جاری رکھو۔ بفضلہ تعالیٰ رزق میں کشائش نصیب ہوگی۔

روزی میں ترقی | روزانہ صبح کی نماز سے فارغ ہو کر سو دفعہ کلمہ طیبہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ طرح پڑھو اور ایک سو اکیس دن تک یہ عمل جاری رکھو۔ بفضلہ تعالیٰ رزق میں کشائش نصیب ہوگی۔

قرض سے سبکدوشی | روزانہ ہر فرض نماز کے بعد پانچ دفعہ حسب ذیل آیات پڑھو اور اکتالیس دن تک یہ عمل جاری رکھو بفضلہ تعالیٰ قرضہ کے بوجھ سے نجات حاصل ہوگی۔ آیات قُلِ اللّٰھُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ

تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ط بِيَدِكَ الْخَيْرُ ط اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ط تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ

شیطان کے شر سے حفاظت

حسب ذیل کلمات کاغذ پر تحریر کر کے بطور تعویذ داہنے بازو پر باندھو بفضلہ تعالیٰ شیطان کے شر سے امن میں رہے گا۔ اور دل میں شیطانی وسوسے آنے بند ہو جائیں گے۔ کلمات:۔ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْطَانٍ وَهَامَّةٍ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ عَيْنٍ لَامَّةٍ ۔

خواب میں آں حضرتؐ کی زیارت

جمعرات اور جمعہ کی درمیانی شب کو دو نفلوں کی نیت باندھو ہر رکعت میں الحمد شریف کے بعد ایک دفعہ آیت الکرسی اور پندرہ دفعہ قل ہو اللہ پڑھو سونے اور پاکیزہ بستر سے پر خاموشی سے سو جاؤ بفضلہ تعالیٰ خواب میں حضرت رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم کی زیارت کا شرف نصیب ہوگا۔

حاجت پوری ہونا

غسل کر کے دو رکعت نفل پڑھنے کے بعد حسب ذیل دعا مانگو اور اکیس دن تک یہ عمل جاری رکھو بفضلہ تعالیٰ ہر قسم کی حاجت پوری ہو جائے گی دعا:۔

اَبُوْا سَخِّ نَبَاوَنْدِیْ آسَخِّ کَرْدِی۔ ایں حاجت روا کُن

آنکھ کا درد دور کرنے کیلئے

اگر کوئی شخص درد چشم میں مبتلا ہو یا اسے آنکھ کی کوئی اور شکایت ہو تو چاہیئے۔ کہ روزانہ عشاء کی نماز سے فارغ ہو کر اکتالیس دفعہ الحمد شریف مع بسم اللہ پڑھ کر آنکھوں پر پھونکے۔ بفضلہ تعالیٰ جلد آرام ہو جائے گا۔

مال وجان کا تحفظ

اگر کوئی شخص روزانہ پچیس دفعہ حسب ذیل دعا مانگے تو بفضلہ تعالیٰ اس کے جان و مال کو کسی قسم کا نقصان نہیں پہنچے گا:۔ دعا

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ


صاحب قبر کی زیارت کرنا اور فیض پانا

پہلے کسی ولی کامل کے مرید بنو۔ پھر روزانہ عشاء کی نماز سے فارغ ہو کر آیت الکرسی اور چاروں قل پڑھ کر سینے پر پھونکو۔ پھر دس دفعہ الحمد شریف اور اللہ رسول کے سارے اسمائے مبارک پڑھ کر دائیں بائیں پر پھونکو۔ بعد ازاں سو دفعہ درود شریف پڑھ کر سر کی طرف دم کرو۔ اور الم نشرح پڑھتے پڑھتے چارپائی پر دراز ہو جاؤ حتی کہ اسی حالت میں نیند آجائے بفضلہ تعالیٰ خواب میں مطلوبہ بزرگ کی زیارت نصیب ہوگی۔ اکتالیس دن تک یہی عمل کر کے تمام بزرگوں کی زیارت کرنے کے بعد اس قدر صفائے باطن ہو جائے گی کہ جس مزار کے پاس باوضو دو زانو بیٹھ کر مراقبہ کرو گے۔ خدا کے فضل و کرم سے صاحب قبر کی زیارت کا شرف حاصل ہوگا۔ اور دل نور تقویٰ سے منور ہو کر ہر قسم کے زنگ سے کلیتہً پاک ہوگا تو اس بزرگ سے ہمکلامی اور حصول فیض کی سعادت بھی نصیب ہو جائے گی۔

بخار دور کرنے کے لئے

وضو کر کے حسب ذیل نقش پر کر دو اور مریض بخار کے سر کے نیچے رکھو۔ بفضلہ تعالیٰ صحت ہو جائیگی

نقش:۔



رفع بخل کیلئے

اگر کوئی شخص کسی بخیل کے کپڑے پر خفیہ طریق سے حسب ذیل آیات تحریر کرے تو بفضلہ تعالےٰ بخیل اپنی ذات کے لئے بھی پیسہ خرچ کرنے لگے گا۔ اور بیوی بچوں کو بھی خرچ کرنے کیلئے دے گا:

سورۃ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ ۝ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ شَيْءٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ۝ كُلُّ الطَّعَامِ كَانَ حِلًّا لِّبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اِلَّا مَا حَرَّمَ اِسْرَآءِيْلُ عَلٰى نَفْسِهٖ مِنْ قَبْلِ اَنْ تُنَزَّلَ التَّوْرٰىةُ قُلْ فَاْتُوْا بِالتَّوْرٰىةِ فَاتْلُوْهَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ط

پیٹ کے درد کا علاج

سات دفعہ سورۃ الم نشرح پڑھ کر پانی میں مل کر مریض کے بعد کو پلاؤ۔ یا سات مرتبہ پڑھ کر پیٹ پر پھونکو۔ بفضلہ تعالےٰ درد فوراً کافور ہو جائے گا۔

چشم زخم کا علاج

اگر کسی لڑکے یا لڑکی یا گائے بھینس وغیرہ پر چشم زخم کا اثر ہو جائے تو ایک دفعہ یا تین دفعہ حسب ذیل آیت پڑھ کر پھونکو۔ یا کسی کاغذ پر تحریر کر کے بطور تعویذ گلے میں باندھ دو۔ بفضلہ تعالےٰ آرام ہو جائے گا۔ آیت:۔ وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ۝ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝

سر درد کا فور کرنے کیلئے

اگر کوئی شخص کیسر اور کستوری سے حسب ذیل نقش پر کر کے بیمار کے سر پر باندھے تو بفضلہ تعالیٰ ہر قسم کے درد سر کافور ہو جائے گا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط

قل	ھو	اللہ	احد	اللہ	الصمد
لم یلد	ولم	یولد	ولم	یکن لہ	کفوا
احد	قل	ھو	اللہ	احد	اللہ
الصمد	لم یلد	ولم یولد	ولم	یکن لہ	کفوا احد

نزع کی تکلیف کو سہل کرنے کے لئے

اگر مرض موت کے بیمار کو کسی سے باوضو صدق دلی کے ساتھ سورۃ یٰسین پڑھائے تو بفضلہ تعالےٰ اس کی نزع کی تکلیف میں آسانی ہو جاتی ہے۔

روزگار کی صورت پیدا کرنے کے لئے

اتوار کے عزہ سے سورۃ یٰسین اس طریق پر پڑھو کہ فجر کی نماز سے فارغ ہو کر سورج نکلنے سے قبل اکتالیس دفعہ پہلے اور بعد میں درود شریف کا وظیفہ کرو۔ پھر یہ سورت شروع سے لفظ "مبین" تک پڑھو۔ بعد ازاں لفظ "مبین" سات دفعہ کہہ کر آغاز سے پڑھو۔ اور دوسرے لفظ "مبین" پر پہنچ کر سات دفعہ "مبین" کہو۔ پھر ابتدا سے سورت پڑھو۔ اور تیسرے لفظ "مبین" پر ایسا ہی کرو۔ غرض ہر دو "مبین" پر پہنچ کر لفظ "مبین" سات دفعہ کہو۔ اور ابتدا سے سورت پڑھو۔ ساتویں "مبین" تک سات دفعہ کہو۔ اور ساتویں "مبین" پر یہی عمل کرو۔ پہلے دوسرے یا تیسرے چلے میں تو یقیناً روزگار کی کوئی نہ کوئی صورت نکل آئے گی۔

دشمن پر فتح پانا

فجر کی نماز سے فارغ ہو کر سو دفعہ درود شریف پڑھو۔ پھر ہزار دفعہ سورۃ قریش اور سو دفعہ درود شریف پڑھ کر انتہائی خضوع و خشوع کے ساتھ دعا مانگو۔ بفضلہ تعالےٰ پورے سات دن تک عمل کرنے سے دشمن مغلوب ہو جائے گا۔

لقوہ دور کرنے کیلئے

اگر کوئی شخص کسی دلی کامل سے سورۃ زلزال مع بسم اللہ کسی پاکیزہ برتن میں تحریر کرا لے اور اکیس روز تک مسلسل گھول کر لقوہ کے مریض کو پلائے تو بفضلہ تعالےٰ اس مدت کے اندر ہی صحت ہو جائے گی۔

خواب پریشان کے دور کرنے کا علاج

اگر کسی شخص کو پریشان

خواب آتے ہوں۔ تو اسے چاہیے کہ نو دفعہ الم نشرح پڑھ کر سینے پر پھونکے بفضلہ تعالےٰ اسے پریشانی سے نجات مل جائے گی۔

استخارے کا طریقہ

سونے سے پہلے پاکیزہ کپڑے پہنو اور وضو کرکے دائیں پہلو پر لیٹ جاؤ۔ پھر قبلہ کی طرف رخ کرکے سات دفعہ سورۂ والشمس سات دفعہ سورہ واللیل سات دفعہ سورۂ والتین اور سات دفعہ قل ہو اللہ پڑھو۔ اس کے بعد انتہائی خضوع و خشوع سے بارگاہِ ایزدی میں دعا کرو۔ کہ مجھے فلاں کام کے نتیجے سے (خواب میں) آگاہی ہو جائے۔ پھر کسی سے بات نہ کرو۔ سات دن تک یہ عمل جاری رکھو۔ بفضلہ تعالےٰ اس میعاد کے اندر ہی سوال کا جواب مل جائے گا۔

کھوئی ہوئی شے کا مل جانا

پہلے اور بعد میں سات دفعہ درود شریف کے ساتھ سات دفعہ سورۂ والضحیٰ کی تلاوت کرکے شہادت کی انگلی سر کے گرد پھراتے ہوئے سات دفعہ صدق دل سے یہ پڑھو۔

اَصْبَحْتُ فِیْ اَمَانِ اللّٰہِ وَاَمْسَیْتُ فِیْ جِوَارِ اللّٰہِ
وَاَمْسَیْتُ فِیْ اَمَانِ اللّٰہِ وَاَصْبَحْتُ فِیْ جِوَارِ اللّٰہِ ط

پھر دستک دو۔ بفضلہ تعالےٰ کھوئی ہوئی شے بہت جلد مل جائے گی۔

دانت کا درد دور کرنے کے لئے

پوری پاکیزگی کی حالت میں ایک پاک و صاف مگر بے قدر سے ریت بچھا دو اور اس پر لکڑی یا پنسل سے الجھ ہوز حطی تحریر کرو۔ درد والے دانت کے مریض سے کہو۔ کہ درد کی جگہ انگلی رکھو۔ اور خود پہلے حرف پر لکڑی یا پنسل رکھ کر زور سے دباتے ہوئے ایک دفعہ الحمد شریف پڑھو۔ پھر بیمار سے پوچھو۔ کہ درد دور ہوا۔ یا نہیں۔ دور ہو گیا ہو تو بہتر ورنہ دوسرے حرف پر لکڑی کا پنسل رکھ کر دو دفعہ الحمد شریف پڑھنے کے بعد پھر پوچھو۔ درد دور نہ ہونے کی صورت میں اسی

طرح ہر اگلے حرف پر اتنی ہی دفعہ (تیسرا) حرف ہو تو تین دفعہ اور چوتھا ہو۔ تو چار دفعہ الحمد شریف پڑھ کر یہ عمل کرتے جاؤ۔ بفضلہ تعالےٰ آخری حرف پر پہنچنے سے قبل ہی پوری طرح آرام ہو جائے گا۔

قرض کا ادا ہو جانا

روزانہ تہجد کے وقت دو رکعت نماز نفل ادا کرکے صدق دل سے اکتالیس دفعہ حسب ذیل وعا ورد کرو۔ بفضلہ تعالےٰ قرض سے سبکدوشی حاصل ہو جائے گی۔

اَللّٰھُمَّ فَالِقَ الْاِصْبَاحِ وَجَاعِلَ اللَّیْلِ سَکَنًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ حُسْبَانًا اقْضِ عَنِّی الدَّیْنَ وَاَغْنِنِیْ مِنَ الْفَقْرِ وَمَتِّعْنِیْ بِسَمْعِیْ وَبَصَرِیْ وَقُوَّتِیْ فِیْ سَبِیْلِکَ ط

لڑکا پیدا ہونا

پوری پاکیزگی کی حالت میں حسب ذیل کلمات کیسر اور کستوری سے کورے برتن میں تحریر کرکے اسے پانی سے بھرو۔ اور ہفتہ بھر تک یہاں ہوی کو صرف یہی پانی پیو۔ پانی کے کم ہو جانے کی صورت میں اور تازہ پانی اس میں ملا لینا چاہیے۔ بفضلہ تعالےٰ لڑکا پیدا ہوگا۔ کلمات یہ:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاَنِّیْ اُشْھِدُکَ اَنَّکَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ اَنْ تَرْزُقَنَا وَلَدًا صَالِحًا طَوِیْلَ الْعُمُرِ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ ط

دعا قبول ہونا

پوری پاکیزگی کی حالت میں صدق دل سے حسب ذیل دعا اکتالیس دن تک مسلسل پڑھو جو دعا مانگو گے قبول ہو جائے گی۔ بشرطیکہ خلاف شرع کام کے لئے نہ ہو دعا۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاَسْمَآئِکَ وَخَوَاتِمِ اٰیَاتِکَ وَیٰعٓلٓمٓ صٓ طٰسٓمٓ یٰسٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ نٓ صَابِرِیْنَ وَاَنَّ لَکَ فِیْ کُلِّ اُسْلُبَۃٍ سَمْعًا حَافِرًا وَّجَاجًا یَّاْعِیْدَادَ اَنَّ لَکَ فِیْ کُلِّ مَاھِیَۃٍ عِلْمًا نَاطِقًا مُّحِیْطًا سَوَاعِیْدَ لَکَ صَادِقًا وَّاَنْبَوِیْکَ

فَاضِلَةٌ وَّرَحْمَتِكَ وَاسِعَةٌ وَنِعَمِكَ سَابِغَةٌ اَنْظُرْ اِلَيَّ مِنْكَ بِنَظْرَةٍ رَّاحِمَةٍ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ۝

آنکھ کے پھڑکنے کا علاج

کلام اللہ کی کسی آیت کے ساتھ حسب ذیل دعا پڑھتے رہنے کے بعد انگلی پر لیپ لگا کر پھونکو اور اسے پھڑکنے والی آنکھ پر ملو۔ بفضلہ تعالےٰ اسی وقت آرام ہو جائے گا۔ دعا:۔

اَللّٰهُمَّ لَا خَيْرَ اِلَّا خَيْرُكَ وَلَا طَيْرَ اِلَّا طَيْرُكَ وَلَا ضَرَّ اِلَّا ضَرُّكَ وَلَا غَوْثَ اِلَّا غَوْثُكَ۔

مرگی کا علاج

مرگی کے بیمار کے داہنے اور بائیں کان میں علی الترتیب ایک دفعہ الحمد شریف پڑھو۔ پھر بائیں کان میں حسب ذیل شعر پڑھو۔ بفضلہ تعالےٰ تین دن تک مسلسل یہ عمل جاری رکھنے سے شفائے عاجلہ و کاملہ نصیب ہوگی۔ شعر:۔

رُوْحِيْ وَالْقَلْبُ يَحْتَكُمُ فِي الْقَدَامِ مِنْ قَبْلِ وُجُوْدِ خُلْقِهِمَا مِنْ عَدَامِ
هَلْ يَحْمِلُ مِنْ بَابِ غَرْفَانِكُمْ اِنْ يَقْفُ مِنْ طَرْفِ هُوَاكُمْ دَامِيْ

پھر یہ شعر کسی کاغذ پر تحریر کر کے بطور تعویذ مریض کے گلے میں باندھو۔

اکٹھرا کا علاج

پیر کو دوپہر کے وقت پہلے اور بعد میں درود شریف کے ساتھ کالی مرچ اور ابوائن پر چالیس دفعہ سورۂ واشمس پڑھو۔ اور جس عورت کی اولاد مر مر جاتی ہو اسے ہدایت کر دو کہ یہ دم کی ہوئی چیزیں حمل قرار دینے کے وقت سے بچے کے دودھ چھڑانے تک روزانہ تھوڑی سی مقدار میں بلاناغہ کھایا کرے۔ بفضلہ تعالےٰ بچے زندہ اور صحیح سلامت رہیں گے۔

سگ گزیدہ کا علاج

روٹی کے چالیس ٹکڑے لو۔ اور ہر ایک پر حسب ذیل کلام تحریر کر کے روزانہ ایک ایسی شخص کو کھلاؤ

جسے دیوانے کتے نے کاٹا ہو۔ بفضلہ تعالےٰ اسے آرام ہو جائے گا۔ کلام

اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ۝ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا

رات کو وقت مقررہ پر جاگنا

دل میں یہ گمان کرتے ہوئے۔ کہ اتنے بجے میری آنکھ کھل جائے گی۔ خلوص قلب سے حسب ذیل آیات پڑھ کر سو جاؤ۔ بفضلہ تعالےٰ مطلوبہ وقت پر جاگ جاؤ گے۔ آیات:۔

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَانَتْ لَهُمْ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا ۝ خَالِدِيْنَ فِيْهَا لَا يَبْغُوْنَ عَنْهَا حِوَلًا ۝ قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّيْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ كَلِمٰتُ رَبِّيْ وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهٖ مَدَدًا ۝ قُلْ اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحٰى اِلَيَّ اَنَّمَا اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَمَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ رَبِّهٖ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا ۝

خلقت کی تسخیر کرنا

سورج کے نیزہ بھر اونچے ہونے کے وقت اس کی جانب منہ کر کے صدق دل سے سورۂ الرحمٰن پڑھو۔ اور جتنی دفعہ فبای آلاء ربکما تکذبان کہو۔ اتنی ہی دفعہ ساتھ ساتھ انگلی سے سورج کی جانب اشارہ کرتے جاؤ۔ چالیس دن تک یہ عمل جاری رکھو۔ نرکواۃ ادا ہو جائے گی۔ پھر روزانہ ایک دفعہ اس کا ورد کرو۔ جس شخص کو مسخر کرنا چاہو۔ اس کے سامنے ایک دفعہ یہ سورت پڑھ کر جاؤ۔ اگر ساری سورت پڑھنے کے لئے وقت نہ مل سکے تو فقط تین دفعہ فبای آلاء ربکما تکذبان پڑھنا کافی ہوگا۔ اور بفضلہ تعالےٰ وہ شخص تابع فرمان ہو جائے گا۔

چیچک کا علاج

ایک نیلگوں دھاگا لے کر سورۂ الرحمٰن کی تلاوت کرنا شروع کرو۔ اور جب بھی فبای آلاء ربکما تکذبان کہو۔ اسی وقت ایک گرہ دے کر دم کرتے جاؤ۔ پھر وہ دھاگا چیچک کے بیمار کے گلے میں باندھ دو۔ بفضلہ

تعالےٰ دو تین دن میں ہی مرض کافور ہو جائے گا۔

قید سے نجات

(۱) قیدی کو چاہیئے کہ ہر روز سورۂ یوسفؑ کی تلاوت کرے اور چالیس دن تک یہ عمل جاری رکھے بفضلہٖ تعالیٰ اس میعاد سے قبل ہی اسے رہائی نصیب ہو جائے گی۔

(۲) کسی وجہ سے سورۂ یوسفؑ نہ پڑھ سکے تو روزانہ ایک مقام پر ہزار دفعہ حسب ذیل کلمات پڑھ لیا کرے خدائے چاہا تو چند ہی روز میں اسے قید سے نجات حاصل ہو گی:۔ کلمات:۔ مَاشَآءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ۝

حافظہ کی کمزوری کا علاج

حسب ذیل آیات آبِ زمزم سے کاغذ پر تحریر کر کے اکتالیس روز تک دھو کر پیو۔ بفضلہٖ تعالےٰ اس مدت کے اندر ہی حیرت انگیز قوت پیدا ہو جائے گی۔ آیات:۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ الرَّحْمٰنُ ۝ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ۝ خَلَقَ الْاِنْسَانَ ۝ عَلَّمَهُ الْبَيَانَ ۝ اَلشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ ۝ وَّالنَّجْمُ وَالشَّجَرُ يَسْجُدَانِ ۝ لَا تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهٖ ۝ اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهٗ وَقُرْاٰنَهٗ ۝ بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ ۝ فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ۝

مار گزیدہ یا کژدم گزیدہ کا علاج

(۱) جس جگہ سانپ یا بچھو نے کاٹا ہو۔ وہاں سات دفعہ سورۂ اخلاص اور معوذتین پڑھ کر پھونکو۔ بفضلہٖ تعالےٰ بہت جلد صحت ہو گی۔

(۲) اگر کسی وجہ سے یہ سورتیں نہ پڑھی جا سکیں تو نمک لے کر پانی میں گھولو۔ اور اس پر الحمد شریف پڑھ کر مقام ماؤف پر ملو۔ بفضلہٖ تعالےٰ فوراً شفا ہو جائے گی۔

تمت بالخیر

عملیات حاضرات آسیب و جنات

(صنم خانہ عملیات)

(فوٹو سیٹ مجلد)

جنات کو دفع کرنے کے ایک سو گیارہ طریقے ○ آنحضورؐ کا خط بروئے زمین کے جنات کے نام ○ حاضرات کے بارہ طریقے ○ بندش آسیب جن ○ جن کو بوتل میں بند کرنے کا عمل اور قابو کرنے کے چار عمل ○ جنات تابع کرنے کے چھ اعمال ○ تشخیص مرض آسیب ○ انسان کو جنات سے بچانے کے لئے ایک مسلمان جن کا تیار کردہ عمل ○ عامل کی چلہ کشی (درس عملیات) ○ روحانی سوال جواب ○ جنات کی حقیقت ○ جنات و مصائب سے نمٹنے کا ہتھیار ○ جن کیا ہے؟ ○ امام غزالی کا ایک عجیب واقعہ ○ جنات سے جنگ ○ عامل جن ○ بائیس جن ایک عورت ○ اس کی بیوی جنی تھی ○ قاتل جن ○ سورۃ جن کی تشریحات ○ اُمّ الصبیان ایک آسیبی بیماری ○ بچے اور ستارے ○ بھوتوں سے نجات پانے کا طریقہ ○ علم الاعداد ○ جانوروں کو خواب میں دیکھنے کی تعبیر ○